یہ کتاب آپ کی زندگی سنوار دے گی

(اور اللہ کے سب نام اچھے ہیں تو اُس کو اُس کے ناموں سے پکارا کرو) ☆ (القرآن)

پریشان حال اور مشکلات میں گھرے ہوئے خواتین وحضرات کے لیے ایک رہنما کتاب

برکاتِ اسماء الحسنیٰ
کا
انسائیکلوپیڈیا

اسمائے الٰہی کے عملیات وتعویذات کا ایک بہترین مجموعہ

تحقیق وتالیف
صوفی محمد ندیم محمدی

ضرورت مند، پریشان حال خواتین وحضرات کے لئے ایک بہترین کتاب

۱۰۰ اسمائے الٰہی کے عملیات وتعویذات پر مشتمل لاجواب مجموعہ

☆☆☆☆ یہ کتاب آپ کے حالات بدل دے گی ☆☆☆☆

برکاتِ اسماء الحسنیٰ

وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا (سورة الاعراف ۱۸۰)

اور اللہ ہی کے لئے ہیں سارے اچھے نام۔ تو اس کو اُن ہی ناموں سے پکارا کرو۔

تالیف

صوفی محمد ندیم محمدی

☆

کتاب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ برکاتِ اسماء الحسنیٰ

تالیف ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ صوفی محمد ندیم محمدیؔ

نظرِ کرم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ صوفی عبدالعزیز نقشبندیؔ

تعداد ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ایک ہزار

مؤلف سے رابطے کے لئے

ادارہ فیض العملیات وتعویذات نقشبندی کراچی

زیرِ نگرانی مکتبہء روحانیات ومطب نقشبندی کراچی

0300-3493001

انتساب!!

اللہُ الرّحمٰنُ الرّحیم کے نام

☆

لطفِ رَبِّ غفور حاصل کر
قلب میں اُس کا نور حاصل کر
کرطلب اُس سے رحمتیں اُس کی
اور کیف و سرور حاصل کر

☆☆ ☆☆

انتساب ثانی!!

حضرت محمد ﷺ کے نام

☆

دولتِ رنگ ونور حاصل کر
زندگی کا شعور حاصل کر
تیرا مقصود گر ہے عافیت
التفاتِ حضور ﷺ حاصل کر

اجازت نامہ

☆

میں، صوفی محمد ندیم محمدی اللہ تعالیٰ کی رضا اور حضرت محمد ﷺ کی شفاعت کی نیت سے ....بن/بنت ....کو کتاب ھذا کے عملیات وتعویذات کی اجازت دیتا ہوں جس طرح مجھے حضرت صوفی عبدالعزیز نقشبندی اور حضرت شیخ ظفر علی نقشبندی سے ملی۔

دُعا گو و طالبِ دُعا۔ صوفی محمد ندیم محمدی۔

مندرجہ ذیل حلف نامہ پڑھ کرنے کے بعد خواتین وحضرات اس کتاب کے عملیات وتعویذات استعمال کر سکتے ہیں۔

اللہ کے نام سے شروع کرتا/کرتی ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔
میں اللہ پر اس کے فرشتوں پر اور اس کی کتابوں پر اور اس کے رسولوں پر اور قیامت کے دن پر اور اچھی بُری تقدیر کے خالق اللہ اور موت کے بعد اُٹھائے جانے پر ایمان لایا/لائی، میں اللہ پر جیسا کہ وہ اپنے اسماء اور اپنی صفات کے ساتھ ہے ایمان لایا/لائی اور میں نے اس کے تمام احکام زبان سے اقرار کرتے ہوئے اور دل سے تصدیق کرتے ہوئے قبول کیے۔ اللہ پاک مجھے عمل کی توفیق دیجئے۔ آمین ثم آمین یا ربّ العالمین۔

دُعا گو و طالبِ دُعا

............بن/بنت ....

فہرست برکات اسماء الحسنیٰ

اسمائے الٰہی کو پڑھنے کے طریقے

۱۔ الف لام کے ساتھ پڑھا جائے مثلاً الرّحیم۔ الکریم۔ الجلیل۔

۲۔ حرف ندا (پکارنے والے حرف) کے ساتھ پڑھا جائے مثلاً یا رحیم۔ یا کریم۔ یا جلیل

۳۔ ہر اسم کے ساتھ اسم ذات ملا کر پڑھا جائے مثلاً اللہ الرحیم۔ اللہ الکریم۔ اللہ الجلیل۔

نوٹ: بعض علماء کرام کا فرمان ہے کہ دن کے وقت الف لام اور رات کے وقت حرف ندا کے ساتھ اسم الٰہی پڑھنا زیادہ مفید ہے۔

۴۔ ہر اسم کے ساتھ یارب ملا کر پڑھا جائے مثلاً یارب الرّحیم۔ یارب الکریم۔ یارب الجلیل

۵۔ ہر اسم کے ساتھ بسم اللہ یارب ملا کر پڑھا جائے مثلاً بسم اللہ یارب الرّحیم۔ بسم اللہ یارب الکریم۔ بسم اللہ یارب الجلیل۔

۶۔ ہر اسم کے ساتھ سبحان اللہ ملا کر پڑھا جائے مثلاً سبحان اللہ الرّحیم۔ سبحان اللہ الکریم۔ سبحان اللہ الجلیل۔

۷۔ ہر اسم کے ساتھ حرف ندا معہ ادرکنی ملا کر پڑھا جائے مثلاً یا رحیم ادرکنی۔ یا کریم ادرکنی۔ یا جلیل ادرکنی۔

۸۔ ہر اسم کے ساتھ حرف ندا معہ اغثنی ملا کر پڑھا جائے مثلاً یا رحیم اغثنی۔ یا کریم اغثنی۔ یا جلیل اغثنی۔

۹۔ ہر اسم کے ساتھ تین مرتبہ اسم ذات ملا کر پڑھا جائے مثلاً یا اللہُ یا اللہُ یا اللہُ یا کریم۔

نوٹ: خواتین و حضرات آپ کوئی بھی اسم الٰہی (اپنے مقصد کے مطابق) منتخب کر کے پڑھیئے مگر پڑھنے سے پہلے دو۔ دو رکعت نماز توبہ، نماز برائے ایصالِ ثواب حضور اکرم ﷺ شکرانہ اور حاجت کی نیت سے ادا کریں انشاء اللہ تعالیٰ تاثیر جلد ظاہر ہوگی۔

اپنا اسم اعظم معلوم کرنا

۱۔ اللہ تعالیٰ کے تمام اسمائے مبارکہ کی تلاوت کریں جس اسم کے پڑھنے سے سرور اور وجد آئے وہی آپ کا اسم اعظم ہوگا۔ اس اسم مبارکہ کو 313 مرتبہ بعد نماز فرض پنجگانہ ذکر کریں۔ بلا تعداد بھی چلتے پھرتے پڑھ سکتے ہیں۔

۲۔ اپنے نام کے پہلے حرف یعنی سرِ حرف سے اسم الٰہی کا اپنا نام تلاش کریں جس کا سرِ حرف وہی ہو مثلاً ندیم کا سرِ حرف ''ن'' ہے اللہ تعالیٰ کے دو اسمائے مبارکہ ''نور'' اور ''نافع'' کا سرِ حرف بھی ''ن'' ہے لہٰذا ندیم ان دونوں اسمائے مبارکہ سے ایک اسم (اپنے مقصد کا مطابق) کا انتخاب کر کے اس کا ورد ہر فرض نماز کے بعد کرے۔ اسی طریقے سے دیگر خواتین و حضرات اپنے نام کے مطابق اسمائے الٰہی استخراج کر سکتے ہیں۔

۳۔ ابجد قمری یا ابجد شمسی کی مدد سے اپنا نام معہ والدہ کے اعداد حاصل کر کے اسمائے الٰہی میں سے کوئی ایک یا دو یا تین اسمائے مبارکہ (اپنے مقصد کو مدنظر رکھتے ہوئے) لیں جن کے اعداد کے مجموعہ کے برابر ہوں۔ مثلاً ندیم کے ابجد قمری کے مطابق 104 اعداد ہیں۔ اسمائے الٰہی سے ''العدل'' کے اعداد بھی 104 ہیں لہٰذا ندیم اسم الٰہی العدل کا ورد 104 مرتبہ ہر فرض نماز کے بعد کریں۔

نوٹ: میں نے صرف سائل کی مثال دی ہے آپ اپنی والدہ کے اعداد بھی شامل کیجئے گا۔

اسمائے الٰہی کے بہترین عملیات

☆

(۱) چار رکعت نفل حاجت کی نیت سے ادا کریں ہر سجدے میں سبحان ربّی الاعلیٰ کے بعد 70 مرتبہ مطلوبہ اسمِ الٰہی کو پڑھیں بعد سلام 313 یا 700 یا 1100 مرتبہ اسی اسم الٰہی کو پڑھ کر سجدے میں اپنے مقصد کی دُعا مانگیئے۔ قبول ہوگی۔

(۲) بعد صلوٰۃ التسبیح خواتین و حضرات 313 یا 700 یا 1100 مرتبہ مطلوبہ اسم الٰہی کو پڑھ کر دُعا مانگیئے۔ قبول ہوگی۔

(۳) بعد نماز تہجد 313 مرتبہ مطلوبہ اسم الٰہی پھر سجدے میں 11 مرتبہ سوئم کلمہ کے بعد 21 مرتبہ اسی اسم الٰہی کو پڑھ کر اپنے مقصد کی بارگاہِ رب العزت میں دُعا مانگیئے۔ قبول ہوگی۔

(۴) بعد نماز فجر، عصر اور عشاء 313 مرتبہ مطلوبہ اسمِ الٰہی اوّل و آخر درودِ ابراھیمی (حسبِ توفیق) کیساتھ پڑھ کر دُعا مانگیئے۔ قبول ہوگی۔

(۵) دو، دو رکعت نماز توبہ، برائے ایصال ثواب حضور اکرم ﷺ شکرانہ اور حاجت کی نیت سے ادا کر کے مطلوبہ اسمِ الٰہی کو 300 یا 700 یا پھر 1100 مرتبہ پڑھ کر اپنے مقصد کی دُعا بارگاہِ رحمت میں مانگیئے۔ قبول ہوگی۔

(۶) بعد نماز عصر تا مغرب کی اذان تک مطلوبہ اسم الٰہی کو اسم ذات اللہ کے ساتھ ملا کے پڑھتے رہیں بعد نماز مغرب پھر 313 مرتبہ اسی اسمِ الٰہی کو پڑھ کر دُعا مانگیئے۔ قبول ہوگی۔

(۷) بعد نماز تہجد یا فجر مطلوبہ اسم الٰہی کو اپنے مقصد کا تصور کرتے ہوئے 313 مرتبہ اوّل و آخر 11-11 مرتبہ درودِ ابراھیمی کے ساتھ مندرجہ ذیل طریقوں میں سے کسی ایک طریقے کے مطابق پڑھ کر بارگاہ ربّ العزت میں دُعا مانگیئے !!

یااللّٰہُ یارحیمُ م یا رحیمُ یااللّٰہُ،یااللّٰہُ الرَّحیمُ،یااللّٰہُ یاربُّ الرَّحیمُ

بِسْمِ اللّٰہِ یَارَبُّ الرَّحِیْمُ . یَارَحِیْمُ اَغِثْنِیْ . اَغِثْنِیْ یَارَحِیْمُ . اَدْرِکْنِیْ یَارَحِیْمُ

نوٹ: راقم الحروف نے اسمِ الٰہی یارحیم کی مثال دی ہے ضرورت مند خواتین وحضرات یارحیم کی بجائے اپنا مطلوبہ اسمِ الٰہی پڑھیں گے۔

(۸) اوّل وآخر 11-11 مرتبہ درود ابراھیمی کے ساتھ ایک مرتبہ سورۃ یاسین پڑھیں پھر اپنے مقصد کی دُعا مانگیئے !! قبول ہوگی۔

یاد رہے جب لفظ مبین آئے تو یہاں مطلوبہ اسم الٰہی کو 21 مرتبہ پڑھنا ہے۔

(۹) بعد نماز عشاء یا تہجد مطلوبہ اسم الٰہی کو الگ الگ پرچی پر سوالا کھ "یـا اللّٰـہُ الرحیم جلّ جلالہ میرا فلاں کام ہوجائے بحق یارحیم" لکھیئے (3 یا 7 دن میں مکمل کرنا ہے) اب ہر پرچی کو آٹے کی گولی میں بند کر کے سمندر میں ڈال دیں۔ چلتے پھرتے اپنے مقصد کا تصور کرتے ہوئے اسی اسم الٰہی کو ورد میں رکھیں۔انشآء اللہ تعالیٰ مقصد حاصل ہوگا۔

(۱۰) 11-11 مرتبہ اوّل وآخر درود ابراھیمی کے ساتھ سورۃ فاتحہ معہ تعوذ (اعوذ باللہ) اورتسمیہ (بسم اللہ) پڑھیں جب آیت اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پر پہنچے تو یہاں رُک کر مطلوبہ اسم الٰہی 41،21 یا پھر 70 مرتبہ پڑھیئے بعد ازاں سورۃ فاتحہ کا بقایا حصہ پڑھیں اس طریق سے سورۃ فاتحہ 7، 11، 21، 41 یا پھر 70 مرتبہ پڑھ کر اپنے مقصد کے لئے دُعا مانگیں۔قبول ہوگی۔

(۱۱) 40 روز تک روزانہ 3125 مرتبہ بعد نماز عشاء یا تہجد پرہیز عملیات کے ساتھ پڑھیں مقصد حاصل ہوگا۔

(۱۲) بسم اللہ یارب کے ساتھ مطلوبہ اسم الٰہی کو 41 روز تک روزانہ 313 یا 700 یا پھر 1100 مرتبہ پڑھنے سے مقصد حاصل ہوجاتا ہے۔

(۱۳) مطلوبہ اسم الٰہی کو بسم اللہ الواسع جل جلالہ کی ترکیب سے حسب توفیق پڑھ کر اپنے مقصد کے حصول کے لئے دُعا مانگیئے قبول ہوگی۔

(۱۴) مطلوبہ اسمِ الٰہی کو دل کی زبان سے پڑھ کر دُعا مانگیئے قبول ہوگی۔

(۱۵) مطلوبہ اسم الٰہی کو مراقبہ کی حالت میں پڑھیئے پھر دُعا مانگیئے قبول ہوگی۔

تمام اسمائے الٰہی کے پڑھنے کے طریقے

ا۔ 40 روز تک تمام اسمائے الٰہی کو بعد نماز فجر، ظہر اور عشاء شرائطِ عملیات کے ساتھ پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ عجیب آثار ظاہر ہوں گے۔

۲۔ تمام اسمائے الٰہی کو 41 روز تک روزانہ اکتالیس بار پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ کشف قلوب اور تصرفات ظاہری و باطنی حاصل ہوں گے۔

۳۔ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر تعوذ اور تسمیہ کے ساتھ سورۃ فاتحہ پڑھنا شروع کریں جب آیت "اِیّاکَ نعبدُ و اِیّاکَ نستعین" پر پہنچیں تو رک جائیں اور اس آیت کو تمام اسمائے الٰہی کے ساتھ اس طرح دُھرائیں!!

"ایّاکَ نعبد و ایّاکَ نستعین یا اللّٰہُ یا رحمٰن"

"ایّاکَ نعبد و ایّاکَ نستعین یا اللّٰہُ یا رحیم"

بعد تمام اسمائے الٰہی اپنے مقصد کی دُعا مانگیئے بعد ازاں سورۃ فاتحہ کا بقایا حصہ اور درود شریف پڑھ کر عمل ختم کریں۔

۴۔ بعد نماز تہجد تمام اسمائے الٰہی اسم ذات کے ساتھ پڑھ کر اپنے مقصد کی دُعا مانگیئے۔

۵۔ بعد نماز فجر اور عشاء بسم اللہ یا رب کے ساتھ تمام اسمائے الٰہی پڑھیں پھر اپنے مقصد کی دُعا مانگیئے

۶۔ یہ طریقہ بڑا مجرب ہے اس طریقہ میں ہر اسم الٰہی کے ساتھ تمام اسمائے الٰہی پڑھ کر اپنے مقصد کے لئے دُعا مانگتے ہیں مثال کے طور پر!!

یا اللّٰہ یا اللّٰہ یا اللّٰہ یا اللّٰہ یا اللّٰہ یا اللّٰہ (تمام اسمائے الٰہی پڑھے جائیں گے)

یا رحمٰن یا رحمٰن یا رحمٰن یا رحمٰن یا رحمٰن یا رحمٰن (ایضًا)

یا رحیم یا رحیم یا رحیم یا رحیم یا رحیم یا رحیم (ایضًا)

نوٹ: ہر اسم الٰہی سات مرتبہ پڑھ کر پھر تمام اسمائے الٰہی پڑھے جائیں گے اسی طریق سے تمام اسمائے الٰہی پڑھیے گا۔

ضروری ہدایات

1. ہر وظیفہ سے پہلے اوّل و آخر کم از کم گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔
2. وظیفہ شروع کرنے سے پہلے کم از کم پانچ روپے یا گیارہ روپے یا اگر صاحب ثروت ہو تو اکیس روپے (اپنی اپنی مالی حیثیت کے مطابق) صدقہ نکال کر کسی محتاج کو ضرورت دیں۔ صدقہ نکالتے وقت کہیں "اَلصّدَ قتہ رَدُّ البَلَاءِ۔"
3. وظیفہ پڑھتے وقت صاف ستھرے کپڑے پہنیں۔ باوضو ہوں اور جس جگہ وظیفہ پڑھا جائے وہ پاک وصاف ہو اور اگر توفیق ہو تو عطر وغیرہ لگائیں۔
4. وظیفہ کے دوران کسی سے ہمکلام نہ ہوں اور اگر بولنا پڑ جائے تو وظیفہ دوبارہ شروع کریں۔
5. اگر کسی بیماری کا دورہ پڑ گیا ہے اور وظیفہ کرنے کے قابل نہیں تو وظیفہ جاری نہ رکھے اور اُس دن کا ناغہ آخیر میں پورا کرے۔
6. وظیفہ پڑھنے کا وقت بعد نماز عشاء یا بعد نمازِ تہجد یا فجر کی نماز سے پہلے یا پھر فجر کی نماز کے بعد سورج جب اچھی طرح ہو جائے مگر جو وقت مقرر کیا جائے پھر روزانہ اُسی وقت پڑھا جائے۔ یہ ضروری ہے۔
7. وظیفہ تنہا جگہ پر پڑھا جائے اور کسی سے وظیفہ پڑھنے کا ذکر نہ کیا جائے۔
8. کسی ناجائز حاجت یا کام کے لیے وظیفہ نہ پڑھا جائے ایسا کام جو شریعت مقدسہ کے احکام کے خلاف ہو۔
9. جو صاحب (صاحب نصاب ہونے کے باوجود بھی) زکوٰۃ نہ نکالتے ہوں، انہیں اس وظیفہ سے کچھ فائدہ حاصل نہیں ہوگا۔ اِسی طرح جو پنجگانہ نماز ادا نہ کرتا ہو تو بھی کچھ فائدہ نہ ہوگا۔ جب تک سچے دل سے توبہ کر کے نماز شروع نہ کر دیں اور اپنے تمام صغیرہ و کبیرہ گناہوں سے بھی سچے دل سے توبہ نہ کر لیں اور اپنے ماضی کے گناہوں پر سخت نادم نہ ہوں۔

(10) اگر خود تو یہ نہیں کرتا تو پھر اپنے گھر میں کسی نمازی اور پرہیزگار سے وظیفہ پڑھوائے۔ اُسے کہیں کہ وہ پڑھتے وقت یہ نیت کرے کہ وہ آپ کی طرف سے وظیفہ فی سبیل اللہ پڑھ رہا ہے اور اللہ تعالیٰ سے عرض کرے کہ وہ اپنی رحیمی و کریمی سے یہ وظیفہ قبول فرمالے۔

دعا مانگنے کا طریقہ:

(11) وظیفہ ختم کر کے دعا سجدے میں یوں مانگے: پہلے انتہائی عاجزی و انکساری اختیار کرے۔ یہ اگر ممکن نہیں تو کم از کم منہ ہی عاجزانہ اور گناہ گاروالا کرے۔ سجدے میں تین بار یا پانچ بار "سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى" پڑھے پھر ایک بار درود ابراھیمی (جو نماز میں پڑھا جاتا ہے) اُس کے بعد اللہ تعالیٰ کی خوب حمد و ثنا کرے اور اپنی عاجزی اور بے بسی کو نہایت بیقراری سے پیش کرے۔ یہ یاد رکھیں کہ بیقراری کے بغیر دُعا کے قبول ہونے میں دیر ہوجاتی ہے۔ آپ کی بیقراری اللہ تعالیٰ کی رحمت کو جوش دلاتی ہے۔

(12) اگر وظیفہ سے حاجت پوری نہ ہوتو چالیس روز کے بعد پھر عمل کو دُہرا سکتے ہیں۔ اس طرح آپ تین بار کر سکتے ہیں۔ اگر پھر بھی کامیابی نہیں ہوتی تو اِس کو منجانب اللہ اور اپنا مقدر سمجھ کر راضی ہوجائے اور گمان یہ رکھے کہ اس میں بھی میری بہتری ہے جس کو میں محدود عقل و فہم کی وجہ سے نہیں سمجھ سکا۔ ایسا کرنے سے وہ آخرت میں اجر و ثواب کا مستحق ہوجاتا ہے۔

(13) اگر کامیابی ہو تو شکرانہ کے طور پر دوبارہ صدقہ شکرانہ نکال کر کسی غریب کو دے اور پھر سجدہ شکر بجالائے۔ سجدے میں پہلے کی طرح عمل کرے۔ حمد و ثنا و عاجزی کرے اور شکرانہ ادا کرے۔

(14) شکرانے کے طور پر حضور ﷺ کی کسی ایک سنت پر (جو اُسے آسان معلوم ہو) عمل شروع کردے۔ اور کسی ایک نیکی کے کام کو روزانہ انجام دینا شروع کردے۔

(15) یہ وعدہ کرے کہ اپنے کسی دوست یا گھر کے فرد کو بھی حضور ﷺ کی سنت پر عمل کروانے کی کوشش کرے گا اور اس سے نیکی کا کام کرنے کا وعدہ بھی لے گا۔

(16) خالی وقت میں حضور ﷺ پر درود شریف پڑھے گا اور کم از کم ایک شخص کو محبت و پیار سے تبلیغ کر

کے اُسے بھی درود شریف پڑھنے پر آمادہ کرے گا۔ اسی طرح اُس شخص سے بھی وعدہ لے کہ وہ بھی کم از کم ایک شخص کو اس نیک کام کے انجام دینے پر لگائے گا۔

(17) درود شریف پڑھے جو اچھا لگے، اگر وضو ہو تو بہت اچھا ہے اور اگر نہیں ہے تو کلی سے صاف کرے اور ورد کرے۔ بعض اصحاب سگریٹ نوشی کرتے ہیں یا ویسے ہی قدرتی طور پر اُن کے منہ میں بدبو ہوتی ہے۔ ایسے اصحاب مُنہ میں الا ئچی یا کوئی اور خوشبودار چیز رکھ لیں اور سگریٹ نوشی سے آہستہ آہستہ نجات حاصل کریں کیونکہ اس سے مہلک مرض کینسر اور اِس کے علاوہ پھیپھڑوں کے مختلف امراض ہو جاتے ہیں۔

(18) انسان کو یہ کبھی بھی نہیں بھولنا چاہیئے کہ جب کوئی پریشانی آتی ہے خواہ کسی قسم کی بھی ہو تو ربّ کریم کی طرف سے بندے کو اشارہ ہوتا ہے کہ وہ اپنے اعمال کا محاسبہ کرے کہ اُس پر جو اللہ کے حقوق ہیں، اور جو بندوں کے حقوق ہیں، وہ شریعتِ مقدسہ کے مطابق ادا کر رہا ہے؟ اگر نہیں کر رہا ہے تو وہ خدا کا مجرم ہے اور اُسکی مخلوق کا دین دار ہے۔ اُسے اصلاحِ اعمال کرنی چاہیئے۔ قبل اس کے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی سخت گرفت میں آجائے، جو جان بوجھ کر گناہ کرتا ہے اور اُس پر اصرار کرتا ہے اور پھر یہ بھی سمجھتا ہے کہ خدا اپنی رحیمی و کریمی کے صدقے میں یا کسی پیر فقیر کا ہاتھ تھامنے سے اُسے بخش دے گا تو وہ سمجھ لے کہ وہ شیطان کے راستے پر چل رہا ہے۔
(از خادم افضل سرکارؒ)۔

روحانی علاج
کے لئے تشریف لائیں
یہ حقیقت ہے کہ پریشانیوں میں گھرا ہوا انسان ذہنی طور پر اس قابل نہیں رہتا کہ راہ نجات خود ہی تلاش کر سکے۔ لہٰذا آپ کسی بھی مسئلہ مثلاً آپ کو کونسا کاروبار کرنا چاہیئے۔ آپ کے لئے کہاں ملازمت بہتر رہے گی۔ آپ کے لئے جیون ساتھی کیسا ہو۔ آپ اپنے بچوں کے کیا نام رکھیں۔ آپ کا اسم الٰہی کا ورد کونسا ہے۔ اپنے شوہر یا بیوی کو کیسے راہ راست پر لائیں۔ تسخیر محبوب کے لئے کونسا وظیفہ کریں وغیرہ وغیرہ کے لئے۔
روحانی معالج
صوفی محمد ندیم محمدی
کی روحانی خدمات سے فیضیاب ہوں
ادارہ فیض العملیات و تعویذات نقشبندی
(زیر نگرانی: مکتبہ روحانیات کراچی)
MOBILE : 0300-3493001

قمری اعداد	٦٦
شمسی اعداد	١٩٠١

ا۔ اللہ جلّ جلالہ

جلالی ☆ آتشی

یہ خالق کائنات اور معبود برحق کے ساتھ خاص اور اس ذات کبریائی کا ذاتی نام ہے جو تمام خیر و برکت کا سرچشمہ ہے۔ یہ نام اس کے علاوہ نہ کبھی کسی کے لیے بولا گیا اور نہ بولنا صحیح ہے۔ صفاتی ناموں کی عام صفات اس نام میں شامل ہیں اور کوئی صفت اس سے خارج نہیں۔ لہذا اللہ ہی آپ کی عبادت کا تنہا مستحق ہے اور وہی ہمارے تمام خطرات سے حفاظت کی واحد پناہ گاہ ہے۔ اس نام سے انسان کو اللہ تعالیٰ کی ذات میں محو رہنے کا سبق ملتا ہے۔

وظائف:

۱۔ اللہ تعالیٰ کے محبوب بندوں میں شامل ہونے کیلئے قلب کی زبان سے ہر نماز کے بعد حسب توفیق یعنی بلا تعداد اس اسم کو پڑھیں۔

۲۔ اس اسم کو پڑھنے سے اللہ سے دوستی کا شرف حاصل ہوتا ہے اور پڑھنے والا ولی اللہ بن جاتا ہے کیونکہ جس کسی کو جو کچھ ملا اللہ کے نام کی بدولت ہی ملا۔ لہذا جو شخص اللہ کا ولی بننا چاہے تو اسے چاہئے کہ اس اسم کو گیارہ ہزار مرتبہ صبح اور گیارہ ہزار مرتبہ شام پڑھے اور کم از کم سات سال تک پڑھے۔ اگر گن کر نہ پڑھ سکتا ہو تو ایک گھنٹہ فجر کی نماز سے پہلے: اور ایک گھنٹہ فجر کی نماز کے بعد ایک گھنٹہ شام کی نماز کے بعد اور ایک گھنٹہ عشاء کی نماز کے بعد سانس کے ساتھ پڑھے۔ انشاء اللہ باطن کھل جائے گا اور روحانیت حاصل ہوگی اور اللہ کے خاص ولیوں میں شمار ہو جائے گا

۳۔ شادی کے لئے اس اسم کو روزانہ طالب مع والدہ کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھ کر سجدے میں دعا مانگیں انشاء اللہ تعالیٰ جلد رشتہ نصیب ہوگا۔

۴۔ جو شخص اسے اٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے کثرت سے پڑھے یعنی جب یاد آیا اسی وقت اللہ کے لفظ کا ذکر شروع کر دیا تو اسے دنیاوی لحاظ سے بے پناہ فیوض و برکات حاصل ہونگے۔ اگر ایک ہزار مرتبہ گن کر بعد نماز فجر اور ایک ہزار مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھنے کا معمول بنالے تو وہ مستجاب الدعوات بن جائے گا۔ اس کی ہر دعا قبول ہوگی بشر طیکہ ہمیشہ پڑھتا رہے۔ اگر کوئی کام رک گیا ہو تو اس اسم کو چالیس دن میں سوا لاکھ مرتبہ پڑھیں رکا ہوا کام ہو جائے گا۔ اگر کوئی دلی خواہش یا حاجت درپیش ہو تو وہ بھی پوری ہو جائے گی۔ غرضیکہ لفظ اللہ پڑھنے سے دنیا کے ہر کام

میں برکت پیدا ہوگی اور پریشانیاں ختم ہوں گی۔

۵۔ جیل سے رہائی کیلئے ہمہ وقت قلب کی زبان سے اس اسم کا ورد کریں مجرب عمل ہے۔

۶۔ لفظ "اللہ صاحب کشف بننے کے لیے بھی بہت ہی مؤثر ہے لہذا جو شخص صاحب کشف بننا چاہے وہ ایک گھنٹہ صبح اور ایک گھنٹہ شام کے بعد تصور کے ساتھ اس اسم کو کھلا پڑھے اگر ہلکی سی آواز کے ساتھ پڑھے تو زیادہ مناسب ہے اور جب تصور قائم ہو جائے تو دل میں پڑھے اور دل پر ضرب لگائے۔ انشاء اللہ تین سال تک اسی طرح پڑھنے سے صاحب کشف بن جائے گا اور اس پر باطن کے اسرار ورموز عیاں ہوں گے۔

۷۔ کاروبار میں خیر و برکت کیلئے لفظ "اللہ" کا نقش چاروں عنصری چالوں سے پر کیا ہوا بہت مفید ہے۔

۸۔ اگر کسی شخص کو کسی مرض سے شفا حاصل نہ ہوتی ہو تو اس کے ورثاء اس اسم کو سوا لاکھ مرتبہ مل کر پڑھیں اور پانی دم کر کے اسے پلائیں انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ کسی ذریعے سے شفا دے گا۔ اگر عمر ختم ہونے پر ہو تو خاتمہ بالا یمان ہو گا۔ بزرگوں نے کہا ہے کہ اگر آپ اس اسم کا نقش دوسروں کو دینا چاہیں تو پہلے چالیس دن میں ۳۱۲۵ مرتبہ روزانہ پڑھ لیں۔ اس کے بعد اس کا نقش دوسروں کو ہر قسم کی مرض سے شفا کے لئے دے سکتے ہیں۔

۹۔ مطلوب کی زبان بندی کیلئے ہر نماز کے بعد ۷ روز تک پہلے ۶۶ مرتبہ اسم پھر ۷ مرتبہ سورۃ بقرہ کی ۱۸ ویں آیت پڑھ کر مطلوب کا تصور کرتے ہوئے دم کریں زبان بند ہو جائے گی۔

۱۰۔ جو شخص اس اسم کو ایک ہزار مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھنے لگے تو اس کا دل دنیا سے متنفر ہو جائے گا اور یا الٰہی کی طرف خوب مائل ہوگا نماز اور نوافل پڑھنے کو دل بہت چاہے گا۔ یعنی اس اسم کو پڑھنے سے دل اللہ کی عبادت میں خوب لگتا ہے جس سے اللہ کا عشق حاصل ہوگا۔ اور جو شخص اللہ کی محبت اور عشق کی طرف مائل ہو جاتا ہے اس کا ایمان بیحد مضبوط ہو جاتا ہے۔ وہ اللہ کی خاطر جینے لگتا ہے اور اس کے دل سے دنیا کم ہو جائے گی۔ بہر کیف جو خلوص دل سے اس کا نام لینے لگتا ہے وہ اس کا بن جاتا ہے اور اللہ اس پر مہربان ہو جاتا ہے۔

۱۱۔ یہ وظیفہ "یا اللہ" کا جامع وظیفہ ہے۔ اور یہ قضائے حاجات اور تسخیر مخلوق کے لئے بہت مجرب ہے۔ اس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ اس وظیفہ کو ۴۴۴۴ مرتبہ چالیس دن تک پڑھیں۔ انشاء اللہ ہر جائز خواہش پوری ہوگی اور لوگوں میں بے پناہ مقبولیت ہوگی۔ جس کسی سے کوئی کام یا واسطہ پڑے گا وہ بے لوث کام کر دے گا۔

پوری ہوگی اور لوگوں میں بے پناہ مقبولیت ہوگی۔ جس کسی سے کوئی کام یا واسطہ پڑے گا وہ بے لوث کام کر دے گا۔

اگر کوئی کثرت سے پڑھتا رہے تو ہمیشہ تندرست رہے گا اور لوگ اسے عزت سے پیش آئیں گے۔

"یَا اَللّٰہُ الْمَحْمُوْدُ فِیْ کُلِّ فِعَالِہٖ یَا اَللّٰہ" (اے اللہ تو اپنے ہر کام میں تعریف کیا گیا ہے اے اللہ)

۱۲۔ ایک عامل کے قول کے مطابق اس اسم کو نوچندی اتوار کی رات سے روزانہ 300 مرتبہ 40 روز تک پڑھ کر جس مقصد کے لئے دُعا مانگیں گے انشاء اللہ تعالیٰ قبول ہوگی۔

۱۳۔ اگر کوئی شخص کسی جھگڑے میں ناحق پھنس گیا ہو اور اس کے خلاف مقدمہ بن گیا ہو تو پیشی کے وقت اس اسم کو کثرت سے پڑھیں اور دل میں اللہ کا تصور لائیں اور اس کے حضور دُعا کریں کہ یا اللہ بس تیری ذات باقی رہے گی اور تیرے سوا ہر چیز فنا ہو جائیگی۔ انشاء اللہ مقدمہ پڑھنے والے کے حق میں ہوگا۔

۱۴۔ مردانہ طاقت (قوت باہ) بڑھانے کے لئے اس اسم کو سلاجیت پر اپنے نام معہ اعداد کے حساب سے ۷ روز تک پڑھیں پھر اس کی چنے کے برابر گولیاں بنا کر استعمال کریں۔

۱۵۔ اگر کسی کو پسلی یا سینہ یا کمر یا سر میں درد ہو تو دوسرا شخص باوضو ہو کر درد کی جگہ سات مرتبہ ''یا اللہ'' خالی انگلی سے بغیر سیاہی کے لکھے اور دن میں سات دفعہ اس عمل کو کرے انشاء اللہ درد جاتا رہے گا

۱۶۔ اگر کسی عورت کے بچہ نہ ہوتا ہو اور درد نہایت شدید ہو تو ایک سو اکیس مرتبہ ''یا اللہ'' پڑھ کر خمیرہ وغیرہ پر دم کر کے کھلایا جائے۔ فوراً مشکل آسان ہوگی مجرب عمل ہے۔

۱۷۔ جو شخص اللہ کا بندہ بننا چاہے تو اُسے چاہئے کہ اس اسم کو گیارہ ہزار مرتبہ صبح اور گیارہ ہزار مرتبہ شام پڑھے اور کم از کم سات سال تک پڑھے انشآء اللہ روحانیت حاصل ہوگی اور اللہ کے خاص بندوں میں شمار ہو جائے گا۔

۱۸۔ اسم اللہ کو ۶۶ مرتبہ استخارہ کی نیت سے بھی پڑھ سکتے ہیں۔

۱۹۔ شادی کی رکاوٹ دور کرنے کے لئے بعد نماز فرض 313 مرتبہ پڑھیں۔

۲۰۔ اولاد نرینہ کے لئے بعد نماز فرض و نفل تمام 313 مرتبہ پڑھیئے۔

۲۱۔ دُنیا و آخرت کی بھلائی کی نیت سے بعد نماز فرض ۶۶ مرتبہ پڑھا کریں۔

۳۲۹	قمری اعداد
۱۸۱۷	شمسی اعداد

۲۔ الرّحمٰن جلّ جلالہ

جمالی ☆ خاکی

قرآن مجید میں یہ نام ''اللہ'' کے بعد کثرت سے استعمال ہوا ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ اسم صفت ہوتے ہوئے بھی اسم ذات کا درجہ رکھتا ہے۔ اس سے مراد ہے وہ ذات جس کی رحمت میں بڑا جوش وخروش ہے اور جو بے انتہا رحم کرنے والی ہے اور اس نے انسان کو اپنی رحمت سے اس حد تک نوازا ہے کہ اس کو عدم سے وجود میں لایا، اس کو رزق دیا، اس کو گویائی عطا کی، اور سب سے بڑی رحمانیت یہ کہ انسان کو قرآن جیسی عظیم نعمت بخشی۔ لہٰذا بندے کو لازم ہے کہ اپنی ذات میں یہ صفت خداوندی پیدا کرے اور اللہ تعالیٰ کی تمام مخلوق کے ساتھ رحمت وشفقت کا سلوک کرے اور گناہگاروں کو گناہوں سے بچانے کی سعی کرے کیونکہ مخلوقِ خدا کے لئے اس سے بڑی رحمت اور کیا ہوگی کہ ان کو عذاب الٰہی سے محفوظ رکھنے کی کوشش کی جائے۔

وظائف:

۱۔ دنیاوی مشکلات سے بچنے کے لئے ہر فرض نماز کے بعد ۳۰۰ مرتبہ اس اسم کا ورد کرنا مجرب ہے۔

۲۔ ''یارحمٰن'' کا ورد حصولِ رحمت کے لئے بہت مجرب ہے۔ جو شخص اسے روزانہ گیارہ سو مرتبہ صبح یا شام پڑھنے کا معمول بنالے تو خداوند کریم اس پر اپنی رحمت کے دروازے کھول دے گا۔ بیشمار بزرگانِ دین اور مشائخانِ طریقت نے اس اسم کو کثرت سے پڑھا اور ان پر اللہ کی رحمت نچھاور ہوئی۔ اسے پڑھنے سے دل عبادت کی طرف بھی بہت مائل ہوتا ہے۔

۳۔ جو بہن بیٹیاں شادی کے انتظار میں بیٹھی ہیں وہ اس اسم کو اپنے نام معہ والدہ کے اعداد کے مطابق پڑھ کر دُعا مانگیں جلد از جلد نیک رشتے نصیب ہوں گے۔

۴۔ اس اسم کے ذکر میں اللہ تعالیٰ نے شفا بھی رکھی ہے۔ کیونکہ بیماری سے شفا ہمیشہ اللہ کی

رحمت کی بدولت ہی حاصل ہوتی ہے۔ جو شخص "یا اللہ یا رحمٰن" کو نماز فجر کے بعد روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھے وہ تندرست و توانا رہے گا۔ اگر کسی بیمار کو یہی اسم ۵ دن کے اندر ۴۱۰۰۰ مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ صحت یاب ہوگا۔

۵۔ مقدمہ میں کامیابی کے لئے گھر میں اس اسم کا سوا لاکھ کا ورد کروائیں مجرب ہے۔

۶۔ جو بچے پڑھائی میں دل لگا کر پڑھتے نہ ہوں بلکہ بھاگتے ہوں ان کے والدین اس اسم کو گیارہ روز تک روزانہ ۱۷۸۸ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔ انشاء اللہ بچوں کا دل پڑھائی میں لگنے لگے گا اور نیچے پڑھائی میں ہوشیار رہیں گے۔

۷۔ حج یا عمرہ کے موقع پر اس اسم کا ورد کرنا ہر پریشانی ارضی وسماوی آفت و بلا سے نجات کا ذریعہ بنتا ہے۔

۸۔ اللہ رحمت سے ہر مشکل حل ہو جاتی ہے اس لئے جو اسے کثرت سے پڑھتا رہے اسے کوئی مشکل در پیش نہ ہوگی اور نہ کوئی آڑا وقت آئے گا اگر خدانخواستہ کوئی مشکل آبھی جائے تو اس اسم کی برکت سے گزر جائے گی۔ ہر مشکل کو آسان کرنے کے لئے اس اسم کو چالیس دن تک ۴۲۵۰ مرتبہ روزانہ پڑھیں اور اول و آخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ انشاء اللہ ہر مشکل آسان ہو جائے گی۔ اگر ایک چلے میں کام نہ بنے تو پھر دوسرا چلہ کریں۔ اللہ بہتر کرے گا۔ مشکلات کی آسانی کے لئے اس سے پہلے "یا اللہ" کے لفظ کا اضافہ کرلیں۔ یعنی "یا اللہ یا رحمٰن"

۹۔ ادائیگی قرض کے لئے ۱۰ روز تک روزانہ 3125 مرتبہ اس اسم کو پڑھکر سجدے میں دعا مانگیں۔ مجرب ہے۔

۱۰۔ قرضہ وصول کرنے کے لئے نمبر ۹ کے مطابق عمل کریں۔

۱۱۔ اس اسم کا نقش ہر رحمت والے کام پر کام کرتا ہے لہٰذا اس کی پہلے زکوٰۃ ادا کریں۔ اس کی زکوٰۃ اکتالیس دن تک ۱۱۷۲۸ مرتبہ روزانہ کی پڑھائی ہے۔ زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد اس نقش کو مندرجہ بالا تمام کاموں کے لئے دے سکتے ہیں۔ انشاء اللہ، اللہ کی رحمت سے ہر جائز کام ہو جائیگا۔

۱۲۔ ظالم لوگوں سے حفاظت کے لئے ۱۱ مرتبہ اس اسم کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیا کریں۔

۱۳۔ چہرے کی خوبصورتی کے لئے ہر فرض کے بعد ۱۱ مرتبہ اس اسم کو پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کریں اور اپنے چہرے پر پھیرلیں۔

۱۴۔ یہ وظیفہ یارحمٰن کا جامع وظیفہ ہے۔ جو شخص یہ وظیفہ پڑھے گا اسے یارحمٰن کے مکمل طور پر فوائد حاصل ہونگے کیونکہ اللہ تعالیٰ لازماً مہربان ہوگا۔ بشرطیکہ وظیفہ پڑھنے میں خلوص ہو۔ یہ وظیفہ ۳۱۲۵ مرتبہ روزانہ چالیس یوم تک پڑھا جائے۔ انشاء اللہ جو حاجت دل میں ہوگی اس کی برکت سے جلد پوری ہوگی۔ یہ وظیفہ برائے حُب، بُری عادات چھڑوانے، دوسروں کو تسخیر کرنے اور محبوب کو اپنی طرف راغب کرنے کے لئے بہت اکسیر ہے۔

"یَارَحْمٰنُ کُلِّ شَیْءٍ وَوَارِثَہٗ وَرَاحِمَہٗ یَارَحْمٰنُ"

۱۵۔ ہر مقصد میں کامیابی کے لئے ہر نماز کے بعد 300 مرتبہ اس اسم کو پڑھیں۔

۱۶۔ شادی کے لئے دوسرا عمل یہ ہے کہ اس اسم کو علیحدہ پاکیزہ جگہ پر بیٹھ کر باوضو روزانہ ۳۱۲۵ مرتبہ پڑھے اور ہر روز وظیفہ ختم ہونے پر اللہ کے حضور نیک رشتہ ملنے کی التجا کرے۔ انشاء اللہ بہتر اسباب پیدا ہونگے۔ اس وظیفہ کے شروع اور آخر میں گیارہ گیارہ مرتبہ استغفار ضرور پڑھیں۔

۱۷۔ بلڈ کینسر سے نجات کے سلسلے چلتے پھرتے یارحمٰن الشافی، یارحمٰن الکافی پڑھیں اسی اسم کو آب زم زم پر پڑھ کر نہار منہ پانی استعمال کریں انشاء اللہ تعالیٰ شفا نصیب ہوگی۔

۱۸۔ قرآن پاک یاد کرنے کے لئے اس اسم کے نقش کو زعفران سے لکھ کر آب زم زم سے دھو کر نہار منہ پئیں۔

۱۹۔ بعد نماز تہجد اسمِ یارحمٰن یااللہ کا ورد کرنے والا قطب کے درجہ کو پالیتا ہے۔

۲۰۔ اگر آپ چاہتے ہیں تمام لوگ آپ کی بات کو تسلیم کریں تو ہر نماز کے بعد یارحمٰنُ یااللہ ُیا رحمٰنُ اِنَّکَ علیٰ کُلِّ شَیْءٍ قدیر 100 مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

۲۱۔ یارحمٰن جل جلالہٗ کو بعد نماز تہجد 313 مرتبہ پڑھ کر سجدے میں کوئی بھی دُعا (جائز) مانگیں انشاء اللہ تعالیٰ قبول و مقبول ہوگی۔

۳۔ الرّحیم جلّ جلالہ

قمری اعداد	۲۸۹
شمسی اعداد	۲۱۱۷

جمالی — خاکی

اس نام میں بھی رحمت شامل ہے۔ یعنی رحیم سے مراد ہے وہ ذات جس کی رحمت کا سلسلہ کبھی نہیں ٹوٹتا۔ انسان اس کی مسلسل رحمت کے سائے ہی میں پرورش پا رہا ہے۔ اور نیکیوں کی راہ پر آگے بڑھ رہا ہے۔ اس نام کی خصوصیت یہ ہے کہ ہم اپنے دل کو ذکرِ الٰہی میں مشغول رکھیں اور حتی الامکان گناہوں سے اجتناب کریں تاکہ قیامت کے دن ارحم الراحمین ہم پر اپنی رحمت کاملہ نازل فرمائے۔ بزرگانِ دین اور عارفین کا کہنا ہے کہ جو اہلِ زمین پر رحم کرے گا، اس پر آسمان والا رحم فرمائے گا۔

وظائف:

۱۔ میرے مرشد پاک (صوفی عبدالعزیز نقشبندی) کے مطابق اس اسم کے ساتھ اگر دو اسمائے مبارک (یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم) شامل کر کے اس عمل کو پڑھا جائے تو ارضی و سماوی آفت و بلا اور پریشانیوں سے نجات رہے گی۔

۲۔ نماز فجر کے بعد روزانہ ''یارحیم'' کو ۵۰۰ مرتبہ پڑھنا عزت میں اضافے کا باعث بنتا ہے۔ اپنے پرائیوں میں ہر دلعزیزی پیدا ہوتی ہے۔ ہر ملنے والا محبت سے پیش آتا ہے۔

۳۔ اگر آپ ۶۰ روز تک روزانہ 3125 مرتبہ اس اسم کو پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ آپ کی تمام مرادیں پوری ہوں گی۔

۴۔ اگر کوئی شخص اس اسم کو چالیس یوم تک روزانہ 1548 مرتبہ سونے سے پہلے پڑھے تو اس کی تمام مشکلات آسان ہو جائیں گی اور جس کسی سے کوئی کام ہوگا وہ فوراً کر دے گا۔ دنیا اور آخرت میں اسے سعادت حاصل ہوگی۔

۵۔ اگر کوئی قید میں پھنسا ہوا ہو اور وہ اسے کثرت سے پڑھنا شروع کر دے تو قید سے رہائی

اسباب پیدا ہو جائیں گے۔

۶۔ شادی کے لئے بعد نماز فجر یارحیم "انک علیٰ کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر" اپنے نام مع والدہ کے اعداد کے مطابق یا پھر 300 مرتبہ پڑھ کر دُعا مانگیں۔ نیک رشتے نصیب ہوں گے۔

۷۔ سچائی کا راستہ صرف اللہ کے دین میں ہے۔ لہٰذا اگر کسی کافر یا ہندو، سکھ، عیسائی اور یہودی کے دل میں خواہش پیدا ہو کہ سچا دین کونسا ہے تو اسے چاہئے کہ اس اسم کو سات دن تک روزانہ ۷۰۰۰ مرتبہ پڑھے اسے سچے دین کی راہنمائی مل جائے گی اور وہ انشاء اللہ صاحب ایمان ہو کر مرے گا۔

۸۔ کسی شخص کا عقیدہ متزلزل ہو تو اسے چاہئے کہ اس اسم کو سوتے وقت گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر سو جائے۔ اللہ تعالیٰ سچ کی طرف اشارہ فرما دے گا۔

۹۔ کسی بھی مقدمے میں کامیابی کے لئے "یارحیم یا اللہ یارحیم بحق حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ" پڑھ کر دُعا مانگیں انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی نصیب ہوگی۔

۱۰۔ صاحب ایمان رہتے ہوئے اس دنیا سے جانا بڑے مقدر کی بات ہے اس اسم کو روزانہ ۲۵۸ مرتبہ پڑھنے والا صاحب ایمان مرے گا۔ اس کا خاتمہ بالخیر ہوگا۔ سکرات اور نزاع کے عالم میں آسانی پیدا ہوگی۔ قبر کی منازل بڑے آرام سے طے ہوں گی۔ اللہ اس پر حد سے زیادہ رحم کرے گا اور اس کی قبر کو کشادہ کر کے مثلِ جنت کر دیا جائے گا اور آخرت میں اس کی نجات ہوگی۔

۱۱۔ "یارحیم" کا نقش ہر مشکل کو آسان کرنے کے کام آتا ہے اگر کوئی اسے اپنے پاس رکھے تو لوگ اس کے مطیع اور فرمانبردار ہو جائیں گے۔ اہل خانہ ہمیشہ عزت کریں گے اور اس کا کہنا مانا جائے گا۔

۱۲۔ اگر کسی مصیبت میں پھنسا ہوا ہو تو اس کے نقش سے خلاصی ہوگی۔

۱۳۔ جس شخص کا دل عبادت کی طرف مائل نہ ہو اسے تعویذ دیں اور وہ اپنے پاس رکھے۔ انشاء اللہ اس کا دل عبادت کی طرف زیادہ مائل ہو جائے گا۔ اور مظلوم رکھے تو اس کی فریاد رسی ہوگی۔

یہ وظیفہ یارحیم کا جامع وظیفہ ہے۔ جو شخص یہ وظیفہ پڑھے گا اسے یارحیم کے مکمل طور پر فوائد حاصل ہونگے کیونکہ اللہ تعالیٰ لازماً مہربان ہوگا۔ بشرطیکہ وظیفہ پڑھنے میں خلوص ہو۔ یہ وظیفہ ۳۱۲۵ مرتبہ روزانہ چالیس یوم تک پڑھا جائے۔ انشآءاللہ جو حاجت دل میں ہوگی اس کی برکت سے جلد پوری ہوگی۔ یہ وظیفہ برائے حُب، بُری عادات چھڑوانے، دوسروں کو تسخیر کرنے اور محبوب کو اپنی طرف راغب کرنے کے لئے بہت اکسیر ہے۔

"یَارَحِیْمُ کُلِّ شَیْءٍ وَوَارِثَهٗ وَرَاحِمَهٗ یَارَحِیْمُ"

۱۵۔ ہر مقصد میں کامیابی کے لئے ہر نماز کے بعد 300 مرتبہ اس اسم کو پڑھیں۔

۱۶۔ شادی کے لئے اس اسم کو علیحدہ پاکیزہ جگہ پر بیٹھ کر باوضو روزانہ ۳۱۲۵ مرتبہ پڑھے اور ہر روز وظیفہ ختم ہونے پر اللہ کے حضور نیک رشتہ ملنے کی التجا کرے۔ انشاء اللہ بہتر اسباب پیدا ہونگے۔ اس وظیفہ کے شروع اور آخر میں گیارہ گیارہ مرتبہ استغفار ضرور پڑھیں۔

۱۷۔ بلڈ کینسر سے نجات کے لئے چلتے پھرتے یارحیم الشافی، یارحیم الکافی پڑھیں اسی اسم کو آبِ زم زم پر پڑھ کر نہار منہ پانی استعمال کریں انشاء اللہ تعالیٰ شفا نصیب ہوگی۔

۱۸۔ قرآن پاک یاد کرنے کے لئے اس اسم کے نقش کو زعفران سے لکھ کر آبِ زم زم سے دھو کر نہار منہ پیئیں۔

۱۹۔ بعد نماز تہجد اسمِ یارحیم یااللہ کا ورد کرنے والا قطب کے درجہ کو پالیتا ہے۔

۲۰۔ اگر آپ چاہتے ہیں تمام لوگ آپ کی بات کو تسلیم کریں تو ہر نماز کے بعد یارحیمُ یااللہ یا رحیم اُنک علیٰ کُلِّ شَیْءٍ قدیر 100 مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

۲۱۔ یارحیم جل جلالہٗ کو بعد نماز تہجد 313 مرتبہ پڑھ کر سجدے میں کوئی بھی دُعا (جائز) مانگیں انشاء اللہ تعالیٰ قبول و مقبول ہوگی۔

☆☆☆☆☆

اس نام سے مراد ہے، کائنات کا حقیقی بادشاہ یعنی کُل موجودات جس کی ملکیت ہیں۔ انسانی حد تک تو ملکیت کا تصور صرف زندگی میں ہی ہے اور موت سے یہ ملکیت بھی ختم ہو جاتی ہے۔ جب کہ اللہ تعالیٰ موت و حیات کا مالک ہے۔ لہٰذا اسی کی ملکیت حقیقی ہے اور انسان ہر امر میں اس کا محتاج ہے۔ اس لئے جس طرح اللہ کی ذات بے نیاز ہے، اسی طرح انسان کو بھی لازم ہے کہ دونوں جہانوں کے حکمران کے علاوہ ہر ایک سے بے نیاز رہے اور ہمیشہ اس حقیقت کو پیش نظر رکھے کہ ہمارے ہاتھ میں جو کچھ ہے وہ اللہ تعالیٰ کی ملکیت ہے۔

وظائف:

۱۔ یا اللہ الملک کو ہر فرض نماز کے بعد 11 مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کریں اور پورے بدن پر پھیر لیں تمام موذی بیماریوں سے نجات رہے گی۔

۲۔ ایسا شخص جسے ملازمت حاصل کرنے کی لگن ہو مگر کوئی کام بنتا نظر نہ آتا ہو یا الیکشن میں نشست جیتنی ہو یا ملازمت میں رہتے ہوئے کسی عہدہ پر ترقی کی امید ہو لیکن امیدوار زیادہ ہونے کی وجہ سے بات بنتی نظر نہ آتی ہو تو اس صورت میں ''یَا مَالِکَ الْمُلْکِ'' اکیس دن تک روزانہ سات ہزار مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ حسب منشاء کام ہوگا۔

۳۔ یا اللہ الملک پڑھنے سے انسان میں قوتِ ارادی کی صلاحیت بڑھ جاتی ہے۔

۴۔ یہ اسم غنا کے لئے بہت اکسیر ہے اس لئے جو شخص مال و دولت حاصل کرنے کا خواہشمند ہو اسے چاہئے کہ اس اسم کو کثرت سے پڑھے۔ اگر ایسا نہ کر سکے تو اس وظیفہ کو بعد نماز فجر اور بعد نماز عشاء روزانہ تین ہزار مرتبہ کم از کم دو سال تک پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اللہ الملک مہربان ہوگا اور اس پر حصول دولت کے راستے کھل جائیں گے۔

۵۔ اگر کسی شخص کو روزگار نہ ملتا ہو اور غربت کی وجہ سے شدید تنگدستی رہتی ہو تو اسے چاہئے کہ گیارہ سو مرتبہ روزانہ ۲۰ دن تک پڑھے انشاءاللہ ذریعہ روزگار بن جائے گا۔

۶۔ اگر کسی کی منگنی ہوئی ہو اور اس کو خطرہ ہو کہ یہ منگنی ٹوٹ نہ جائے اس مقصد کے لئے ''الملک بحق یا لطیف'' مع اپنی والدہ کے اعداد کے مطابق 40 روز تک پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ منگنی نہیں ٹوٹے گی اور جلد شادی ہو جائے گی۔

۷۔ یہ اسم ذاتی ملکیت میں جائداد بنانے کے لئے بہت مؤثر ہے اگر کوئی شخص کرایہ دار ہو اور معاشی حالات تنگ ہونے کی وجہ سے اس میں ذاتی مکان بنانے کی سکت نہ ہو تو اسے چاہئے کہ اس اسم کی سارے دن میں دس ہزار کی گنتی پوری کرنی شروع کردے اور کم از کم تین سال تک اسی ورد کو پڑھتا رہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ، اللہ تعالیٰ اس کی ایسے ذرائع سے مالی امداد کرے گا کہ وہ سوچ بھی نہ سکے گا۔ اور اپنی خواہش کے مطابق ذاتی مکان یا کوٹھی بنالے گا۔

۸۔ ہر کام کو قائم و دائم رکھنے کے لئے ہر نماز کے بعد اپنے اسم معہ والدہ کے اعداد کے مطابق پڑھ لیا کریں۔

۹۔ بعض اوقات کرایہ دار اچھی فطرت کے نہیں ملتے مکان یا دکان پر قبضہ کر لیتے ہیں۔ نہ کرایہ دیتے ہیں اور نہ خالی کرتے ہیں یا کسی وراثت کی زمین پر دوسرے حصہ دار قبضہ کر لیتے ہیں اور حصہ نہیں دیتے۔ عدالت میں مقدمہ شروع ہو جاتا ہے۔ ایسے تمام حالات کو درست کرنے کے لئے اور اپنی ملکیت کی جائداد کو دوسرے سے خالی کروانے کے لئے "یٰمٰلِکَ الْمُلْکِ" کا ختم شریف سات یوم تک چند آدمی اکٹھے مل کر ۴۱ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ انشاءاللہ مقدمہ میں کامیابی ہوگی۔ اگر مقدمہ نہ ہو صرف جھگڑا ہی ہو تو پھر بھی مکان یا دکان خالی ہو جائے گی۔

۱۰۔ کاروباری خواتین و حضرات بعد نماز چاشت اور عصر 313 مرتبہ اس اسم کی تلاوت کو معمول بنالیں کاروبار چلانے کے لئے یہ اسم مفید ہے۔

۱۱۔ حصولِ دولت کے ساتھ عزت اور غلبہ بھی حاصل کرنے کے لئے ''الملک العزیز'' بعد نماز فرض 313 یا پھر زیادہ بہتر ہے کہ 700 مرتبہ پڑھا کریں۔

۱۲۔ قرآن مجید حفظ کرنے کے لئے اچھے قسم کے بادام پر اس اسم کو پڑھ کر صبح نہار منہ سردی کے دنوں میں استعمال کریں۔

۱۳۔ دعائے رحیمی "اَلْمَلِکُ" کی جامع صورت ہے اور یہ دعا حاجت پوری ہونے کے لئے بہت اکسیر ہے۔ حاجت خواہ کیسی کیوں نہ ہو اس دعا کے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ فوراً پوری کرے گا۔ لہٰذا یہ دعا سات دن تک ایک سو مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ انشاء اللہ جو خواہش دل میں رکھیں گے پوری ہوگی۔ بشرطیکہ خواہش خلاف شرع نہ ہو

"بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا اللّٰهُ الْمَلِكُ

يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ بِحَقِّ الْمَلِكِ جَلَّ جَلَالُهٗ"

۱۴۔ حاضرات سے دلچسپی رکھنے والے خواتین و حضرات اس اسم کی زکات ادا کر کے ان کے خادم سے اپنے دُنیاوی معاملات میں مدد لے سکتے ہیں۔ (راقم الحروف سے رابطہ کریں)۔

۱۵۔ ہر فرض نماز کے بعد 11 مرتبہ اس اسم کو پڑھ کر دُعا مانگیں انشاء اللہ تعالیٰ قبول ہوگی۔

۱۶۔ جو شخص اللہ الملک کو ۴۰ دن تک روزانہ 3125 مرتبہ پڑھے گا اس کی ہر جائز حاجت پوری ہوگی۔ اگر کوئی حُب میں مبتلا ہو تو اس کا مقصد پورا ہوگا۔ کسی قسم کی سخت مشکل درپیش ہو تو اسے خلاصی ہوگی، ارواح کی تسخیر ہوگی۔ گویا کہ صفت الملک کے تمام فوائد مکمل طور پر اسم جبروت سے جلدی حاصل ہوں گے۔

۱۷۔ یا ملک یا اللہ بحق یا جبرائیلؑ بعد نماز تہجد 300 مرتبہ پڑھ کر سینے پر دم کریں روحانیات کی معراج نصیب ہوگی۔

۱۸۔ یا ملک یا اللہ بحق سیدنا بلال حبشیؓ 300 مرتبہ پڑھ کر حق زوجیت ادا کریں جلد حمل قرار پائے گا۔

۱۹۔ یا مالک الملک جل جلالہٗ بعد نماز عشاء یا تہجد یا پھر فجر 3125 مرتبہ پڑھ کر مالکِ ہر جہاں کی بارگاہ میں جو بھی حاجت پیش کریں گے اللہ تعالیٰ وہ پوری کرے گا۔

۲۰۔ فرض و نفل نمازوں کے بعد اس اسم مبارک ۶۳ مرتبہ یا پھر اپنے نام معہ والدہ کے اعداد کے مطابق پڑھ لیا کریں دنیا و آخرت میں آسانی رہے گی۔

۲۱۔ ضرورت مند خواتین و حضرات کسی بھی نئے کام کو شروع کرنے سے پہلے اس اسم اعظم کو یعنی یا مالک الملک پڑھ لیا کریں تو انشا اللہ تعالیٰ عظیم وہ کام بخیر و خوبی اپنے اختتام کو پہنچے گا۔

۲۰۱	قمری اعداد
۱۶۳۹	شمسی اعداد

۵۔ القدوس جلّ جلالہ

جمالی ☆ آبی

اس اسم کا تعلق قُدس سے ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ تمام عیبوں اور خامیوں سے پاک ہے۔ اس کی ذات اور صفات میں کوئی نقص نہیں۔ یعنی وہ کائنات کا حقیقی بادشاہ ہوتے ہوئے انسانوں کی طرح نہ عدل سے منہ موڑتا ہے، نہ ظلم کو اپنا شعار بناتا ہے نہ کبھی حد سے تجاوز کرتا ہے اور نہ اپنوں اور غیروں کو رزق دینے میں امتیاز برتتا ہے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اس کی حکومت کو کبھی زوال نہیں۔ اس پاک ذات کی پاکیزگی کا تقاضا ہے کہ انسان اپنے دل کو پاک صاف رکھے اور گناہوں سے ہمیشہ بچنے کی کوشش کرتا رہے۔

وظائف:

۱۔ ظاہر و باطن کی صفائی کے لئے ہر نماز کے بعد اپنے نام معہ والدہ کے اعداد کے مطابق یا پھر 170 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور پی جائیں انشاء اللہ تعالیٰ چند ہی دنوں میں آپ کا جسم مثل آئینہ ہو جائے گا۔

۲۔ بعض لوگوں کی بے پناہ جائداد ہوتی ہے اور اس پر ملکیت قائم رکھنا مشکل ہو جاتا ہے جن لوگوں کے تصرف میں ہو وہ اس پر مالک بننے کی کوشش میں رہتے ہیں۔ لہذا اپنی جائداد پر اپنی ملکیت کو قائم و دائم رکھنے کے لیے یا مالکِ یا قدُّوس کو ہر جمعرات بعد نماز عشاء ایک ہزار مرتبہ پڑھنا بہت مُفید ہے اس طرح کوئی دوسرا آپ کی جائداد پر قابض نہ ہو سکے گا۔ خواہ جائداد کو کرایہ پر ہی کیوں نہ دے رکھا ہو۔

۳۔ من پسند شادی کیلئے روزانہ ۵۰۰۰ مرتبہ بعد نماز تہجد اس اسم الٰہی کو پڑھ کر سجدے میں دُعا مانگیں قبول ہوگی۔

۴۔ موذی امراض سے حفظِ ماتقدم بچنے کے لیے یَا مَالِکُ یَا قُدُّوسُ کو روزانہ بعد

نماز فجر ۳۳ بار۔ بعد نماز مغرب ۳۳ بار پڑھتے رہنا بہت مفید ہے۔ جو شخص باقاعدگی سے اس کا ورد جاری رکھے گا وہ انشاء اللہ ان موذی امراض میں مبتلا نہیں ہوگا۔

۵۔ بے روزگار چلتے پھرتے یا قدوس یا اللہ کا کھلا ورد رکھیں انشاء اللہ تعالیٰ روزگار کا انتظام ہو جائے گا۔

۶۔ حسد بغض کینہ لالچ نفس پرستی خودغرضی غصہ بخل تکبر اور غفلت ایسی برائیاں ہیں جو روح کو عبادت کی راہ سے روکتی ہیں اور انسان کو اللہ کی محبت اور یاد سے غافل کر دیتی ہیں۔ ان سب کا علاج یا قدّوس کا ورد ہے۔

۷۔ جو شخص اسے شام کے وقت سورج غروب ہونے سے پہلے روزانہ ایک سو ستر مرتبہ پڑھتا رہے اس کا دل حسد، کینہ، لالچ اور نفس پرستی جیسی بیماریوں سے پاک صاف ہو جائے گا اور عرصہ تین سال تک اسے پڑھتا رہے تو اس کا دل اللہ کے نور سے روشن ہو جائے گا۔

۸۔ اپنی تعلیم کے مطابق نوکری حاصل کرنے کیلئے بعد نماز تہجد یا اللہ یا حق یا قدوس ۵۰۰۰ مرتبہ پڑھ کر دُعا مانگیں انشاء اللہ تعالیٰ مراد پوری ہوگی یہ عمل ۲۱ یا ۴۰ دن تک کریں۔

۹۔ جب کسی عورت کو بچہ یا بچی کی امید ہو جائے تو اسے چاہیئے کہ اسی روز اس اسم کو روزانہ ۱۰۰ مرتبہ پڑھنا شروع کر دے اور بچے کی ولادت تک پڑھتی رہے۔ انشاء اللہ اس وظیفہ کی برکت سے جو بچہ پیدا ہوگا وہ ساری عمر ماں باپ کا تابعدار رہے گا اور اس کے اخلاق پاکیزہ ہوں گے۔

۱۰۔ یورپ جانے والے خواہشمند خواتین و حضرات ہر فرض نماز کے بعد ۱۰۰ مرتبہ یا قدوس یا اللہ پڑھ کر دُعا مانگیں علاوہ ازیں دنیاوی کوشش کریں انشاء اللہ تعالیٰ مقصد حاصل ہوگا۔

۱۱۔ جو شخص یا قدّوس کا عامل بن کر دوسروں کو اس کا تعویذ دینا چاہے تو اسے چاہیئے کہ چالیس دن میں اس اسم کو دس ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے اور دوران وظیفہ طہارت کا خاص خیال رکھے۔ انشاء اللہ جب پڑھائی مکمل ہو جائے تو سمجھے کہ وہ اس کا عامل بن گیا ہے۔ اگر اثرات ظاہر نہ ہوا ایک چلہ اور لگانا چاہیں تو انھیں چاہیئے کہ اس اسم کو کثرت سے پڑھیں جوں ہی اس کی پڑھائی کی تعداد زیادہ ہوگی

تو انھیں عالم بالا یعنی ساتوں آسمانوں کی روحانی سیر ہوگی۔ وہاں کی تمام اشیاء اور ملائکہ کا مشاہدہ ہوگا۔

۱۲۔ امتحان میں کامیابی کے لئے سبق پڑھنے سے پہلے اور امتحان دیتے وقت کھلا ورد یا قدوس یا اللہُ پڑھ کر دُعا مانگیں انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔

۱۳۔ جو شخص صاحب کشف بننا چاہے وہ اس وظیفہ کو ۲۴۰ روز تک بلا ناغہ گیارہ سو مرتبہ روزانہ پڑھے انشاء اللہ وہ صاحب کشف بن جائے گا اور اس کا باطن پاکیزہ ہو جائے گا جس قبر پر جائے گا اس کی بات چیت ہوگی جس ولی اللہ کے مزار پر جائے گا انشاء اللہ روحانی ملاقات ہوگی وظیفہ یہ ہے۔

''سُبُوح'' قُدُّوس'' رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰئِكَةِ وَالرُّوْحُ''

۱۴۔ جو خواتین و حضرات عمرہ یا حج کے خواہشمند ہیں اور ان کے پاس وسائل نہیں ہیں وہ بعد نماز تہجد یا اللہ یا قدوس بحق یا رحمٰن یا رحیم ۱۱۰۰ مرتبہ ۶۰ روز تک پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ وسائل پیدا ہو جائیں گے۔

۱۵۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ ایک اچھے مکان کے مالک بن جائیں تو آپ ہر نماز کے بعد اپنے نام میں والدہ کے اعداد کے مطابق یا قدوس یا اللہ پڑھ کر سجدے میں دُعا مانگیں انشاء اللہ تعالیٰ اسباب پیدا ہو جائیں گے یہ عمل ۱۲۰ دن کا ہے۔

۱۶۔ زیارت رسول اکرم ﷺ کے لئے بعد نماز فجر ۱۱۰۰ مرتبہ یا قدوس یا قدوس بحق یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم اور ۲۱ مرتبہ سورۃ الکوثر پڑھ کر سو جائیں انشاء اللہ تعالیٰ زیارت نصیب ہوگی چلتے پھرتے درود شریف (درود نور یا درود خضری) کا کھلا ورد رکھیں۔

۱۷۔ نیک سیرت بیوی یا شوہر حاصل کرنے کے لئے بعد نماز فرض 313 مرتبہ اس اسم الٰہی کو پڑھیں۔

۱۸۔ اولاد کی ہدایت کے لئے بعد نماز فرض ۷۰ مرتبہ پڑھ کر تصور میں دم کریں۔

۱۹۔ آپریشن کی کامیابی کے لئے بعد نماز فرض ۳۱۳ مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں کو بلند کر کے دُعا مانگیئے۔

۲۰۔ دستِ غیب کے لئے بعد نماز تہجد 1100 مرتبہ پڑھ کر سجدے میں دُعا مانگیں۔

۲۱۔ بدنظری سے بچنے کے لئے بعد نماز فرض 100 یا 41 مرتبہ پڑھا کریں۔

☆☆☆☆☆

قمری اعداد	۶۔ السلام جل جلالہ	۱۶۲
شمسی اعداد		۱۶۳۲
	جمالی ☆ بادی	

اس نام سے مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ تمام نقائص اور کمزوریوں سے سلامت اور محفوظ ہے اور اپنے نیک بندوں کو عذاب سے سلامت رکھنے والا ہے۔ لہٰذا انسانوں کو بھی چاہیے کہ وہ کسی بھی شخص پر کبھی زیادتی یا ظلم نہ کرے اور نہ زبان سے کسی کو تکلیف پہنچائے۔ اللہ تعالیٰ کے اس صفاتی نام کی بدولت مسلمانوں کو آپس میں سلام کرنے کا حکم ہوا کہ ہمیشہ ایک دوسرے کی سلامتی کے لئے دعا کرتے رہو۔

وظائف:

۱۔ تمام امراض سے شفا کیلئے یاسلام جل جلالہ آبِ زم زم۔ آبِ مینہ یا پھر آبِ رواں پر حسب توفیق پڑھ کر نہار منہ پئیں مجرب عمل ہے۔

۲۔ ایک بزرگ کا قول ہے کہ اگر کوئی مریض بے ہوش ہو گیا ہو تو اس کے سرہانے بیٹھ کر سو مرتبہ یَا رَحْمٰنُ یَا سَلَامُ پڑھیں تو اللہ تعالیٰ اپنی حکمت سے اسے ہوش میں لے آئے گا۔

۳۔ ضرورت مند خواتین و حضرات کوئی بھی نیا کام شروع کرنے سے پہلے اس اسم مبارک کو سوا لاکھ پڑھوائے دُعا مانگیں انشاء اللہ تعالیٰ اس کام میں برکت رہے گی۔

۴۔ جو شخص پاک صاف باوضو ہو کر اس اسم کو ایک مقررہ وقت میں ۴۱ دن تک ایک مقام پر روزانہ ۳۱۰۰ مرتبہ پڑھ گا وہ اس کا عامل بن جائے گا۔

۵۔ کینسر والا مریض ۴۱ مرتبہ الحمد شریف اس کے بعد یاسلام جل جلالہ ۱۱۰۰ مرتبہ آبِ زم زم پر پڑھ کر صبح و شام پئے تو انشاء اللہ تعالیٰ شفا ملے گی۔

۶۔ اگر کوئی شخص بعد نماز فجر اس اسم کو ایک ہزار بار پڑھنے کا معمول بنالے اس کا ذہن تیز ہو جائے گا۔ جس سے علم حاصل کرنے میں آسانی پیدا ہوگی۔

۷۔ جو شخص اسے صبح کی نماز کے بعد روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے انشاء اللہ، اللہ کی رحمت سے وہ ہمیشہ تندرست رہے گا۔ اور وہ محتاج ہو کر کبھی نہیں مرے گا۔

۸۔ اس اسم کی خصوصیت چونکہ سلامتی ہے اس لئے اسے پڑھنے والا ہمیشہ شدید قسم کی بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔

۹۔ امراض قلب سے نجات کیلئے آبِ رواں یعنہ یا آبِ زم زم ہر اس اسم مبارک کو ۳۱۳ مرتبہ پڑھ کر اس آب کو استعمال کرے انشاء اللہ تعالی جلد شفا نصیب ہوگی۔

۱۰۔ اگر کسی مریض کو مرض کی شدت تنگ کر رہی ہو تو اسے بسم اللہ شریف کے ساتھ تین ہزار مرتبہ پڑھ کر دوا دم کر کے دیں اور تین دن تک اسی طرح پڑھائی کر کے دم شدہ دوا دیں۔ انشاء اللہ بفضلِ خدا مریض صحت یاب ہوگا۔

۱۱۔ مریض کے سرہانے بیٹھ کر یاَ سلامُ یاَ اللہ کثرت سے پڑھیں۔ تسبیح مریض کے سر سے چھوتی رہے۔ اس طرح تین دن تک یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ مریض کو شفاء حاصل ہوگی۔

۱۲۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم یا سلامُ جل جلالہ کو ۳۰۰۰ مرتبہ آبِ زم زم یا آبِ رواں پر پڑھ کر اور اسے استعمال کرنے سے سانس کے امراض سے شفا نصیب ہوگی۔

۱۳۔ یا سلام جل جلالہ پڑھنے سے جان مال، مکان اور ایمان میں سلامتی رہتی ہے ضرورت مند خواتین و حضرات نماز مغرب کے بعد وظیفے کے طور پر ۳۳ مرتبہ ہمیشہ پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ مال۔ جان اور ہر قسم کی آفات سے حفاظت میں رہیں گے۔

۱۴۔ جس عورت کے بچے ام لصبیان کے مرض میں مرجاتے ہیں شروع عمل سے اور بچہ سے دودھ پینے تک سورۃ یاسین کی اس آیت کا جز ''سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ'' روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر حاملہ کھائے یا تعویذ بنا کے پانی میں گھول کر پیئے انشاء اللہ تعالی بچہ ہر مرض سے محفوظ رہے گا اور اپنی طبعی عمر کو پہنچے گا۔

۱۵۔ جس گھر یا مقام پر لڑائی جھگڑا رہتا ہو اسے چلتے پھرتے، اٹھتے بیٹھتے پڑھتا رہے، انشاء اللہ ہر

مقصد حل ہوگا۔

۱۶۔ بعد نماز فجر یا سلام جل جلالہ ۱۰۰۰ مرتبہ پڑھنے والا کبھی مرتے وقت رند ما، اپاہج عاجز ولا چار نہ ہوگا۔

۱۷۔ یا سلامُ جل جلالہ بحق یا رحمٰن یا رحیم کو ۶۳ مرتبہ پڑھ کر گھر یا کاروبار والی جگہ پر چاروں کونوں میں دم کرنے سے سلامتی رہے گی۔

۱۸۔ دونوں ہاتھ اُٹھا کے بعد نماز فرض ۱۲ مرتبہ یا سلام جل جلالہ میں سلامتی چاھتا ہوں پڑھ کر دونوں ہاتھ اپنے چہرے پر پھرلیں انشاء اللہ تعالیٰ ہر آفت وبلا سے سلامتی رہے گی۔

۱۹۔ ۱۰۰۰ مرتبہ یا سلامُ اللہُ اچھے سُرمے پر عروجِ ماہ میں بروز جمعہ سے شروع کر کے پیر کے روز تک پڑھیں پھر اسے سنت کے مطابق اپنی آنکھوں میں لگائیں بینائی تیز ہوگی۔

۲۰۔ کسی بھی مریض کے ڈاکٹر حضرات آپریشن سے پہلے اگر دو رکعت نفل نماز برائے خیر وعافیت آپریشن کی نیت سے ادا کر کے پھر ۱۱ مرتبہ الحمد شریف اور ہر مرتبہ بعد ختم الحمد شریف یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم یا سلامُ جل جلالہ ۳ مرتبہ پڑھ کر بارگاہ رب العزت میں دُعا مانگیں تو انشاء اللہ تعالیٰ وہ آپریشن کامیاب ہوگا اور مریض بھی صحت یاب ہوگا۔

۲۱۔ تمام خواتین وحضرات دُعا کی طرح دونوں ہاتھ اُٹھا کے اور اپنے سر کو جھکا کے یا سلامُ جل جلالہ بعظمتِ سلام قولا من رب رحیم" بعد نماز عشاء اور فجر ۱۱ مرتبہ پڑھ کر دونوں کو پورے بدن پر پھیرلیں انشاء اللہ تعالیٰ اللہ پاک کی طرف سے سلامتی ہی سلامتی رہے گی۔

☆☆☆☆☆☆

نماز پڑھیئے اس سے قبل آپ کی نماز پڑھی جائے

۷۔ المومن جل جلالہ

قمری اعداد	۱۶۷
شمسی اعداد	۳۲۰۱

جمالی ☆ آتشی

اس اسم سے مراد ہے تمام آفتوں اور عذاب سے امن وامان میں رکھنے والا۔ اللہ تعالی ان معنوں میں بھی مؤمن ہے کہ وہ دنیا کو خوف سے نجات دلانے والا ہے۔ لیکن اگر یہ لفظ انسان کے لیے استعمال کیا جائے تو اس کا مطلب ہوگا اللہ اور اس کے احکام اور نبیوں کی تصدیق کرنے والا۔ مختلف علماء نے المومن کے یہ مختلف معانی بیان کئے ہیں۔ مخلوقات کو امن دینے والا۔ اپنے انبیاء کے معجزوں اور کرامتوں کی تصدیق کرنے والا اور اپنی ذات کی تصدیق کرنے والا یعنی وعدے کا سچا۔

وظائف:

۱۔ یا مومن جل جلالہ کا چلتے پھرتے ورد کرنے والا کا دل انوار معرفت سے منور ہوگا۔

۲۔ ایسے غیر مسلم یعنی ہندو، سکھ، عیسائی، یہودی اور دیگر مذاہب کے پیرو کار جو حق کے متلاشی ہوں اور اللہ کے سچے مذاہب کو پانا چاہتے ہوں تو انھیں چاہیئے کہ اس اسم کو ۴۱ دن تک ۱۳۶۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھیں، انشاء اللہ انھیں غیب کی طرف سے ہدایت کے راستے کا اشارہ مل جائیگا اور وہ صاحب ایمان ہو جائیں گے۔

۳۔ بیوی اپنے شوہر اور شوہر اپنی بیوی کیلئے اس اسم پاک کو بعد نماز فجر ۳۱۳ مرتبہ میٹھی چیز پر پڑھ کر کھلائے دونوں میں خوب محبت ہوگی۔

۴۔ شیطانی وسوسوں کو دور کرنے کیلئے ہر نماز کے بعد ۲۱ مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھ لیا کریں۔

۵۔ جو شخص اس اسم کا تعویذ دوسرں کو دینا چاہے تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو ۴۱ یوم تک خلوت میں بیٹھ کر بعد نماز عشاء یا کسی مناسب وقت ۴۸۹۶ مرتبہ روزانہ پڑھے۔ انشاء اللہ چلہ ختم ہونے پر وہ اس کا نقش دوسروں کو دے سکتا ہے۔

۶۔ جان و مال کی حفاظت کیلئے چلتے پھرتے اس اسم مبارک کا کھلا ورد رکھیں۔

۷۔ جن خواتین و حضرات کا شہوت نفس برائیوں پر آمادہ کرتا ہے وہ چلتے پھرتے اس اسم کا ورد کریں۔ نجات ملے گی۔

۸۔ اس کا ورد فتنہ فساد اور لڑائی جھگڑے سے امن میں رکھتا ہے۔

۹۔ اگر کوئی دشمن تنگ کرتا ہو یا شیطانی کاموں کیطرف راغب کرتا ہو تو اسے روزانہ ۱۱۱۱ مرتبہ پڑھیں اور ۴۱ دن تک اس کی پڑھائی کریں۔ انشاء اللہ سب برائیاں ختم ہو جائیں گی۔

۱۰۔ گالیوں کی عادت ختم کرنے کیلئے ۳۱۳ مرتبہ پانی یا میٹھی چیز پر پڑھ کر مطلوب کو استعمال کروائیں شفا ملے گی۔

۱۱۔ جو مرد عورت وہم کی بیماری کا شکار ہو تو اسے چاہیے کہ اس اسم کو روزانہ ۱۳۶ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے انشاء اللہ اس کا وہم ختم ہو جائے گا۔

۱۲۔ اگر آپ نے کسی وہم یہ وسوسے کا علاج کرنا ہو تو اس اسم کو پانی پر روزانہ ۵۰۰۰ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے ۱۱ یوم تک پلائیں۔ انشاء اللہ وسوسہ یا وہم دور ہو جائے گا۔

۱۳۔ ہر طرح کا خوف ختم کرنے کیلئے اس اسم مبارک کو کثرت سے چلتے پھرتے پڑھیں۔

۱۴۔ اگر کسی عورت کا خاوند بد اخلاق ہو۔ بات بات پر بد زبانی اور بد سلوکی کرتا ہو تو عورت کو چاہیئے کہ عشاء کی نماز کے بعد یا مؤمن ۶۰۰۰ مرتبہ ۲۱ دن تک پڑھے۔ روزانہ پڑھائی مکمل کرنے پر اللہ کے حضور اپنے خاوند کو وفادار کرنے کی التجا کرے انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے خاوند بیوی کا گرویدہ اور وفادار بن جائے۔ ایسے ہی اگر کوئی عورت اپنے خاوند کے ساتھ اچھا سلوک نہ کرتی ہو تو خاوند کو چاہیئے کہ یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ بیوی میں محبت پیدا ہو جائے گی۔

۱۵۔ ایمان میں استقامت کیلئے اس اسم پاک کو ہر فرض نماز کے بعد ۶۳ مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

۱۶۔ اس اسم مبارک کو تسمیہ شریف کیساتھ ایک ہزار مرتبہ لکھ کر تعویذ کی طرح بند کر کے اپنے پاس رکھنے سے شیطان کے فتنہ سے محفوظ رہے گا۔

۱۷۔ مندرجہ بالا تعویذ جس عورت یا مرد کے پاس ہوگا اُس پر اُس کا دشمن کبھی قادر نہ ہوگا۔

۸۱۔ جو خواتین و حضرات اس اسم مبارک کو تاحیات ایک ہزار مرتبہ اپنے ورد میں رکھیں تمام خلقت اس کے مطیع رہے گی۔

۱۹۔ اگر تجارت یا معاملہ والے شرکاء لوگوں کو اُس میں کچھ برائی یا بد اخلاقی وغیرہ کا اندیشہ ہو تو اس اسم مبارک کو بلا تعداد (حسبِ توفیق) پڑھتے رہیں انشاء اللہ تعالی ساری عمر ایک دوسرے کی بُرائی یا بد اخلاقی سے محفوظ رہیں گے۔

۲۰۔ اپنا ظاہر باطن ایک کرنے کیلئے اس اسم پاک کو چلتے پھرتے بلا تعداد یا پھر ہر فرض نماز کے بعد ۶۳ مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

۲۱۔ تمام خواتین و حضرات جادو ٹونہ سے حفاظت کیلئے ہر نماز کے بعد ۶۳ مرتبہ آبِ زم زم یا پھر آب رواں پر پڑھ کر دم کر لیا کریں انشاء اللہ جادو ٹونہ سے حفاظت رہے گی۔

☆☆☆

کثرت سے یَااَللّٰهُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ
پڑھنے والا کبھی محتاج نہ ہوگا

☆☆☆

کثرت سے اَسْتَغْفِرُ اللّٰه، درودِ ابراھیمی اور کلمہ اوّل
پڑھنے والا کبھی محتاج نہ ہوگا

☆☆☆

کثرت سے سورۃ فاتحہ، آیت الکرسی اور سورۃ اخلاص
پڑھنے والا کبھی محتاج نہ ہوگا

☆☆☆

اس اسم صفاتی کا مطلب ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کی نگرانی کرنے والا اور ان کو خطاؤں سے محفوظ رکھنے والا ہے۔ بعض عالموں کے نزدیک اس معانی میں مخلوق کے رزق کی ذمہ داری، لوگوں کو ان کے اعمال اور انجام سے مطلع کرنا اور انسانوں کی زندگی اور موت کو اپنے قبضہ قدرت میں رکھنا شامل ہے۔یعنی اللہ تعالیٰ کے اس نام سے اس طرح استفادہ حاصل کیا جا سکتا ہے کہ ہم اپنے نفس کا محاسبہ کرنے کے علاوہ اس کی حفاظت بھی کریں اور ہر کام کو انجام دینے سے پہلے یہ سوچ لیں کہ اللہ تعالیٰ سے کوئی بات پوشیدہ نہیں ہے۔

وظائف:

۱۔ اس اسم مبارک کا ذاکر ہر اسلحہ سے محفوظ رہتا ہے اس کے علاوہ اس اسم کا حرفی اور عددی نقش پہن لینے سے انشاءاللہ تعالیٰ گولی اثر نہیں کرے گی۔

۲۔ انسانی زندگی اکثر و بیشتر دنیاوی خساروں اور آفتوں سے دوچار رہتی ہے۔ان آفتوں اور مصیبتوں سے بچنے کے لیے اس اسم کا ورد بہت ہی اکسیر ہے۔جو شخص اسے روزانہ ۱۴۵ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالیتا ہے وہ انشاءاللہ دنیا کی مصیبتوں سے محفوظ رہے گا۔

۳۔ اس اسم مبارک کو پڑھنے والا نفس کی غلامی سے آزاد رہتا ہے۔

۴۔ المہیمن پڑھنے والے خواتین وحضرات اگر کسی مکان کی چھت کے نیچے دب جائیں تو بفضلہ تعالیٰ سلامت باہر آجائیں گے۔

۵۔ اس اسم میں استخارہ کی تاثیر بھی موجود ہے لہذا جو شخص کسی کام یا فعل کے انجام سے باخبر ہونا چاہے تو اسے چاہیئے کہ تین روز تک اسے ۱۱۱۵ مرتبہ پڑھے، انشاءاللہ اشارہ غیبی سے اس کام کے انجام کا پتہ چل جائے گا۔

۶۔ یہ اسم جان کی حفاظت کے لیے بہت موثر ہے اس لیے جہاز میں اس کا ورد بہت مفید ہے ۔اسے پڑھنے والا اللہ کی رحمت سے زندہ اور صحیح سلامت رہے گا۔

۷۔ بحری سفر میں جب جہاز طوفان وغیرہ میں پھنس جائے تو اس اسم کو پڑھنے سے اللہ کرم کرتا ہے اور صحیح سلامت کنارے پر پہنچانے کے اسباب پیدا کرتا ہے۔

۸۔ بحری سفر میں اسے پڑھنے سے حادثات سے حفاظت رہتی ہے۔

۹۔ اگر کسی شہر میں کوئی وبائی مرض یکدم پھوٹ پڑے تو اسے پڑھنے سے جانی طور پر حفاظت رہے گی۔

۱۰۔ حافظہ قوی کرنے کیلئے بعد نماز فجر آب زم زم یا آب رواں پر ۱۰۰ امرتبہ پڑھ کر دم کریں اور نہار منہ پی لیں۔

۱۱۔ یا مہیمن کا تعویذ دینے سے پہلے اس کی زکوٰۃ ادا کریں اور اس کی زکوٰۃ ۲۹۰۷۰۵ ۔ برائے ۴۱ یوم ہے لہذا اسے بالکل پاکیزگی کی حالت میں روزانہ ۷۰۵ امرتبہ ۴۱ یوم تک پڑھیں۔ اس کے بعد اس کے نقش کو ہر قسم کی حفاظت اور نگہداشت کے کاموں میں استعمال کرائیں۔

۱۲۔ جانوروں کی حفاظت کیلئے اس اسم مبارک کا نقش استعمال کریں۔

۱۳۔ مکان کی حفاظت کیلئے مکان کے چار کونوں میں اس اسم کا حرفی نقش لگا دیں۔

۱۴۔ جو شخص اس اسم کو کثرت سے طویل عرصے تک پڑھتا رہے اس پر اسرار الٰہی کا ظہور ہوگا۔

۱۵۔ حضرت امام بونی نے کہا ہے کہ جو شخص اس اسم جامع الصفات کو ہمیشہ پڑھے تو اسے مخفی اسرار کا علم ہوگا۔ ایمان و اقرار جو اللہ تعالیٰ نے اس کو دیا ہے سے بہرہ ور ہوگا۔

۱۶۔ اس اسم میں دنیا تسخیر کرنے کی بھی بہت تاثیر ہے، اسے ہمیشہ پڑھنے والے سے دشمن ڈر اور خوف محسوس کرتے ہیں اور اس کا رعب ہر شخص کے دل پر بیٹھ جاتا ہے۔ اس کے سامنے سخت سے سخت دل بھی موم ہو جاتے ہیں اس کی ہیبت اور عظمت دوسروں پر چھائی رہتی ہے۔

۷۔ ایک بزرگ کا قول ہے اگر کوئی شخص صبح کی نماز کے بعد روزانہ غسل کرے اور اس کے

بعد بغیر بات چیت کیے اس اسم کو ۱۸۴۹۶ مرتبہ ۴۰ دن تک پڑھے۔ انشاءاللہ بے پناہ تسخیر پیدا ہوگی۔ اسے ہر کوئی ملنے والا اس پر فریفتہ ہوگا۔

۱۸۔ اگر بیوی اپنے شوہر کیلئے دعا شوہر اپنی بیوی کیلئے ہر نماز کے بعد ۲۱ مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھ کر بارگاہ رب العزت میں ہر برائی سے حفاظت کی دعا مانگیں انشاءاللہ بیوی یا شوہر ہر برائی سے بچے رہیں گے۔

۱۹۔ پسند کی شادی کرنے کیلئے اس اسم پاک کو الحمد شریف کی آیت اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡن . کے بعد ۳۱۳ مرتبہ پڑھ کر دعا مانگیں۔

۲۰۔ یَا مُهَیۡمِنُ یَا اللّٰہُ ہر نماز کے بعد ۱۱ مرتبہ پڑھ لینے سے شیطانی وسوسوں سے نجات ملے گی۔

۲۱۔ اب جو بات میں تحریر کر رہا ہوں یہ راز تھا مگر ضرورت مند خواتین وحضرات کیلئے اور صدقہ جاریہ کی نیت سے عیاں کر رہا ہوں یہ اسم مبارک روحانیت کھولنے کیلئے بھی اکسیر ہے۔
(عقل مند کیلئے اشارہ کافی ہے)۔

☆☆☆☆☆☆

تمام مقاصد کے حصول کے لئے بعد نماز فرض ۳۱۳ مرتبہ پڑھا کریں

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

یَااَللّٰهُ یَارَحۡمٰنُ یَارَحِیۡمُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوۡمُ یَا کَرِیۡمُ یَامَالِکَ الۡمُلۡکُ یَاذُوالۡجَلَالِ وَالۡاِکۡرَامُ بَرَحۡمَتِکَ اَسۡتَغِیۡثُ یَااَرۡحَمَ الرَّاحِمِیۡن.

۹۔ العزیز جل جلالہ

قمری اعداد	۱۲۵
شمسی اعداد	۱۶۳۱

جمالی ☆ آتشی

اس نام کا تعلق عزت سے ہے جس کا مطلب ہے غلبہ اور قوت۔ یعنی اس سے وہ ذات باری مراد ہے جو عزت اور اقتدار کا سرچشمہ ہے اور جس کا غلبہ سب پر حاوی ہے۔ امام غزالی کا قول ہے کہ عزیز وہ ذات ہے جس کا کوئی ثانی نہ ہو اور جس سے انسانوں کی تمام ضرورتیں پوری ہوتی ہوں اور جس تک کسی کی رسائی نہ ہو۔ انسانوں میں سے عزیز وہ شخص کہلاتا ہے جس کے لوگ اہم معاملوں میں محتاج ہوں لیکن ہمارے معاملات سے مراد ہدایت اور عاقبت کے معاملات ہیں۔ لہذا عزت ساری کی ساری اللہ تعالیٰ ہی کی ہے۔ انسانوں کو چاہیئے کہ اپنی نفسانی خواہشوں پر غلبہ حاصل کرنے کی کوشش کرتے رہیں۔

وظائف:

۱۔ ہر دل عزیز ہونے کیلئے ہر نماز کے بعد یا عزیز یا اللہ ۳۱۴ مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

۲۔ اس اسم کا ذکر محتاجی سے چھٹکارا دلاتا ہے۔ صبح کی نماز کے بعد اسے روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھنے والا کبھی کسی کا محتاج نہ ہوگا۔

۳۔ اس اسم مبارک کا ورد کرنے والا دوسروں کی نگاہوں میں ہمیشہ باعزت رہے گا۔

۴۔ جو خواتین و حضرات اس اسم مبارک کا ورد چلتے پھرتے کریں گے ان کی ہمت ہمیشہ بلند رہے گی۔

۵۔ زندگی کے ہر پہلو میں دوسرں پر غالب رہنے کے لیے یَا عَزِیْزُ یَا اَللّٰہُ کا ورد بہت مفید ہے۔

۶۔ امام بونی نے لکھا ہے کہ جس کے نام کے اعداد ۹۴ ہوں اس کے لیے اسم اعظم ہے اسے اس کا ذکر لازماً کرنا چاہیئے اس کے علاوہ جس کا نام عبدالعزیز ہو اس کے لیے اس کا ذکر بیحد مفید ہے۔

۷۔ مقروض سے بچنے کیلئے ہر نماز کے بعد ۲۱ مرتبہ اس اسم کو پڑھ لیا کریں۔

۸۔ یہ اسم عہدہ اور منصب کی بحالی کے لیے بہت مؤثر ہے لہذا اگر کوئی ملازم اپنے عہدہ یا منصب سے معطل ہو جائے یا اسے نکال دیا جائے تو اس صورت میں اسے چاہیے کہ اس اسم کو اکیس دن تک روزانہ سات ہزار مرتبہ پڑھے وہ انشاءاللہ اپنے منصب پر بحال ہو جائے گا۔

۹۔ اگر کسی کی ترقی روک دی جائے یا دہ ترقی کا خواہاں ہو تو وہ بعد نماز تہجد یا فجر یا عزیز یا اللہ کو کثرت سے پڑھے اور دعا مانگے۔

۱۰۔ اس کا تعویذ غلبہ قائم رہنے کے لیے لوگوں کو دیا جاتا ہے مگر تعویذ دینے سے پہلے اس اسم کی زکوٰۃ ادا کریں۔ اس کی زکوٰۃ یہ ہے کہ اسے ۴۰ روز تک ۹۴۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ اس کے بعد اس کا تعویذ دوسروں کو دے سکتے ہیں۔

۱۱۔ اس اسم پاک کا تعویذ ملازمت میں بحالی کیلئے بھی مجوب ہے۔

۱۲۔ قید سے رہائی کیلئے بھی اس اسم کے نقش اور ذکر سے مدد لے سکتے ہیں۔

۱۳۔ ایسے معاملات زندگی جن میں غلبہ درکار ہو اس اسم پاک کا ورد اور نقش مفید ہے۔

۱۴۔ اگر کوئی شخص اپنی کسی بری حرکت کی وجہ سے دوسروں کی نظروں میں ذلیل وخوار ہو گیا تو اسے اپنی عزت بحال کرنے کے لیے اس اسم کو روزانہ ۹۴ بار۔ ۴۰ دن تک پڑھنا چاہیئے۔ انشاءاللہ اس کی عزت پہلے کی طرح بحال ہو جائے گی۔

۱۵۔ ایک بزرگ کا قول ہے کہ اگر اسے فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان ۴۱ بار روزانہ جس مقصد کیلئے ۴۰ دن تک پڑھا جائے تو اس کے اثرات جلدی ظاہر ہوں گے۔

۱۶۔ اگر کوئی عورت اپنے خاوند کی نظروں میں ذلیل وخوار ہو تو اس اسم کو ہر نماز کے بعد ۴۰ دن تک ۵۶۴ مرتبہ روزانہ پڑھے انشاءاللہ وہ اپنے خاوند کی نظروں میں نہایت عزت والی اور محبوب بن جائے گی۔

۱۷۔ حکام اور ہر ملنے والے کو اپنی طرف مائل رکھنے کیلئے اس اسم کو ہر نماز کے بعد ۳۱ یا ۴۱ مرتبہ پڑھیں۔

۱۸۔ ہر چیز پر غلبہ کیلئے یا عزیزُ کا وظیفہ بلا تعداد کثرت سے پڑھ کر دُعا مانگیں۔

۱۹۔ ضرورت مند خواتین وحضرات اس وظیفہ کو دس ہزار مرتبہ ۲۱ دن میں پڑھیں تو انکی جائز حاجات پوری ہوں گی۔

۲۰۔ دولت مند بننے کے خواہش مند خواتین وحضرات اس وظیفہ کو ۲۱ دن تک ۳۱۲۵ مرتبہ روزانہ پڑھیں تو ان پر حصول دولت کی راہیں کھل جائیں گی۔

۲۱۔ اگر پریشان خواتین وحضرات اس وظیفہ کو انگوٹھی میں اپنے نام کے نگینے کے نیچے جڑوا کے اپنے ستارے کی سعد ساعت میں پہنیں تو یہ ہمیشہ غالب اور صاحب عزت ہوں گے۔

"بسم اللہ العزیز جلّ جلالہ"

☆☆☆☆☆☆☆☆

☆☆☆ مشکل کشا وظیفہ ☆☆☆

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہ یَااَللّٰہ یَااَللّٰہ یَااَللّٰہ یَااَللّٰہ یَااَللّٰہ

یَارَحۡمٰنُ یَارَحۡمٰن یَارَحۡمٰن یَارَحۡمٰن یَارَحۡمٰن یَارَحۡمٰن یَارَحۡمٰن

یَارَحِیۡمُ یَارَحِیۡمُ یَارَحِیۡمُ یَارَحِیۡمُ یَارَحِیۡمُ یَارَحِیۡمُ یَارَحِیۡمُ

یَاحَیُّ یَاحَیُّ یَاحَیُّ یَاحَیُّ یَاحَیُّ یَاحَیُّ یَاحَیُّ

یَاقَیُّوۡمُ یَاقَیُّوۡمُ یَاقَیُّوۡمُ یَاقَیُّوۡمُ یَاقَیُّوۡمُ یَاقَیُّوۡمُ یَاقَیُّوۡمُ

بِرَحۡمَتِکَ اَسۡتَغِیۡثُ یَااَرۡحَمَ الرَّاحِمِیۡن۔

تمام مقاصد کے حصول کے لئے بعد نماز فرض ۳۱۳ مرتبہ پڑھ کر بارگاہِ رحمٰن میں دُعا مانگیے قبول ہوگی۔

۲۳۷
۵۱۹

۱۰۔ الجبار جل جلالہ

قمری اعداد
شمسی اعداد

جلالی ☆ آتشی

یہ اسم صفاتی جبر سے بنا ہے۔ گویا اس سے وہ ذات مراد ہے جس کا حکم سب پر زبردستی جاری ہو سکے اور اس کی مشیت کو کوئی رد نہ کر سکے۔ یعنی ہر کوئی اس کے سامنے مجبور اور بے بس ہو اور اس کا محتاج ہو۔ بعض علماء کا خیال ہے کہ اسم جبر بمعنی اصلاح سے بنا ہے گویا اللہ تعالیٰ تمام مخلوق کے معاملات کو درست کرنے والا ہے۔ انسانوں میں اس لفظ سے وہ شخص مراد ہو سکتا ہے۔ جو دوسروں کی پیروی سے بے نیاز ہو اور دوسرے لوگ اس کی پیروی کریں۔ ہمیں چاہیئے کہ اس نام کی نسبت سے ہم اپنی نفسانی خواہشوں کو قابو میں رکھیں اور اخلاق حسنہ اختیار کریں۔

وظائف:

۱۔ جادو ٹونہ ختم کرنے کیلئے اس اسم پاک کو ہر نماز کے بعد ۷۰ مرتبہ پڑھنا مفید ہے۔

۲۔ ایک عامل کا قول ہے کہ اگر کسی کے اولاد پیدا ہو کر مر جاتی ہو یا آئندہ اولاد ہونا بند ہو گئی ہو تو اسے چاہیئے کہ گیارہ دن تک اس اسم کو روزانہ ۲۰۰۰۰ مرتبہ پڑھے اور تین عدد باداموں پر دم کر کے ایک بادام بیوی کو کھلائے اور دو بادام خود کھائے۔ پھر اپنی بیوی سے خلوت کرے۔ گیارہ دن تک ایسا ہی کرے۔ انشاء اللہ اس کی بیوی امید سے ہو جائے گی اور اللہ تعالیٰ اسے نیک اولاد عطا فرمائے گا۔ اور ہر سال ایک بکرا ذبح کر کے اللہ کے نام پر پکا کر لوگوں کو کھلائے۔ انشاء اللہ لڑکا صاحب عمر ہو گا۔

۳۔ بروز منگل دن کے ۱۲ بجے اس اسم پاک کو ۷۰ مرتبہ پڑھنا بد گوئی کرنے والے کی زبان بندی کیلئے مفید ہے۔

۴۔ یہ اسم ظالم لوگوں کو مقہور کرنے میں بہت مؤثر ہے اگر کسی دفتر، کارخانہ یا فیکٹری یا دوران ملازمت کوئی افسر یا انچارج تنگ کرتا ہو بات بات پر بے عزتی کرتا ہو تو اس کی زبان بندی کے

لئے اس اسم کو روزانہ ۱۲۵۰۰ مرتبہ۔ ۲۱ دن تک پڑھیں انشاءاللہ ظالم انچارج زیر ہو جائے گا اور دل آزاری والی باتیں ترک کر دے گا۔

۵۔ دشمنوں کے شر سے بچنے کیلئے اس اسم پاک کو ہر نماز کے بعد ۱۱ مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

۶۔ شیطان انسان کا ازلی دشمن ہے اس لیے وہ بُغض حسد لالچ اور بُرائی کی بنا پر انھیں ایک دوسرے کا دشمن بنا دیتا ہے۔ بعض اوقات معمولی سی دشمنی بڑے سے بڑے نقصان کا پیش خیمہ بنتی ہے۔ ایسے حالات میں دشمنوں کی برائی اور انتقامی کارروائیوں سے بچنے کے لیے اس اسم کا ذکر بہت مفید ہے۔

۷۔ اگر کوئی دشمن کو زیر کرنا چاہے تو اس اسم کو ۴۰ دن تک ۹۳۴ مرتبہ روزانہ پڑھے۔ انشاء اللہ دشمن زیر ہوں گے۔

۸۔ ظالم سے ظالم تر کو نرم کرنے کیلئے بعد نماز عشاء یا تہجد اس اسم پاک کو ظالم کا تصور کرتے ہوئے ۳۱۳ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

۹۔ جادوگروں کے کالے علم کے وار سے بچنے کے لیے یہ اسم بہت اکسیر ہے۔ لہٰذا اگر کوئی کالے علم والا کسی کو تعویذ دھاگہ کر کے آپ کو نقصان پہنچانے کے درپے ہو تو اس اسم کو عشاء کی نماز کے بعد گیارہ یوم تک روزانہ ۲۰۶۰۰ مرتبہ پڑھے تو ہر قسم کے جادو کا حملہ زیر ہو جائے گا۔ کیونکہ جابر اللہ ہے۔ اجازت لینا ضروری ہے اس عمل کی۔

۱۰۔ اس اسم پاک کو اپنے پتھر پر کندہ کرا کر انگوٹھی میں پہننے سے اس کی بہت عزت اور شوکت خلقت کی نظروں میں اور دلوں میں بیٹھ جائیگی۔

۱۱۔ تمام فرض نمازوں کے بعد اس اسم کو ۱۰۰ مرتبہ پڑھنے سے غیبت اور برائی کی عادت چھوٹ جاتی ہے۔

۱۲۔ جو بچہ بیماری کے باعث لاغر اور کمزور ہو گیا ہو اس کے جسم کی بحالی کے لئے اس اسم کا ورد بہت اکسیر ہے۔ تھوڑا سا سرسوں کا تیل لے کر اس اسم کو ۱۹۰۰ مرتبہ پڑھیں اور سات روز تک اسی

طرح پڑھائی کر کے تیل پر دم کریں اور پھر اس سے کمزور بچے کے جسم پر مالش کریں۔ انشاء اللہ بہت جلد بچہ صحت منداور توانا ہو جائے گا۔ کمزوری اور ڈبلا پن ختم ہو جائے گا۔

۱۳۔ ہر نماز کے بعد اس اسم کو ۱۰۰ مرتبہ پڑھنے سے بڑے سے بڑا صدمہ برداشت کرنے کی طاقت نصیب ہو جاتی ہے۔

۱۴۔ جو شخص یا جبار کا عامل بن کر اس کا تعویذ دوسروں کو دینا چاہے تو اسے چاہیئے کہ اس کی زکوٰۃ چالیس دن کے بعد اس کے تین چلے کرے اور ہر چلے میں اس اسم کو روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد اس کا تعویذ لوگوں کو دے۔ یہ تعویذ ہر ایک کو مغلوب کرنے اور بیان کردہ مقاصد کے لیے دے سکتے ہیں۔ انشاء اللہ، اللہ مہربانی کرے گا۔

۱۵۔ جسم میں جس جگہ درد ہو اس جگہ ہاتھ رکھ کر ''یا جبار یا سلام'' ۱۱ مرتبہ پڑھ کر دم کریں چند مرتبہ یہ عمل کرنے سے درد سے نجات مل جائے گی۔

۱۶۔ مریدوں اور اہل ریاضت کو چاہیئے کہ اس اسم کو یک ہزار مرتبہ روزانہ ۔ ۴۰ دن تک پڑھیں۔ انشاء اللہ ان کے نفس میں پاکیزگی پیدا ہوگی۔ شہوت پرستی ختم ہوگی۔ طبیعت میں انکساری اور نیک نیتی پیدا ہو جائے گی اس لیے یہ سلوک کے ابتدائی مراحل طے کرنے والے کے لئے مفید اور مجرب ہے۔

۱۷۔ جس کے سر میں درد ہو اس کے ماتھے پر سات مرتبہ یا جبار انگلی سے لکھا جائے پھر تین دفعہ ماتھا پکڑ کر ''یا جبار یا سلام'' سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے شفا نصیب ہوگی۔

۱۸۔ اگر آدھے سر کا درد ہو تو سورج نکلنے سے پہلے مذکورہ بالا عمل کو کریں جلد شفا نصیب ہوگی۔

۱۹۔ اس اسم پاک کو بسیط کر کے ہر حرف پر شہادت کی انگلی رکھ کر اسی اسم پاک کو ۳۰۰ مرتبہ پڑھ کر دُعا مانگیں ظالم برباد ہوگا بسیط کرنے کے بعد اس اسم پاک کی یہ صورت ہوگی۔ ج ب ا ر۔

۲۰۔ ماہر عملیات و تعویذات کے مطابق اگر عمل کیساتھ اس کا تعویذ بھی لکھ لیا جائے تو تاثیر دُگنی ہو جاتی ہے ویسے تو تعویذات لکھنے کے طریقے بہت ہیں میں یہاں حرفی تکسیر دے رہا ہوں۔

۲۱۔ ترقی کے حصول کے لئے اپنے مطلوبہ افسر کا تصور کرتے ہوئے ''یا جبّارُ یا اللہُ بحق یا رحمٰنُ'' ۳۱۳ مرتبہ بعد نماز عشاء و فجر پڑھا کریں۔

☆☆☆☆☆☆

قمری اعداد	۶۹۳
شمسی اعداد	۱۵۱۶

۱۱۔ المتکبر جل جلالہ

جلالی ☆ خاکی

اس کے لفظی معنی ہیں عظمت وکبریائی کا سرچشمہ، جس کی کبریائی میں کوئی شریک نہ ہو۔ یعنی وہ ذات جو تمام مخلوق پر اس طرح نظر رکھے جیسے ایک بادشاہ اپنے غلاموں پر نظر رکھتا ہے۔ اس اسم میں اللہ تعالیٰ نے اپنی عظمت اور جلال کا اظہار کیا ہے۔ لہٰذا جو شخص المتکبر کی قدر اور بڑائی کو صحیح معنوں میں پہچان لے گا۔ وہ خود بخود عاجزی اور انکسار کی طرف مائل ہو جائے گا۔ انسان جو کہ مٹی کا پتلا ہے، اس کو چاہیے کہ وہ اپنی اصل کو نہ بھولے اور اپنی عقل و دانش پر تکبر نہ کرے کیونکہ ایک دن اس نے اپنی اصل کی طرف واپس جانا ہے یعنی آخر مٹی میں مل کر مٹی ہو جائے گا۔

وظائف:

۱۔ کامیابی و کامرانی کیلئے اس اسم پاک کی ملفوظی تکسیر بنا کر اس پر روزانہ اس اسم پاک کو ۳۰۰ مرتبہ پڑھ کر دعا مانگیں مجرب عمل ہے۔

۲۔ کثرت سے پڑھنے سے سرکش اور ظالم مطیع ہو جاتا ہے۔

۳۔ اگر کسی پیر کا کوئی مرید سرکش اور باغی ہو گیا ہو تو اسے چاہیے کہ اس اسم کو سات یوم تک ۶۶۴ مرتبہ روزانہ پڑھے اور اس کے بعد اس کے اچھا ہونے کی دعا کرے۔ انشاء اللہ اس کا دل بدل جائے گا اور پھر واپس لوٹ کر مریدی میں آکر مطیع و فرمانبردار ہو جائے گا۔

۴۔ ایسی ہی اگر کسی کا لڑکا گھر سے باغی ہو کر گھر سے نکل گیا تو اسے چاہیئے کہ ۴۰ دن تک اسے ۶۴۸ بار روزانہ پڑھے۔ انشاء اللہ لڑکا مطیع ہو جائے گا۔

۵۔ جو شخص اپنی بیوی سے ہم بستر ہونا چاہے اور خاص فعل شروع ہونے سے پہلے ۱۰ مرتبہ یا متکبر پڑھے اللہ تعالیٰ اسے فرزند پرہیزگار و سعادت مند عطا کرے گا۔

۶۔ ناراضی بیوی یا شوہر کو باہم ملانے کیلئے بعد نماز تسبیح اس اسم پاک کو ۳۱۳ مرتبہ پڑھ کر چینی اور مطلوب کو دم کریں چینی صبح کیڑے مکوڑوں کو ڈال دیں۔

۷۔ کامیاب زندگی گزارنے کیلئے روزانہ بعد نماز تہجد اس اسم پاک کو ۳۰۰ یا ۷۰۰ مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

۸۔ جو شخص اسے روزانہ ۶۶۴ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالیتا ہے اللہ تعالے اس کے ہر کام میں برکت ڈال دیتا ہے کیونکہ اس کے مزاج میں انکساری پیدا ہو جاتی ہے اور وہ لوگوں کے ساتھ حُسن خلق اور خندہ پیشانی سے پیش آتا ہے۔ اللہ کی مخلوق کی خدمت کرتا ہے۔ جس سے اس کے ہر کام میں برکت پیدا ہو جاتی ہے اور دوسرے لوگ اسے قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھنے لگتے ہیں۔

۹۔ ایک بزرگ سے روایت ہے کہ جو شخص اپنے ہر کام کی ابتدا میں اس اسم کو بہت کثرت سے پڑھے تو انشاء اللہ اس کا ہر کام پورا ہو گا۔

۱۰۔ دوکان کھولنے سے پہلے ۱۰۰ مرتبہ اس اسم پاک پڑھ کر دُعا مانگیں خوب گاہک آئیں گے۔

۱۱۔ جس شخص کو بدخوابی سے احتلام ہو جاتا ہو یا خوف پیدا کرنے والے خواب آتے ہوں اسے چاہیئے کہ سونے سے پہلے ایک سو مرتبہ ۴۰ دن تک پڑھ کر سوئے۔ انشاء اللہ بدخوابی نہ ہوگی اور خواب میں کبھی ڈر نہ آئے گا۔

۱۲۔ اس اسم کو کثرت سے پڑھنا قُربِ الٰہی کا ذریعہ بنتا ہے اور بندے میں خشوع پیدا ہوتا ہے لہذا جو شخص اسے روزانہ پانچوں نمازوں کے بعد ۳۳ مرتبہ یا چند بار پڑھنے کا معمول بنالے اللہ اس سے راضی ہوگا اور اسے اپنوں میں شامل کرلے گا۔ کیونکہ جو اللہ تعالی کے تکبر کا قائل ہو جاتا ہے۔ وہ بذات خود غرور و تکبر سے پاک ہو جاتا ہے۔ اس کی سوچ سے تکبر نکل جاتا ہے اور عاجزی آجاتی ہے اور جو عاجز ہو جائے وہ اللہ کا بندہ بن جاتا ہے اور اسے بزرگی حاصل ہو جاتی ہے۔

۱۳۔ اس اسم کی زکوۃ ۴۰ دن میں سوالاکھ کی پڑھائی ہے۔ لہذا اس کا عامل بننے کے لیے اس اسم کو روزانہ ۳۱۲۵ مرتبہ ۴۰ یوم تک پڑھیں۔ پھر اس اسم کے وظائف کریں یا نقش استعمال کریں۔

انشاءاللہ بیحد فائدہ ہوگا۔

۱۴۔ اگر کوئی رشتہ آپ کو پسند ہو مگر دوسرا فریق ہاں نہ کرتا ہو تو اس اسم کو تین دن علیحدگی میں بیٹھ کر گیارہ ہزار مرتبہ پڑھیں۔ چوتھے دن ہاں کی غرض سے ان کے پاس جائیں۔ انشاءاللہ اس اسم کی تاثیر سے ہاں ہوگی اور رشتہ ہو جائے گا۔ (جائز صورت میں اجازت ہے)

۱۵۔ تمام امراض سے شفا کیلئے آب زم زم رواں پر" یا اللّٰہ سلام المتکبر جل جلا لہ "پڑھ کر نہار منہ استعمال کریں۔

۱۶۔ ایک پاک سفید کاغذ پر اول و آخر درود ابراہیمی اور درمیان میں ۶۶۲" مرتبہ یا اللّٰہ المتکبر جل جلا لہ" لکھ کر تعویذ بنائیں اور بروز جمعہ طلوع آفتاب کے وقت اسے گلے میں پہن لیں ہر مشکل آسان ہوگی۔

۱۷۔ کاروبار والی جگہ پر اس اسم پاک کو ذیل کے طریق پر لکھ کر لگا دیں خوب خیر و برکت رہے گی۔

۱۸۔ جن خواتین وحضرات کو کاروبار میں نقصان ہو رہا ہو وہ حسب توفیق گوشت پرندوں کو ڈال کر ہر نماز کے بعد یا پھر بعد نماز عشاء یا تہجد "یا اللّٰہ الفتاح الباسط المتکبر جل جلا لہ" کم از کم ۷۰۰ مرتبہ پڑھ کر سجدے میں دعا مانگیں انشاءاللہ تعالی جلد از جلد نقصان کی تلافی ہوگی۔

۱۹۔ المتکبر کا تعویذ آپ عروج ماہ میں بروز جمعہ بعد نماز فجر لکھ کر اپنے پاس رکھیں ہر مقصد کے حصول کیلئے مجرب ہے۔

۲۰۔ روزگار حاصل کرنے کیلئے اس اسم پاک کو ۹۰ مرتبہ ہر فرض نماز کے پڑھ کر دعا مانگیں انشاء اللہ تعالی جلد روزگار نصیب ہوگا۔

۲۱۔ الیکشن میں جیتنے کیلئے "یا اللّٰہ المتکبر جل جلا لہ" چلتے پھرتے باوضو بلا تعداد پڑھتے رہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆

۷۶۲
۱۳۰۹

۱۲۔ الخالق جل جلالہ

قمری اعداد
شمسی اعداد

جلالی ☆ خاکی

یہ اس ذات کا نام ہے جو کسی شے کو عدم سے وجود میں لائے یعنی مناسب حال قوتوں اور صلاحیتوں سے آراستہ اور بہترین وجود بخشنے والا۔ انسانوں میں سے جب کوئی کسی چیز کو بنانے کا ارادہ کرتا ہے تو اس کا پہلا درجہ اندازہ کرنا یا اس کا خاکہ تیار کرنا اور اس کے لیے ضروری سامان مہیا کرنا ہے۔ اسی کو تخلیق کہا جاتا ہے۔ چونکہ تخلیق یا خلقت دراصل اللہ تعالیٰ کا خاصہ ہے جس نے تمام کون و مکان کائنات کی تمام مخلوقات کو بنایا ہے، اس لیے ''الخالق'' بھی اُس کا ایک صفاتی نام ہے۔

وظائف:

۱۔ روزگار حاصل کرنے کیلئے بعد نماز چاشت ۱۱۰۰ مرتبہ پڑھ کر دُعا مانگیں۔

۲۔ ہر کام میں اسباب پیدا کرنے کیلئے ہر نماز کے بعد ۱۱۰ مرتبہ پڑھنا مفید ہے۔

۳۔ یا خالق کا عامل بننے کے لیے اسے 40 دن میں پانچ لاکھ مرتبہ پڑھیں۔ یعنی ایک وقت مقرر کرلیں۔ اور باوضو قبلہ رُخ ہو کر ایک مقام پر روزانہ ۱۲۵۰۰ کی تعداد میں پڑھیں۔ تعداد مکمل ہونے کے بعد آپ اس کا تعویذ دوسروں کو نرینہ اولاد کے حصول کے لیے دیں۔ جس کے بچے مرجاتے ہو اسے بھی دے سکتے ہیں ایسے ہی اٹھرا کے مرض کے لیے بھی یہی تعویذ کام کرے گا۔

۴۔ ہر امتحان میں کامیابی کیلئے بعد نماز تسبیح ۳۰۰ مرتبہ اس اسم پاک کو پڑھ کر سجدے میں دُعا مانگیں۔

۵۔ ایسا مرد یا عورت جن کے ہاں اولاد پیدا نہ ہوتی ہو تو انھیں چاہیے کہ گیارہ جمعرات کا نفلی روزہ رکھیں اور جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب کو رات وقت اس وظیفہ کو ۶۴۳۸ مرتبہ پڑھیں۔ اول آخر درود ابراہیمی گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ اور پانی پر دم کر کے دونوں میاں بیوی پئیں اور بعد نماز اللہ کے حضور اولاد صالح کی دُعا کریں۔ انشاء اللہ دعا قبول ہوگی اور انھیں اولاد نرینہ حاصل ہوگی۔

۶۔ نیک کاموں کی توفیق حاصل کرنے کیلئے بلاتعداد اس اسم پاک کا ورد کریں۔

۷۔ اس اسم کا ورد مرض اٹھرا کے لیے بھی اکسیر ہے۔ ہی اگر کسی عورت کا حمل گر جاتا ہو اس صورت میں وہ خود سات دن تک بعد نماز عشاء سات ہزار مرتبہ روزانہ اس اسم کو پڑھے اور پھر پانی پر پھونک مار کر خود پیئے اگر یہ عمل خود نہ کر سکتی ہو تو اس کا کوئی عزیز کر لے۔ وظیفہ کے اول آخر اکیس اکیس مرتبہ درود شریف جو یاد ہو پڑھے۔ انشاءاللہ، اللہ تعالی کی کرم نوازی سے اسے اولاد حاصل ہو گی ،اس کے ساتھ ہی اس اسم کا نقش اسی کتاب سے لکھ کر گلے میں ڈال لے اور بچہ ہونے کے بعد اس کے گلے میں ڈال دے۔

۸۔ عبادت میں دل لگانے کیلئے کثرت سے اس اسم پاک کا ورد کریں۔

۹۔ اس اسم پاک کا کثرت سے ورد کرنے سے دل اللہ کے نور سے روشن ہو جائے گا۔

۱۰۔ اگر کوئی اللہ کا صحیح دوست بننا چاہتا ہو تا کہ اس کا دل نور ایمان سے منور ہو جائے تو اسے چاہیئے اللّٰہ الخالِق کو روزانہ گیارہ سو مرتبہ صبح شام پڑھے۔

۱۱۔ تمام کاموں میں کامیابی و کامرانی حاصل کرنے کیلئے بعد نماز تہجد یا تسبیح ۱۰۰۰ مرتبہ مفید ہے۔

۱۲۔ گھر میں خیر و برکت کیلئے اس اسم پاک کو کثرت سے تلاوت کریں۔

۱۳۔ نامہ اعمال میں بے پناہ نیکیوں کے اضافہ کیلئے بعد نماز تہجد اس اسم پاک کو بلا تعداد حسب توفیق ورد کریں۔

۱۴۔ یا خالق کا جامع وظیفہ ہے۔ اسے روزانہ کثرت سے پڑھنے سے اسم خالق کے تمام فوائد اور خصوصیات حاصل ہو جاتی ہیں۔

''یَاخَالِقُ تَخَلَّتَ بِالْخَلْقِ وَالْخَلْقُ فِیْ خَلْقِ خَلْقِکَ یَاخَالِقُ.''

۱۵۔ کوئی بھی نئی چیز بنانے سے پہلے اس اسم مبارک کو اپنے نام معہ والدہ کے اعداد کے مطابق پڑھیں وہ چیز خیر و برکت کیسے ساتھ مکمل ہو گے۔

۱۶۔ اس اسم پاک کے ورد سے طبیعت غصہ کی بجائے عاجزی کی طرف مائل ہو جاتی ہے۔

۱۷۔ یہ وظیفہ غیب کا پتہ چلانے کے لیے بہت مفید ہے لہذا اگر کسی شخص یا چیز کا پتہ نہ چلتا ہو اس کا پتہ چلانے کے لیے اس وظیفہ کو پانچ ہزار پڑھیں اور گیارہ روز تک یہی عمل کریں۔ انشاء اللہ غائب آدمی یا چیز کا پتہ چل جائے گا۔

''یَا خَالِقُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کُلٌّ'' اِلَیْکَ مَعَادُہٗ''

(اے پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمین کے، تمام چیزیں تیری طرف رجوع کرتی ہیں)

۱۸۔ اچھے بندوں کے فضائل اپنے اندر پیدا کرنے کیلئے بعد نماز فجر آب زم زم یا آب رواں پر اس اسم پاک کو بلا تعداد پڑھ کر دم کریں اور نہار منہ استعمال کیا کریں۔

۱۹۔ اولاد کیلئے اس اسم مبارک کا تعویذ مجرب ومفید ہے اسے آب زم زم رواں میں گھول کر نہار منہ استعمال کریں۔

۲۰۔ کاروباری والی جگہ پر الخالق کا تعویذ لگانے اور اس اسم پاک کو کثرت سے ورد کرنے سے خوب ترقی ہوتی ہے۔

۲۱۔ لڑائی کے موقعہ ہر ۳۰۰ مرتبہ اس اسم پاک پڑھنے سے فتح نصیب ہوگی اور دشمن مغلوب ہوگا۔

☆☆☆ شادی کے لئے مجرب وظیفہ ☆☆☆

بعد نماز تہجد سورۃ نصر 70 مرتبہ اوّل وآخر

7-7 مرتبہ درودِ ابراھیمی کے ساتھ پڑھ کر

سجدے میں دُعا مانگیئے قبول ہوگی

۲۴۴	قمری اعداد
۱۵۱۴	شمسی اعداد

۱۳۔ الباری جل جلالہ

مشترک ☆ آتشی

یہ صفائی نام ظاہر کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی خلقت میں کوئی نقص نہیں اور وہ ہر چیز کو عدم سے وجود میں لانے والا بے مثال موجد ہے۔ اس کو وجود میں اندازہ ہے اور خاکے کے بعد اس کو وجود میں لانے کا درجہ ہے جس کو عربی زبان میں براء کہا جاتا ہے اور اس اسم غافل ''باری'' بنا ہے۔ ''الباری'' سے مراد وہ ذات جس نے تمام کائنات کو وجود بخشا۔

وظائف:

۱۔ ''یا اللہ الباری جل جلالہ'' کا کثرت سے ورد کرنے سے مشکل سے مشکل کام آسان ہو جاتا ہے۔

۲۔ قضائے حاجت کی نیت سے ۱۰۰ امرتبہ بعد نماز تہجد ایک تسبیح اس اسم پاک کی تلاوت کریں۔

۳۔ جو شخص اس اسم کو روزانہ ۱۲ ہزار مرتبہ سات دن تک پڑھے گا اسے یا باری کے تمام فوائد حاصل ہوں گے اور اس اسم کے عوض برکات ظاہر ہوں گی۔ الباری کا جامع وظیفہ یہ ہے:

یَا بَارِئُ النُّفُوْسِ بِلَا مِثَالٍ خَلَا مِنْ غَیْرِہٖ یَابَارِئُ.

(اے اپنے علاوہ ہر ذی روح کو کرنے والے، اے قدرت باری کے مالک)

۴۔ کالا و سفلی جادو ٹونہ ختم کرنے کیلئے ۱۰۰ امرتبہ آب رواں پر پڑھ کر نہار منہ استعمال کریں۔

۵۔ اسباب پیدا کرنے کیلئے یا اللہ الباری جل جلالہ کا ورد مفید ہے۔

۶۔ اگر کوئی شخص اسے روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو اللہ تعالیٰ اسے مرنے کے بعد قبر میں راحت نصیب فرمائے گا اور اس کی قبر کو مثل جنت کردے گا۔

۷۔ حصول اولاد کیلئے بعد نماز فرض اس اسم پاک کو ۱۱۰۰ مرتبہ آبِ زم زم پر پڑھ کر نہار منہ استعمال کریں۔

۸۔ یا اللہ البارئ الخالق جل جلالہ کا ورد کرنے والے کے کاموں میں کبھی رکاوٹ نہیں آتی۔

۹۔ فالج میں چونکہ جسم کا اہم حصہ متاثر ہو کر بیکار ہو جاتا ہے اور اسے نئے وجود کی ضرورت ہوتی ہے۔علاج کرنے کے ساتھ اس اسم کو کثرت سے پڑھتے رہنے سے آدمی بالکل درست ہو جاتا ہے۔اس کے ساتھ چند آدمی مل کر اکتالیس ہزار مرتبہ اس اسم کو پڑھ کر تیل دم کر کے فالج زدہ کو مالش کے لیے دیں۔انشاء اللہ مالش کرنے سے خاصا فائدہ ہوگا۔

۱۰۔ ہر کام میں کامیابی و کامرانی کیلئے ہر نماز کے بعد صرف ۲۱ مرتبہ یا اللہ البارئ کرم کُن پڑھ لیا کریں۔

۱۱۔ اگر کوئی ڈاکٹر، یا طبیب یہ چاہتا ہو کہ اس کے علاج کرنے میں اللہ کی خصوصی مدد شامل حال ہو، اور اس کی دی ہوئی دوا شفاء کا ذریعہ بن جائے تو اسے چاہیے کہ اس اسم کو روزانہ ۲۱۳ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے انشاء اللہ جس مریض کا وہ علاج کرے گا اللہ کرم کرے گا۔اگر یہ پابند تعداد میں نہ پڑھ سکے تو کھلا پڑھتا رہے۔

۱۲۔ ہر فرض نماز کے بعد یا اللہ البارئ المعطی جل جلالہ کا ورد کرنے سے ذاکر بہتری کی طرف گامزن ہوتا رہتا ہے۔

۱۳۔ تمام مقاصد کے حصول کیلئے ۱۱۰۰ مرتبہ یا اللہ القادر البارئ جل جلالہ پڑھنا ہے۔

۱۴۔ یہ اسم شوگر کے روحانی علاج کے لیے بہت مفید ہے اور اگر اس کے ساتھ المحی کا لفظ ملا لیا جائے تو اس کے اثرات اور قوی ہو جاتے ہیں۔

۱۵۔ جس شخص کو شوگر ہو اسے چاہیے کہ یَابَارِی المُحی گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے اور ۴۰ دن تک یہ پڑھائی جاری رکھے۔انشاء اللہ جسم کا بگڑا ہوا البلبہ درست ہو کر کام کرنا شروع کر دے گا۔ مگر ہر روز پڑھائی کے بعد اللہ کے حضور میں شفایابی کی دعا کرنا ضروری ہے۔

۱۶۔ بعد نماز تہجد صرف ۱۰ منٹ آنکھیں بند کر کے دل کی زبان سے یا اللہ الباری جل جلالہ پڑھ کر اپنے مقصد کے حصول کیلئے دُعا مانگیں انشاء اللہ تعالیٰ آپ کی دُعا جلد قبول ہوگی۔

۱۷۔ عاملین کے نزدیک یہ اسم تسخیر عالم کے بھی عجیب اثرات رکھا ہے۔ جو شخص اسے تسخیر کی غرض سے پڑھے دنیا اس پر فدا ہوگی۔ روزانہ ۱۱۰۰۰ مرتبہ اس اسم کا ورد کرنا ہے۔

۱۸۔ جب کوئی کسی کی محبت میں مبتلا ہو تو اسے چاہیئے کہ گلاب کے پھول پر اس اسم کو ۷۵ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس کے بعد اپنا اور اس کا نام لے پھر جس کی آرزو ہو وہ اسے دے دے۔ انشاء اللہ وہ محبت میں والہانہ پیچھے پیچھے پھرے گا۔

۱۹۔ اگر کوئی حاکم اس اسم پاک کو پڑھے تو ماتحت والے دل و جان سے اس کا حکم بجا لائیں گے۔

۲۰۔ دوکاندار حضرات اس اسم پاک کو عروج ماہ بروز جمعرات بعد طلوع آفتاب اول آخر درود ابرھیمی کیساتھ ۲۱۳ مرتبہ لکھ کر اپنی دوکان میں اسی دن و وقت پر لگا دیں تو خوب برکت ہوگی۔

۲۱۔ اس کا نقش شوگر، فالج، بلڈ پریشر، جگر کی ناکامی اور دیگر شدید قسم کی امراض میں کام آتا ہے۔ اگر آپ نے ان امراض کے لیے یا دیگر فوائد کے لئے اس اسم کا تعویذ دوسروں کو استعمال کروانا ہو تو پہلے یا بَارِی کو روزانہ ۲۶۵ مرتبہ ۴۰ یوم تک پڑھیں۔ اس کے بعد اس کے نقش کو استعمال میں لائیں۔

☆☆ ہر کام میں فتح و نصرت کا آسان و مجرب عمل ☆☆

بعد نماز فرض و نفل 313 مرتبہ اوّل و آخر 7-7 مرتبہ درودِ ابراھیمی کے ساتھ یہ عمل پڑھا کریں !!

یَا کٓھٰیٰعٓصٓ یَا حٰمٓعٓسٓقٓ

۱۴۔ المصور جل جلالہ

قمری اعداد	۳۶۷
شمسی اعداد	۱۹۶۱

جمالی ☆ آتشی

اس کا مطلب ہے مخلوقات کی صورت گری کرنے والا۔ یعنی وہ ذات باری جس نے تمام انسانوں اور حیوانوں کو شکل وصورت عطا فرمائی۔ ارشاد ربانی ہے جو رحموں میں جیسی چاہتا ہے تمھاری صورتیں بناتا ہے۔ گویا ''خلقت'' اور ''برء'' کے بعد ''تصویر'' کا درجہ ہے جس کے معنی ہیں ''صورت بنانا''۔

وظائف:

۱۔ ایسے کاروباری حضرات جو نئی چیزیں بناتے ہیں جس میں ازحد اس بات کا اندیشہ ہوتا ہے کہ نئی تخلیق مارکیٹ میں چلے گی کہ نہیں تو ایسے لوگوں کے لیے اس اسم کا کثرت سے ذکر بہت مفید ہے کیونکہ اس اسم کے پڑھنے سے اللہ کی مدد عقل کے ساتھ شامل حال ہو جاتی ہے۔

۲۔ سخت محنت کرنے والے اگر اسے پڑھیں تو ان کے کام میں آسانی ہو جائیگی۔ اسی لیے دستی کام کرنے والے مثلاً لوہار، درزی وغیرہ کے لیے یہ اسم پاک بہت موزوں ہے۔

۳۔ جو عورت یہ چاہتی ہو کہ اس کی اولاد خوبصورت پیدا ہو تو اسے چاہیئے کہ حمل ٹھہرنے کے تین ماہ بعد اس اسم کو سوتے وقت ۳۳۶ مرتبہ پڑھنا شروع کردے۔ اور بچے کی پیدائش تک اسے پڑھتی رہے۔ انشاء اللہ جو بچہ یا بچی پیدا ہوگی وہ خوبصورت اور صحیح سلامت پیدا ہوگی۔

۴۔ ایسی عورت جس کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو تو اسے چاہیئے کہ سات روزے رکھے اور روزہ افطار کرنے کے بعد یَامُصَوِّرُ اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے پیئے۔ انشاء اللہ اس کے گھر فرزند صالح پیدا ہوگا۔

۵۔ ''یا مصور'' کا ورد کرنا انسانی فکر وادراک میں حسن وخیر کا اضافہ کرتا ہے۔

۶۔ جو ''یا مصور'' کا روزانہ ورد کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی مشکلات دور فرما دیتا ہے۔

۷۔ اس اسمِ مبارک کا ورد آدمی کو خوش حال اور خوش خصال بنا دیتا ہے۔

۸۔ جس عورت کا حمل ٹھہر کر گر جاتا ہے اور اکثر اوقات اسی پریشانی کا سامنا رہتا ہوا سے چاہیے کہ حمل ٹھہرنے کے بعد یَا حَیُّ ،یَا حَافِظُ یَامُصَوِّر ۴۰ دن تک روزانہ ۱۰۰۱ مرتبہ پڑھے ایک مقررہ وقت اور مقررہ مقام پر پڑھے تو زیادہ بہتر ہے۔ انشاءاللہ، اللہ تعالیٰ کی رحمت سے محفوظ رہے گا۔

۹۔ اس اسم کا عامل بن کر دوسروں کو نقش دینے کے لیے اس کی زکوٰۃ کی ادائیگی ضروری ہے۔ اس اسم کی زکوٰۃ ۴۰ دن میں ۳۳۶۰۰۰ کی پڑھائی ہے۔ اس لیے عامل بننے کے لیے اس اسم کو روزانہ ۸۴۰۰ مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھیں۔ زکوٰۃ مکمل ہونے پر اس کا نقش حفاظت حمل، حصول اولاد کام میں آسانی اور خوبصورت بچہ پیدا ہونے کے لیے دے سکتے ہیں۔ نقش لینے والا نقش کو اپنے پاس رکھے انشاءاللہ، اللہ کی رحمت سے حسب منشا کام ہوگا۔

۱۰۔ جو شخص ۱۲ دن تک روزانہ ۵۰۰۰ مرتبہ پڑھے۔ اور اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے کام آسانی پیدا ہو جائے گی۔ کام خواہ کتنا ہی مشکل کیوں نہ ہو۔

۱۱۔ ایک عامل کا قول ہے کہ اگر کوئی وضو کر کے اپنی پیشانی پر شہادت کی انگلی سے اس اسم کو لکھ کر جس سے ملاقات کرلے وہی دوست بن جائیگا۔

۱۲۔ ایسا سالک جس کا باطن کھل چکا ہو اور اس پر کشف کے حالات واضح ہو جاتے ہوں اگر وہ عالم ارواح کی صورتوں کا مشاہدہ کرنے کی غرض سے اس اسم روزانہ ۵۰۰ مرتبہ ۴۰ دن تک پڑھے تو اسے عالم ارواح کی صورتوں کا روحانی مشاہدہ حاصل ہوگا۔

۱۳۔ اس مبارک اسم کا مغرب کی نماز کے بعد ہر روز 21 بار پڑھنا ایمان وایقان کو مضبوط کرتا ہے۔

۱۴۔ نیک آدمی کا اس اسم مبارک کا 21 بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے کسی بھی مریض کو پلانا شفا دیتا ہے۔

۱۵۔ بانجھ عورت کا ''یا مصور'' کے دم کیے ہوئے پانی کو سات روز تک پینا بانجھ پن کو ختم کرتا ہے۔

۱۶۔ سات دن تک ہر روز پانچ ہزار مرتبہ ''یا مصور'' پڑھنے سے غائب واپس آجاتا ہے۔

۱۷۔ کوئی عورت اگر اپنے حُسن میں اضافہ چاہتی ہو تو اس اسمِ مبارک کو پڑھنا اپنا معمول بنا لے۔

۱۸۔ عام بیماریوں میں مثلاً سر درد، کمر درد یا آشوبِ شکم میں 41 بار ''یا مصور'' پڑھ کر دم کرنا مفید ہے

۱۹۔ اگر کسی کو اولادِ نرینہ کی خواہش ہو تو ''یا مصور'' کا پانی 21 مرتبہ دم کر کے عورت کو پلائیں۔

۲۰۔ جو شخص اس نام کا بہت ورد کرے گا۔ تو ہر ایک چیز کو دیکھ کر مشاہدہ کرنے کے بعد خدا کی عظمت اور قدرت پر اس کا ایمان اور زیادہ ہو جائے گا۔

۲۱۔ اگر بانجھ عورت سات روزے رکھے اور روزہ افطار کرنے کے بعد ''یَامُصَوِّرُ'' اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لے تو حق تعالیٰ اسے فرزند صالح عطا کرے گا۔

☆☆☆☆☆

☆☆☆ مشکل کُشا وظیفہ ☆☆☆

بعد نماز تہجد 700 مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اوّل و آخر 7-7 مرتبہ درود ابراھیمی کے ساتھ پڑھ کر سجدے میں اپنے مقصد کے لئے دُعا مانگیئے انشاء اللہ تعالیٰ عظیم آپ کی دعا قبول ہوگی۔

۱۳۱۲	قمری اعداد
۸۱۲	شمسی اعداد

۱۵۔ الغفار جل جلالہ

جمالی ☆ آتشی

اس نام کے معنی ہے بہت زیادہ معاف فرمانے والا اور بخشنے والا۔ یہ لفظ ''غفر'' سے بنا ہے جس کا مطلب ہے چھپانا اور ڈھانپنا۔ گویا اللہ تعالی اپنے بندوں کے گناہوں کی پردہ پوشی اور مغفرت کرتا ہے۔ مثال کے طور پر انسانی بدن کی غلاظتوں کو پیٹ میں مخفی رکھا ،اور حسد، کینہ وغیرہ روحانی عیب دل میں مخفی رکھے اور بندے کے گناہوں کو چھپایا۔ لہذا انسانوں کو بھی لازم ہے کہ اس نام کی نسبت سے ایک دوسرے کی پردہ پوشی کریں اور غیبت کرنے سے بچیں۔

وظائف:

۱۔ جس شخص کی طبیعت نیک کاموں کی طرف مائل نہ ہوتی ہو، بلکہ نفس برے کام سوچنے میں لگا رہتا ہو تو اسے چاہیئے کہ ایک روز دو رکعت نفل توبہ پڑھے اس کے بعد اس اسم کو ۳۱۲۵ مرتبہ پڑھنا شروع کردے اور پورے چالیس دن تک پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ اس کے برائیاں ختم ہو جائیں گی اور وہ نیک اعمال کی طرف راغب ہو جائے گا۔

۲۔ جب کسی کو تنگ دستی ہو روزی کے ذرائع محدود ہوں یا حصول مال میں کوئی رکاوٹ پیدا ہو گئی ہو یا کاروبار تباہ ہو گیا ہو تو اسے چاہیئے کہ رات کے پچھلے پہر اٹھے اور اللہ کے حضور دو دو رکعت کر کے بیس نوافل پڑھے اور ہر نفل کی رکعت میں الحمد کے بعد قل شریف پڑھ کر ایک سو مرتبہ ''یا غفار'' پڑھے۔ اور ۲۱ دن تک یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ اس کی تنگدستی ختم ہونے کے آثار پیدا ہو جائیں گے۔

۳۔ یہ اسم گناہوں کی مغفرت کے لیے بہت اچھا ہے لہذا جو شخص اسے روزانہ ۱۲۸۱ مرتبہ بعد نماز فجر پڑھتا رہے اور آخری دم تک اس وظیفہ کو پڑھتا رہے اس کے گناہ ہمیشہ معاف ہوتے رہیں گے جب وہ دنیا سے جائے گا اس کے سب گناہ معاف ہوں گے۔

۴۔ اگر ہر نماز کے بعد ۱۲ مرتبہ اس اسم کو پڑھتے رہیں تو پھر اللہ کی رحمت سے انسان کو سب

گناہوں سے بچنے کی توفیق ملتی رہتی ہے۔ ہر جمعہ کے بعد سو مرتبہ پڑھتا رہے تو مغفرت خداوندی میں رہے گا۔

۵۔ اگر دو فریقوں میں راضی نامہ نہ ہوتا ہو تو اس اسم کو گیارہ دن تک مغرب کی نماز کے بعد ۵۱۲۴ مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ راضی نامہ ہو جائے گا۔

۶۔ راضی نامہ کرنا چاہتے ہوں مگر فریق ثانی نہ مانتا ہو ظہر کی نماز کے بعد تین ہزار مرتبہ یَـا غَفَّار پڑھیں۔ انشاء اللہ مقدمہ میں راضی نامہ ہو جائے گا۔

۷۔ اس اسم کا عامل بننے کے لیے اس اسم کو ۴۰ روز کے لیے ۷۶۸۶ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ پڑھائی مکمل ہونے پر آپ اس اسم کا نقش دوسروں کو دے سکتے ہیں۔

۸۔ یا غفار کا وظیفہ اختیار کرنے والا بفضلِ تعالیٰ گناہوں سے دور رہتا ہے اور اپنے پچھلے گناہوں پر پشیمان ہوتا ہے۔

۹۔ یہ ایسا اسمِ الٰہی کہ اس کے ورد اور وظیفہ سے اللہ تعالیٰ بندے کے گناہ معاف کر دیتا ہے اور نیکیوں کی جانب مائل کر دیتا ہے۔

۱۰۔ جمعہ کی نماز کے بعد جو شخص بھی سو مرتبہ "یا غفارُ یا ستارُ یا اللّٰہُ" پڑھ کر دعا کرے اور آئندہ کے لئے گناہوں سے توبہ کرے تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہ بخش دیتا ہے۔

۱۱۔ اگر کوئی شخص کسی مقدمہ میں ناحق نہ ہو، اپنے حق میں فیصلہ کرانے کے لئے جمعہ کے دن نماز جمعہ کے بعد تین ہزار مرتبہ ''یا غفار'' کا ورد کر کے دعا مانگی جائے اللہ تعالیٰ قبولیت بخشتا ہے۔ اور مقدمہ مخالفت میں نہیں جاتا۔

۱۲۔ اگر کوئی شخص اس اسمِ مبارک کا ورد ہر روز نماز عصر کے بعد ۱۰۱ مرتبہ پڑھے اور گناہوں پر نادم ہو کر توبۃ النصوح کر لے تو اللہ تعالیٰ اس شخص کے گناہ معاف کر دیتے ہیں۔

۱۳۔ یا غفار کا وظیفہ مشکلات اور پریشانیوں کو دور کرتا ہے۔ قلب و روح کو سکون اور اطمینان بخشتا ہے۔ بعد نماز فرض ۷۰ یا ۱۱۰ یا پھر ۳۱۳ مرتبہ پڑھیں۔

۱۴۔ اس اسمِ مبارک کا وظیفہ اختیار کرنے والا بفضل اللہ تعالیٰ گناہوں سے بچا رہتا ہے۔ اور اپنے سابقہ گناہوں پر پشیمان ہوتا ہے۔

۱۵۔ جو شخص جمعہ کی نماز کی بعد "یَاغَفَّارُ اِغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ" سو دفعہ کہے گا حق تعالیٰ اُس کا نام بخشے ہوئے لوگوں میں درج فرمائے گا۔

۱۶۔ اگر کوئی شخص کسی مقدمہ میں راضی نامہ کرنا چاہتا ہو اور فریق ثانی نہ مانتا ہو تو بعد نماز تہجد کے تین ہزار مرتبہ "یَاغَفَّارُ" پڑھے اور پھر دعا کرے انشاءاللہ تعالیٰ فوراً مقصود حاصل ہوگا دشمن خود بخود التجا کرے گا۔

۱۷۔ دل خلوص کے ساتھ "اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ یَاغَفَّارُ" کہنا گناہوں کو دھو دیتا ہے۔

۱۸۔ کسی بھی مریض پر جو کہ شدید علالت کی حالت میں ہو اور جان کنی کا وقت قریب ہو تو 128 مرتبہ اس اسم کا ورد کرنا آسانی پیدا کر دیتا ہے۔

۱۹۔ "یاغفار" کا ہر وقت وِرد کرنا شیطانی وساوس اور گناہوں کے خیالات سے حفاظت کرتا ہے۔

۲۰۔ کسی ایسے مقدمے میں جس میں خود حق پر ہو مگر اس کے حق میں فیصلہ نہ ہو رہا ہو تو تین ہزار بار اس اسم کا ورد کر کے دعا مانگے انشاءاللہ تعالیٰ مقدمہ مخالفت میں نہیں جائے گا۔

۲۱۔ گناہوں کی کثرت سے بعض مرتبہ انسان کو اپنے آپ سے بھی نفرت ہو جاتی ہے اور خود کشی کے قریب پہنچ جاتا ہے ایسے وقت میں "یَاغَفَّارُ" کا وِرد کثرت سے کرنا بہت سکون پہنچاتا ہے اور جو اپنے سے نفرت ہوتی ہے یا خودکشی کا خیال جاتا رہتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

☆☆☆ لمحہ فکریہ!! ☆☆☆

نماز پڑھیئے قبل اس کہ آپ کی نماز پڑھائی جائے

قمری اعداد	۳۳۶
شمسی اعداد	۱۷۱۲

۱۶۔ القہار جل جلالہ

جلالی ☆ خاکی

القہار: اس نام کا مطلب ہے۔، اپنی مخلوق پر کامل غلبہ اور اختیار رکھنے والا، یعنی اس سے وہ ذات مراد ہے ہر شے پر کامل قدرت رکھتی ہو، جو ظالموں اور سرکشوں سے مظلوموں کا بدلہ لیتی ہو۔ اور ہر موجود شے جس کے قبضہء قدرت میں ہو۔ بلکہ قدرت انسانی بھی اسی کے قبضہء قدرت میں ہو۔ انسانوں کو چاہیئے کہ اس اسم کی مناسبت سے اپنے نفس اور شیطان سے انتقام لیں۔ شیطان سے انتقام کا طریقہ ہے کہ بندہ اس کی خواہشات کو روندتا رہے۔

وظائف:

۱۔ یہ اسم دشمن کو زیر کرنے لیے بہت موءثر ہے اگر کوئی دشمن دین بہت تنگ کرتا ہو تو بعد نماز عصر گیارہ روز تک ۱۰۰مرتبہ روزانہ اس اسم کو پڑھیں۔ اگر اس سے پہلے یا جبارُ لفظ کا اضافہ کر لیں تو بہتر ہوگا۔ یعنی یا جبارُ یاَ قَہارُ پڑھیں تو انشاء اللہ دشمن زیر جائے گا۔ اور آپ کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔

۲۔ خاتمہ بالخیر کیلئے اس اسم مبارک کا ورد مجرب ہے۔

۳۔ بعض بزرگان دین کا اس اسم کے متعلق خیال ہے کہ اسے کثرت سے پڑھنے سے اللہ تعالی کی محبت سے اس کے دل کو نور معرفت سے بھر دیتا ہے۔

۴۔ ایسا شخص جسے دینا کو چھوڑ کر اللہ کا راستہ مطلوب ہو، اس کے لیے اس اسم کا ورد بھی بہت مفید ہے۔

۵۔ اگر کسی جگہ یا کسی بچے پر آسیب کے اثرات ہوں تو وہاں اس اسم کو ۲۱۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھیں اور پانی دم کر کے اس جگہ چھڑکائیں۔ اور بچہ پر بھی دم شدہ پانی کے چھینٹے لگائے۔ گیارہ روز تک یہ عمل کریں۔ ورد کے شروع میں گیارہ مرتبہ آیت الکرسی اور چاروں قل پڑھیں اور ورد کے آخر میں بھی گیارہ مرتبہ آیت الکرسی اور چاروں قل

گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں انشاءاللہ آسیب کے اثرات زائل ہو جائیں گے۔

۶۔ یاقہارُ کا ورد جادو کے اثرات ختم کرنے لیے بھی بہت اکسیر ہے۔اگر کسی مرد یا عورت پر کالے علم یعنی جادو کے تعویذات ڈالے گئے ہوں تو اس اسم کو سات روز تک ۱۸۳۶ مرتبہ روزانہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔مگر اس ورد کے شروع میں گیارہ مرتبہ آیت الکرسی پڑھیں اور آخر میں گیارہ مرتبہ سورۃ الناس پڑھیں۔انشاءاللہ کالے علم کے تعویذات کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔

۷۔ بچوں کی مرض سوکھے میں ''یاقہار'' کا ورد بہت بہتر ہے۔کچھ تیل لے کر اس پر ایک ہزار مرتبہ یاقہار پڑھ کر دم کر کے مالش کریں انشاءاللہ دبلا پن ختم ہو کر بچہ تندرست ہو جائے گا۔

۸۔ ''یاقہار'' کا عامل بننے کے لیے ''یاقہار'' کو چالیس دن تک ۵۰۰ مرتبہ پڑھیں۔اس کا تعویذ دوسرں کو دے سکتے ہیں۔

۹۔ کسی ظالم جابر حاکم کے پاس جانے سے قبل 101 مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیں۔انشاءاللہ تعالیٰ حفاظت رہیگی۔

۱۰۔ کسی بھی پریشانی کے وقت اخلاص سے اس اسم کو سو مرتبہ ورد کرے اور دعا مانگے تو اس کی پریشانی ختم ہو جائے گی۔

۱۱۔ دل سے دُنیا کی محبت کو نکالنے کے لئے اس اسم کا ورد بہترین ہے اور آدمی بے نیازی کی نعمت سے مالا مال ہو جاتا ہے۔

۱۲۔ دنیا کی تنگ دستی اور دیگر دنیاوی پریشانیوں سے نجات حاصل کرنے کے لئے اس اسم مبارک کا ورد بہت زیادہ فائدہ دیتا ہے۔

۱۳۔ دشمن پر غلبہ پانے کے لئے اس اسم کو 303 مرتبہ پڑھنا فتح کا باعث بنتا ہے۔

۱۴۔ اگر کوئی شخص جسمانی طور پر بہت زیادہ کمزوری محسوس کرتا ہے تو اُسے چاہئے کہ اس اسم کا کثرت سے ورد کیا کرے۔

۱۵۔ یہ اللہ تعالیٰ کا عجیب اسم ہے جس میں بے شمار بیماریوں سے شفاء موجود ہے کسی بھی مرض

میں گرفتار مریض اگر اسم پاک کا 125 مرتبہ وِرد کرے اور سجدے میں جا کر دُعا مانگے تو وہ مرض جاتا رہتا ہے اور مکمل شِفا حاصل ہوتی ہے۔

۱۶۔ یا قہار کا ورد کرنے والا ہر قسم کے شیطانی وساوس اور بُرے خیالات پر قابو پالیتا ہے۔ اور اس کے دل میں خوفِ خدا بھی پیدا ہو جاتا ہے۔

۱۷۔ ایسا بچہ جس کو سوکھیا کا مرض ہو گیا ہو تو تیل پر ایک ہزار مرتبہ اس اسم کو پڑھ کر دم کریں اور پھر اس تیل کی بچہ کے بدن پر مالش کریں۔ انشاءاللہ شفا پائے گا۔

۱۸۔ جو شخص صدقِ دل سے اس نیت کے ساتھ اس اسم کا ورد کرے کہ اس کے دل سے دنیا کی محبت نکل جائے تو اللہ تبارک وتعالیٰ اس کو دنیا سے بے نیاز کر دیتے ہیں اور پھر وہ شخص کبھی دنیا کا غلام نہیں رہتا۔

۱۹۔ کسی بھی مشکل یا پریشانی کے وقت 101 بار پڑھ کر دعا کرے اللہ پاک اس کی ہر مشکل کو آسان کر دینگے۔

۲۰۔ دشمن کے خوف سے یا کسی بھی خطرے کے وقت فجر کی نماز کی سنتوں کے بعد فرضوں سے پہلے 306 مرتبہ اس اسم پاک کا ورد کرے اللہ تعالیٰ اپنی مہربانیوں کا دروازہ کھول دینگے۔

۲۱۔ کسی بھی موذی جانور خصوصاً سانپ بچھو وغیرہ سے بچنے کے لئے "یا قہار" کا ورد بے حد مفید ثابت ہوا ہے۔

☆☆☆ آسان و مجرّب وظیفہ ☆☆☆

بعد نماز فرض ۱۴۱ مرتبہ آیت الکرسی اوّل و آخر 7-7 مرتبہ درودِ ابراھیمی کے ساتھ پڑھنا تمام مشکلات کو آسان کرنے کے لئے آسان و مجرّب وظیفہ ہے۔

۴۵	قمری اعداد
۲۲۰۴	شمسی اعداد

۱۷۔ الوھاب جل جلالہ

جمالی ☆ آتشی

اس اسم صفاتی کا مطلب ہے بے غرض بخشش اور سخاوت کرنے والا، یعنی بے سوال کے عطا فرمانے والا اور ایسا دینے والا جس کا کوئی ثانی نہ ہو۔ دراصل دیکھا جائے روبغیر کسی غرض کے دینے والا تو وہی قادر مطلق ہے کیونکہ اگر انسان کسی کو دیتا ہے تو اس میں ضرور کوئی مفاد یا مستقبل مین کسی معاوضہ کا متوقع ہوتا ہے لیکن اللہ تعالیٰ کو کسی معاوضے کی ضرورت نہیں، وہ تمام ضرورتوں سے بے نیاز ہے۔ اس اسم کا تقاضا یہ ہے کہ ہم جہاں تک ہوسکے دوسروں کی ضرورتوں کو بے غرض اور بے لوث ہوکر پورا کرنے میں لگے رہیں اور اس نعمت کا شکر ادا کریں۔

وظائف:

۱۔ یا وہاب کا عامل بننے کے لیے اس اسم کو بعد نماز عشاء خلوت میں کھلی آسمان کے نیچے ۵۴۰۰ مرتبہ ۴۰ دن تک پڑھیں۔ اس کے بعد تین روز تک ناغہ کریں اور ان تین دنوں میں استغفار گیارہ سو مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ اس کے بعد پھر ۴۰ دن تک پہلے کی طرح اس اسم کو ۵۴۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھیں اس کے بعد پھر تین دن استغفار کریں اور پھر ۴۰ دن تک اسی تعداد میں پہلے کی طرح پڑھیں۔ تین چلے کرنے کے بعد آپ اس اسم کے عامل بن جائیں گے۔ پھر روزانہ اس اسم کو ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھتے رہیں تاکہ عمل قائم رہ سکے۔

۲۔ وہ شخص جو غربت اور تنگی رزق سے دوچار ہو اور آمدن بہت کم ہو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو روزانہ گیارہ سو مرتبہ صبح اور گیارہ سو مرتبہ شام کو ۱۱۱ دن تک پڑھے۔ اس کے علاوہ اس کے گھر والے بھی یہی اسم اسی طرح پڑھیں تو بہت جلد ان کی حالت بدل جائے گی۔ ذرائع آمدن میں یکدم اضافے کے آثار پیدا ہو جائیں گے اور تھوڑے ہی عرصے میں اللہ تعالیٰ انھیں غنی کر دے گا جب مقصد حل ہو جائے تو اس اسم کو ہمیشہ کے لیے بعد نماز فجر ایک ہزار پڑھتا رہے۔

۳۔ جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اسے زندگی میں کبھی بھی مال کی کمی نہ ہو یعنی ہمیشہ دولت مند رہے یا ضرورت کے مطابق اللہ کا رزق ملتا رہے تو اسے چاہیئے کہ ''یا وہاب'' کو بعد نماز فجر ۴۰۰ امرتبہ اور رات کو سونے سے پہلے ۴۰۰ امرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے انشاء اللہ اسے کبھی مالی تنگی نہ آئے گی۔

۴۔ اگر تاجر یا کاروباری ہو تو کاروبار کے شروع میں اسے روزانہ ۲۱۰۰ پڑھے۔ اس کا کاروبار کبھی نہیں رکے گا اور نہ ہی اس میں کمی آئے گی۔

۵۔ حصول دولت کے لیے یہ اسم اتنا مؤثر ہے کہ بیان سے باہر ہے اس لیے اسے ہمیشہ پڑھنے والا کبھی خالی نہیں رہ سکتا۔ جس شخص کا نام وہاب یا سلیمان ہو اس کے لیے اس کا ورد بہت مفید ہے۔

۶۔ اگر کوئی پڑھا لکھا آدمی اپنی قابلیت کے مطابق ملازمت حاصل کرنا چاہتا ہو لیکن اسے حصول ملازمت میں دشواری ہو تو اسی چاہیئے کہ تہجد کے اٹھے اور علیحدہ جگہ پر وضو کر کے تہجد کے نوافل پڑھے اس کے بعد ۱۰۰ ۱۴ مرتبہ اس اسم کو پڑھے اور گیارہ روز تک اسی طرح کرے۔ انشاء اللہ اسے بہت جلد ملازمت مل جائے گی۔

۷۔ اگر کسی شخص کی لڑکی یا لڑکے کی شادی صرف مال نہ ہونے کی وجہ سے رکی ہو تو لڑکی کی والدہ یا باپ ۴۰ دن تک ''یَاوَھَابُ یَارَزَّاق'' ۳۱۶۵ مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھے اور ہر روز وظیفہ کے بعد ۳۳ مرتبہ استغفار پڑھے۔ اس کے بعد سجدے میں سر رکھ کر اللہ سے اپنی مالی مشکل کو حل کرنے کی دعا کرے۔ کم از کم تین چلے اسی طرح کرے۔ انشاء اللہ حصول مال کا فوری طور پر کوئی ذریعہ بن جائے گا۔

۸۔ ''یا وھابُ'' کثرت سے ورد کرتا تنگی معاش اور غربت سے نجات دلاتا ہے۔

۹۔ ''یا وھابُ'' کا ہر نماز کے بعد سات مرتبہ ذکر کرنے والے کی ہر دعا قبول ہوتی ہے۔

۱۰۔ جو شخص اپنی تمام مشکلات کا حل چاہتا ہو تو اسے چاہئے کہ نماز تہجد کے بعد چودہ سو مرتبہ اس اسمِ مبارک کو ورد کر کے دعا مانگیئے۔ انشاآ اللہ تعالیٰ قبول و مقبول ہوگی۔

۱۱۔ جو عشاء کی نماز کے بعد چودہ سو چودہ مرتبہ پڑھے گا، اسے رزق کی فراخی نصیب ہو گی۔

۱۲۔ جو کوئی فقر و فاقہ سے پریشان ہو۔ اگر اس اسم کی مداومت کرے گا تو اللہ تعالیٰ اسے ایسی راحت عطاء فرمائے گا حیران ہو جائے گا۔

۱۳۔ جو چاشت کی نماز کے بعد سجدہ کی آیت پڑھ کر سجدے میں سر رکھ کر سات بار اس اسم کو پڑھے گا۔ مخلوق سے بے پرواہ ہو جائے گا۔

۱۴۔ جو اپنے رزق میں اضافہ کا متمنی ہو تو اسے چاہئے کہ سجدے میں جا کر اس اسم کو ایک سو چار مرتبہ پڑھے رزق میں اضافہ ہو جائے گا۔

۱۵۔ کسی بھی حاجت کے وقت آدھی رات کو گھر یا مسجد کے صحن میں تین بار سجدہ کر کے ہاتھ اُٹھا کر سو مرتبہ پڑھے اور یہ عمل تین یا سات راتوں تک کرے۔ انشاء اللہ حاجت پوری ہو گی۔

۱۶۔ جو عشاء کی بعد ساڑھے گیارہ سو مرتبہ پڑھے مقروض نہ رہیگا۔

۱۷۔ اس اسم کو برکت کے لئے "الکریم ذی الطَّول" کے ساتھ ملا کر پڑھنا مفید ہے۔

۱۸۔ ہر چیز میں برکت کیلئے اس اسم کو "الکافی" کے ساتھ ملا کر پڑھنا بھی مفید ہے۔

۱۹۔ جب کوئی مشکل آئے کسی میدان میں جا کر دعا کی طرح ہاتھ اُٹھائے اور سو مرتبہ "یا وھاب" پڑھے تو انشاء اللہ آسانی پیدا ہو گی۔

۲۰۔ حفاظت ایمان کے لئے ہر نماز کے بعد سات مرتبہ یہ آیت پڑھنا مجرب عمل ہے۔

"ربّنا لا تزغ قلوبنا بعد اذ ھدیتنا وَھَبْ لَنَا من لّدنک رحمة انّک انت الوھاب"

۲۱۔ بعد نماز فرض ۳۱۴ مرتبہ یا وھاب یا اللہ پڑھنے سے ہر مشکل آسان ہوتی ہے۔

قمری اعداد	۳۳۹
شمسی اعداد	۸۳۲

۱۸۔ الرزاق جل جلالہ

جمالی ☆ آتشی

اس نام سے مراد ہے، اپنی مخلوق کو خوب ہی روزی دینے والا حاجت روا یعنی رزق اور اسکے اسباب پیدا فرمانے والا اور وہ تمام مطلوبہ چیزیں وجود میں لانے والا جو جسم اور روح کے لیے معاون و مددگار ثابت ہوں۔ رزق کی دو قسمیں ہیں، ایک ظاہری رزق یعنی کھانے پینے کی اشیا جو بدن کے لیے مفید ہیں اور دوسرے باطنی رزق یعنی علوم و معارف جو روح کی غذا ہے اور جس کا فائدا آخرت میں بھی ہوگا۔ لہذا انسانوں کو چاہیئے کہ روزی تلاش کرنے کے علاوہ روحانی رزق بھی طلب کریں۔

وظائف:

۱۔ اس وظیفہ کو بعد نماز فجر یا اپنے کام کا آغاز کرتے ہوئے روزانہ ۱۰۰ امرتبہ پڑھنا کشادگی رزق کا ذریعہ بنتا ہے۔

۲۔ اگر کوئی شخص اسے روزانہ چلتے پھرتے، اٹھتے بیٹھتے یعنی جب بھی موقعہ ملے اس وقت کثرت سے اس کا ورد کرے تو اس پر اللہ تعالی اپنے رزق کے خزانے کھول دیتا ہے اور اس کے رزق میں دن بدن اضافہ ہونا شروع ہوتا ہے۔

۳۔ اس کے علاوہ اگر کوئی شخص روزانہ صبح اٹھتے وقت اور رات ۳۳ مرتبہ پڑھنے کا ہمیشہ کے لیے معمول بنالے تو اس کے گھر میں ہمیشہ خیر و برکت رہے گی اور کبھی رزق کی کمی نہ ہوگی۔

۴۔ شب برات کو بعد نماز مغرب اسے پڑھنا شروع کرلے۔ گیارہ ہزار یا اکیس ہزار مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور سجدے ریز کر دعا کرے تو انشاء اللہ سال بھر اللہ تعالی اسے ضرورت کے مطابق باعزت رزق عطا فرماتا رہے گا اور ہر سال شب برات میں عمل کرنے سے ہمیشہ کے لیے اس کی روزی میں اضافہ ہوجائیگا۔

۵۔ جو شخص اس وظیفہ کو ہر نماز کے بعد ۹۷ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے انشاءاللہ زندگی بھر اس کے مال میں خیر و برکت رہے گی اور مالی پریشانی سے ہمیشہ کے لیے محفوظ رہے گا۔ ایسا شخص کبھی کسی کا محتاج نہیں رہے گا۔ اس کی جیب کبھی دولت سے خالی نہیں رہے گی۔

۶۔ اگر کوئی شخص اچانک کسی مالی پریشانی میں مبتلا ہو گیا ہو اور اس سے نکلنے کی صورت نظر آتی ہو اسے چاہیئے کہ وہ اس وظیفہ کو ۲۱۰۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھنا شروع کر دے اور ۴۰ دن تک جاری رکھے ۔وہ انشاء اللہ اس مالی پریشانی سے نکل جائے گا۔

۷۔ بزرگوں کا قول ہے کہ یہ دونوں اسم دولت کی کنجی ہیں۔لہذا انھیں پڑھنے والا کبھی بھی اللہ کی رحمت سے خالی نہیں رہ سکتا۔ (یا وھابُ یا رزاق)

۸۔ مفلسی اور غربت کو دور کرنے کے لیے بھی یہ وظیفہ بہت مئوثر ہے۔جس شخص کی آمدن اسکے اخراجات سے قلیل ہو اور وہ ہمیشہ غربت کا شکار رہتا ہو اسے چاہیئے کہ اس وظیفہ کو بعد نماز عشاء سو نے سے پہلے ۳۱۰۰ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اور ہمیشہ کے لیے اسے جاری رکھے۔انشاء اللہ اس کی غربت و مفلسی دور ہو جائے گی اور مالی طور حالات درست ہو جائیں گے۔اگر کوئی شخص اتنی تعداد میں نہ پڑھ سکے تو اسے چاہیئے کہ صبح کی نماز سے پہلے بیدار اپنے مکان کے چاروں کونوں میں اس وظیفہ کو ۴۱۔۴۱ مرتبہ پڑھے اور سال تک بلا ناغہ معمول جاری رکھے۔انشاء اللہ پروردگار اپنے ان اسماء کی برکت سے اس کی مفلسی اوت غربت دور کر دے گا۔

۹۔ جو شخص اس کا عامل بننا چاہے وہ چالیس دن کے گیارہ چلے کسی تنہائی کی جگہ پر بیٹھ کر انکساری کیساتھ کرے اور اس وظیفہ کو گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے۔چالیس دن پورے ہونے کے بعد تین دن کا ناغہ کرے۔اگر نہ ناغہ کرے تو مسلسل چلے بھی نکال سکتا ہے۔چلے کی کامیابی کے لیے سچائی اور رزق حلال لازمی شرط ہے۔گیارہ چلوں کے بعد وہ شخص اس وظیفہ کا عامل بن جائے گا۔وہ جس کے لیے بھی اضافہ رزق کی دعا کرے گا۔وہ انشاء اللہ قبول ہو گی۔

۱۰۔ ملازمت میں ترقی کے لئے ہر روز اس اسم مبارک کا ورد کرنا مئوثر اور مفید ہوتا ہے۔

۱۱۔ اگر عامل شخص اگر اس وظیفہ کو سات مرتبہ کسی کاغذ پر لکھ کر بطور تعویذ دے تو تعویذ لینے والے کے کاروبار اور رزق میں اضافہ ہو گا۔اور عامل کے لیے خود بھی کسی طرح سے اپنے رزق میں کمی نہ ہو گی بلکہ ہمیشہ کے لیے خوشحالی ہو جائے گی۔

۱۲۔ اگر کسی شخص کی ملازمت چھٹ گئی ہو یا معطل ہو گئی ہو اور وہ دوبارہ بحال ہونا چاہتا ہو اس وظیفہ کو گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھنا شروع کر دے۔ اور اس وقت تک جاری رکھے جب تک کہ اس کے بحال ہو نے کے ذرائع پیدا نہ ہو جائیں۔ انشاء اللہ، اللہ کی رحمت سے جل دوبار بحال ہو جائے گا۔

۱۳۔ اگر کسی شخص کو کوئی ملازمت یا روزگار نہ ملتا ہو اور وہ ملازمت کا خواہاں ہو تو اسے چاہیئے کہ چھ ماہ تک اس وظیفہ کو ۷۰۰ کی تعداد سے کم نہ پڑھے زیادہ جتنا پڑھ سکتا ہو ھے، یہ تعداد روزانہ کی بتائی گئی ہے۔

۱۴۔ یہ وظیفہ رکی ہوئی دکان یا بند شدہ کام کو دوبارہ جاری کرنے کے لیے بہت اکسیر ہے۔ اگر کسی شخص کا کاروبار چلتے چلتے گر جائے اور آمد ختم ہو جائے تو اسے چاہیئے کہ ۴۰ دن تک دکان یا کاروبار شروع کر تے وقت اس وظیفہ کو ۳۱۲۵ مرتبہ روزانہ پڑھے۔ پھر اس کے بعد ۱۱ دن تک ۱۱۰۰ مرتبہ روزانہ یا وہاب کا ذکر کرے۔ بارہویں دن پھر، چالیسویں دن شیرینی لا کر اللہ راہ میں لوگوں میں تقسیم کر دے۔ انشاء اللہ اس وظیفہ کی برکت سے اس کی دکان کا رکا ہوا سلسلہ دوبارہ شروع ہو جائے گا۔ اگر کاروبار ماند پڑ گیا ہو تو وہ بھی شروع ہو جائے گا۔ دکان یا کاروبار بالکل بند ہو تو پھر بھی اسی ترتیب سے پڑھنے سے دکان کا سلسلہ شروع ہو جائے گا۔

۱۵۔ تمام کاروباری معاملات کو احسن طریق اور خوش اسلوبی سے انجام دینے کے لئے ''یَا رَزَّاقُ'' کا ورد کرنا بے حد مفید اور منفعت بخش ہوتا ہے۔

۱۶۔ اگر کوئی شخص ''یَا خَیرَ الرَّازِقِین'' کا ورد کرنا اپنا معمول بنالے تو اللہ تعالیٰ اس شخص پر کبھی رزق کی تنگی نہیں آنے دے گا اس عمل سے پہلے ''یاوھاب یارزاق'' بھی لگا کے پڑھ سکتے ہیں۔

۱۷۔ روٹی کھانے سے پہلے ''یَا رَزَّاقُ'' پڑھنا غذا کے زہریلے اثرات سے محفوظ رکھتا ہے۔

۱۸۔ ہر طرح کی جائز حاجات کو پورا کرنے کے لئے ''یَا رَزَّاقُ'' کا ورد بے حد اثر رکھتا ہے۔

۱۹۔ اگر کوئی شخص اس اسم حسنہ کو ہر روز تین سو آٹھ بار پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اسے کبھی مفلس، غریب اور محتاج نہیں کرتا۔

۲۰۔ اگر کسی شخص کا کاروبار خطرے میں ہو تو اسے چاہئے کہ مسلسل تین روزے رکھے اور صبح کی نماز کے بعد دس ہزار مرتبہ ''یَا رَزَّاقُ'' کا ورد کرے۔

۲۱۔ اسی طرح اگر کسی کی ملازمت یا نوکری جانے کا ڈر ہو تو نمبر ۲۰ کے وظیفہ پر عمل کرے انشا اللہ خیر رہے گی۔

اس اسم کے معنی ہیں۔ مخلوق کے درمیان صحیح فیصلہ کرنے والا اور مشکل کشا یعنی فتاح وہ ذات ہے جس کے وسیلے سے ہر مصیبت دور ہوتی ہے اور دشمنوں پر حاصل ہوتی ہے۔ فتوح ۔خداندی کے مختلف طریقے ہیں۔ کبھی انبیائے کرام کے ذریعے رشد و ہدایت کے دروازے کھولے جاتے ہیں۔ کبھی خدا کے دشمنوں کو دنیا میں ذلیل و خوار کیا جاتا ہے، اور کبھی اولیاء اللہ کے دلوں پر کشف والہام کے ذریعے فتوح ہوتا ہے۔ لہذا ہمیں لازم ہے کہ ہمیشہ انسانی علوم حاصل کرنے میں مشغول رہیں۔

وظائف:

۱۔ یہ اسم ہر کام میں آسانی پیدا کرنے کے لیے بہت مفید ہے لہذا جو شخص اسے صبح یا رات کو سوتے وقت ۱۱۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے کا معمول بنالے اس کا ہر مشکل کام خود بخود حل ہو جائے گا کیوں کہ اس اسم کی برکت سے راستے کی رکاوٹیں ہٹ جاتی ہیں۔

۲۔ اگر کوئی طالب علم یہ چاہتا ہو کہ اسے ہر امتحان میں کامیابی ہو اور ایسے ہی کوئی مفکر یا انجینئر یہ خواہش کرے کہ اس سے نئی نئی ایجاد ہو یا یہ خواہش ہو کہ زندگی کے ہر شعبہ میں فتح و نفرت حاصل رہے تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو روزانہ ۲۸۹ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے۔ انشاء اللہ جس کام کو ہاتھ لگالے گا اسی میں فتح حاصل ہوگی۔

۳۔ یہ عمل قید سے خلاصی کے لیے بھی بہت مفید ہے لہذا اگر کوئی شخص دشمن کی قید یا مقدمہ میں ناحق پھنس گیا ہو تو اس کے لیے چند افراد مل کر اکیس ہزار مرتبہ روزانہ سات دن تک پڑھیں۔ انشاء اللہ وہ قید سے رہائی پائے گا۔

۴۔ جن لڑکوں یا لڑکیوں کی شادیاں رک جاتی ہیں اور والدین کے لیے پریشانی کا سبب بنتی ہیں۔ ایسی رکی ہوئی شادیاں کی راہ کو کھولنے کے لیے اس اسم کو روزانہ ۱۵۲ مرتبہ بعد نماز عصر ۴۰ روز تک پڑھیں، اگر وہ خود نہ پڑھ سکیں تو ان کے والد یا والدہ میں سے کوئی ایک اس وظیفہ کو پڑھ لیں۔ انشاء اللہ شادی کی راہیں کُھل جائیں گی۔

۵۔ اس اسم کی زکوۃ ۱۸۴۹۶ مرتبہ روزانہ چالیس دن تک ہے لہذا جو شخص اس اسم کا عامل بننا چاہے تو اسے چاہیئے کہ اس مقررہ تعداد کو ۴۰ یوم تک پڑھے۔ اس کے بعد اس کا تعویذ دوسروں کو دے سکتا ہے۔ باقی یاد رہے کہ اس کا تعویذ ہر بند شدہ چیز کو کھولنے کا کام کریگا اور ہر مقدمے میں فتح ونصرت رہے گی۔

۶۔ جو شخص اکثر یا فتاح کا ورد کرتا رہتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر کشادگی کے دروازے کھول دیتا ہے۔

۷۔ یا فتاح کا ذاکر باطل راہوں سے بچا رہتا ہے اور پھر حق کی راہوں پر گامزن ہو جاتا ہے۔

۸۔ اگر کوئی شخص صبح کی نماز کے بعد دونوں ہاتھ سر پر رکھ کر ستر بار اس اسم مبارک کا ورد کرے تو اللہ تعالیٰ اس شخص کے دل کو سکون اور قرار بخشتا ہے اور اسے کدورتوں اور آلائشوں سے پاک کر دیتا ہے۔

۹۔ اگر کوئی شخص ناحق اور ناجائز کسی مقدمے میں پھنس گیا ہو تو ایسے شخص کے لواحقین کو چاہیے کہ وہ سات دن تک ہر روز اکیس ہزار بار ''یا فتاح'' کا ورد کر کے دعا مانگیں اللہ تعالیٰ جلد ہی مقدمے سے نجات دلا دیتا ہے۔

۱۰۔ جو شخص یا فتاح کا ورد کرنا اپنا معمول بنالیتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی تمام مشکلات آسان کر دیتا ہے بگڑے کام سنوار دیتا ہے اور فتح ونصرت سے بھی نوازتا ہے۔

۱۱۔ ''یا فتاح'' کے ورد وظیفے سے زبان کی گرہیں کھل جاتی ہیں، ذہانت میں اضافہ ہو جاتا ہے اور دل کو سکون اور قرار میسر آتا ہے۔

۱۲۔ جو شخص ہر نماز بعد گیارہ بار ''یا فتاح'' کا ذکر کرنا اپنا معمول بنالے اللہ برائیوں سے بچالیتا ہے اور باطل سے اسے دور رکھتا ہے۔

۱۳۔ خوشحالی اور کشائش رزق کے لئے ''یا فتاح'' کا بکثرت ذکر کرنا مفید اور موثر ہوتا ہے۔

۱۴۔ جو کوئی اپنا ہاتھ سینے پر رکھ کر نماز فجر کے بعد اکہتر (۷۱) مرتبہ پڑھے گا تو اس کا دل پاک اور منور ہو جائے گا اور حق کے راستے کا حجاب اس سے ہٹا لیا جائے گا اور اسے انشاء اللہ تمام امور میں آسانی اور رزق میں برکت عطاء کی جائے گی۔

۱۵۔ اگر کند ذہن چینی کی رکابی پر لکھ کر زبان سے چاٹے ذہن ہو جائے۔

۱۶۔ جو اسے سات مرتبہ پڑھے گا دل کی تاریکی جاتی رہے گی۔

۱۷۔ جو اس کا بکثرت ورد رکھے اس کے دل کی کدورت دور ہو جائے گی اور فتوح کے ابواب اس پر کھل جائیں گے۔

۱۸۔ اگر کسی کی شادی رُکی ہوئی ہو تو اس اسم پاک کا ورد کرنے سے اس کی شادی کی راہ میں ہر رکاوٹ دُور ہو جائے گی۔

۱۹۔ اس اسم پاک کا ذاکر دعا، دوا اور عمل سے دُکھی انسانیت کی خدمت کرتا ہے اور ان کے دُکھ درد دور کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

۲۰۔ اگر کوئی کسی کی دشمنی کا شکار ہو کر قید یا مقدمے میں بے گناہ پھنس گیا ہو تو اس مصیبت سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے رشتہ داروں کو چاہیۓ ۲۱ ہزار مرتبہ سات دنوں تک اس اسم مبارک کو ورد کریں انشاء اللہ جلد چھٹکارا نصیب ہوگا۔

۲۱۔ اگر کسی شخص کی راہِ سلوک میں ترقی رکی ہوئی ہو تو اسے چاہیۓ کہ کثرت سے اس اسم پاک کا ورد کرے انشاء اللہ اس پر مقامات کھل جائیں گے۔ یہ اسمِ پاک معرفت کے دروازے کی کنجی ہے۔

☆☆☆☆☆☆

۱۸۱		قمری اعداد
۲۶۹۱		شمسی اعداد

۲۰۔ العلیم جل جلالہ

جمالی ☆ خاکی

اس صفاتی نام سے ظاہر ہوتا ہے کہ اللہ تعالی اپنے بندوں کے ہر قول و فعل اور جذبہ و خیال کا براہ راست جاننے والا ہے۔ یعنی علیم وہ ذات ہے جس کا علم ہر چھوٹی بڑی ظاہر و باطن شے کو محیط ہو، جس کا علم اتنا کامل ہو کہ اس کا تصور بھی نہ ہو سکے اور اپنے علم میں کسی کا محتاج نہ ہو۔ صرف اسی کی ذات جانتی ہے کہ کل کیا ہوگا، بارش کب ہوگی، آدمی کیا کمائے گا، کب فوت ہوگا اور قیامت کب آئے گی وغیرہ۔ اللہ تعالی نے انسانوں کو بھی علم عطا کیا ہے یہ علم صرف اشیا تک محدود ہے۔

وظائف:

۱۔ ذہین بننے کیلئے اس اسم پاک کو ہر نماز کے بعد پڑھ کے دعا مانگیں۔

۲۔ ماں باپ کو اکثر شکایت ہوتی ہے کہ ان کی اولاد پڑھتی نہیں اور نہ ہی پڑھنے میں کوئی دلچسپی لیتی ہے۔ ایسے بچوں کا دل اور دماغ پڑھائی میں لگانے کے لیے اس اسم کو روزانہ گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں اور ۴۰ دن تک یہی عمل کریں۔ انشاء اللہ بچوں کا دل پڑھنے کی طرف مائل ہو جائے گا۔

۳۔ قوت حافظہ تیز کرنے کیلئے یہ اسم بہت پُر تاثیر ہے۔

۴۔ جو شخص علم دین کے حصول میں دشواری یا کوئی رکاوٹ محسوس کرتا ہو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو کثرت سے پڑھے انشاء اللہ رکاوٹ دور ہو جائے گی اور اللہ تعالی اس کے لیے آسانی پیدا کر دے گا اور اس پر علم کی راہیں کھول دے گا۔

۵۔ اگر کوئی عالم دین اس اسم کو کثرت سے پڑھے تو اس کے علم میں اضافہ ہوگا۔

۶۔ کسی بھی قسم کے استخارے کے لئے ''یا علیم یا لطیف یا خبیر'' پڑھنا بے حد مفید ہے۔

۷۔ ایک عامل کا قول ہے کہ اگر کوئی استخارہ کے ذریعے یہ جاننا چاہے کہ اس مقدمے کا کیا ہوگا۔ تجارت میں نفع ہوگا یا نقصان، شراکت رہے گی کہ نہیں۔ سفر اچھا رہے گا کہ نہیں، ہونے والا رشتہ اچھے رہے گا کہ نہیں۔ یعنی جوبات بھی معلوم کرنی ہو تو جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب میں رات کے وقت اٹھے اور وضو کر کے دو رکعت نماز ادا کرے اور اس کے بعد ۱۵۰ مرتبہ اس اسم کو پڑھے اس کے بعد سو جائے۔ تین شب جمعہ تک یہی عمل کرے۔ انشاء اللہ جوبات صحیح ہوگی وہ خواب میں معلوم ہو جائے گی۔

۸۔ اہل طریقت میں جو شخص صاحب کشف بننا چاہتا ہو تو اسے چاہیئے کہ روزانہ اس اسم کو گیارہ ہزار مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے۔ انشاء اللہ ایک سال میں اس کا باطن کھل جائے گا اور وہ صاحب کشف بن جائے گا۔

۹۔ اس طرح اگر کوئی شخص قبر میں مردے کا حال معلوم کرنا چاہے تو اس اسم مبارک کو مندرجہ بالا طریق پر پڑھے تو اسے معلوم ہوگا کہ قبر میں مردے کا کیا حال ہے اگر کسی ولی اللہ کے مزار پر جائے گا تو اس کی ملاقات ہوگی۔ گویا کہ ایسے شخص پر علم و معرفت کے دروازے کشادہ ہو جاتے ہیں اور اس کا حافظہ قوی ہو جاتا ہے۔

۱۰۔ ایک عامل کا قول ہے کہ جو شخص یہ چاہے کہ میری حاجت جلد پوری ہو تو اسے چاہیئے کہ وضو کر کے آبادی کے باہر جنگل میں جائے اور وہاں دو رکعت نفل برائے رفع حاجت پڑھے۔ اس کے بعد قبلہ کی طرف منہ کر کے ایک ہزار مرتبہ اس اسم کو پڑھے۔ انشاء اللہ اس کی حاجت پوری ہو جائے۔

۱۱۔ اس اسم کا بننے کے لیے اس اسم کو گیارہ ہزار مرتبہ ایک سو دن تک بلا ناغہ پڑھیں۔ ایک مقام اور ایک ہی وقت کا ہونا ضروری ہے۔ انشاء اللہ پڑھائی مکمل ہونے پر آپ اس کے عامل بن جائیں گے اور اس کے بعد اس کا نقش یا علیم کے تمام فوائد کے لیے استعمال میں لا سکتے ہیں۔

۱۲۔ اگر کسی شخص نے کسی چیز کا انجام معلوم کرنا ہو کہ کیا وہ اس کے لیے اچھی رہے گی یا بری تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو سات دن تک سوتے وقت روزانہ ۹۰۰ مرتبہ پڑھے۔ پھر کسی سے بات چیت نہ کرے اور سو جائے۔ انشاء اللہ اسے خواب میں یا اشارہ غیبی سے اس چیز کے اچھے یا بُرے ہونے کا پورا پورا سال معلوم ہو جائے گا۔

۱۳۔ مجرب استخارہ:

"یَا عَلِیمُ عَلِّمنِیُ یَا رَ شِیدُ اَرُشِدُ نِیُ، یَاخَبِیرُ اَخبِرُنِیُ"

کسی کام کے کرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ سے رہنمائی اور مدد طلب کرنے کو استخارہ کہا جاتا ہے حضور صلّی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کرام رضہ کو استخارہ کی ترغیب فرمایا کرتے تھے تاکہ کام میں اللہ تعالیٰ کی توفیق شامل حال ہو جائے۔ حضرت انس سے روایت ہے کہ حضور صلّی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اے انس جس کام کے کرنے کا تو ارادہ کرے تو اس متعلق اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں استخارہ کر اور جو تیرے دل پر القا ہو اس پر عمل کرے۔ انشاء اللہ وہی تیرے لیے بہتر ہوگا اس لیے زندگی کے اہم کام یعنی تلاش مرشد، حج کا سفر عام سفر، تعمیر عمارت نکاح، تجارت کا آغاز کسی کام میں شرکت، ملازمت، سورای کی خرید و فروخت وغیرہ امور کے بارے میں استخارہ کر لینا بہتر ہے۔ استخارہ کے۔لیے مندرجہ بالا عمل بہت ہی مجرب اور اکسیر ہے۔ حضرت علیم اللہ شاہجہان آبادی کا قول ہے کہ استخارہ کے لیے مندرجہ بالا وظیفہ بہت اکسیر ہے انھوں نے فرمایا ہے کہ استخارہ کرنے سے پہلے دو رکعت نفل پڑھیں اس کے بعد اپنے بستر پر بیٹھ کر قبلہ کی طرف منہ کر کے سو سو مرتبہ مندرجہ بالا تینوں اسموں کو پڑھیں۔ اور اس کے بعد بغیر بات کیے خاموشی سے سو جائیں۔ خواب میں جس بات کا پتہ چلے اس پر عمل کر لیں۔ اگر پہلے روز پتہ نہ چلے تو سات روز تک یہی عمل کریں۔ انشاء اللہ قدرت کی طرف سے کسی نہ کسی صورت میں بہتری کا اشارہ ہو جائے گا۔

۱۴۔ اس اسم پاک کا ذاکر ہر کام میں سمجھ بوجھ اور قبل از وقت نتیجہ سے باخبر ہوگا۔

۱۵۔ چالیس دن تک نہار منہ اپنے بچے کو اکیس مرتبہ "یا علیم" پانی پر دم کر کے پلائیں بچہ صاحب علم ہوگا۔

۱۶۔ جو اس مبارک نام کا ورد رکھے گا ہر ایک کام میں سمجھ اور ہر بات کا انجام جلد معلوم کرے گا۔

۱۷۔ یا علیم یا اللہ کا ورد کرنے والا کائنات کے راز سے واقف ہو جاتا ہے۔

۱۸۔ بسم اللہ یا علیم جلّ جلالہ پڑھنے والا صاحب کشف ہوگا۔

۱۹۔ کسی کو علم دینے اور واپس لینے کیلئے بعد نماز تہجد ۳۱۳ مرتبہ اس اسم کا ورد مفید ہے۔

۲۰۔ "یا علیم" کا کثرت سے ذکر کرنے والا صاحب علم ہو جاتا ہے۔

۲۱۔ اگر کسی کو کوئی یاد کرنے والی چیز یاد نہ ہوتی ہو تو "یا علیم" کا ورد کرنے سے یاد ہو جاتی ہے۔

۹۳۴	قمری اعداد
۸۶۴	شمسی اعداد

۲۱۔ القابض جل جلالہ

جلالی ☆ بادی

اس اسم کا مطلب ہے، وہ ذات جو انسانوں میں جس کے لیے چاہے رزق بند کر دے اور جس طرح چاہے کھول دے۔ بعض علماء کا خیال ہے کہ قابض سے وہ ذات مراد ہے جو روحیں قبض کرتی ہو اسی طرح ایک اور طبقے کا خیال ہے کہ قابض وہ ہے جو امیروں کے صدقات قبول کرتا ہو اور فقراسے مال قبض کرتا ہو۔ انسان کا فرض ہے کہ جب وہ فقر و فاقہ کی مصیبت میں گرفتار ہو یا اس پر روزی تنگ کر دی جائے تو وہ اس حالت میں صبر سے کام اور اللہ تعالیٰ سے امداد کا طالب ہو، کیونکہ مصیبتوں کا نزول یا تو کسی گناہ کی سزا کے طور پر ہوتا یا پھر انسان کے ایمان اور تقویٰ کی آزمائش مقصود ہوتی ہے۔

وظائف:

۱۔ اگر کسی دشمن سے جان و مال کا خطرہ لاحق رہتا ہو تو اس اسم کو تین رات ۹۰۳ مرتبہ یہ نیت رکھ کر پڑھیں کہ اللہ تعالیٰ دشمن کو دشمنی سے روک دے یعنی اس سے کسی قسم کا نقصان نہ پہنچے تو انشاء اللہ دشمن کا خوف ختم ہو جائے گا۔ کیونکہ اس اسم کے پڑھنے سے اللہ اسے دشمنی کرنے سے روک دیگا۔

۲۔ ایسی عورت جو آوارہ اور بد چلن ہو اور اس کے بطن سے خاوند کی اولاد بھی ہو گئی ہو مگر وہ پھر بھی برائی سے نہ رکتی ہو اور خاوند کے لیے مسلسل دل آزاری کا ذریعہ بنی ہو۔ ایسے خاوند کو چاہیئے کہ چالیس دن تک اس اسم کو روزانہ ۱۲۵۰۰ مرتبہ پڑھے۔ آخری دن پانی دم کر کے عورت کو پلائے۔ اگر ایسا نہ کر سکے تو اس اسم کے نقش کے اوپر اس کا نام لکھ کر اسے پانی میں بہا دے۔ انشاء اللہ وہ عورت بدکاری چھوڑ کر تابعدار بن جائے گی۔

۳۔ یہ اسم جادو جنات، آسیب اور بلاؤں سے بچنے کے لیے بھی کام آتا ہے لہذا جو شخص روزانہ فجر کی نماز کے بعد اور سوتے وقت ۳۳ مرتبہ اس اسم کو پڑھتا رہے اس پر کبھی جادو کا وار نہ چلے

اس کے علاوہ ہر کسی قسم کی آفات، جنات اور آسیب وغیرہ سے اللہ کی پناہ میں رہے گا۔

۴۔ یہ اسم نشہ اور دیگر برائیاں ختم کرنے کے لیے بہت مؤثر ہے ایسے لوگ جن کی اولاد میں نشے کا استعمال ہو یعنی شراب افیون اور ہیروئن وغیرہ انھیں ان بری عادات سے روکنے کے لیے اس اسم کو والد یا والدہ روزانہ ۵۴۱۸ مرتبہ ۴۱ دن تک پڑھے اور روزانہ پانی دم کر کے نشہ کرنے والے کو پلایا جائے اگر وہ نہ پیئے تو اس کی قمیض پر چھینٹے لگائے جائیں جس کو اس نے پہنا ہو۔ انشاء اللہ اللہ تعالی اسے نشہ کرنے سے روک دے گا۔

۵۔ ''یا قابض'' کا عامل بننے کے لیے کسی پاک صاف جگہ پر اس اسم کو گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ ایک سو دن تک پڑھیں۔ اس کے بعد روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھتے رہیں تا کہ عمل قائم رہ سکے۔ اس کے بعد اس اسم کے نقش کو خواص قابض کے لیے دے سکتے ہیں۔

۶۔ اس کا نقش ہر قسم کی برائی سے بچنے کے لیے، دشمن سے روکنے کے لیے بہت مجرب ہے۔

۷۔ اگر کوئی شخص اس اسم مبارک یعنی ''یا قابض'' کا مدام ذکر کرے تو اللہ تعالی اسے بھوک کے خوف سے آزاد کر دیتا ہے۔

۸۔ اگر کوئی شخص چالیس روز تک اس اسم کا ذکر کرتا رہے تو اللہ تعالی اسے قبر کے عذاب سے نجات بخش دیتا ہے۔

۹۔ یا قابض کا کثرت سے ورد کرنے والا دشمنوں سے محفوظ اور مخالفین کی مخالفتوں سے بھی بچا رہتا ہے بلکہ اللہ تعالی ایسے شخص کو دشمن پر فتح یاب کرتا ہے۔

۱۰۔ اگر کوئی شخص ہر کھانا کھانے سے پہلے چند بار ''یا قابض'' پڑھنا اپنا معمول بنالے تو اللہ اس کو بھوک کے عذاب سے بچائے رکھتا ہے۔ اسے بھوک کی شدت سے اللہ سدا محفوظ رکھتا ہے۔

۱۱۔ اگر کوئی شخص ہر روز فجر کی نماز کے بعد اور مغرب کی نماز کے بعد اکیس اکیس بار ''یا قابض'' پڑھ کر دعا کرے تو ایسے شخص کو اللہ تعالی ہر طرح کے جادو، ٹونے اور بد شگالیوں سے بچائے رکھتا ہے۔

۱۲۔ اگر کوئی شخص دشمنوں میں گھرا ہوا ہو تو اسے چاہئے کہ وہ ہر روز ۱۸۰ بار یا قابض یا اللہ کا ورد کرے تو وہ دشمنوں کی چالوں اور مذموم ارادوں سے بچا رہے گا۔

۱۳۔ دکاندار اور تاجر پیشہ لوگ اگر ہر روز اپنا کاروبار شروع کرنے سے پہلے ''یا قابض'' کی ایک تسبیح کر کے دعا مانگ لیں تو اللہ تعالیٰ ہر طرح کے مالی نقصان سے بچائے گا اور روزی میں برکت بھی ڈال دے گا۔

۱۴۔ اگر کوئی شخص ہر جمعے کے دن نماز مغرب کے بعد ۹۰۳ بار یا قابض کا ورد کر کے دعا مانگے اور تین جمعوں تک یہ سلسلہ جاری رکھے تو اللہ تعالیٰ اس کی تمام مشکلیں دور فرما دیتا ہے، رزق روزی میں اضافہ کرتا ہے اور نیکی کی جانب مائل کر دیتا ہے۔

۱۵۔ یا قابض کا کثرت سے ذکر کرنے والا دشمنوں اور مخالفوں سے محفوظ رہتا ہے۔

۱۶۔ اگر کوئی روزانہ صبح کی نماز کے بعد یا شام کی نماز کے بعد ۲۱، ۲۱ مرتبہ ''یا قابض'' پڑھ لیا کرے پھر جو دعا مانگے وہ قبول ہوتی ہے۔ اور جادو ٹونہ وغیرہ سے بھی حفاظت ہو جاتی ہے۔

۱۷۔ جن، بھوت، پلید اور آسیب وغیرہ کی دہشت سے بچنے کے لئے ''یا قابض'' کا ذکر بہترین پناہ گاہ ہے۔

۱۸۔ جملہ اقسام کی بلاؤں اور وبائی امراض سے بچنے کے لئے اس اسم مبارک کا ورد کرنا بے حد مفید ہوتا ہے۔

۱۹۔ جو اس اسم مبارک کو پابندی سے پڑھنے کا اہتمام کر لیتا ہے وہ گناہوں اور غلط کاریوں سے بچا رہتا ہے۔

۲۰۔ جو شخص چار نوالوں پر ''یا قابض'' لکھ کر کھائے گا بھوک سے محفوظ ہو جائے گا۔

۲۱۔ گویا کہ اس اسم کا عجیب الاثر تو یہ ہے کہ اس کا مستقل پڑھنے والا دوسروں کی بد دعاؤں سے اور جادو ٹونہ کیئے جانے سے بالکل محفوظ ہو جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆

قمری اعداد	۱۰۳
شمسی اعداد	۶۰۴

۲۲۔ الباسط جل جلالہ

جمالی ☆ بادی

اس اسم صفاتی سے مراد ہے وہ ذات جو انسانوں میں سے جس کے لیے چاہے اور کس وقت مناسب سمجھے رزق میں کشادگی کر دے۔ اس لفظ سے انسانی جسموں میں روحیں ڈالنے والا بھی مراد ہے اور بعض علماء کے مطابق باسط وہ ہے جو انسانوں پر اپنی ہدایت و رحمت اور عقل و فہم کے دروازے کھولتا ہے۔ انسانوں کے لیے لازم ہے کہ جب خدا تعالیٰ مال عطا فرمائے تو خدا کا شکر بجا لائیں اور اسے اللہ کی راہ میں خرچ کریں۔ کیونکہ جب بندہ مال کو اس کے صحیح مصرف میں خرچ نہیں کرتا تو وہ عذاب خداوندی کا سبب بن جاتا ہے۔

وظائف:

۱۔ مندرجہ ذیل وظیفہ بھی دراصل یا باسط کی جامع شکل ہے اور اضافہ رزق کے لیے بہت مؤثر ہے اس سے بہت جلد مسئلہ حل ہوتا ہے۔ اضافہ رزق کے لیے اس وظیفہ کو رمضان المبارک کے دوران دن یا رات کے کسی حصے میں ۱۱۰۰ مرتبہ پڑھنا بہت بہتر ہے۔ انشاء اللہ اگر اللہ راضی ہو گیا تو غیب سے دولت کے خزانے کھول دیگا اور کسی چیز کی کمی نہ رہے گی۔ وظیفہ یہ ہے۔ بسم اللہ الباسط جل جلالہ۔

۲۔ جس عورت کا خاوند بد اخلاق ہو اور اپنی عورت کے ساتھ بڑی سخت مزاجی سے پیش آتا اس عورت کو چاہیئے کہ اس اسم کو پانی پر ۳۰۰۔ مرتبہ روزانہ گیارہ یوم تک پڑھ کر پانی پلائے انشاء اللہ خاوند کا مزاج درست ہوگا اور اس میں بد اخلاقی ختم ہو جائے گی۔ مندرجہ ذیل وظیفہ بھی اسی مقصد کیلئے ہے!!

بِسْمِ اللّٰهِ الْبَاسِطُ جَلَّ جَلَالُهٗ بِحَقِّ الْبَاسِطُ يَارَبَّنَا يَارَبَّنَا يَارَبَّنَا اَغْنِنِيْ بِرَحْمَتِكَ يَااَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ.

۳۔ امام اعظم کا قول ہے کہ جو کوئی صبح کی نماز سے پہلے دس مرتبہ اس اسم کو پڑھے اور اس کے بعد اپنے چہرے پر ہاتھ پھیر لے اور ہمیشہ ایسا ہی کرتا رہے اسے مخلوق سے کبھی سوال کرنے کی ضرورت در پیش نہ آئے گی۔

۴۔ اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ وہ فراخدلی اور سخی بن جائے تو اسے اس اسم کو روزانہ ۲۷ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے۔ انشاءاللہ اس کے دل میں فراخدلی پیدا ہو جائے گی اور اللہ کی راہ میں دل کھول کر روپیہ خرچ کرنے والا بن جائے اور اسی حساب سے اللہ تعالی اسے عطا بھی کرے گا۔

۵۔ ''یاباسط'' کا نقش اضافہ رزق کے لیے بہت مجرب ہے یہ تعویذ بند کاروبار یا دکان کو دوبارہ چلانے کے لیے یا کاروبار میں ترقی کے لیے، اس کے علاوہ ہر قسم کے کاروبار میں جس میں اضافہ کرنا درکا ہو دے سکتے ہیں۔ انشاءاللہ حسب ضرورت اضافہ رزق کرے گا۔ تعویذ دینے کے لیے اس کا عمل یہ ہے کہ اس اسم کو پہلے ۴۰ دن میں ۵ لاکھ مرتبہ پڑھیں۔ یعنی کوئی وقت مقرر کر کے اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ آیت الکرسی اور چاروں قل پڑھ کر روزانہ مقررہ تعداد میں پڑھیں۔ انشاءاللہ چلے میں کامیابی ہوگی۔ اس کے بعد جس کو چاہیں تعویذ استعمال کروائیں۔

۶۔ اس اسم کی تاثیر یہ ہے کہ اس کا وِرد رکھنے والا دوسروں کیلئے روزی کا ذریعہ بن جاتا ہے۔

۷۔ اگر کوئی مرد یا عورت بداخلاق ہو، بدمزاج ہو تو وہ طالب تین سو مرتبہ ''یاباسط'' پڑھ کر پانی دم کر کے مطلوب کو پلائے یا کچھ دم کر کے کھلائے تین دن تک یہی عمل کرے انشاءاللہ تعالیٰ مطلوب کی بداخلاقی دور ہو جائیگی۔

۸۔ یہ اسم بہر صورت اپنے ذکر کرنے والے کے رزق میں اضافہ کر دیتا ہے۔

۹۔ بوقت سحر ۱۰ سے ۴۰ مرتبہ اس اسم مبارک کا پڑھنا اسے کسی کا محتاج نہیں چھوڑے گا۔

۱۰۔ اگر کوئی صبح کی نماز کے بعد کم از کم ۱۰ مرتبہ پڑھنا ہمیشہ کا معمول بنالے تو اس کے رزق میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ اور وہ شخص مفلسی سے بچا رہتا ہے۔

۱۱۔ اگر کسی کا افسر ضدی اور بدمزاج ہو اور درشت لہجہ میں بات کرتا ہو۔ اسی طرح اگر کسی شخص کا مالک بدمزاج ہو اور ہر وقت لڑنے کے لئے تیار ہو اور جھگڑالو ہو۔ تو کم از کم تین سو مرتبہ پانی دم کر کے پلانے سے بدمزاج پن اور ضدی پنا جاتا رہتا ہے۔

۱۲۔ اس اسم مبارک کا ہر فرض نماز کے بعد ذکر کرنے سے اللہ تعالیٰ آئی ہوئی مشکلات دور کر دیتا ہے اور رزق میں بھی خاطر خواہ اضافہ ہوتا ہے۔

۱۳۔ اس اسم مبارک کو چالیس روز تک بعد نماز مغرب ۱۰۱ مرتبہ پڑھنے سے ہر دعا قبول ہوتی ہے۔

۱۴۔ نماز چاشت پڑھ کر ۲۷ مرتبہ اس اسم مبارک کا ذکر گیارہ دن تک مسلسل کرنے کے بعد جو دعا مانگے قبول ہوگی اور رزق میں بھی اضافہ ہوگا۔

۱۵۔ اگر کوئی شخص ہر رات سونے سے قبل ''یا باسط'' کا ورد کرنا معمول بنا لے تو اللہ تعالیٰ اسے صحت تندرستی اور علم و فضل سے بھی نوازتا ہے۔

۱۶۔ ہر روز فجر کی نماز کے بعد اگر کوئی ۱۱۱ مرتبہ ''یا باسط'' کا ورد کر کے دعا مانگے تو اللہ تعالیٰ اس کی تمام ضروریات پوری کر دیتا ہے۔

۱۷۔ ''یا باسط'' کا ورد روزی میں اضافہ کیلئے اور کسی چیز کی کمی کو دور کرنے کے لئے بھی یا باسط کا ورد بے حد مفید ہے۔

۱۸۔ رزق کی تنگی کو دور کرنے کے لئے تہجد میں اٹھ کر نفلوں کے بعد ۱۱۱ مرتبہ اس کا ورد کر کے دعا کرنے سے رزق کی تنگی میں کشادگی اور خیر و برکت کا باعث ہوتا ہے۔

۱۹۔ یہ اسم فراخی علم کے لئے بھی بہت فائدہ مند ہے۔ اس کے لئے آدمی رات کو اٹھ کر دو رکعت نفل نماز ادا کر کے توجہ کے ساتھ ۱۰۱ مرتبہ ذکر کرنے سے سینہ علم سے روشن ہو جاتا ہے۔

۲۰۔ کمزور آدمی اپنی صحت میں اضافہ کے لئے یا اپنی کمزوری دور کرنے کے لئے اس کا ذکر کر کے دعا مانگے تو چند ہی روز میں فائدہ نظر آنا شروع ہو جائے۔

۲۱۔ اسی طرح کوئی حاکم اپنی سلطنت یا اپنی حکومت کو وسیع کرنے کے لئے بھی اگر اس اسم مبارک کا ورد کر کے دعا کرے بشرطیکہ نیک نیتی ہو تو دعا قبول ہوتی ہے۔

☆☆☆☆☆☆

۱۴۵۲	قمری اعداد
۷۶۹	شمسی اعداد

۲۳۔ الخافض جل جلالہ

جلالی ☆ آتشی

اس صفاتی نام کا لفظی معنی ہے گرانے والا۔ مراد ہے اپنے دشمنوں کا رتبہ گرانے والا اور ان کو دنیا میں ذلیل وخوار کرنے والا۔ یہ اسم قرآن مجید میں نہیں آیا بلکہ حدیث نبوی میں استعمال ہوا ہے۔ جو انسان احکام الٰہی سے غفلت برتتا ہے اور نفسانی خواہشوں کی تکمیل میں لگا رہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کو دنیا میں ذلیل کرکے جہنم کے نچلے درجے تک پہنچا دیتا ہے۔ اس صفت کا تقاضہ ہے کہ ہم دین کے دشمنوں سے عداوت رکھیں اور باطل کو مٹانے کی کوشش کرتے رہیں۔

وظائف:

۱۔ کسی میچ یا مقابلے میں دوسرے فریق کو اگر پست کرنا مقصود ہو تو اس اسم کو مقابلے سے تین دن پہلے روزانہ گیارہ ہزار پڑھنا شروع کر دیں۔ اور جب مقابلہ ہو تو اس وقت بھی دل میں اس کا ورد رکھیں۔ مخالف فریق شکست کھائے گا۔ بشرطیکہ آپ سچائی پر ہوں۔

۲۔ یہ اسم دشمن کو پست کرنے کے لیے بہت اکسیر ہے۔ اس مقصد کے لیے اس اسم کو بعد نماز فجر ۱۴۸۱ مرتبہ ۴۰ دن کے لیے پڑھیں۔ انشاء اللہ دشمن جو آپ ذلیل کرنے کا منصوبہ بنائے گا خود ہی ذلیل ہوگا۔

۳۔ کوئی قتل کرنے کا منصوبہ بنائے گا۔ اس اسم پاک کو پڑھنے والے کو اللہ اپنی پناہ میں رکھے گا۔

۴۔ اگر کوئی برا آدمی کسی لڑکی کے پیچھے عشق مجازی کے چکر میں پڑا ہو اور بے پناہ تنگ کرتا ہو جس سے بدنام ہونے کا خطرہ ہو اس سے پیچھا چھڑانے کے لیے اس اسم گیارہ دن سورج ڈھلنے کے وقت کھڑے ہو کر ۸۸۸۶ مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ عمل ختم ہونے پر بُرے آدمی سے خلاصی ہو جائے گی۔

۵۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ جو شخص اس نام کا ورد کرے گا خدا اور رسول اللہ ﷺ کی مخالفت کو بہت برا جانے گا۔ بڑے سے بڑے متکبر اور مغرور آدمی اس کو حقیر نظر آئیں گے۔

۶۔ ایسے ہی اگر کوئی بُرا آدمی ہو جو سروس میں کاروبار میں یا محلے میں تنگ کرتا ہو تو اس سے بچنے کے لیے سات روزے رکھیں اور ہر روز دس ہزار مرتبہ یہ اسم پڑھیں۔ انشاء اللہ برے آدمی سے فوراً پیچھا چھوٹ جائے گا۔

۷۔ یہ ذکر مجاہدین اسلام کے لیے خاص کر اس وقت بہتر ہے جب کفار شدید حملہ کریں اس وقت مجاہدین اسے خوب پڑھیں۔ انشاء اللہ دشمن کا حملہ پسپا ہوگا اور مسلمان مجاہدین کو اللہ فتح عطا فرمائے گا۔ اس اسم کی برکت سے اللہ ان کے دل کو مضبوط رکھے گا۔

۸۔ ''یا خافض'' کا تعویذ دینے کے لیے پہلے اس کی زکوۃ ادا کریں۔ اور اس کی زکوۃ یہ ہے کہ اسے چالیس دن تک روزانہ ۱۲۵۰۰ مرتبہ پڑھیں۔ چلہ مکمل کرنے کے بعد روزانہ اسی اسم کو ایک سو مرتبہ پڑھے رہا کریں تا کہ عمل قائم رہے اس کے بعد آپ اس اسم کے نقش کو ضرورت مند کو دے سکتے ہیں۔

۹۔ جو شخص تین روزے رکھے پھر چوتھے دن ستر ہزار مرتبہ اس اسم کو پڑھے تو دشمن پر فتح پائے۔

۱۰۔ جو اس مبارک نام کو پانچ سو مرتبہ صبح کی نماز کے بعد ہر روز پڑھے گا اللہ کی رحمت سے سارے دشمنوں سے محفوظ رہے گا۔ اور اگر کوئی اس پر حملہ کرے گا تو ناکام ہوگا۔

۱۱۔ ''یا خافض'' کا ذکر کرنے والا ہر طرح کی مشکلات پر قابو پالیتا ہے اور دشمنوں پر غالب ہو جاتا ہے۔

۱۲۔ اپنے مخالفوں پر قابو پانے کے لئے تین روزے رکھے چوتھے دن ستر ہزار مرتبہ اس اسم کا ورد کر کے دعا مانگے مخالف مطلوب پست و ذلیل ہوگا۔

۱۳۔ اگر کوئی حاکم، یا افسر، یا سردار ظالم اور بہت سخت ہو تو اس کے سامنے جانے سے پہلے گیارہ مرتبہ ''یا خافض'' کا ورد کر لینا چاہئے۔ نرم مزاج ہو جائے گا۔

۱۴۔ جو ہر روز اس اسم مبارک کو مستقل پڑھنے کا معمول بنالے تو وہ لوگوں کی نظروں میں معزز معتبر اور مقبول ہو جاتا ہے۔

۱۵۔ لوگوں پر رعب جمار ہے اور لوگ اس کی وجاہت کو رشک کی نگاہ سے دیکھیں اس کے لئے بھی اس اسم کا ورد بہت مفید ہے۔

۱۶۔ اس اسم مبارک کا ورد کرنے والا ہر قسم کی مالی پریشانی اور نقصان سے محفوظ رہتا ہے۔

۱۷۔ اس اسم کا دائمی ذکر کرنے والا جن بھوتوں کے شر سے اور آسیب وغیرہ سے محفوظ رہتا ہے۔

۱۸۔ کسی متکبر اور بدمزاج آدمی کے سامنے جانے سے پہلے اگر ''یا خافض'' کا ذکر کرلیا جائے تو پڑھنے والے کے سامنے اس کا مزاج درست رہتا ہے اور برا سلوک نہیں کرتا۔

۱۹۔ ۵۰۰ مرتبہ ''یا خافض'' پڑھنے سے ہر حاجت وضرورت پوری ہوتی ہے۔ اور غیب سے بھی مدد ہوتی ہے۔

۲۰۔ زبان بندی کیلئے دن میں ۱۲ بجے اس اسم کو ۵۰۰ مرتبہ پڑھنا مفید ہے۔

۲۱۔ دشمنوں اور حاسدوں پر غلبہ کیلئے اس اسم مبارک کو ۱۴۸۱ مرتبہ بعد نماز تہجد لکھ کر بازو پر باندھ لیں۔

☆☆☆☆☆☆

۳۲۲	قمری اعداد
۸۰۲	شمسی اعداد

۲۴۔الرافع جل جلالہ

جمالی ☆ بادی

اللہ تعالیٰ کا یہ اسم صفاتی بھی قرآن مجید میں استعمال نہیں ہوا بلکہ حدیث نبوی سے لیا گیا ہے۔اس لفظ کا لغوی معنی ہے اوپر اٹھانے والا۔اس سے مراد ہے درجے بلند کرنے والا یعنی اللہ تعالیٰ جس کو چاہے اپنے فضل سے نوازتے ہوئے اس کا رتبہ بڑھا دے اور اپنے دشمنوں کے مقابلے میں اپنے دین کے مددگاروں کی امداد فرمائے۔وہ جس طرح کافروں کو دنیا میں خوار کرتا ہے،اسی طرح مومنوں کو عاقبت میں اپنے قرب سے نوازتا ہے اور جو اس کے قرب کا متلاشی رہتا ہے اس کو مقرب فرشتوں کے درجے تک پہنچاتا ہے اس صفاتی نام کی مناسب سے،ہم پر لازم آتا ہے کہ حق کو بلند کرنے کی کوشش کریں اور اللہ کے دوستوں اور پرہیز گاروں سے محبت کریں۔

وظائف:

۱۔ یہ اسم شہرت وعزت میں اضافے کے لیے بہت موثر ہے لہذا جو شخص حصول عزت کا خواہاں ہو اسے چاہیے کہ اس اسم کو روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھے۔اول آخر درود شریف جو یاد ہو پڑھے اور تین سال تک یہ عمل جاری رکھے انشاء اللہ اس کی شہرت اور عزت میں سربلندی ہوگی۔لوگوں میں برگزیدہ ہو جائے اور ہر کوئی عزت کی نگاہ سے دیکھے گا۔جس محفل میں جائے لوگوں میں اس کی ہیبت قائم ہو جائے گی

۲۔ ''یارافع'' کو روزانہ ۶۲۵۰ مرتبہ بعد نماز عشاء ۴۰ دن تک پڑھیں اس کے بعد اس کا نقش دوسروں کو دے سکتے ہیں۔اس کا تعویز عہدہ میں ترقی،رُکی ہوئی حاجت کو پورا کرنے کے لیے،محفل میں گفتگو میں بالادستی،رشتہ کی بات چیت میں سربلند رہنا،امتحان میں کامیابی،تحصیل علم میں آسانی،دشمن پر فوقیت حاصل کرنے اور دیگر کاموں میں رفعت کے لیے استعمال میں لا سکتے ہیں۔

۳۔ اگر کوئی شخص اس کا نقش انگوٹھی یا ٹوپی میں رکھے تو ہمیشہ جہاں جائے عزت پائے۔

۴۔ دفاتر اور عدالت میں عموماً لوگ حاکموں کے سخت مزاج کی وجہ سے ان کے سامنے جاتے ہوئے ڈرتے ہیں ان کا یہ ڈر یارافع پڑھنے سے ختم ہو جائے گا لہٰذا جب ایسی صورت حال ہو تو تین دن تک روزانہ تین ہزار مرتبہ اسی اسم کو پڑھیں پھر اس کے بعد جب حاکم کے سامنے جائیں تو اسی اسم پڑھتے جائیں انشاء اللہ تعالیٰ، اللہ پاک حاکم کے دل میں رحم دلی اور نرمی کا جذبہ پیدا کردے گا۔ اور وہ عزت سے پیش آئے گا۔

۵۔ یہ اسم امتحان میں نمایاں کامیابی اور دیگر قسم کے مقابلوں میں کامیابی کے لیے بہت مجرب ہے۔ اس لیے مقابلے سے پہلے اس اسم کو کثرت سے پڑھیں اور مقابلے کے وقت بھی دل میں پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ پڑھنے والا کامیاب ہوگا۔

۶۔ اگر کسی ملازم کے عہدہ کی ترقی رکی ہو اور کسی وجہ سے افسران بالا رکاوٹ ڈال رہے ہوں تو ملازم کو چاہیئے کہ پیر کی شام کو بعد نماز مغرب ۱۲۶۳۶ مرتبہ پڑھے اور اس کے بعد سجدے میں سر رکھ کر اپنے مقصد کی دعا کریں۔ انشاء اللہ دعا پوری ہوگی اور یہ عمل گیارہ پیر تک کریں۔

۷۔ یہ اسم سالکان طریقت کے لیے سلوک میں حصول بلند درجات کے لیے مفید ہے۔ اگر کوئی مرید یا شیخ طریقت منزل بقا پانے کے بعد پڑھے تو اسے روحانی مراتب میں بلندی حاصل ہو گی مگر کثرت سے پڑھنا ضروری ہے۔

۸۔ جو شخص اس نام کا ورد کرے گا ہر وقت اپنے دینِ اسلام کی رونق سے خوش ہوگا۔ اور اسلام کی کمزوری سے ناراض ہوگا۔ اور اسلام کی ترقی کی فکر میں رہے گا۔

۹۔ ''یارافع'' کا ورد کرنے والے کو اللہ تعالیٰ صاحب عز و شرف اور خلق میں ہر دلعزیز بنا دیتے ہیں۔

۱۰۔ اگر کوئی اس اسم مبارک کو ۱۰۰ مرتبہ بعد نماز ظہر یا آدھی رات کو پڑھے تو وہ لوگوں کی نظروں میں مقبول ہوگا۔ اور لوگ اس سے محبت کرنے لگیں گے۔

۱۱۔ "یارافع" کا کثرت سے ذکر کرنے والا بارعب ہو جاتا ہے لوگوں پر چھا جانے والی شخصیت بن جاتا ہے۔

۱۲۔ اگر مقروض جسے قرضے کی ادائیگی میں مشکل محسوس ہو رہی ہو تو اسے چاہئے کہ اس اسم مبارک کا ورد اپنا معمول بنالے انشاء اللہ کوئی سبیل پیدا ہو جائے گی۔ اور جلد ہی اس کا قرضہ ادا ہو گا۔

۱۳۔ بعد نماز مغرب جو اکتالیس مرتبہ ہر روز اس اسم کا ورد کر کے دعا مانگے تو اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول فرماتے ہیں اور اسے خوشحال بنا دیتے ہیں۔

۱۴۔ لوگوں میں معزز بننے کے لئے ہر روز باوضو ہو کر ۴۰ مرتبہ باقاعدگی سے پڑھا جائے۔

۱۵۔ اسی طرح لوگوں میں عزت اور مرتبہ وشرف حاصل کرنے کے لئے بھی اس کا کثرت سے ورد کرنا بے حد مفید ہے۔

۱۶۔ اگر کوئی اس کا مستقل اہتمام کر لے کہ روز پڑھا کرے تو اللہ تعالیٰ اس کے رزق میں اضافہ کر دیتے ہیں اور اسے ہر طرح کی محتاجی سے آزاد فرما دیتے ہیں۔

۱۷۔ اگر کسی حاکم کے سامنے جاتے ہوئے ڈر لگتا ہو اور ڈر ہو کہ بے عزت کرے گا تو تین ہزار مرتبہ "یارافع" کا ورد کر لے پھر سامنے چلا جائے انشاء اللہ تعالیٰ حاکم عزت سے پیش آئے گا۔

۱۸۔ ہر فرض نماز کے بعد جو کوئی اس اسم مبارک کو ۱۲ مرتبہ پڑھنے کا اہتمام کرے گا اس کی کوئی حاجت رُکی نہ رہے گی۔

۱۹۔ اگر کوئی شخص کسی دفتر میں ہو اور اپنے عہدہ بڑھانے کا متمنی ہو تو اس اسم مبارک کو کثرت سے پڑھے انشاء اللہ چند دنوں بعد ہی اس کے عہدہ میں ترقی ہو گی۔

۲۰۔ جو شخص اللہ کا دوست بننا چاہتا ہے تو اسے چاہئے کہ نماز تہجد پابندی کے ساتھ ادا کرے اور ۳۵۱۰ مرتبہ اس اسم پاک کا ورد کرے انشاء اللہ بامراد رہے گا۔

۲۱۔ اگر کوئی طالب علم یا تعلیمی وفنی امور سے منسلک کوئی شخص اس اسمِ پاک کا کثرت کے ساتھ ورد کرتا ہے تو اس کی ذہنی صلاحیتوں کو جلا ملتی ہے۔

قمری اعداد	۱۴۸
شمسی اعداد	۱۲۱۱

۲۵۔ المعز جل جلالہ

جمالی ☆ خاکی

اس لفظ کا مطلب ہے عزت دینے والا۔ مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ کے جانے کے مختلف طریقے ہیں۔ یعنی کسی کو مال و دولت کے ذریعے عزت دیتا ہے، کسی کو حکومت دے کو معزز بناتا ہے اور کسی کو اپنی مغفرت اور رحمت کے ذریعے آخرت میں عزت سے نوازتا ہے۔ لیکن اصل عزت تو مؤمنوں اور پرہیزگاروں کے لیے خاص ہے، خواہ وہ دیکھنے میں ذلت کی زندگی ہی کیوں نہ گزارے۔ یعنی اہل دنیا اور منافقین جس چیز کو عزت سمجھتے ہیں، وہ دراصل عزت نہیں کیونکہ عزت تو وہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ عزت قرار دے۔

وظائف:

۱۔ جو کوئی سفر میں جاتے وقت اسے ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور سفر میں بھی جب یاد آئے اس اسم کا ورد کرے۔ انشاءاللہ باعزت طور پر واپس آئے گا اور گھر میں ہر طرح کی خیریت رہے گی۔

۲۔ ایسی بہو جو ایسے گھر میں جائے جہاں اہل خانہ کے افراد زیادہ ہوں اور اسے بات بات پر بے عزتی کا نشانہ بناتے ہوں۔ خاوند بھی پرواہ نہ کرتا ہو تو اسے چاہیئے کہ ۴۰ دن تک روزانہ دن کے کسی وقت میں ۳۱۲۵ مرتبہ پڑھے اور پانی دم کر کے خود پی لے۔ انشاءاللہ تمام گھر والے اس کی عزت کرنے لگیں گے اگر اسی گھر میں دوسری بہوئیں بھی ہوں تب بھی ان میں معزز رہے گی۔

۳۔ جو شخص اس نام کو روزانہ ایک سو مرتبہ کسی نماز کے بعد پڑھنے کا معمول بنا لے۔ انشاءاللہ اس کے اخلاق و کردار میں اچھے خصائل پیدا ہو جائیں گے۔ ایسا شخص ہمیشہ نیک لوگوں کی صحبت اختیار کرے گا۔ اس کے دل میں دوسروں کی عزت کرنے کا جذبہ پیدا ہوگا۔ اچھے چال چلن اور کردار کی ہمیشہ نگرانی کرے گا۔

۴۔ اگر کوئی اپنے خاندان میں ہمیشہ باعزت رہنا چاہتا ہو یا کوئی اکابر زمانہ سے چاہے کہ اسے معاشرے میں بلند مقام حاصل ہو اور شرف سعادت ابدی اور دولت سرمدی نصیب ہو اور تمام خاص وعوام لوگ اس کے مطیع وفرمانبردار ہوں اور اس کے حکم کے آگے کوئی سر نہ اٹھائے۔ ہر کوئی اس سے سختی اور متکبرانہ طریقے سے پیش نہ آئے تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو ۱۴۱ دن تک ۱۴۱۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھے۔ اس کے بعد اسے روزانہ ۱۱۷ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے۔ انشاء اللہ دنیاوی امور میں ہر لحاظ سے عزت پائے گا۔

۵۔ عامل بننے کے لیے یا مُعِزُّ کو ۱۴۶۲۵ مرتبہ روزانہ ۱۴۱ دن تک پڑھیں۔ زکوۃ مکمل ہونے پر اسے روزانہ ۱۱۷ مرتبہ پڑھتے رہیں۔ پھر اس کا تعویذ عزت سے تعلق رکھنے والے معاملات میں استعمال کروائیں۔ انشاء اللہ بہت بہتر کام کرے گا۔

۶۔ جو شخص اس اسم کا زیادہ ورد کرتا ہے اسے اللہ تعالیٰ اپنے قانون اور قاعدے کے مطابق بجا طور پر لوگوں میں صاحب عزت بنا دیتا ہے۔

۷۔ اس اسم الٰہی کا مدام ذکر کرنے والا اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتا اور سدا اللہ کے حفظ و امان میں رہتا ہے۔

۸۔ ''یا معز'' کا بکثرت ورد کرنے والا لوگوں کی نظروں میں وقیع اور معتبر ہو جاتا ہے۔

۹۔ اگر کوئی شخص اپنے کسی بھی طرح کے تجارتی سفر کو شروع کرنے سے پہلے اور دوران سفر اس اسم حسنہ کا ورد کرتا رہے تو اللہ اس کا سفر بخیر وعافیت گزارتا ہے۔ اور خوب مالی فائدہ ہوتا ہے۔

۱۰۔ اس اسم کا ورد کرنے والا دشمنوں کی چالوں اور مخالفتوں سے بچا رہتا ہے۔

۱۱۔ اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد ایک اکیس مرتبہ اس اسم پاک کا ورد کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی ہر مراد پوری فرماتا ہے۔ اور اسے ''خناس شیاطین'' اور اس کے وساوس سے اور نفسانی خواہشات سے بھی بچاتا رہتا ہے۔

۱۲۔ اگر کوئی شخص سوموار یا جمعرات کی رات کو مغرب کی نماز کے بعد ۱۴۰ مرتبہ اس اسم پاک کا

کا ورد کرتا ہے تو لوگ اس کی عزت کرنے لگتے ہیں اور وہ سوائے اللہ کی ناراضگی کے اور کسی چیز سے نہیں ڈرتا۔

۱۳۔ اس اسم پاک کا ذاکر دوسروں کی عزت و آبرو کو اپنا سمجھ کر اس کی حفاظت کرتا ہے۔

۱۴۔ اگر کوئی رات کے وقت ایک ہزار مرتبہ اس اسم پاک کا ورد کر کے سفر کا آغاز کرے تو اس دوران وہ سفری مصیبتوں اور پریشانیوں سے بچا رہے گا۔

۱۵۔ فجر کی نماز کے بعد اس اسم پاک کا ۵۱۰ مرتبہ ورد کرنے سے گھر والوں کی نگاہ میں قدر و منزلت بڑھ جاتی ہے اور مشکل کام آسان ہو جاتے ہیں۔

۱۶۔ جو شخص پیر یا جمعہ کی رات مغرب کے بعد چالیس بار پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کی ہیبت مخلوق کے دل میں ڈال دے گا۔

۱۷۔ جو ایک سو چالیس دن تک اکتالیس بار ہر روز بلا ناغہ پڑھے گا دنیا و آخرت میں عزت پائے گا۔ پڑھنے کا آغاز پیر یا جمعہ کی شب سے کرے۔

۱۸۔ شمسی حساب سے اتوار اور جمعرات کی راتوں میں اس اسم کا ورد ۱۴۰ مرتبہ کرنا لوگوں میں معزز بناتا ہے اور اس کا دبدبہ لوگوں پر طاری ہو جاتا ہے۔

۱۹۔ یا معز یا اللہ کا ورد کرنے والا تمام مشکلات سے خلاصی پاتا ہے۔

۲۰۔ جھوٹے مقدمات میں فتح و نصرت کیلئے یا معز یا اللہ بعد نماز تہجد ۱۰۰ مرتبہ پڑھیئے۔

۲۱۔ مندرجہ ذیل جامع وظیفہ عزت و بزرگی کے تمام معاملات میں مجرب و مفید ہے۔

" بسم الله المعز جَل جلا لهُ بِحَقِ الله المعز "

قمری اعداد	۸۰۱
شمسی اعداد	۱۶۱۰

۲۶۔ المذل جل جلالہ

جلالی ☆ آتشی

اس صفاتی نام کا مطلب ہے ذلیل کرنے والا یا ذلت دینے والا۔ اس سے مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ جس کو چاہے ذلیل وخوار کرے۔ ذلت کے بھی کئی طریقے ہیں مثال کے طور پر وہ اپنے دشمن کو مؤمنوں کے مقابلے میں ذلت سے دوچار کرتا ہے۔ اور کسی گمراہ حاکم سے حکومت اور ملک واپس چھین کر ذلیل کرتا ہے۔ کسی دشمن دین کو ہمیشہ کے لیے دوزخ میں دھکیل کر ابدی ذلت سے دوچار کرتا ہے۔ مدینے کے منافقوں نے اپنے آپ کو عزت دار اور مسلمانوں کو نعوذ باللہ ذلیل قرار دیا تھا۔ اس کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ دراصل عزت اللہ اور اسکے رسول اور مومنوں کے لیے ہے لیکن منافقین کو ابھی معلوم نہیں۔

وظائف:

۱۔ دفاتر میں بعض افسران بڑے بدکلام اور سخت مزاج ہوتے ہیں جو ماتحتوں کو بہت تنگ کرتے ہیں اور ہر وقت کسی پریشانی میں مبتلا کیے رکھتے ہیں ایسے افسران سے نجات کے لیے اس اسم کو چالیس دن تک ۶۲۵۰ مرتبہ روزانہ بعد نماز عصر مسجد میں بیٹھ کر پڑھیں۔ انشاء اللہ ایسے افسر سے نجات ملے گی اور وہ ذلیل وخوار ہوگا۔

۲۔ اگر کوئی دشمن بہت تنگ کرتا ہو اور لوگوں میں بدنام کرتا ہو تو اس اسم کو ۲۱ دن تک روزانہ ۷۰۰۰ مرتبہ پڑھیں اور ہر روز سجدے میں سر رکھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دشمن سے نجات کی دعا کریں۔ انشاء اللہ دشمن سے خلاصی حاصل ہوگی اور دشمن ذلیل وخوار ہوگا۔

۳۔ شیخ جلال الدین محمود تبریزی کا قول ہے کہ اگر دشمن قوی ہو جابر اور ظالم ہو اور اس سے جان کا خطرہ لاحق رہتا ہو تو وضو کر کے دو رکعت نماز ادا کریں۔ اور ۷۷ مرتبہ اس اسم کو پڑھیں۔ انشاء اللہ دشمن ذلیل وخوار ہوگا۔

۴۔ جس شخص کو نفسانی خواہشات بہت تنگ کرتی ہوں تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو روزانہ ۷۰ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے۔ تھوڑے ہی عرصے میں اس کی نفسانی خواہشات محدود ہو کر کنٹرول ہو جائیں گی۔ اور نفس کو ذلت ہوگی اور وہ راہ راست پر چل نکلے گا۔

۵۔ اس کا نقش ظالم، فاجر فاسق جو بہت تنگ کرتا ہو اس سے بچنے کے لیے استعمال میں لایا جاتا ہے۔ تعویذ لینے والا تعویذ کو سوکھے درخت کی شاخ پر باندھ دے۔ انشاء اللہ ظالم سے نجات ملے گی۔ اس کے علاوہ اس کا تعویذ جو شخص اپنے پاس رکھے وہ کسی سے خوف نہ کھائے گا۔ اس اسم کا نقش استعمال میں لایئے پہلے یا دوسروں کو دینے سے پہلے اسے روزانہ دس ہزار مرتبہ پڑھیں ۱۱۰۸۱ دن تک یہ عمل جاری رکھیں اس کے بعد آپ اس کے عامل بن جائیں گے اور پھر تعویذ دے سکتے ہیں۔

۶۔ یہ وظیفہ جنات، دشمن، ظالم اور زیادتی کرنے والے کو زیر کرنے کے لیے بہت مجرب ہے اگر کوئی شخص اسے اکیس دن تک ۷۰۰ روزانہ پڑھے تو اس اسم کے اثرات ظاہر ہو جائیں گے۔ وظیفہ یہ ہے۔

"یَامُذِلُّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَھْرِ عَزِیْزٍ سُلْطَانِہٖ یَامُذِلُّ"

۷۔ اگر کوئی شخص کسی ظالم کا خوف دل میں رکھتا ہو تو اُسے چاہیئے کہ مسلسل تین دن تک نماز نفل کے بعد سجدے میں جا کر ۷۵ مرتبہ اس اسم مبارک کا ورد کرے۔ انشآء اللہ تعالیٰ ظالم کا خوف دل سے جاتا رہے گا۔

۸۔ اس اسم پاک کا ذاکر حاسدوں کے شر سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ اور کوئی بھی آدمی اس کی حق تلفی نہیں کر سکتا۔

۹۔ اگر کوئی شخص روزانہ فجر کی نماز کے بعد اس اسم مبارک کا ۷۰ مرتبہ ورد کرتا ہے تو اسے بدکلام افسر سے نجات مل جاتی ہے۔ نفسانی خواہشات کو کنٹرول کر لیتا ہے اور لوگوں کی مخالفت سے محفوظ رہتا ہے۔

۱۰۔ اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کا ورد اتنی کثرت سے کرے کہ اس پر حال غالب آجائے تو اللہ تعالیٰ اس کے منہ سے نکلی ہوئی ہر بات پوری فرما دیتے ہیں۔

۱۱۔ اگر کوئی شخص اپنے وحشی جانوروں کو یہ اسم پاک نمک پر تعداد ابجد کے مطابق دم کر کے کھلا دے تو جانور اس کے حکم کے تابع ہو جاتے ہیں۔

۱۲۔ اس اسم کو ۷۵ بار پڑھ کر سجدے میں دعا کرے تو اللہ تعالیٰ قبول فرماتا ہے۔

۱۳۔ جوکوئی کسی ظالم یا حاسد سے ڈرتا ہو تو ۷۵ باریا ۲۱ بار اس اسم مبارک کو پڑھ کر سجدہ کرے اور کہے یاالٰہی فلاں ظالم کے شر سے مجھے محفوظ رکھ۔ حق تعالیٰ امان دے گا اور اپنی حفاظت میں رکھے گا۔

۱۴۔ جس کا کوئی حق کسی کے ذمہ ہو اور وہ ادا کرنے سے ٹال مٹول کر رہا ہو تو اس اسم کو با کثرت پڑھنے سے وہ اس کا حق انشاء اللہ تعالیٰ ادا کردے گا۔

۱۵۔ جو شخص اس اسم پاک کا ہمیشہ ورد رکھے گا۔ تو وہ خدا اور رسول کی مخالفت کو سخت ذلیل اور بُرا جانے گا۔ بے نمازیوں اور گنہگاروں سے نفرت کرے گا۔

۱۶۔ اس اسم پاک کو ورد کرنے والا دشمنوں اور بدسگالوں سے محفوظ رہتا ہے۔ اور دشمنوں کے شر سے بھی بچا رہتا ہے۔

۱۷۔ اگر کوئی شخص جمعہ سے جمعہ تک ہر روز ۱۰۱ بار ''یا ذل'' کا ورد کرے تو ایسے شخص کو اللہ تعالیٰ حاسدوں کی ایذا رسانیوں سے بچائے رکھتا ہے اور موذی جانوروں سے بھی اس شخص کی حفاظت فرماتا ہے۔

۱۸۔ متکبر اور مغرور لوگوں کو راہ راست پر لانے کے لئے اگر کوئی شخص سات بار ''یا مذل کل جبار عنید'' پڑھ کر ایک ہزار بار ''یا مذل'' پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کرے تو وہ مغرور شخص غرور اور تکبر سے نکل جائے گا۔

۱۹۔ بچوں میں بیماری ''ام الصبیان'' (یعنی ایک طرح کی مرگی) کا علاج کرنے کے لئے کسی تعویذ پر ''یا مذل'' لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ عظیم یہ بیماری جاتی رہے گی۔

۲۰۔ اگر کوئی نمازی شخص جمعہ یا پیر کی رات نماز مغرب کے بعد ۱۴۰ بار اس اسم پاک کا ورد کرنا معمول بنالے تو ایسے شخص کو اللہ تعالیٰ صاحب عزت بنادیتا ہے۔ اور اس کے دل کو بھی تقویت بخشتا ہے۔

۲۱۔ اگر کوئی شخص ہر روز صرف چند مرتبہ اس اسم پاک کو کسی بھی وقت پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ اسے شیاطین کے شر سے محفوظ اور مامون رکھتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆

قمری اعداد	۲۱۱
شمسی اعداد	۲۲۲۱

۲۷۔ السمیع جل جلالہ

جمالی ☆ آتشی

اللہ تعالیٰ کے اس صفاتی نام تعلق سمع اور سماعت یعنی سننا سے ہے۔ سامع کا مطلب ہے سننے والا اور سمیع کا مطلب بہت سننے والا اور پوری طرف واقف۔ یعنی اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی بہت سنتا ہے لیکن اس کے سننے میں کانوں کی یا آواز کی ضرورت نہیں۔ وہ نزدیک سے بھی سنتا ہے اور دور سے بھی۔ جیسے بلند آواز سنتا ہے۔ ویسے ہی ہلکی آواز بھی سنتا ہے۔ بندہ اپنے سننے میں اللہ کا محتاج ہے۔ لیکن اللہ اپنے سننے میں کسی چیز کا بھی محتاج نہیں۔ وہ تمام موجودات اور مخلوقات سے پوری طرح واقف ہے ہمارے دلوں کی آواز بھی سنتا ہے اور ایک چیونٹی کے قدموں کی چاپ بھی۔

وظائف:

۱۔ "ھُوَ السمیع العلیم" رفع حاجت کے لیے بہت موثر ہے۔ اگر کسی کو حاجت درپیش ہو، تو اسے چاہیئے کہ جمعہ کی شب کو اس اسم کو چند آدمی مل کر ۱۸۰۰۰ مرتبہ پڑھیں اور بعد میں سب مل کر اللہ کے حضور اپنے مقصد کو پورا کرنے کے لیے دعا کریں۔ انشاءاللہ حاجت پوری ہوگی۔ اور اس طرح یہ عمل سات مرتبہ کریں۔

۲۔ یہ مستجاب الدعوات بننے کے لیے بہت اکسیر ہے۔ اگر کسی شخص کی خواہش ہو کہ فلاں کے لیے دعا اللہ کے حضور میں لازماً قبول ہو تو اسے چاہیئے کہ گیارہ روز میں ۹۰۰۰ مرتبہ یہ اسم صبح کے وقت میں پڑھے اور پھر ۹۰۰۰ مرتبہ یہی اسم شام کے وقت پڑھے۔ اس کے بعد گیارہویں روز اللہ کے حضور دعا کرے۔ انشاءاللہ ہر جائز کام کے لیے دعا قبول ہوگی۔

۳۔ یہ ایسا اسم ہے کہ اگر کوئی اہل روحانیت میں سے اس اسم کو کثرت سے پڑھے اور اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے یہ خواہش کرے کہ اسے جانوروں کی آوازوں کو سمجھنے کی قوت ملے۔ انشاءاللہ اسے اللہ تعالیٰ سماعت کی ایسی قوت عطا فرمائے گا۔ کہ وہ جانوروں کی آوازوں کو سمجھنے لگے گا۔

۴۔ بعض اوقات یہ ہوتا ہے کہ طبی ادویات کسی مرض میں کام نہیں کرتیں۔اس صورت میں دوائی کے اوپر اس اسم کو ۱۲۵۰۰ مرتبہ پڑھیں۔اس کے بعد اس دوائی کو استعمال کریں۔انشاء اللہ،اللہ تعالیٰ اُس دوائی میں اثر پیدا کر دیگا اور شفا حاصل ہو گی۔

۵۔ جس شخص کان میں درد اور تکلیف ہو تو اس صورت میں ایک ہزار مرتبہ یہ اسم پڑھ کر کان پر پھونک ماریں۔انشاء اللہ درد ختم ہو جائے گا۔

۶۔ آخری عمر میں بڑھاپے کی وجہ سے انسان بہرہ ہو جاتا ہے اگر کوئی ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ اس اسم کو ہمیشہ پڑھنے کا معمول بنالے تو وہ ساری عمر بہرے پن سے محفوظ رہے گا۔

۷۔ جو شخص دوسروں کو اس اسم کا نقش دینا چاہے تو اسے چاہیے کہ اس اسم کو روزانہ دس ہزار مرتبہ پڑھے اور چالیس دن تک اس عمل کو جاری رکھے۔اس کے بعد جب وہ لوگوں کو نقش دے گا تو اس کا بے حد اثر ہو گا۔اس اسم کا نقش، قبولیت دعا مشکل کام کے حل کے لیے اور مندرجہ بالا مقاصد میں بہت بہتر کام کرتا ہے۔

۸۔ جو شخص اس اسم کا ورد رکھے گا وہ ہر ایک بیمار کی آہ اور مصیبت زدہ کی فریاد پر حتی المقدور بہت توجہ رکھے گا۔

۹۔ جو کوئی اس مبارک نام کو جمعرات کے دن گیارہ بجے چاشت کی نماز پڑھنے کے بعد ۵۰۰ مرتبہ پڑھے بشرطیکہ درمیان میں وظیفہ کے کوئی بات نہ کرے ختم وظیفہ کے بعد دُعا کرے گا۔انشآء اللہ تعالیٰ قبول ہو گی۔

۱۰۔ جس شخص کے کان میں درد ہو یا کوئی پھنسی کان کے اندر پیدا ہوئی ہو جس کی وجہ سے تکلیف ہو ایک ہزار مرتبہ ''یا سمیع'' پڑھے اور روئی پر دم کر کے کان میں رکھ لے۔سات دن تک اس عمل کو کرے انشاء اللہ تعالیٰ کان کی تکلیف جاتی رہے گی۔اس عمل کا کوئی وقت خاص نہیں ہے جس وقت چاہے پڑھ لے۔

۱۱۔ ہر فرض نماز کے بعد گیارہ مرتبہ ہمیشہ ''یا سمیع'' کا پڑھنا ساری عمر بہرے، ہونے سے خدا کے حکم سے محفوظ رکھتا ہے۔

۱۲۔ اگر کوئی شخص ہر روز ''یا سمیع'' کا ایک سو مرتبہ ورد کرنا اپنا معمول بنالے تو ایسے شخص کو اللہ تعالیٰ مجیب الدعوات بنا دیتا ہے۔

۱۳۔ ہر طرح کی مصیبتوں سے محفوظ رہنے کے لئے ''یا سمیع'' کو ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھنا بے حد مفید اور باعث برکت ہوتا ہے۔ ایسا شخص سدا اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہتا ہے۔

۱۴۔ اگر کوئی شخص جمعرات کو نماز چاشت کے بعد ''یا سمیع'' کو پانچ سو مرتبہ پڑھ کر دعا کرے تو اللہ تعالیٰ اس دعا کو قبول فرمالیتا ہے۔

۱۵۔ اگر کوئی شخص جمعرات کے دن نماز ظہر کے بعد یکسوئی کے ساتھ ایک سو مرتبہ ورد کرے تو اللہ تعالیٰ اس بندے کی ہر نیک خواہش پوری کر دیتا ہے۔

۱۶۔ اگر کسی شخص کے کان میں درد ہو یا کان کے اندر زخم ہو گیا ہو تو ایسے شخص کے کان میں ''یا سمیع'' پڑھ کر پھونک ماریں تو اللہ تعالیٰ بتدریج شفا بخش دیتا ہے۔

۱۷۔ اس اسم پاک کا ورد کثرت سے کرنے والا لوگوں کی نظر میں مقبول اور ہر دلعزیز ہو جاتا ہے۔

۱۸۔ اگر کوئی شخص مشکل امور اور مہمات میں پھنس گیا ہو تو اسے چاہئے کہ وہ مشکل کے وقت ساتھ سو بار یا سمیع کا ورد کر کے اس کام کا آغاز کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی۔

۱۹۔ اگر کوئی شخص اس اسم پاک کو ہر سات چند مرتبہ پڑھ کر اپنے جسم پر پھونک مارے تو اللہ تعالیٰ اسے بیماریوں سے بچائے رکھتا ہے اور اس کی سماعت میں اضافہ کرنے کے ساتھ ساتھ سماعت کو بحال بھی رکھتا ہے۔

۲۰۔ اگر کوئی واعظ، خطیب یا کوئی عوامی لیڈر اس اسم مبارک کا کثرت سے ورد کرے تو مخلوقِ خدا ان کی قائل ہو جاتی ہے اور اللہ تعالیٰ بے پناہ عزت سے نوازتا ہے۔

۲۱۔ اگر کوئی صاحب شادی کے خواہشمند ہوں تو انہیں چاہئے کہ چالیس دن تک بلا ناغہ گیارہ ہزار مرتبہ اس اسم مبارک کا ورد کر کے آخری دن اللہ کے حضور عاجزی سے دُعا کریں۔ اللہ کے فضل سے ان کی دلی مراد پوری ہو جائے گی۔

☆☆☆☆☆☆

قمری اعداد	۳۳۳
شمسی اعداد	۱۵۶۳

۲۸۔ البصیر جل جلالہ

جمالی ☆ خاکی

یہ اسم صفاتی بصر سے بنا ہے۔ جس کا مطلب ہے دیکھنا اور نگاہ رکھنا۔ بصیر سے مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ خوب دیکھنے والا اور بندوں کے اعمال پر نگاہ رکھنے والا ہے تا کہ ان کے درمیان صحیح فیصلہ کرے وہ دور نزدیک کی ہر چھوٹی بڑی چیز کو دیکھتا ہے، لیکن وہ اپنے دیکھنے میں نہ نگاہوں کا محتاج ہے نہ قوت بصارت کا اور نہ کسی اور شے کا۔ جس طرح اللہ تعالیٰ کی باقی صفاتی میں اس کا کوئی اس کا شریک نہیں ہے اسی طرح بصارت میں بھی کوئی اس کا شریک نہیں۔ اس نام کا تقاضہ ہے کہ انسان کو سوچنا چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ نے آنکھیں اس لیے عطا کی ہیں کہ کائنات کی تمام چیزوں کی تخلیق پر غور کیا جائے۔ اس سے توحید کا سبق بھی ملتا ہے کہ اس تمام نظام کا کوئی نہ کوئی چلانے والا ہے۔ علاوہ ازیں انسان کو گناہ کرتے وقت یہ بھی سوچنا چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ اس کو سات پردوں میں بھی دیکھ رہا ہے۔

وظائف:

۱۔ اس اسم کو پڑھنے والا آنکھوں کی بینائی سے محروم نہیں ہوتا۔ بلکہ اس کی آنکھوں کی بینائی مرتے دم تک قائم رہے گی بینائی اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمتوں میں سے ہے اس لیے اسے قائم رکھنے کے لیے اس اسم کو روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھتے رہیں انشاء اللہ، اللہ کی رحمت سے زندگی بھر بینا رہے گا۔

۲۔ اس اسم کا ورد صاحب بصیرت بننے کے لیے بہت مجرب ہے جو شخص بھی اس اسم کو روزانہ ۳۰۲ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو اللہ تعالیٰ اسے ظاہری و باطنی بصیرت عطا فرمائے گا۔ جس کی بنا پر اس میں امر بالمعروف کی صلاحیت پیدا ہوگی اور نہی عن المنکر کی جراءت کرے گا۔ خلاف شرع کاموں کو نفرت سے دیکھے گا۔ نیک اعمال کو خود کر کے اور دوسرے کو کرتے ہوئے دیکھ کر خوش ہوگا۔

۳۔ جو شخص آنکھوں میں سفید موتیا اترنے سے بچنا چاہے تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو روزانہ گیارہ سو مرتبہ سوتے وقت پڑھنے کا معمول بنالے۔ انشاء اللہ وہ موتیے کی بیماری سے حفاظت میں رہے گا۔

اگر سفید موتیا آنکھوں میں موجود ہوتو آپریشن کروانے سے پہلے اس اسم کو کثرت سے پڑھتا رہے انشآءاللہ آپریشن کامیاب ہوگا۔ اوراس کی آنکھوں کا نورضائع نہیں ہوگا۔

۴۔ اس نام کو کثرت سے پڑھنا قرب الٰہی کا باعث بنتا ہے۔ لہٰذا جو شخص اس اسم کو فجر کی سنتوں کے بعد مگر فرضوں سے پہلے ایک سو مرتبہ روزانہ پڑھے تو اس پر اللہ تعالیٰ کی عنایات اور مکاشفات ظاہر ہوں گے اور اللہ تعالیٰ کے پوشیدہ راز اس کی روح کی نظر کے سامنے کھل جائیں گے اس کے علاوہ دین و دنیا کی مرادیں پوری ہوں گی۔

۵۔ جو شخص اس اسم کو روزانہ عصر کی نماز کے بعد ۳۳ مرتبہ ہمیشہ پڑھتا رہے۔ اللہ تعالیٰ اس پر اپنی رحمت کی نظر رکھے گا۔ اور وہ ہر طرح کی آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

۶۔ ایک عامل کا قول ہے کہ جو شخص سات مرتبہ ہمیشہ عصر کے بعد اس نام کو پڑھتا رہے گا انشاءاللہ ساری عمر آفت اور ناگہانی موت سے بچ جائے گا۔

۷۔ ''یا بصیر'' کو ۴۰ دن تک روزانہ ۳۱۲۵ مرتبہ پڑھیں اول آخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ یہ عمل مکمل کرنے کے بعد آپ اس اسم کے عامل ہیں۔ پھر آپ اس کا نقش مندرجہ بالا مقاصد کے لیے جسے چاہیں دے سکتے ہیں۔

۸۔ اگر کوئی شخص عصر کی نماز کے بعد ''یا بصیر'' کا وِرد کثرت سے کرتا ہے تو وہ ناگہانی آفات اور اچانک موت سے محفوظ ہو جاتا ہے۔

۹۔ فجر کی سنت و فرض کے درمیان ۱۰۱ مرتبہ اس اسم مبارک کا ورد کرنے سے دل اللہ کی محبت سے معمور ہو جاتا ہے۔

۱۰۔ اس اسم پاک کا ذاکر شریعت کی پیروی کرتے ہوئے صراط مستقیم پر گامزن ہو جاتا ہے۔

۱۱۔ اگر کوئی شخص اس اسمِ پاک کو عصر کی نماز کے بعد ۷ مرتبہ پڑھے گا تو اس کی موت رات یا دن کے کسی بھی حصے میں اچانک نہ ہوگی۔

۱۲۔ اس اسمِ مبارک کو روزانہ ۳۰۲ بار پڑھنے سے انسان صاحب بصیرت بن جاتا ہے اور آنکھوں کی بینائی صحیح سلامت رہتی ہے۔

۱۳۔ جو شخص جمعہ کے خطبہ سے پہلے ۱۰۰ مرتبہ پڑھ لیا کرے انشآء اللہ منظور نظرِ الٰہی ہو جائے گا۔

۱۴۔ جو اس کا بکثرت ورد رکھے گا وہ آنکھوں کے امراض سے انشآء اللہ محفوظ رہے گا۔ ان الفاظ سے دعا کرے:

"اَللّٰهُمَّ يَاسَمِيْعُ يَابَصِيْرُ مَتِّعْنِىْ بِسَمْعِىْ وَبَصَرِىْ وَاجْعَلْهُمَا الْوَارِثَ مِنِّىْ"

۱۵۔ اگر کوئی شخص نماز جمعہ کی سنت اور فرضوں سے پہلے اس اسم مبارک کا ۱۰۰ مرتبہ ورد کرے تو وہ عارف بن جاتا ہے۔

۱۶۔ موتیئے کے علاج کے لئے اور آنکھوں کے جملہ امراض کے لئے اس اسمِ مبارک کا ورد بہت ہی مفید ہے۔

۱۷۔ اگر کوئی نابینا شخص صدق قلب سے اس اسمِ پاک کا ورد کرے تو اللہ کے حکم سے اُسے بینائی عطا ہو جائے گی۔

۱۸۔ اگر کوئی ڈاکٹر یا حکیم اس اسمِ پاک کا کثرت سے ورد کرتا ہے تو وہ بہت جلد اور پوری طرح اپنے مریض کی تکلیف اور بیماری کی تہہ تک پہنچ جاتا ہے۔

۱۹۔ اگر کوئی شخص اس اسمِ پاک کا ورد اتنی کثرت سے کرے کہ اس پر حال طاری ہو جائے تو اس پر اشیاء کی حقیقت واضح ہونا شروع ہو جاتی ہے۔

۲۰۔ مؤمن شخص اس اسم مبارک کا ورد کرنے سے اور بھی زیادہ متقی اور کامل ہوتے چلے جاتے ہیں۔

۲۱۔ جو شخص سدا "یابصیر" کا ورد کرنا اپنا معمول بنالے تو اسے اللہ تعالیٰ بُرے اعمال اور گناہوں سے بچائے رکھتا ہے۔

☆☆☆☆☆

قمری اعداد	۹۹
شمسی اعداد	۱۳۰۷

۲۹۔ الحکم جل جلالہ

جمالی ☆ خاکی

اس صفاتی نام کا مطلب ہے بے لاگ فیصلہ کرنے والا، نیز وہ حاکم جس کے فیصلے کو کوئی ٹال نہ سکے۔ جس کے حکم بعد کسی کا حکم باقی نہ رہے اور جو حق و باطل اور اور نیک و بد میں بے لاگ فیصلہ فرمائے۔ لہٰذا جو کوئی شخص حکم خداوندی سے انکار کر کے یا اللہ کے مقابلے میں کسی اور کے حکم کو ترجیح دے وہ کافروں میں سے ہے۔ اس صفت الٰہی کا تقاضا ہے کہ جن انسانوں کو دنیا میں فیصلہ کرنے اور حکم دینے کا اختیار سونپا گیا ہے وہ فیصلہ کرتے ہوئے جانبداری سے کام نہ لیں اور اس اختیار پر مغرور نہ ہوں کیونکہ ذات نے یہ وقتی اقتدار دیا ہے، وہ اسے سلب بھی کر سکتی ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ کے لیے کوئی مشکل بات نہیں کہ وہ اپنی حد سے تجاوز کرنے والے حاکم یا جانبداری سے کام لینے والا منصف کا دماغ ماؤف کر دے یا اس کی قوت کو ہی چھین لے۔

وظائف:

۱۔ بعض بزرگوں کا قول ہے کہ اس اسم کا تہجد کے وقت کثرت سے پڑھنا روحانی اسرار کھلنے کا ذریعہ بنتا ہے۔

۲۔ ایک اور قول ہے کہ اگر کوئی اس نام کو رات کے بارہ بجے باوضوں بیٹھ کر پڑھنا شروع کرے۔ حتیٰ کہ پڑھائی میں بے حد مگن ہو جائے تو اس کا باطن روشن ہو جائے گا۔ اور اس پر روحانی اسرار کھلنا شروع ہو جائیں گے۔

۳۔ اور اگر کوئی اس اسم کو ہر نماز کے بعد ۶۸ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے تو اللہ تعالیٰ اس پر اپنا خاص فضل فرما کر اسے صاحب اقتدار کر دے گا۔

۴۔ یہ اسم حصول اقتدار کے لیے بہت مجرب ہے اس لیے جو شخص زندگی کے جس شعبے میں اقتدار چاہتا ہو تو اسے چاہیے کہ یا حکم کو ۳۴۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے کا معمول بنا لے تو انشاء اللہ وہ

صاحب اقتدار بن جائے گا۔ دوسرے لوگ بلا چون وچرا اس کا حکم مانیں گے۔ خصوصاً الیکشن والے کاموں میں اسے کامیابی ہو گی۔

۵۔ اگر کوئی صاحب اسے کثرت سے حاکم بننے کی غرض سے پڑھنے لگے۔ تو انشاء اللہ اس کی خواہش پوری ہو گی۔

۶۔ اگر کوئی شخص جج ہو یا کسی معاملے میں اس کو حکم بنایا گیا ہو اور وہ یہ چاہے کہ میں حق اور سچ پر مبنی فیصلہ کروں تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو رات کے وقت ہزار مرتبہ پڑھے اور دوسرے دن جس کام کا فیصلہ کرنا ہو اللہ کا نام لے کر فیصلہ کرے۔ انشاء اللہ اس سے سچا فیصلہ ہو گا۔

۷۔ ایسا حاکم جو یہ چاہتا ہو کہ اس کی حکومت دیر تک رہے تو اسے اس اسم کو روزانہ گیارہ سو مرتبہ ہمیشہ پڑھتے رہنا چاہیئے۔ انشاء اللہ اس کی حکومت دیر تک قائم رہے گی۔ قوم اس سے خوش ہو گی۔ ہر شخص اس کا حکم تسلیم کرنے کو تیار ہو گا۔

۸۔ اس اسم کے ذکر سے انسان کی فہم و فراست میں بھی اضافہ ہو جاتا ہے۔ لہذا ایسا شخص بہتر پالیساں بناتا ہے۔ بڑے سے بڑے مسئلے کا حل اللہ کی عطا کردہ فراست سے بڑی آسانی سے نکال لیتا ہے۔

۹۔ اس اسم کا عامل بننے کے لیے اسے ۲۰۴۰۰ مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد ۴۰ یوم تک پڑھیں۔ پڑھائی مکمل ہونے پر آپ اس کے عامل بن جائیں گے اس کے بعد اس اسم کا نقش حصول اقتدار حاکم بننے کے لئے، سچے فیصلے کرنے کے لئے، اللہ تعالیٰ کی حکمتوں کا مشاہدہ کرنے کے لیے مشکلات کو سلجھانے کے لیے، مجسٹریٹ یا جج کے فرائض کو عمدہ طریقے سے سرانجام دینے کے لئے اور لوگوں میں صاحب اثر بننے کے لئے دے سکتے ہیں۔ تعویذ لینے والا تعویذ کو اپنے پاس رکھے، انشاء اللہ کام ہو گا۔

۱۰۔ اگر پانچوں اوقات کی نمازیں احسن طریقے سے ادا کرنے کے بعد 80 مرتبہ اس اسم پاک کا ورد کیا جائے تو اللہ تعالیٰ ہر قسم کی محتاجی رفع کر دیتے ہیں۔

۱۱۔ اگر کوئی سخت مہم درپیش ہو تو اُٹھتے بیٹھتے۔ چلتے پھرتے یَاحَکَمُ کا کثرت سے ورد کرنے سے مشکل کام آسان ہو جاتا ہے۔

۱۲۔ اگر کوئی شخص اس اسم پاک کا ورد کثرت کے ساتھ کرتا ہے تو مخلوق خدا اس کی مطیع ہو جاتی ہے اور اس کی باتوں میں قائل کرنے کی تاثیر پیدا ہو جاتی ہے۔ اگر ذاکر۔ حاکم ہے تو عوام اس کے فیصلوں پر اطمینان ظاہر کرتے ہیں اور انہیں بے چون و چرا مان لیتے ہیں۔

۱۳۔ اگر کوئی شخص جمعہ کے روز کی آدھی رات کے بعد اس اسم مبارک کا کثرت سے ورد کرتا ہے تو وہ دنیاوی عجائب و غرائب کا مشاہدہ کرتا ہے

۱۴۔ حصول اقتدار کے لئے اس اسم پاک کا کثرت سے ورد کرنا بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔

۱۵۔ اگر وکلاء اور جج حضرات اس اسم پاک کا کثرت سے ورد کریں تو ان کو مقدمات کا تجزیہ کرنے میں آسانی ہو جاتی ہے۔

۱۶۔ اس اسم پاک کا 40 دنوں تک 12000 مرتبہ پڑھنے سے ذہنی ترقی ہوتی ہے اور گفتگو کرنے کے فن میں مہارت پیدا ہو جاتی ہے۔

۱۷۔ یہ اسم مبارک اپنی تاثیر میں جمالی ہے، اس کا بیشتر ورد کرنے والا بتدریج صاحب اختیار بن جاتا ہے۔

۱۸۔ اگر کوئی شخص جمعرات کی نصف شب اس اسم حسنہ کو بہت زیادہ پڑھے کہ نیم بے ہوشی کی سی حالت ہو جائے تو اس کے لیے اسرار حق کا جاننا آسان ہو جاتا ہے۔

۱۹۔ جو شخص ہر نماز کے بعد ''یا حکم'' کا ۸۰ بار ورد کر کے پروردگار سے دعا مانگے تو اللہ تعالیٰ اس کی ہر طرح کی محتاجی دور کر دیتا ہے۔

۲۰۔ اگر کوئی شخص ہر رات سونے سے پہلے اکیس بار ''یا حکم'' پڑھ کر سوئے تو اللہ تعالیٰ اس پر بہت سے اسرار آشکار فرما دیتا ہے۔

۲۱۔ ''یا حکم'' کا بکثرت ورد کرنے والی کی گفتگو اور بات چیت میں اللہ تعالیٰ اثر و تاثیر بڑھا دیتا ہے۔ ایسے شخص کی ہر ایک شخص بات مانتا اور قبول کرتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆

قمری اعداد	۱۳۵
شمسی اعداد	۱۰۹۹

۳۰۔ العدل جل جلالہ

مشترکہ ☆ آتشی

عدل کے معنی ہیں فیصلہ یا انصاف کرنا اور العدل سے مراد ہے اللہ تعالیٰ کی ذات بابرکات جو سراپا عدل وانصاف ہے اور جس کے ہاں ظلم اور بے انصافی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اگر تمام مقرب فرشتوں کو بھی جہنم میں ڈال دے تو بھی یہ اس کا ظلم نہ ہوگا کیونکہ وہ تمام مخلوقات کا خالق ہے اور خالق کو اپنی مخلوق پر مکمل اختیار ہے اور مخلوق کو اس سوال کا کوئی حق نہیں کہ کیوں ڈالا۔ انسانوں کے لئے لازم ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے عدل وانصاف پر مکمل ایمان رکھیں چاہے کوئی فیصلہ ان کی حکمت الٰہی سے قطعاً ناواقف ہے اور جب انسان کو یہ قدرت حاصل نہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے دی گئی کسی بھی سزا کا تدارک کر سکے تو پھر بہتری اسی میں ہے کہ وہ رضائے الٰہی کا تابع ہو جائے۔ انسانوں کے لئے لازم ہے کہ اپنے فیصلوں میں عدل وانصاف کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں۔

وظائف:

۱۔ اگر کوئی شخص مقدمہ ہار گیا ہو اور اسے یقین ہو کہ اس کے ساتھ مقدمہ کے فیصلہ میں ناانصافی ہوئی ہے اور وہ حق اور سچ پر ہے تو اسے چاہیئے کہ اپیل دائر کرنے سے قبل تین دن اس اسم کو روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ پڑھے پھر دائر کرے۔ اس کے بعد اپیل کا فیصلہ ہونے تک اس اسم کو گیارہ سو مرتبہ روزانہ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ اپیل میں کامیابی ہوگی اور مقصد حل ہوگا۔

۲۔ اگر کوئی حاکم یا افسر یا کوئی ایسا شخص جس کے ماتحت ہزاروں افراد ہوں وہ اسم کو روزانہ مغرب کی نماز کے بعد ۴۰ دن تک ۳۱۲۵ مرتبہ پڑھے اور پھر ہمیشہ ایک سو مرتبہ روزانہ پڑھتا رہے تو اس سے ہر کام عدل پر مبنی سرانجام ہوگا اور اللہ اسے عدل کرنے کی بے پناہ توفیق دے گا۔

۳۔ مغرب کی نماز کے بعد اس اسم پاک کا ۱۰۰۰ مرتبہ ورد کرنے والا شخص ہر قسم کی آفات سے محفوظ ہو جاتا ہے۔

۴۔ اگر کسی نے کسی کے ساتھ ظلم کیا ہو یا کسی مسئلے میں بیحد زیادتی کر رہا ہو تو اس صورت میں "یا عَدلُ" اکیس دن تک روزانہ ۲۱۰۰ مرتبہ پڑھیں اور اس کے بعد ظالم کے لیے ظلم کی سزا کی بددعا کریں ،ایسے ظالم کو اس جہان میں ظلم کی سزا مل کر رہے گی۔

۵۔ اس اسم کی ایک اور خصوصیت یہ ہے کہ اس اسم کو روزانہ ۳۳ مرتبہ ہمیشہ پڑھتے رہنے سے گھر والے اور جن لوگوں سے واسطہ پڑتا ہے وہ مسخر رہیں گے اس اسم پاک کا ایک مشہور عمل یہ ہے کہ اگر کوئی جمعہ کی شب میں بیس عدد روٹی کے ٹکڑوں پر "یا عدل" لکھ کر خود کھائے تو دوسرے لوگ اس کے تابع رہیں گے۔

۶۔ منصف یا جج کے عہدہ کے فرائض بہت مشکل ہیں اگر کرسی انصاف پر بیٹھ کر کوئی شخص انصاف نہ کرے تو روز قیامت اس سے سخت باز پرس ہوگی۔ اس لیے جج صاحبان کو مثالی جج کے لئے اس اسم کو روزانہ ایک سو مرتبہ کرسی انصاف پر بیٹھ کر پڑھنا چاہیئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ججوں کو ایسی بصیرت عطا فرمائے گا کہ ہر مقدے کا فیصلہ انصاف پر کریں گے اور دور ونزدیک ایسے حضرات کے انصاف کی شہرت ہوگی۔

۷۔ انصاف پسندی ایک بہت بڑا وصف ہے اکثر اوقات لوگوں سے اپنے گھریلو، اور بیرونی معاملات میں انصاف نہیں ہو پا اور وہ گنہگار ہوتے رہتے ہیں اس لیے طبیعت میں انصاف کا وصف پیدا کرنے کے لیے اس اسم کو روزانہ ۱۰۴۰۰ مرتبہ ۴۰ دن تک پڑھیں۔ انشاء اللہ اس اسم کو پڑھنے سے طبیعت میں انصاف پسندی کا وصف پیدا ہو جائیگا اور ایسا شخص ہر ایک مسئلے میں انصاف سے کام لینے کی کوشش کریگا۔

۸۔ اس عمل کی زکوۃ ۱۰۰ دن میں گیارہ لاکھ ہے اس لیے اس اسم کو جو شخص روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ ۱۰۰ دن تک پڑھے گا وہ اس کا عامل بن جائے گا۔ اسکے بعد اس اسم کا تعویذ مندرجہ بالا مقاصد کے لئے لوگوں کو دے سکتا ہے۔ اللہ بہتر کرے گا۔

۹۔ اگر کوئی شخص کسی مقدے میں پھنس جائے اور یہ خیال کرے کہ متعلقہ افسر اس کے ساتھ بے انصافی کرے گا تو اسے چاہیئے کہ بلا ناغہ تین ہزار مرتبہ اس اسمِ پاک کا ورد کر کے افسر یا حاکم کے اوپر دم کر دے اور عاجزی کے ساتھ اللہ کے حضور دعا کرے انشاءاللہ تعالیٰ اس کے ساتھ بے انصافی نہ ہوگی اور فیصلہ اس کے حق میں درست ثابت ہوگا۔

۱۰۔ بتایا جاتا ہے کہ اگر کوئی شخص اس اسم الہٰی کو روٹی کے بیس لقموں پر پڑھ کر روٹی کھالے تو اللہ تعالیٰ اسے کامیابیاں اور کامرانیاں عطا فرماتا ہے۔ یہ عمل عروج ماہ میں کریں۔

۱۱۔ ''العدل'' اللہ تبارک وتعالیٰ کی صفت عدل وانصاف ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ انتہا درجے کا عدل وانصاف کرنے والا ہے۔ اس لئے جو شخص اس اسم مبارک کا ورد کرنا، اپنا معمول بنالیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ زندگی کے تمام اموراور معاملات میں اسے ناانصافی سے بچائے رکھتا ہے۔

۱۲۔ اگر کوئی شخص نماز مغرب کے بعد ایک ہزار مرتبہ یا عدل کا ورد کر کے اللہ سے دعا مانگے تو اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو ہر طرح کی زمینی وآسمانی بلاؤں اور ابتلاؤں اور آفات سے محفوظ و مامون رکھتا ہے۔

۱۳۔ اگر کوئی شخص بروز جمعہ کھانا کھاتے وقت کھانے پر بیس مرتبہ ''یا عدل'' پڑھ کر کھانا کھائے تو وہ شخص خلق میں مقبول اور ہر دلعزیز بن جاتا ہے، لوگ اس کی فرمانبرداری بھی قبول فرمالیتے ہیں۔

۱۴۔ العدل بعض حوالوں سے اسم جلالی ہے۔ اس لئے اس کے ورد فراواں سے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو خلقت میں عزت اور وقار بخشتا ہے اور انہیں صاحب عدل وانصاف بھی بنادیتا ہے۔

۱۵۔ اگر کوئی شخص ہر روز ایک ایک سو ایک مرتبہ ''یا عدل'' کا ورد کرے تو اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو ظلم وستم اور زیادتی اور ناانصافی کرنے سے بچائے رکھتا ہے۔

۱۶۔ اگر ہر سخت مزاج، درشت انداز اور سخت طبع حاکم یا افسر سے ملاقات سے پہلے کوئی شخص چند مرتبہ ''یا عدل'' پڑھ لے تو وہ حاکم یا افسر نرم دل ہو جاتا ہے۔ اور اس کا انداز اور رویہ مہذب ہو جاتا ہے۔

۱۷۔ اگر کسی مقدمہ یا کیس میں کسی حاکم یا منصف دار سے ناانصافی ہو جانے کا خدشہ اور اندیشہ ہو تو چاہئے کہ تین ہزار مرتبہ اس اسم مبارک کا ورد کر کے دعا مانگی جائے۔ انشاء اللہ ناانصافی نہ ہوگی۔ اس عمل کو مقدمہ ختم ہونے تک مسلسل جاری رکھا جاسکتا ہے۔

۱۸۔ کسی بھی ظالم کے ظلم اور زیادتی سے بچنے کے لئے ''یا عدل'' کا ورد کرنا بے حد ضروری اور موثر ہوتا ہے۔

۱۹۔ وہ لوگ جو بکثرت یا عدل کا ورد وظیفہ کرتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کے گناہوں کو معاف فرمادیتا ہے۔ اور نیکیوں کی توفیق عطا فرماتا ہے۔

۲۰۔ اس اسم مبارک کا اکثر ورد کرنا ذاکر کو دشمن کی شرارتوں اور بدسگالیوں سے بچائے رکھتا ہے۔

۲۱۔ مظلوم لوگوں کو چاہیے کہ وہ اس اسم مبارک کا ورد کرنا اپنا معمول بنالیں اللہ تعالیٰ انہیں ظلم وزیادتی سے بچائے رکھتا ہے۔

۱۶۰	**۱۳۱۔ اللطیف جل جلالہ**	قمری اعداد
۲۲۷۱	آتشی ☆ جمالی	شمسی اعداد

یہ نام لطف سے مشتق ہے جس کے معنی ہیں مہربانی کرنا اور باریک بینی کی حد تک خبردار ہوتا۔ اس صفاتی نام سے مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر بہت مہربان ہے اور بڑی باریک بینی سے ان کے لیے بہترین تدبیریں اختیار کرنے والا ہے۔ یعنی وہ تمام امور کی حکمتوں اور اسرار سے پوری طرح باخبر ہے۔ انسانی آنکھوں سے اس کا ادراک ممکن نہیں لیکن وہ نگاہوں کا احاطہ کر لیتا ہے اور ان تمام صفات کے باوجود وہ ہر شے سے قریب ہے۔ بعض علماء کا خیال ہے کہ ''اللطیف'' سے مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ بندے کی مصیبتوں اور غموں کو جلد دور فرما دیتا ہے اور ایک معنی یہ بھی ہیں کہ وہ چیزوں کو باطنی اسباب کے پردے میں چھپا لینے والا ہے۔ مثال کے طور پر حضرت یوسف کو غلامی کے پردے میں چھپائے رکھا۔ اس نام کی مناسبت سے ہمیں چاہیئے اللہ کے بندوں کے بڑے عمدہ طریقے سے نیکی کی دعوت دیں۔

وظائف:

۱۔ ایسی لاعلاج بیماری جو انسان کا پیچھا نہ چھوڑتی ہو اس میں اس اسم کو گیارہ روز تک روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ پڑھیں اور پانی دم کر کے مریض کو روزانہ پلائیں۔ انشاءاللہ مریض کے شفایاب ہونے کا کوئی ذریعہ بن جائی گا۔

۲۔ ایک اور عامل کے قول کے مطابق اگر کوئی بیمار اسے تین سو مرتبہ روزانہ اکیس دن تک پڑھے انشاءاللہ تندرست ہوگا۔

۳۔ اس اسم حق ''یا لطیف'' کو اگر کوئی باغسل اور باوضو ایک سو بار روزانہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے سفر کی سلامتی بیماری سے نجات پریشانیوں سے حفاظت بخشتا ہے۔

۴۔ ہر نماز کے بعد ۱۰۰ مرتبہ پڑھنے سے انشاءاللہ تعالیٰ بچی کے لئے نیک رشتہ نصیب ہوگا۔

۵۔ لڑکیوں کے بہتر رشتے اور انتظامات شادی کے لیے اس اسم مبارک کا ذکر بے حد مفید اور موثر ہوتا ہے۔ بعد نماز فرض ۱۲۹ بار اس اسم کا ورد کریں۔

۶۔ یہ اسم مشکل کشائی کے لیے بہت مؤثر ہے۔ لہٰذا جو شخص اس اسم کو روزانہ ۱۲۹ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو انشاء اللہ اس کا ہر جائز کام اس اسم کی برکت سے ہوجائے گا اور اگر ہر نماز کے بعد اسے ۱۲۹ مرتبہ پڑھا جائے تو اس کے اثرات اور تیز ہوجائیں گے۔ انشاء اللہ دین و دنیا کی ہر حاجت پوری ہوگی۔ اولیاء کرام اور بزرگان دین نے اس اسم کی بہت تعریف کی ہے۔

۷۔ اس اسم کے ذکر کی برکت سے رزق میں اضافہ ہوتا ہے۔ فقر و فاقہ دور ہوتا ہے۔ اگر کسی کا روزگار نہ ہو تو اسے روزگار مل جاتا ہے۔ ملازمت نہ ملتی ہو تو ملازمت مل جاتی ہے اگر آمدنی کم ہو تو اس سے اضافہ ہوجاتا ہے۔ ان مقاصد کے لیے ۱۶۶۴۱ مرتبہ روزانہ اس اسم کو پڑھیں اور ۴۰ دن تک اس عمل کو کریں تو انشاء اللہ مندرجہ بالا مقاصد بہت جلد حاصل ہوں گے۔

۸۔ یہ اسم اچھی اور پسند کی شادی کے لیے بہت مجرب ہے اچھا رشتہ ملنا خوش بختی کی دلیل ہے کیونکہ بے شمار لوگ شادی کے مسئلے میں پریشان ہوتے ہیں۔ اس پریشانی کا حل یہ ہے کہ ''یا لطیف'' کو ۴۰ دن تک ۱۲۹۰۰ مرتبہ پڑھیں، انشاء اللہ منشا کے مطابق رشتہ مل جائے گا۔ اور شادی میں سکون ملے گا اور میاں بیوی کا نباہ بڑے احسن طریقے سے ہوگا۔

۹۔ اس اسم کا عامل بننے کے لیے ۴۰ دن تک روزانہ ۱۲۵۰۰ مرتبہ پڑھیں۔ ایک چلہ ختم ہونے کے بعد تین دن تک درود شریف پڑھیں اس کے بعد چالیس دن تک دوبارہ پہلے کی طرح روزانہ ۱۲۵۰۰ مرتبہ پھر یہی اسم پڑھیں اس طرح تیسرا چلہ بھی پورا کریں۔ انشاء اللہ مؤکل آپ کے تابع ہوگا۔ اور حسب ضرورت مندرجہ بالا کاموں کے لیے اس سے معلومات حاصل کریں اور دوسروں کو نقش استعمال کروائیں۔

۱۰۔ اگر کوئی مفلس اور بے یار و مددگار شخص دو رکعت نماز ادا کرنے کے بعد ایک سو بار ''یا لطیف یا اللہ'' کا ذکر کرکے دعا مانگے تو اللہ تعالیٰ اس کی مرادیں پوری کر دیتا ہے۔

۱۱۔ جو شخص اس اسم مبارک کا اکثر ورد کرتا رہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی مشکلات حل فرما دیتا ہے۔ اور اسے مصیبتوں سے بھی بچائے رکھتا ہے۔

۱۲۔ اگر کوئی شخص ہر روز نماز فجر کے بعد ۱۲۱ بار "یا لطیف" کا ورد کر کے دعا مانگے تو اللہ تعالیٰ ایسے شخص کے رزق روزی میں اضافہ کر دیتا ہے۔

۱۳۔ ہر طرح کی محتاجی سے نجات حاصل کرنے کے لئے یا لطیف کا ورد کرنا بے حد مفید ہوتا ہے۔

۱۴۔ اگر کوئی شخص کسی ایسی مشکل میں پھنس جائے کہ جس کا حل آسانی سے نہ مل رہا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ نماز مغرب کے بعد ۱۲۱ بار یا لطیف کا ورد کر کے دعا مانگے تو اللہ تعالیٰ اسے ضرور کوئی نہ حل سوجھا دیتا ہے۔

۱۵۔ اگر کوئی شخص اپنی مشکلات سے نجات پانا چاہے اور مرادیں پانا چاہے تو اس کے اسے چاہیے کہ وہ ہر روز بعد عشاء گیارہ سو بار "یا لطیف" کا ورد کر کے دعا مانگے اللہ تعالیٰ رحمت فرما دیتا ہے اور مرادیں بر لاتا ہے۔

۱۶۔ اگر کوئی شخص بے روزگار ہو چکا ہو اور اس کی ملازمت بھی نہ رہی ہو تو اسے چاہیے کہ وہ اکیس روز کا ایک وظیفہ اس طرح سے کرے۔ ہر روز نماز مغرب کے بعد تین سو بار یا لطیف پڑھ کر اللہ سے دعا کرے۔ اللہ تعالیٰ ملازمت پر بحال فرمائے گا یا نئی روزی کا اہتمام فرمائے گا۔

۱۷۔ اگر کوئی شخص ہر روز ایک سو انتیس بار یا لطیف کا ورد کرنا اپنا معمول بنا لے تو اللہ تعالیٰ دین و دنیا کی حاجتیں پوری کرتا رہتا ہے۔

۱۸۔ جو شخص یا لطیف کا ورد کرنا اپنا معمول بنا لے تو اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو دوسروں کا محتاج ہونے سے بچائے رکھتا ہے۔

۱۹۔ اگر کوئی مسلمان پانچ اوقات کی نماز پوری دلجمعی اور احسن طریقے کے ساتھ ادا کرتا ہے اور ہر نماز کے بعد 129 بار اس اسم پاک کا ورد کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی دنیا و آخرت کی تمام حاجتیں پوری فرما دیتے ہیں۔

۲۰۔ اگر کسی شخص کا کوئی جائز کام کسی قسم مبارک کی رکاوٹ کے باعث نہ ہو پا رہا ہو تو اُسے چاہیے کہ اکیلی جگہ پر بیٹھ کر 1634 مرتبہ اس اسم مبارک کا ورد کرے انشاء اللہ بامراد ہو گا۔

۲۱۔ اس اسم مبارک کا ذاکر سادگی کو اپنا شعار بنا لیتا ہے اور اُس کے مزاج میں لطافت اور نفاست پیدا ہو جاتی ہے۔

قمری اعداد	۸۴۳
شمسی اعداد	۱۵۲۰

۳۲۔ الخبیر جل جلالہ

جمالی ☆ آتشی

یہ اسم صفاتی ''خبر'' سے بنا ہے اور خبیر سے مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی ہر بات کی پوری پوری خبر رکھتا ہے۔ وہ تمام چیزوں کی باریکیوں سے پوری کوئی طرح واقف ہے اور اس سے ظاہر اور باطن کی کوئی شے پوشیدہ نہیں ہے۔ وہ اپنے بندوں کے دلوں میں چھپی ہوئی خواہشوں اور ان کے ارادوں سے بھی باخبر ہے۔ اس نام کا تقاضا ہے کہ انسان اپنی ظاہری اور باطنی خامیوں اور کوتاہیوں سے بچنے کی کوشش کرتا رہے کیونکہ اپنے دل کی بیماریوں سے جتنا وہ خود واقف ہے اتنا اور کوئی شخص نہیں ہوسکتا۔ لہٰذا ان کا علاج اور تدارک کرنے میں بھی اسے خود کوشاں ہونا چاہیے۔

وظائف:

۱۔ جو شخص نفس، شیطان اور مکار قسم کے لوگوں کے مکروفریب سے بچنا چاہتا ہو اور اللہ کی رحمت چاہتا ہو تو اسے چاہیے کہ اس اسم کو روزانہ گیارہ سو مرتبہ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ نفس پر غالب رہے گا۔ ،شیطان کے جال میں نہیں پھنسے گا اور دوسرے لوگوں سے دھوکہ نہیں کھائے گا۔

۲۔ نیا کاروبار یا دکان شروع کرنے میں نفع ہوگا یا نقصان یا کسی کے ساتھ شراکت کرنے میں اچھا ہوگا یا بُرا، ایسے ہی بہت سے کاروباری معاملات ایسے ہیں کہ ان میں اگر اللہ کی مدد سے پتہ چل جائے تو نقصان سے انسان بچ سکتا ہے، یہ باتیں معلوم کرنے کے لیے یا ''خبیر'' کو سات دن تک گیارہ ہزار مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ جو بات دل میں ہوگی اللہ تعالیٰ اس کے متعلق آگاہ کردے گا۔

۳۔ جو شخص اس اسم کو کثرت سے پڑھتا رہے اس پر خواب یا بیداری میں پوشیدہ باتوں کے انکشافات کھلنے لگتے ہیں۔ اگر کوئی خفیہ بات کسی کے دل میں ہو اور اس اسم کا ذاکر جاننا چاہے تو اسے معلوم ہو جائے گی۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ خبیر ہے اور جو اسے اس نام سے پکارتا ہے اللہ اسے بھی دلوں کے راز سے آگاہ فرما دیتا ہے۔

۴۔ اگر کسی کو رشتے کا پیغام آیا ہو اور گھر والے اچھا یا بُرا جاننا چاہتے ہوں تو لڑکے یا لڑکی کی والدہ یا والد اس اسم کو سات دن تک تنہائی میں بیٹھ کر روزانہ ۳۲۴۸ مرتبہ پڑھے اور بغیر بات کیے سو جائے انشاء اللہ اسے اشارتاً پتہ چل جائے گا۔ کہ رشتہ اچھا ہے یا بُرا ہو تو رشتہ نہ کریں کیونکہ بُرے رشتوں سے نقصان ہونے کا احتمال ہوتا ہے۔

۵۔ تشخیص مرض میں اللہ کی مدد ضروری ہے کیونکہ اس کی مدد سے ایسی بیماری کا پتہ چل جاتا ہے جو نہایت ہی پیچیدہ ہوتی ہے جو جلدی سے سمجھ میں نہیں آتی۔ اس لیے اگر کوئی ڈاکٹر یا حکیم روزانہ اس ورد کو ۸۱۲ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو اسے انشاء اللہ مریض کو دیکھتے ہی اللہ کی رحمت سے مریض کی صحیح مرض کا پتہ چل جائے گا۔ اس لیے ڈاکٹری پیشہ سے متعلق حضرات کے لیے یہ اسم بہت مفید ہے۔

۶۔ دوسروں کو نقش دینے کے لیے پہلے چالیس دن تک اس اسم کو ۱۲۹۹۲ مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد اس اسم کا نقش دوسروں کو دیں۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

۷۔ اللہ تعالیٰ کے اس اسم مبارک الخبیر کو کئی حوالوں سے جلالی بھی کہا جاتا ہے۔ اس اعتبار سے ''یا خبیر'' کا ورد کرنے سے بندہ دونوں جمالی اور جلالی اوصاف صفات سے متصف ہو جاتا ہے۔

۸۔ اگر کوئی شخص نفس امارہ کے ہاتھوں تنگ ہو تو اسے اس اسم مبارک کا روزانہ ورد اگر کوئی شخص ''یا خبیر اخبرنی'' کے ورد کے ساتھ استخارہ کرے تو اللہ تعالیٰ اسے نیک و بد کی آگاہی اشارہ بخش دیتا ہے۔

۹۔ اگر کوئی شخص کسی بری عادت میں پھنس چکا ہو اور اس اسے خلق خدا تنگ ہو تو اسے چاہیے کہ ''یا خبیر'' کا ورد کرنا شروع کرے۔ گیارہ دن تک مسلسل یہ ورد کرنا بندے کو اس علت بد اور خصلت ناشائستہ سے نجات بخش دیتا ہے۔

۱۰۔ اس اسم مبارک کا اکثر ورد وظیفہ کرنے والا وساوس شیطانی، برے خیالات فاسد سوچوں سے بچا رہتا ہے۔

۱۱۔ اگر کوئی شخص ہر روز نماز مغرب کے بعد ایک سو ایک بار ''یا خبیر'' کا ورد کر کے دعا مانگے تو اللہ تعالیٰ بعض صورتوں میں اس پر کئی اسرار پوشیدہ بھی ظاہر کر دیتا ہے۔

۱۲۔ مشکلات اور مصیبتوں سے نجات حاصل کرنے کے لئے اس اسم مبارک کا ورد کرنا بے حد مفید اور موثر ہوتا ہے۔

۱۳۔ اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد تین سو بار "یا خبیر" کا ورد کر کے دعا مانگے تو اللہ تعالیٰ اس کے خیالات کو پاکیزگی بخشتا ہے۔اور برے خیالات سے مدام بچائے رکھتا ہے۔

۱۴۔ اگر کوئی شخص نماز تہجد کے بعد فجر کی نماز تک "یا خبیر" کا ورد کرنا اپنا معمول بنالے تو اللہ اسی صاحب کشف بنا دیتا ہے۔

۱۵۔ ہر مشکل کے حل کیلئے "یا خبیر" کا ورد کرنا بے حد مفید اور موثر ہوتا ہے۔

۱۶۔ اگر کوئی شخص اس اسم پاک کو مسلسل 7 روز تک پڑھتا ہے تو اس کو مومن کی فراست عطا ہو جاتی ہے اور اس پر اسرار غیبی ظاہر ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔مزید برآں وہ نفس کے شر سے محفوظ ہو جاتا ہے۔

۱۷۔ اگر کوئی آدمی بلا ناغہ نماز عشاء کے بعد اس اسم پاک کو خلوص نیت کے ساتھ 812 مرتبہ پڑھتا ہے تو اُسے سچے خواب نظر آنا شروع ہو جاتے ہیں۔

۱۸۔ تاثیر اس اسم کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا نفس اور شیطان کے مکر اور جال سے نہایت واقف اور ہوشیار ہوتا ہے اور کبھی شیطان کے دھوکے میں نہیں آتا۔استخارہ اگر کسی شخص کو کسی کام میں استخارہ دیکھنا منظور ہو، وہ جمعرات کے دن روزہ رکھے شام کو روزہ کھول کر اول وقت عشاء کی نماز پڑھے۔پھر اول آخر گیارہ دفعہ "سُبْحَانَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّتِ عَمَّا یَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ" پڑھ کر گیارہ سو دفعہ "یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ" پڑھے اور خاموش ہو کر سوئے انشاء اللہ تعالیٰ اسی رات کو نیک و بد جو کچھ ہوگا معلوم ہو جائیگا۔

۱۹۔ جو سات دن متواتر اس کا ورد کرے اسے اللہ تعالیٰ کی طرف سے روحانیت نصیب ہوتی ہے جو مطلوبہ امور میں اس کی رہنمائی کرتی ہے۔

۲۰۔ جو نفس امارہ کے ہاتھ گرفتار ہو کثرت سے اسکا ورد کرے انشاء اللہ نجات پائے گا۔

۲۱۔ ہر نماز کے بعد ۱۱۱ مرتبہ "یَا خَبِیْرُ" پڑھنے سے بُری عادات سے نجات ملتی جائے گی۔

☆☆☆☆☆☆

۱۱۹	قمری اعداد
۲۶۰۷	شمسی اعداد

۳۳۔ الحلیم جل جلالہ

جلالی ☆ آتشی

یہ صفاتی نام حلیم بمعنی بردباری سے مشتق ہے۔ اس سے مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو عذاب دینے میں جلدی نہیں کرتا بلکہ ان کو سنبھلنے کا موقع دیتا ہے اور بردبار ہے۔ اس کو اپنے غضب پر پورا پورا قابو ہے۔ وہ دیکھتا ہے کہ لاکھوں بندے احکام الٰہی کی نافرمانی کرتے ہیں، پھر بھی وہ ایک دم غضب ناک نہیں ہوتا بلکہ سب کو ایک مدت معینہ تک ڈھیل دیتا رہتا ہے۔ وہ گنہگاروں کا فوری مواخذہ کرنے لگے تو روئے زمین پر ہر کوئی چلتا پھرتا شاید ہی نظر آئے۔ لیکن یہ اس کی رحمت کی انتہا ہے کہ وہ ہر شے پر قادر ہونے کے باوجود فوری انتقام نہیں لیتا۔ انسانوں کو بھی لازم ہے کہ وہ ایک دوسرے کے ساتھ بردباری اور درگزر سے پیش آئیں تاکہ دوسروں میں بھی حلم کی صفت پیدا ہو۔

وظائف:

۱۔ اللہ کی رحمت اور توفیق کے بغیر کوئی کام پایہ تکمیل تک نہیں پہنچ سکتا لہٰذا جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کے ہر کام میں برکت رہے اور اللہ کی مدد شامل حال رہے تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو ایک ہزار مرتبہ کسی کاغذ پر لکھے یا اس کے نقش کو پانی میں گھول کر کام کے مقام پر دیواروں اور دروازوں پر چھڑکے، انشاء اللہ، اللہ کی مدد شامل حال رہے گی اور کام پایہ تکمیل تک پہنچے گا۔

۲۔ اس اسم کو روزانہ ۳۵۲ مرتبہ پڑھنے لگے اور تقریباً ایک سال تک پڑھتا رہے تو لوگ اس کے گرویدہ ہونے لگیں گے۔ ہر کوئی اس سے پیار محبت سے پیش آئے گا۔ وہ بذات خود بھی بڑا نرم دل ہوگا اور اس میں غصہ بہت ہی کم ہو جائے گا۔

۳۔ جو اس اسم کی برکت سے مرض کی شدت میں کمی ہو جاتی ہے اگر بیمار کے سرہانے کی طرف بیٹھ کر اس اسم کو ۱۱۰۰ مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے مریض کو پلایا جائے تو مریض کے مرض کی شدت میں کمی ہو جائے گی اور آخر مریض صحت یاب ہوگا اس سے پہلے "یا سلام" کا اضافہ کر لیا جائے تو نتیجہ زیادہ بہتر ہوگا۔

۴۔ یہ وظیفہ تسخیر خلق کے لیے بہت لاجواب ہے جو شخص اسے ۴۰ دن تک ۳۱۲۵ مرتبہ روزانہ پڑھ لے انشاءاللہ مخلوق خدا اس کی تابعدار رہے گی۔ اسے ملنے والا ہر شخص اس کا گرویدہ ہوگا اس کے علاوہ محبوب کو حاصل کرنے کے لیے بھی یہ بہت اکسیر ہے۔

۵۔ اگر کسی کو کوئی ایسا مسئلہ درپیش ہو تو اسے چاہیئے کہ اس وظیفہ کو سات روز تک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے۔ انشاءاللہ مسئلہ حل ہوگا۔

۶۔ اگر کسی اسم کی رجعت پڑ گئی ہو تو اسے ایک ہزار مرتبہ روزانہ ۴۰ دن تک پڑھیں انشاءاللہ رجعت ختم ہو جائے گی۔ وظیفہ یہ ہے:۔ (بسم اللہ الحلیم جل جلالہ بحق یا حلیم یا سلام)

۷۔ وہ بچہ جو بداخلاق ہو، اسے چھوٹے بڑے کی تمیز نہ ہو۔ گھر میں والدین کے ساتھ گستاخانہ رویہ رکھتا ہو اور ماں باپ اس کے اخلاقی رویے سے تنگ ہوں تو گھر کے کسی فرد کو چاہیئے کہ اس اسم کو گیارہ دن تک ۸۰۰ مرتبہ پڑھے اور پانی دم کر کے اسے پلائیں۔ انشاءاللہ چند دنوں میں اس کی طبیعت میں نرمی آ جائے گی۔ اور اس کا اخلاق درست ہونے لگے گا۔

۸۔ بعض اوقات وعدہ کر کے پورا نہیں ہوتا اور وعدہ کرنے والے کو نادم ہونا پڑتا ہے۔ یا کسی کا قرض دینا ہو اور اس کا وعدہ پورا ہو گیا ہو اور مانگنے والا سر پر ہو۔ غرضیکہ جس کام میں بھی شرمندہ ہونے کا ڈر ہو تو اس اسم کو ملاقات سے پہلے پڑھنا شروع کر دیں۔ انشاءاللہ، اللہ تعالیٰ کوئی ایسی صورت پیدا کر دے گا کہ شرمندگی نہیں ہوگی۔

۹۔ ایک قول کے مطابق جو کوئی اس اسم کو نماز ظہر کے بعد ۹ مرتبہ ہمیشہ پڑھنے کا معمول بنا لے۔ وہ لوگوں کے سامنے نہ کبھی ذلیل ہوگا۔ اور نہ نادم ہوگا۔

۱۰۔ "یا حلیم" کا عامل بننے کے لیے اس کی زکوۃ چالیس دن میں پانچ لاکھ ہے لہذا جو عامل بننا چاہے، تو اسے چاہیئے کہ چالیس دن تک اس اسم کو ۱۲۵۰۰ مرتبہ روزانہ خلوت میں بیٹھ کر رات کے اسے وقت پڑھے۔ پڑھائی مکمل ہونے پر آپ اس کا نقش دوسروں کو دے سکتے ہیں۔

۱۰۔ ظہر کی نماز کے بعد اس اسم مبارک کو ۹ مرتبہ پڑھا جائے تو اللہ تعالیٰ لوگوں کے دلوں میں

اس شخص کے لئے عزت وتوقیر کے جذبات پیدا فرما دیتے ہیں۔

۱۱۔ اگر کوئی آدمی اس اسم پاک کو ۱۰۰۰ مرتبہ لکھ کر پانی میں دھو کر اپنے باغات یا کھیتوں پر چھڑکے گا تو اس کے کھیت اور باغ اللہ تبارک وتعالیٰ کے حکم سے سرسبز وشاداب ہو جائیں گے اور زمینی وآسمانی آفات سے محفوظ رہیں گے۔

۱۲۔ اس اسم پاک کا ذکر کرنے والے کی طبیعت میں نرمی اور حلاوت پیدا ہو جاتی ہے۔ اور اس میں لوگوں کی سختیوں اور برائیوں کو برداشت کرنے کی طاقت پیدا ہو جاتی ہے۔

۱۳۔ اگر کوئی بچہ بڑوں کا لحاظ نہ کرتا ہو، بدتمیز ہو، منہ پھٹ ہو، بہت زیادہ شرارتی ہو تو اسے ۸۸۰۰ مرتبہ یہ اسم پاک پانی پر پڑھ کر مسلسل گیارہ روز تک پلائیں۔ انشاء اللہ بچہ راہ راست پر آجائے گا۔

۱۴۔ اگر کوئی شخص مسلسل چالیس روز تک بعد نماز عشاء ۲۱۲۵ مرتبہ اس اسم پاک کا ورد کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس پر اپنے انعام واکرام کی بارش کر دیتے ہیں اور لوگ اس اس محبت کرنے لگتے ہیں۔

۱۵۔ اگر کوئی خاتون امید سے ہوں تو انہیں اس اسم مبارک سے دم کیا ہوا پانی پلانے سے ان پر زچگی کی تکلیف آسان ہو جاتی ہے اور بچہ صحت مند پیدا ہوتا ہے۔

۱۶۔ اگر کسی بیمار شخص کو اس اسم مبارک کا دم کیا ہوا پانی پلا دیا جائے تو اللہ کے حکم سے اس کی بیماری رفع ہو جاتی ہے۔

۱۷۔ جو اسی اسم کا ہر وقت ورد رکھے گا انشاء اللہ فتح مند رہے اور ہر آفت سے بچا رہے گا۔

۱۸۔ جو کوئی اس اسم کو بادشاہ کے روبرو پڑھے گا انشاء اللہ اس کے غصہ سے محفوظ رہے گا۔

۱۹۔ جو کوئی اس اسم کو پڑھے وہ حلیم الطبع ہو جائے اور صبر وسکون اس کے دل میں آجائے گا۔

۲۰۔ جو کوئی درخت بوتے وقت آٹھائیس مرتبہ پڑھے درخت سرسبز ہو اور انشاء اللہ خزاں سے محفوظ رہے گا۔

۲۱۔ اگر کوئی رئیس آدمی اس کو کثرت سے پڑھے تو اس کی سرداری خوب جمے اور راحت سے رہے۔ اگر کشتی میں سفر کرے تو غرق سے محفوظ رہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

اس نام کا مطلب ہے، اپنی ذات وصفات میں عظمت اور بزرگی والا۔ جو اپنی کبریائی میں اتنا اونچا درجہ رکھتا ہو کہ انسانی عقل اس کا تصور بھی نہ کر سکے۔ یعنی اللہ تعالی اپنے رتبے میں اس قدر بلند ہے کہ اس کو کسی مددگار کی حاجت نہیں حتی کہ وہ زمان اور مکان کی حدود سے بھی بے نیاز ہے۔ چنانچہ ارشاد ربانی ہے کہ اپنے عظیم پروردگار کی تسبیح کرتے رہو۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالی کسی بندے کے لیے کبر کو پسند نہیں کرتا کیونکہ کبریائی اس کے لیے خاص ہے اور بندے کو تو خاکساری اختیار کرنی چاہیے۔

وظائف:

۱۔ اگر آپ زندگی کے ہر شعبے میں صاحب اقتدار رہنا چاہتے ہوں یعنی گھر والے عزت کریں جہاں کام کاج ہو وہاں اختیار وسیع ہوں۔ دوسرے لوگ عزت کی نگاہ سے دیکھیں، عہدہ اور ملازمت میں ترقی ہوتی رہے اس کے لیے اس وظیفہ کو ۱۰۰ دن تک ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھیں انشاء اللہ ہر لحاظ سے اقتدار حاصل ہوگا۔ وظیفہ یہ ہے۔ بسم اللہ العظیم جل جلالہ

۲۔ جو شخص اس اسم کو چالیس روز تک ۲۰۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھے دین ودنیا میں کسی محتاج نہ ہوگا اللہ تعالی اسے دین ودنیا کی نعمتوں سے نوازے گا۔ اور دور دور تک اس کی شہرت پھیلے گی۔ بے پناہ مال و دولت اسے حاصل ہوگی اور اسے ہمیشہ پڑھنے والا کبھی مفلس اور قلاش نہ ہوگا۔ جس دوست یا دشمن کے سامنے جائے وہی محبت سے پیش آئے گا۔

۳۔ جو کوئی حکمران سے خوفزدہ ہو وہ بارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے انشاء اللہ محفوظ رہے گا اور نرمی پائے گا۔

۴۔ اس اسم کا بکثرت ذکر کرنے سے عزت نصیب ہوتی ہے اور ہر مرض سے شفاء ملتی ہے۔

۵۔ جو سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لے انشاء اللہ اس کے پیٹ میں درد نہ ہوگا۔

۶۔ جو شخص اس اسم کو گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ تین سال تک پڑھے وہ ہر ایک کی نظر میں قابل تعظیم بن جائے گا۔ اور ہر ملنے والا اس سے عزت سے پیش آئے گا۔ کیونکہ اس اسم کی بدولت اللہ تعالیٰ پڑھنے والے کو دائمی عزت سے نوازتا ہے اور وہ شخص لوگوں کی نظر میں بزرگ ہو جاتا ہے۔ کیونکہ اس اسم میں عظمت کے اثرات بہت زیادہ ہیں اس لیے اس کا ذاکر ہمیشہ کے لیے عظیم لوگوں میں سے ہو جاتا ہے۔

۷۔ ایسی مشکلات جن کا تعلق مال سے ہو۔ یعنی غربت، افلاس۔ تنگی رزق یا بے روزی ہو۔ اور مال کے حصول میں رکاوٹ آتی ہو تو ایسے شخص کو چاہیے کہ ۴۰ روز تک اس اسم کو روزانہ ۱۲۰۰۰ مرتبہ پڑھے۔ بیشک اس کی مشکلات حل ہو جائیں گی۔

۸۔ جو لوگ بوجہ مال کی کمی کے حقارت کی نظر سے دیکھتے تھے اس اسم کے ذکر کی بدولت وہ عزت کرنے لگیں گے۔

۹۔ اگر کسی کو اپنی قابلیت کے مطابق عہدہ نہ ملا ہو تو ان شاء اللہ اس اسم کی بدولت اسے ملازمت مل جائے گی۔

۱۰۔ اس اسم کا عامل بننے کے لیے اس اسم کو ۱۲۵۰۰ مرتبہ روزانہ ۴۰ دن تک پڑھیں۔ اس کے بعد اس کے تعویذ کو دوسروں کو دے سکتے ہیں۔ یہ تعویذ ہر قسم کی عظمت والے کاموں میں بہت مجرب ہے۔

۱۱۔ جو شخص اس اسم مبارک کا ورد کرنا اپنا معمول بنا لے، اللہ تعالیٰ اسے بھی عظمت بخش دیتا ہے، لوگوں کی نظروں میں اس شخص کو اللہ تعالیٰ معزز و مکرم بنا دیتا ہے۔

۱۲۔ اگر کوئی شخص جسمانی درد میں مبتلا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ ایک پیالی میں پانی لے کر یا عظیم یا عظیم کا ورد کرتا ہوا پی لے، ان شاء اللہ یہ درد لمحوں میں ختم ہو جائے گا۔

۱۳۔ یا عظیم کا ورد کرنا لوگوں کو بہر صورت صاحب عز و شرف اور صاحب توقیر بنا دیتا ہے۔

۱۴۔ اگر کوئی شخص "یا عظیم" کا گیارہ سو بار ورد کر کے دعا مانگے تو اللہ تعالیٰ دوستوں اور دشمنوں

۱۶۔ اگر کسی شخص کے بدن میں درد ہو رہا ہو۔ تو ایسے شخص کو کسی پاک کاغذ پر "یا عظیم" سات بار لکھ کر اسے پانی میں گھول کر پلا دیں تو اللہ تعالیٰ اسے شفا بخش دیتا ہے۔

۱۷۔ "یا عظیم" کا اکثر ورد کرنے والے شخص کے دل میں اللہ تعالیٰ اپنی محبت بڑھا دیتا ہے اور اس کے دل میں اللہ کی عظمت اور بزرگی کئی چند ہو جاتی ہے۔

۱۸۔ اگر کوئی جذام یعنی کوڑھ کے مرض میں مبتلا ہو تو اس کو ہر روز یا عظیم کا ورد کر کے پانی پلایا جائے تو چند روز کے بعد اس بیماری سے بتدریج نجات بھی مل جاتی ہے۔

۱۹۔ اگر کوئی شخص ہر روز بعد نماز ظہر کے بعد ایک سو ایک بار اس اسم مبارک کا ورد کر کے دعا مانگے تو اللہ تعالیٰ اس کی ہر جائز مرادیں پوری کرتا اور مقاصد میں کامیابی عطا کرتا ہے اور لوگوں میں اس کی قدر و منزلت بھی بڑھ جاتی ہے۔

۲۰۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کے لیے بھی اس اسم مبارک کا ورد وظیفہ کرتے رہنا بے حد مفید اور موثر ہوتا ہے۔

۲۱۔ بکثرت "یا عظیم" پڑھنے سے دنیا کی نظروں میں عظمت نصیب ہوگی۔

☆☆☆☆☆☆

۱۳۱۷		قمری اعداد
۱۶۱۱		شمسی اعداد

۳۵۔ الغفور جل جلالہ

جمالی ☆ خاکی

اس صفاتی نام میں "غفار" سے زیادہ مبالغہ پایا جاتا ہے یعنی بے انتہا اور بار بار مغفرت کرنے والا۔ بہت زیادہ درگزر کرنے والا اور بہت زیادہ پردہ پوشی کرنے والا۔ اس کی مغفرت اتنے اعلیٰ درجے کی ہے کہ وہ اپنے بندوں کی بار بار ہوئی غلطیوں سے بھی درگزر کرتا ہے۔ لہٰذا اس اسم کی مناسبت سے بندے کو بھی چاہیے کہ دوسرے کی کوتاہیوں سے درگزر کرے اور ہر دم اللہ تعالیٰ استغفار کرتا رہے تاکہ اس کے گناہوں سے بھی درگزر کیا جاتا رہے۔

وظائف:

۱۔ تمام مشکلات کو آسان وحل کرنے کیلئے اس اسم پاک کو ماہ رمضان میں پڑھنا مجرب ہے

۲۔ اگر کسی مرد یا عورت کے دل پر کوئی غم بیٹھ چکا ہو اور اسے اندر سے کھائے جا رہا ہو تو چاہیئے کہ گیارہ دن تک بعد نماز مغرب ۱۲۸۶ مرتبہ روزانہ پڑھے۔ انشاء اللہ غم کو بھول جائے گا۔ اپنے ٹھکانے پر لگ جائے گا اور اسے پڑھنے سے دل کی سیاہی دور ہو جائے گی۔

۳۔ اکثر اوقات اپنے اعمال اور کوتاہیوں کی بنا پر مالی وسائل میں تنگی آجاتی ہے۔ اس تنگی کو دور کرنے کے لیے یہ اسم بہت موثر ہے لہٰذا اگر کوئی شخص اسے روزانہ ۳۱۲ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے تو اس کی تنگی دور ہوگی اور مالی وسائل کے ذرائع کھل جائیں گے۔

۴۔ اگر یکدم کوئی مالی مشکل درپیش آجائے تو چند آدمی مل کر اسے تین دن میں سوا لاکھ مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ مسئلہ حل ہو جائے گا۔

۵۔ اگر کوئی طویل عرصے سے بیمار ہو تو اسے یا اس کے کسی رشتہ دار کو چاہیئے کہ اس اسم کو ۵۰۴۴ مرتبہ روزانہ اکیس دن تک پڑھے اور پانی دم کر کے بیمار پیئے۔ انشاء اللہ شفایابی کا اللہ تعالیٰ کوئی نہ کوئی ذریعہ بنا دے گا۔

۶۔ ایک قول ہے کہ اگر کسی کو بخار آتا ہو یا سر میں درد ہو تو وہ شخص تین مرتبہ یا غفور کاغذ پر لکھ کر اس کی سیاہی پر روٹی کا ٹکڑا لگا کر وہ نقش روٹی میں جذب کر کے اور اسے کھا لے انشاء اللہ اس کا درد ختم ہو جائے گا۔

۷۔ یہ اسم گناہوں کی معافی کے لیے بہت اکسیر ہے۔ انسانی کوتاہیوں کی بنا پر ہم انسانوں سے گناہ سرزد ہوتے ہیں۔ اگر اللہ ان کی بخشش نہ کرے تو وہ پہاڑوں کی مانند بن جائیں۔ مگر جونہی انسان "یا غفور" کی صفت سے پکارتا ہے تو اللہ اسے کے گناہ معاف فرما دیتا ہے۔ اس لیے جو بندہ صبح کو اس اسم کو ایک سو مرتبہ اور ایک سو مرتبہ شام پڑھنے کا معمول بنا لے، اللہ اس کے گناہ معاف فرماتا رہے گا۔

۸۔ جو شخص اس اسم کو ۴۰ دن تک ۱۲۸۶ مرتبہ روزانہ خلوت میں بیٹھ کر پڑھے۔ وہ انشاء اللہ اس کا عامل ہو جائے گا وہ جس شخص کو اس اسم کا تعویذ دے گا اس کی ہر جائز خواہش پوری ہو گی۔

۹۔ اگر کوئی شخص اس اسم کے تعویذ کو اپنی جیب یا ٹوپی میں رکھ کر کسی حاکم کے سامنے پیش ہو گا۔ تو مہربان ہو گا۔ اس کے علاوہ اس اسم کا تعویذ مالی تنگی دور کرنے، طویل بیماری سے نجات کے لئے کوئی شدید قسم کا صدمہ دور کرنے اور لوگوں کو توبہ اور استغفار کی طرف مائل کرنے کے لئے بہت موثر ہے۔ تعویذ لینے والا تعویذ کو اپنے پاس جیب یا پرس میں رکھے انشاء اللہ مقصد حل ہو گا۔

۱۰۔ جو شخص خلاص نیت کے ساتھ اور گناہوں سے توبہ کر کے اس مبارک اسم کا ورد اختیار کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے گناہ بخش دیتا ہے۔

۱۱۔ کثرت کے ساتھ "یا غفور" کا ورد کرنے والے لوگ گناہوں سے بچے رہتے ہیں اور وہ اللہ کی حفاظت میں بھی رہتے ہیں۔

۱۲۔ اگر کوئی مریض یا غم ناک شخص یا غفور کو روٹی پر دم کر کے اس روٹی کو کھائے تو اس کی برکت سے وہ شفایاب ہو جاتا ہے۔

۱۳۔ جو شخص کثرت کے ساتھ اس اسم الٰہی کا ورد کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے دل کو وساوس اور آلائشوں سے پاک کر دیتا ہے۔ (بسم اللہ الغفور جل جلالہ جامع وظیفہ ہے اسطرح پڑھے)

۱۴۔ اگر کوئی شخص سجدے میں سر ڈال کر تین بار "رب اغفرلی" پڑھے اور دل سے مکمل طور پر توبہ کرے اللہ تعالیٰ اس کی تمام خطائیں اور جرم معاف کر دیتا ہے۔ اس کے علاوہ یا غفور یا اللہ پڑھنے میں بھی یہی خاصیت ہے۔

۱۵۔ جو شخص یا غفور کا ورد کرنا اپنا معمول بنالیتا ہے تو اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو گمراہیوں سے بچالیتا ہے اور اس کے دل کی سیاہی بھی دور کر دیتا ہے۔

۱۶۔ اگر کوئی شخص شدید سر درد میں مبتلا ہو یا کسی کو بہت زیادہ بخار ہو تو ایسے شخص کو اکتالیس بار ''یا غفور الرحیم'' کا ورد کر کے دم کریں تو اللہ تعالیٰ شفا بخش دیتا ہے۔

۱۷۔ جو شخص ہر روز ایک سو ایک بار ''یا غفور'' کا ورد کسی بھی وقت کر لیتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو معاف بھی فرما دیتا ہے اور لوگوں سے چھپائے بھی رکھتا ہے۔

۱۸۔ یا غفور کا اکثر ورد کرنے والے کو اللہ تعالیٰ بھلائی اور دوسروں کی خیر خواہی کے کاموں کا خوگر بنا دیتا ہے۔ بڑے سے بڑا گناہگار بھی سچے دل سے توبہ کر کے اگر اللہ کی جانب آجائے اور اسم مبارک ''یا غفور'' کا ورد کرنا اپنا معمول بنالے تو اللہ اسے معاف کر دیتا ہے۔ اسطرح پڑھنا بہتر ہے یا غفور یا اللہ یا غفور جل جلالہ۔

۱۹۔ گلے کی خرابی کے باعث اگر کوئی شخص کی آواز بیٹھ چکی ہو اور گلے میں درد بھی ہو تو ایسے شخص کو اکتالیس بار غفور پڑھ کر دم کیا ہو پانی پینا چاہیے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا نصیب ہوگی۔

۲۰۔ حاملہ عورتوں کو ''یا غفور'' سے دم کیا ہوا پانی پلانے سے اسقاط حمل کے خدشہ سے وہ بچی رہتی ہیں۔

۲۱۔ اگر کوئی شخص جمعہ کی رات کو ''یا غفور'' کا ۱۲۸۶ بار ورد کر کے اللہ کے حضور دعا کرے تو اللہ تعالیٰ ایسے شخص اور اس کے خاندان کو مشکلات اور دشمنوں کی بدسگالیوں سے بچائے رکھتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆

قمری اعداد	۵۵۷
شمسی اعداد	۱۷۵۱

۳۶۔ الشکور جل جلالہ

جمالی ☆ خاکی

اس صفاتی نام سے مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ مخلوق کے نیک کاموں کا انتہائی قدردان اور تھوڑے عمل پر بہت زیادہ اجر دینے والا ہے۔ یہ لفظ شکر سے بنا ہے جس کا مطلب ہے، شکریہ ادا کرنا اور بہتر سلوک پر تعریف کرنا۔ انسان کسی کے انعام اور احسان سے خوش ہو تو بھلائی کرنے والا کا شکریہ ادا کرتا ہے، یہ اس کا شکر ہے۔ اور اگر اللہ تعالیٰ کی نعمتوں پر الحمد للہ کہے تو یہ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے لیکن اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کا شکر اس طرح کرتا ہے کہ ان کی نیکیوں اور عبادتوں کی قدردانی کر کے اس کا توقع سے زیادہ اجر عطا کرتا ہے اور ''شکور'' کے اسم صفاتی سے یہی معنی مراد ہیں۔ انسان کے لیے شکر کے مختلف طریقے ہیں۔ کبھی زبان سے شکریہ ادا کر کے، اور کبھی نیک سلوک کے بدلے میں محسن کی خدمت اور کبھی مال کے ذریعے یعنی اللہ کی راہ میں مال خرچ کرنا بھی شکر کی ایک قسم ہے۔ اسی طرح اللہ کی مخلوق کا شکریہ ادا کرنا بھی انسان پر واجب ہے۔

وظائف :

۱۔ جو شخص اسے ۲۰۰۴ مرتبہ روزانہ پڑھنے کا معمول بنا لے وہ کچھ عرصہ کے مستجاب الدعوات بن جائے گا۔ اور اللہ تعالیٰ اس اپنے انعامات کے لیے مخصوص کرلے گا اور اس اسم کی بدولت اسے بے پناہ نیک اعمال کرنے کی توفیق ملے گی اور اسے دین میں بلند مقام حاصل ہوگا۔

۲۔ جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کی آنکھوں کی بینائی مرتے دم تک قائم رہے تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو ۵۲۶ مرتبہ روزانہ بعد نماز فجر پڑھے۔ انشاء اللہ اس کی نظر آخری دم تک قائم دائم رہے گی۔

۳۔ جو شخص کھانا کھاتے وقت شروع میں بسم اللہ شریف پڑھ کر اس کے بعد ہر لقمہ کھاتے وقت ''یا شکورُ'' پڑھے اور ایسے ہی روزانہ اپنا معمول بنالے تو اللہ اس سے راضی ہوگا۔ اس کے رزق میں اضافہ ہوگا اور دن بدن اس کی عزت بڑھے گی اور کبھی مالی تنگی نہ ہوگی۔

۴۔ ایک قول کے مطابق اگر کوئی اس اسم کو تین ہزار مرتبہ روزانہ تا عمر پڑھتا رہے تو اس دین و دنیا میں بے پناہ عزت اور دولت حاصل ہوگی۔

۵۔ شکر کرنے کا جذبہ اللہ تعالیٰ کی توفیق اور عنایت کے بغیر نہیں اور جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس میں جذبہ شکر پیدا ہو تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو صبح کے وقت اور رات کے وقت سونے سے پہلے ایک سو گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھنے کا معمول بنالے۔ اس میں انشاء اللہ جذبہ شکر پیدا ہو جائے گا اور جو شاکر بن جائے اللہ اس سے بہت راضی ہوتا ہے۔ ایسا شخص کبھی اللہ تعالیٰ کی ناشکری نہیں کرتا اور اس بنا پر اللہ تعالیٰ اسے دین و دنیا کی نعمتوں سے خوب مالا مال کر دیتا ہے۔

۶۔ جو شخص اس اسم کا نقش دوسروں کو تمام الشکور سے متعلقہ مقاصد کے لئے دینا چاہے تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو چالیس دن تک روزانہ ۱۲۰۸ مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد وہ تعویذ بھی دے گا۔ انشاء اللہ مقصد پورا ہوگا۔

۷۔ اگر کوئی شخص اسم مبارک "یا شکور" کا ورد کرنا اپنا معمول بنالے تو اللہ تعالیٰ اس کی رحمتوں اور نعمتوں میں اضافہ فرمادیتا ہے۔

۸۔ اگر کوئی شخص اکتالیس بار "یا شکور" کا پانی پر دم کرکے اس پانی کو آنکھوں اور سینے پر لگائے تو اللہ اسے ہر طرح کی بیماری سے شفا بخشتا ہے۔ دم کیے ہوئے اس پانی کو پینے سے بھی شفا ملتی ہے۔

۹۔ اگر کسی شخص کے دل پر بار ہو اور اسے اس سے وقت محسوس ہو تو اس اسم مبارک کا اکتالیس بار ورد کرکے پانی پر دم کرلیا جائے اور پھر اس پانی سے بار بار سینے کو تر کیا جائے۔ یقیناً پانی پینا بھی باعث شفا ہوتا ہے۔

۱۰۔ اگر کسی بچے یا شے کو نظر بد ہوگئی ہو تو اسکے اثرات سے بچنے کے لئے اکتالیس بار "یا شکور" سے دم کیا ہوا پانی اسے پلایا جائے اور اس پر اسی پانی کے چھینٹے مارے جائیں تو اللہ اسے شفایاب رکھتا ہے اور نظر بد کے برے اثر سے محفوظ رکھتا ہے۔

۱۱۔ اگر کوئی شخص چالیس دن تک ہر روز پانچ دس بار یا شکور کا ورد کرکے اللہ سے دعا کرے تو اللہ تعالیٰ اسے غیب سے غنی کردیتا ہے اور اس کو پریشانیوں سے بھی نجات دیتا ہے۔

۱۲۔ اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کا تین ہزار بار ورد کرکے اللہ سے دعا مانگے تو اسے اللہ تعالیٰ خلق

۱۳۔ جو شخص باوضو ہو کر خلوص کے ساتھ اکثر "یا شکور" کا ورد کرتا ہے تو اللہ پاک ایسے شخص کو اپنا مقبول بنالیتا ہے اور اس کی دعاؤں کو بھی منظور کر لیتا ہے۔

۱۴۔ اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد تین سو بار اس اسم مبارک کا ورد کر کے پروردگار سے دعا کرے تو اللہ تعالیٰ اسے صاحب کشف بنا دیتا ہے۔ یوں وہ شخص لوگوں کے لئے باعث رحمت و برکت بن جاتا ہے۔

۱۵۔ دل سے فاسد خیالات اور شیطانی وساوس سے نجات حاصل کرنے کے لئے بھی "یا شکور" کا ورد کرنا بے حد مفید ہوتا ہے۔

۱۶۔ اس اسم مبارک کا جو شخص اکثر ورد کرنے والا ہے اللہ تعالیٰ اس کی معمولی اور چھوٹی نیکیوں کو بھی زیادہ قدر و منزلت بخشتا ہے۔

۱۷۔ اگر کوئی شخص روزانہ تین ہزار بار اس اسم پاک کی تلاوت کرتا ہے تو وہ دنیا و آخرت میں سرخرو ہو جاتا ہے۔ عزت و توقیر اس کا مقدر بن جاتی ہے۔

۱۸۔ اگر کسی شخص کی بینائی جاتی رہے تو اُسے چاہیے کہ ۴۰ دن تک ہر روز ۴۱ مرتبہ اس اسم پاک کو پانی پر دم کرے، وہ پانی آنکھوں پر لگائے۔ انشاء اللہ شفا ہو گی۔

۱۹۔ اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد ۴۰۰ مرتبہ اس اسم پاک کا ورد کرتا ہے تو اس کی سبھی دعائیں بارگاہ طوبت میں قبولیت کا درجہ حاصل کر لیتی ہیں۔

۲۰۔ اگر کوئی کاروباری مسئلہ ہو یا کوئی پریشانی لاحق ہو تو ۲۱ دن تک نماز فجر کے بعد روزانہ اکتالیس مرتبہ اس اسم پاک کی تلاوت کریں۔ انشاء اللہ رحمت الٰہی کی دولت حاصل ہو گی۔

۲۱۔ اس اسم پاک کا ذاکر اللہ کے حضور شکر کا مقام حاصل کر لیتا ہے اور ہر حال میں راضی اور خوش و خرم رہتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆

قمری اعداد
شمسی اعداد

اس صفاتی نام کا مطلب ہے، انتہائی اونچا اور بلند مرتبے والا۔ اس سے مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ فضیلت کے تمام درجوں سے زیادہ بلند ہے اور کوئی شے ایسی نہیں جو اس کے مقابلے میں پست نہ ہو۔ یہ لفظ علو سے بنا ہے جس کے معنی ہیں مدارج کے لحاظ سے بالاتر ہونا۔ ویسے عقلی طور پر علی مرتبت کے جتنے بھی درجے ہیں، ان میں سب سے اونچا درجہ نبیوں اور فرشتوں کا ہے لیکن اللہ تعالیٰ رتبے میں اتنا بلند ہے جس کی کوئی انتہا نہیں اور عقل سے اس کا ادراک بھی ممکن نہیں ہے۔ انسان کے لیے اس اسم سے یہ اشارہ ملتا ہے کہ وہ اپنی طبیعت میں بلندی اور حوصلہ پیدا کر کے اور چھوٹی چھوٹی باتوں کو نظر انداز کر کے نیک عادتیں اختیار کرے کیونکہ اچھی عادتوں سے اخلاق متاثر ہوتا ہے اور حوصلے کی کمی سے دین کا نقصان بھی ہو سکتا ہے یعنی کم ہمت اور پست حوصلہ آدمی نہ جہاد کر سکتا ہے اور نہ دوسرے دینی فرائض بروقت انجام دے سکتا ہے۔

وظائف:

۱۔ جو شخص ''یا علی'' کو صبح کی نماز کے بعد گیارہ سو مرتبہ روزانہ پڑھنے کا معمول بنائے تو وہ خلقت کی نظر میں عزیز ہو جائے گا۔

۲۔ اگر کوئی ادنیٰ ہو تو اس اسم کے ورد سے اعلیٰ مرتبے پر فائز ہوگا۔ بعد نماز فرض ۳۱۳ مرتبہ پڑھیے۔

۳۔ اگر غریب اس اسم کو کثرت سے پڑھے تو مالدار ہو جائے گا۔

۴۔ غریب الوطن اس اسم کو تلاوت کرے تو وطن واپسی کے اسباب پیدا ہوں گے۔

۵۔ یہ وظیفہ ڈاکٹروں اور وکیلوں کے لیے کثرت سے پڑھتے رہنے کا ہے۔ اس وظیفہ کی برکت سے ان کے کام میں ترقی ہوگی۔ اور ان کو اپنے پیشہ میں حاصل ہوگی۔ اگر کوئی حاکم اسے کثرت سے پڑھے تو اس کی حاکمیت دیر تک قائم رہے گی۔ بسم اللہ العلی جل جلالہ کے طریقے سے پڑھیے۔

۶۔ اگر کسی کی بیوی تابعدار نہ ہو اور بات بات پر بے رُخی کا مظاہرہ کرتی ہو تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو اکیس یوم تک ۱۰۰۰ مرتبہ پڑھے اور آخری روز اللہ کے حضور بیوی کے تابع ہونے کی دعا کرے۔ انشاءاللہ دعا قبول ہوگی اور بیوی تابعدار ہو جائے گی۔ اور اگر کسی عورت کا خاوند تابعدار نہ ہو تو وہ بھی اسی طرح عمل کر سکتی ہے۔

۷۔ اگر کسی کی شادی کا پیغام نہ آتا ہو تو اس اسم کو لڑکا یا لڑکی بذات خود ۷۰۹ مرتبہ ۴۰ روز تک بعد نماز مغرب خلوت میں بیٹھ کر پڑھے انشاء اللہ بہتر رشتے کا پیغام آئے گا۔ اور جب رشتہ دیکھنے جائیں تو اسی اسم کو پڑھتے رہیں جو رشتہ بھی ہوگا وہ فرمانبردار ہوگا تو شادی ہوگی ورنہ نہیں۔

۸۔ اگر کسی جگہ درد ہو یا ورم ہو تو اس وظیفہ کو ۳۰۰ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ انشاءاللہ فوراً آرام آجائے گا۔

۹۔ ایک قول کے مطابق خونی بواسیر میں ایک ہزار مرتبہ پانی دم کر کے اسے پئیں اور سات روز تک یہی عمل کریں تو بواسیر کا خون بند ہو جائے گا۔

۱۰۔ اس اسم کا عامل بننے کے لیے ''یا علیّ'' کو ۱۰۰۰۰ مرتبہ روزانہ ۱۱ دن تک پڑھیں اور مکمل جلالی پرہیز کریں یعنی گوشت، انڈا، مچھلی وغیرہ نہ کھائیں۔ چلہ مکمل ہونے کے بعد آپ اس اسم کے نقش کو ہر اس کام کے لیے دے سکتے ہیں جہاں برتری قائم کرنا مقصود ہو۔

۱۱۔ اگر کسی آدمی کی آنکھوں میں مسلسل تکلیف ہو اور ہزار علاج کروانے کے بعد بھی آرام نہ آرہا ہو تو اسے چاہیئے کہ تین دن تک ۷ مرتبہ اسم مبارک کی تلاوت کر کے پانی پر دم کرے اور پھر اس پانی کی سلائی کے ذریعے اپنی آنکھوں پر لگائے۔ انشاءاللہ بیماری دور ہو جائے گی۔

۱۲۔ اس اسم مبارک کا روزانہ تین ہزار مرتبہ ورد کرنے والا شخص کبھی بے آبرو نہ ہوگا۔ اور خلق خدا کی نظر میں معزز و معتبر ٹھہرے گا۔ صاحب غنی ہو جائے گا اور سفر کی حالت میں فضل الٰہی کو ہمیشہ اپنے ساتھ ہمسفر پائے گا۔

۱۳۔ اگر اس اسم پاک کا تعویذ گلے میں لکھ کر ڈالا جائے تو حاجتیں پوری ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔

۱۴۔ اگر فقیر اسے ایک سو دس مرتبہ پڑھے تو غنی ہو جائے گا۔ اور دنیا میں عزت پائے گا۔

۱۵۔ اگر لکھ کر بچے کو باندھ دیا جائے تو جلدی جوان ہو اگر مسافر اپنے پاس رکھے تو جلدی اپنے عزیزوں سے آملے اگر محتاج ہو تو غنی ہو جائے۔ (بسم اللہ العلی جل جلالہ)

۱۶۔ جو شخص اس اسم کو ہمیشہ پڑھتا رہے اور لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاء اللہ اسے رتبہ کی بلندی خوشحالی اور مقصد میں کامرانی نصیب ہوگی۔

۱۷۔ یہ اسم مشائخ، بزرگوں، طلبہ اور سالکین کے لئے ایک روحانی خزانہ ہے اگر اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا نام "العلیم" بھی ملا لیا جائے تو یہ بڑے اذکار میں شمار ہوگا۔ (یا علی العلیم/العلی العلیم)

۱۸۔ جو ان الفاظ میں دعا کرے گا انشاء اللہ عذاب سے نجات پائے گا۔

"اللّٰھم یا عالم الخفیات رفیع الدرجات ذاالعرش یُلقی الرُّوح علیٰ من یّشآءُ مِنْ عبادہٖ غافر الذنب قابل التوب شدید العقاب ذاالطول لَآاِلٰہَ اِلَّاانت.

۱۹۔ جو شخص اس اسم مبارک کا عامل بن جائے گا ہر کام میں ہمت والا اور بلند حوصلے والا بن جائے گا اور کبھی ذلیل بات منہ سے نہ نکالے گا۔ جھوٹ بولنے کو بہت بُرا سمجھے گا۔

۲۰۔ اگر تین ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے تو ذلیل شخص عزت والا ہو جائے گا۔ یوں پڑھیے!!
بسم اللہ العلی بحق یا علی (یا پھر یوں پڑھیئے یا علی یا اللہ)

۲۱۔ روزانہ ۱۰۰ مرتبہ "یا علیّ" پڑھنے سے انشآء اللہ عقیدہ درست ہو جائے گا۔

چلتے پھرتے "یاارحم الرّاحمین" کثرت سے پڑھیئے
کبھی کوئی پریشانی لاحق نہ ہوگی۔

قمری اعداد	۲۶۳
شمسی اعداد	۱۹۱۳

۳۸۔ الکبیر جل جلالہ

جمالی ☆ آتشی

اللہ تعالیٰ کے اس اسم صفاتی کے معنی ہیں، انتہائی بزرگ اور بڑائی والا جس کی بڑائی میں کوئی شریک اور مقابل نہ ہو۔ وہ اس قدر عظیم ہے کہ انسانی عقل وشعور سے اس کی کبریائی کا صحیح اندازہ نہیں کیا جاسکتا۔ وہ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا اور اپنے وجود میں اس قدر کامل ہے کہ ہر شے کا وجود اسی کی ذات سے وابستہ ہے اور سبھی اپنے وجود میں اس کے محتاج ہیں۔ انسانوں میں کبیر وہ انسان ہے جو عالم اور پرہیزگار ہو اور لوگوں کی اصلاح کرنے میں لگا رہے۔ اس اسم کا تقاضا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی بزرگی اور بڑائی کو پہچان کر خاکساری اختیار کی جائے اور اہل علم لوگوں کی عزت کی جائے۔

وظائف:

۱۔ اگر کسی عورت کو اس کی ساس یا خاوند ناجائز تنگ کرتے ہوں اور گھر میں اس کی کوئی عزت نہ ہو تو اسے چاہیئے کہ ۳۱۲۵ مرتبہ روزانہ اس اسم کو پڑھ کر پانی دم کر کے خود پیئے، انشاء اللہ تعالیٰ اس کا رعب سارے گھر والوں میں قائم ہو جائے گا اور جو کوئی اس سے ملے بہت عزت سے پیش آئے گا یہ اسم چالیس روز تک پڑھے۔ اگر اتنی تعداد میں نہ پڑھ سکے تو ایک تسبیح یعنی سو مرتبہ روزانہ پڑھنے کا معمول بنالے انشاء اللہ ہر کوئی اس کے تابع رہے گا۔

۲۔ اگر کسی شخص کے رشتہ دار یعنی والدین، بہن بھائی یا بیوی بچے کسی وجہ سے جدا ہو گئے ہوں یا کسی کی بیوی روٹھ کر اپنے والدین کے گھر میں بیٹھی ہو اور اپنے گھر میں آنے کا نام نہ لیتی ہو یا کوئی شخص ایسے مقام پر چلا گیا ہو کہ جہاں سے واپس آنے کیلیے اسے دشواری محسوس ہو رہی ہو تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو گیارہ دن تک ۱۴۸۴۸ مرتبہ پڑھے، انشاء اللہ جدا شدہ رشتوں میں ہو جائیگا۔

الکبیر کا جامع وظیفہ یہ ہے۔ بسم اللہ الکبیر جل جلالہ حق یا کبیر۔

۳۔ اگر کوئی تنگی اور ذلت کی زندگی بسر کر رہا ہو، محنت اور کوشش کے باوجود حالات درست نہ ہوتے ہوں، لوگوں کی نظر میں بے عزتی ہو تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو روزانہ ۹۲۸ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اور تین سال تک اس اسم کو پڑھے انشاء اللہ تنگی دور ہو جائے گی اور مال کی فراوانی کے اسباب پیدا ہو جائیں گے اور سب لوگوں کی نظر میں باعزت ہو جائے گا۔

۴۔ جو شخص یہ چاہے کہ وہ اپنے عہدے پر زیادہ عرصہ تک برقرار رہے یا جیسا اقتدار اسے حاصل ہے ہمیشہ اس میں رہے تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو روزانہ ۵۰۰۰ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ اپنے عہدے پر عزت آبرو کے ساتھ قائم رہے گا۔

۵۔ اگر کوئی دوران عہدہ پریشانی پیش آ بھی جائے تو اس اسم کی برکت سے فوراً دور ہو جائے گی۔

۶۔ اگر کوئی شخص ملازمت یا عہدے سے معزول ہو گیا ہو تو وہ روزہ رکھ کر اس اسم کو گیارہ ہزار مرتبہ پڑھے اور سات دن تک یہ عمل کرے، انشاء اللہ دوبارہ اسی عہدے پر بحال ہو جائے گا۔

۷۔ اس اسم کا عامل بننے کے لیے اسے چالیس دن تک ۲۱۵۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھیں، یہ عمل جمعرات کو شروع کریں اور دوران پڑھائی کسی سے بات نہ کریں اور خلوت کے مقام پر بیٹھیں۔ پڑھائی مکمل ہونے پر آپ اس اسم کا تعویذ الکبیر سے متعلقہ فوائد کے لیے دے سکتے ہیں۔ انشاء اللہ بے پناہ فائدہ حاصل ہوگا۔

۸۔ اس وظیفہ کے اثرات "یا کبیر" سے بہت وسیع الاثر، اور جامع ہیں۔ یہ وظیفہ قضائے حاجات، ادائے قرض، اقتدار قائم رکھنے، ہمیشہ باعزت رہنے، دوسروں کو مطیع اور فرمانبردار کرنے، عہدے پر برقرار رہنے اور اپنے تسلط کو ہمیشہ کے لیے قائم رکھنے کے لیے بہت لاجواب ہے، جو شخص یہ فوائد حاصل کرنا چاہے تو اس چاہئے کہ اس وظیفہ کو ۳۱۲۵ مرتبہ چالیس دن تک پڑھے۔ انشاء اللہ یہ تمام فوائد بڑے احسن طریقے سے حاصل ہوں گے۔ وظیفہ یہ ہے:۔

"یَا کَبِیْرُ تَکَبَّرْتَ بِالْکِبْرِیَآءِ فِیْ کِبْرِیَآءِ کِبْرِیَائِکَ یَا کَبِیْرُ"

۹۔ اگر کوئی بیمار روزانہ ۹۰ مرتبہ اس اسم پاک کو پڑھے تو اللہ اسے شفاء عطا فرما دیتے ہیں۔

۱۰۔ اگر کوئی شخص اس اسمِ پاک کو ۳۰۰۰ مرتبہ تلاوت کرتا ہے تو لوگ اس کی ذات سے مرعوب ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔

۱۱۔ اگر کوئی سربراہ مملکت اس اسم پاک کا ۵۰۰۰ مرتبہ ورد کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کا عہدہ مستحکم کر دیتے ہیں۔ وہ حاسدوں کے شر سے محفوظ ہو جاتا ہے اور وہ لوگوں کی نظروں میں معتبر ہو جاتا ہے۔

۱۲۔ اس اسم پاک کا ذاکر اپنے اندر چھپی ہوئی بے شمار خوبیوں اور اوصاف کا ادراک حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اس طرح سے وہ دنیا و آخرت دونوں میں اللہ تعالیٰ کے انعام و اکرام کا مستحق ٹھہرتا ہے۔

۱۳۔ اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد اس اسم پاک کو ۲۳۲ مرتبہ ادا کرتا ہے تو اللہ کے کرم سے وہ ہر دشمن سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ بلائیں اور مصیبتیں دور ہو جاتی ہیں اور زہریلے جانور کے شر سے محفوظ ہو جاتا ہے۔

۱۴۔ اس کا بکثرت ذکر کرنے سے علم و معرفت کا دروازہ کھلتا ہے۔

۱۵۔ اگر کھانے کی چیز پر پڑھ کر میاں بیوی کو کھلایا جائے تو باہمی الفت پیدا ہو۔

۱۶۔ جو کوئی اس اسم کو پڑھے مخلوق کی نظروں میں ممتاز ہو اور بلند مرتبہ پائے۔

۱۷۔ جو ۹ مرتبہ کسی بیمار پر پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ بیمار شفاء پا جائے۔

۱۸۔ جو اسے روزانہ ۱۰۰ مرتبہ پڑھے گا مخلوق میں عزیز رہے گا۔

۱۹۔ یہ بادشاہوں اور حکام کا وظیفہ ہے وہ اگر اس کا اہتمام کریں تو ان کا رعب اور مہمات بخوبی سرانجام پائیں۔

۲۰۔ اس اسم کا ہمیشہ پڑھنے والا دینی و دنیاوی کمالات سے مالا مال ہو جاتا ہے۔

۲۱۔ روزانہ ایک ہزار مرتبہ "یا کبیر" پڑھنے سے جاہ و منزلت اور عزت و شہرت حاصل ہوتی ہے۔

☆☆☆☆☆☆

۱۰۲۹	۳۹۔ الحفیظ جل جلالہ	قمری اعداد
۱۷۸۷		شمسی اعداد

خاکی ☆ جمالی

اس نام کے معنی ہیں، حفاظت کرنے والا اور اس سے مراد ہے کہ اللہ تعالی اپنے بندوں کو ہر آفت اور مصیبت سے بچانے والا ہے۔ وہ بندوں کے اعمال کی حفاظت کرتا ہے تا کہ ان کا اجر دیا جائے۔ اس کے علاوہ تمام چیزوں کو زوال اور تباہی سے محفوظ رکھنے والا ہے۔ بعض اوقات یہ لفظ کسی چیز کی صفت بن کر بھی استعمال ہوتا ہے، تب اس کا مطلب ہوتا ہے محفوظ، مثلاً کتاب حفیظ سے مراد ہے، محفوظ کتاب یا لوح۔ محفوظ اس صفاتی نام کی مناسبت سے ہمیں لازم ہے کہ ہم اپنے دین کی حفاظت کے ساتھ ساتھ اپنے دل اور دیگر اعضاء کو دنیاوی محبت، نفسانی خوہشات اور روحانی بیماریوں سے محفوظ رکھیں۔

وظائف:

۱۔ اگر کسی کو مال گم ہونے کا ڈر ہو تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو ۹۹۸ مرتبہ پانی پر پڑھ کر دم کرے اور اسے اسباب پر چھڑک دے انشاء اللہ وہ مال خواہ ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا جا رہا ہو محفوظ رہے گا وہ گم نہ ہوگا۔

۲۔ اگر کسی بچے یا بچی کو کسی کی نظر لگ گئی ہو جس سے والدین کو بیحد پریشانی لاحق ہو تو اس اسم کو ماں یا والد ۱۱۱ مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے بچے کو پلائیں اور تین روز تک اسی طرح کرے۔ انشاء اللہ نظر بد کا اثر ختم ہو جائے گا اور اس کے ساتھ ہی اس کا تعویذ اس کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ بچہ ہمیشہ نظر بد سے محفوظ رہے گا۔

۳۔ اس اسم کو روزانہ صبح و شام کثرت سے پڑھنے والا ہمیشہ اللہ کی پناہ میں ہوتا ہے شیطان اور دشمن کے حملوں سے محفوظ اور امان رہتا ہے۔

۴۔ اگر کسی مکان یا دکان میں اس اسم کو ۱۰۰ امرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے کونوں میں چھڑک دیں تو انشاء اللہ مکان یا دکان ہمیشہ محفوظ رہے گی اور کسی قسم کا ڈر اور خوف نہیں رہے گا۔

۵۔ اگر کسی جنگل میں جا رہے ہوں تو یہ اسم پڑھتے جائیں انشاء اللہ موذی جانور کبھی قریب نہ آئے گا اور نہ کسی قسم کا نقصان پہنچا سکے گا۔

۶۔ اگر کوئی شخص وبا پھوٹنے کے دور میں اس اسم کو ۳۹۹۲ مرتبہ روزانہ پڑھنا شروع کر دے تو وہ اللہ کی رحمت سے وبائی امراض سے محفوظ رہے گا۔

۷۔ اگر اپنے بچوں اور گھر والوں کو اس اسم کا نقش پانی ڈال کر پلا لیا جائے تو تمام اہل خانہ پیچیدہ امراض سے محفوظ رہیں گے۔

۸۔ یہ اسم حادثات سے محفوظ رہنے کے لیے بہت مؤثر ہے اس لئے جب بھی بس، ریل، کار۔ جہاز، یا بحری جہاز میں جائیں تو اس اسم کو پڑھتے جائیں انشاء اللہ بحفاظت منزل مقصود پر پہنچیں گے۔ خاص کر ڈرائیور حضرات کا چاہیئے کہ ڈرائیورنگ کرتے ہوئے یہ اسم پڑھتے رہنا چاہیئے انشاء اللہ، اللہ تعالی انھیں حفاظت میں رکھے گا۔

۹۔ ایک بزرگ کا قول ہے کہ اگر کوئی بحری جہاز پھٹنے کے بعد کسی تختے پر بیٹھا ہو تو انشاء اللہ بحفاظت کنارے پر لگے گا۔

۱۰۔ "یا حفیظ" کا تعویذ کے لیے پہلے اس کا عمل کر کے اس کی زکوۃ ادا کر لیں۔ اس اسم کی زکوۃ یہ ہے کہ اس اسم کو چالیس دن تک روزانہ ۶۲۵۰ مرتبہ پڑھیں۔ دوران پڑھائی تمام شرائط کو مدنظر رکھیں۔ پڑھائی مکمل ہونے کے بعد اس کے تعویذ کو حفاظت کے کاموں میں استعمال کروائیں انشاء اللہ حسب منشا مقصد حاصل ہوگا۔

۱۱۔ اگر کوئی شخص اسم الحفیظ لکھ کر سیدھے بازو پر باندھ لے تو انشاء اللہ نظر بد کے اثر سے محفوظ رہیگا۔

۱۲۔ جو شخص بکثرت یا حفیظ کا ورد کرے گا اور لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ انشاء اللہ ہر طرح کے

خوف وخطر اور نقصان وضرر سے محفوظ رہے گا۔

۱۳۔ جو کسی بیمار پر چالیس ہفتہ تک ستر ستر بار روز پڑھ کر دم کرے گا انشاء اللہ تندرست ہو جائے گا۔

۱۴۔ اس کو پڑھنے اور اپنے پاس لکھ کر رکھنے والا ڈوبنے، جلنے، دیو، پری اور بدنظر سے انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔

۱۵۔ اگر کوئی آدمی جن یا آسیب کی وجہ سے پریشان ہو تو اُسے چاہیے کہ اس اسم پاک کو پانچ مرتبہ لکھ کر، تعویذ بنا کر اپنے بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ وہ ان چیزوں کے شر سے محفوظ رہے گا اور کبھی نظر بد کا شکار نہیں ہوگا۔ مزید یہ کہ موذی جانوروں کے شر سے بچا رہے گا۔

۱۶۔ اس اسم پاک کا ذاکر اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے خود کو مخلوق خدا کی خدمت میں مصروف کر لیتا ہے اور گناہوں سے بچنے کی کوشش کرتا ہے۔

۱۷۔ اگر کوئی شخص بیمار ہو تو اُس پر مسلسل سات دن تک ایک ہزار مرتبہ یہ اسم پاک پڑھ کر دم کریں۔ انشاء اللہ بیماری سے نجات پائے گا۔

۱۸۔ گر کسی کو ہیضہ کی بیماری ہو جائے تو اس شخص کو چاہیے کہ وہ یا حفیظ کا ورد کرے تو انشاء اللہ جلد شفا پائے گا۔

۱۹۔ مدام "یا حفیظ" کا ورد اور وظیفہ کرنے والے لوگ سدا اللہ الحفیظ کی پناہ اور حفاظت میں رہتے ہیں۔

۲۰۔ اگر کوئی شخص ہر روز کم از کم سولہ با "یا حفیظ" کا ورد کر کے اللہ سے دعا مانگے تو اللہ تعالیٰ اسے ہر طرح کی بیماریوں اور آفات سے محفوظ رکھتا ہے۔

۲۱۔ ہر طرح کی نظر بد سے بچنے اور حفاظت کے لئے "یا حفیظ" کا تعویذ اپنے پاس رکھنا بے حد مفید اور موثر ہوتا ہے۔

☆☆☆☆☆

قمری اعداد	۵۸۱
شمسی اعداد	۲۴۰۴

۴۰۔ المقیت جل جلالہ

جمالی ☆ آتشی

اس اسم صفاتی سے مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کو ٹھیک ٹھیک حصہ دینے اور بدنی یا روحانی روزی دینے پر پوری طرح قادر ہے۔ یعنی وہ شخص کو اس کے حق کے مطابق رزق اور ہدایت کے اسباب مہیا کرتا ہے۔ اس نے انسانوں اور حیوانوں کے جسموں کی نشو و نما کے لیے سینکڑوں قسم کے رزق پیدا کیے اور روحوں کی تازگی کے لیے مختلف علوم و معارف تقسیم کیے۔ کسی کو دونوں قسم کی روزی عطا کی اور کسی کو محض ایک قسم کی لیکن مقیت کو رازق یا روزی رساں کے علاوہ قادر اور عالم کے معنوں میں بھی استعمال کیا گیا ہے۔ انسان کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنی تمام ضرورتیں اللہ تعالیٰ سے ہی طلب کرے۔

وظائف:

۱۔ حضرات امام بونی نے فرمایا ہے کہ یہ ذکر صاحبین اہل اصال کا ہے وہ اس اسم کا اس حد تک ذکر کرتے کہ ان پر حال غالب ہو جاتا اور ان کو بھوک محسوس نہ ہوتی۔ کیونکہ اس ذکر کی بدولت اللہ تعالیٰ روحوں کو سیر کر دیتا ہے۔ دنیاوی لحاظ سے بھی اسم مقیت کے ذاکر جو چاہے حاصل ہو جاتا ہے اس کی ہر جائز مراد پوری ہوتی ہے۔

۲۔ یہ اسم بچوں کی ضد کو ختم کرنے کیلیے بہت اکسیر ہے اس لیے اگر کسی کا بچہ ضدیں کرتا ہو اور روتا ہو تو اسے چاہیئے کہ ایک پیالہ لے کر اس میں پانی ڈال کر اس پر اس اسم کو ۵۵۰ مرتبہ پڑھے اور بچے کو پلائے۔ سات روز تک اسی طرح کرے انشاء اللہ ضدیں چھوڑ دے گا۔ اور خوش و خرم رہنے لگے گا۔

۳۔ جو جانور مثلاً بھینس، گائے، گھوڑا، بکرا، بکری وغیرہ چارہ نہ کھائے اور مالک کو چاہیئے کہ اس اسم کو ۱۰۰ مرتبہ پڑھ کر چارے پر پھونک لگا دے اس کے بعد چارہ جانور کے سامنے ڈالے۔ انشاء اللہ وہ چارہ کھائیں گے۔

۴۔ یہ اسم گیس کے مرض کو دور کرنے کے لیے بہت اکسیر ہے جس شخص کی خوراک اچھی طرح ہضم نہ ہوتی ہو۔ اگر خوراک کھاتا بھی ہو تو گیس بن کر تنگ کرتی ہو تو اسے چاہیئے کہ روزانہ روٹی کھانے سے پہلے اس اسم کو چند بار پڑھے۔ پھر کھاتے وقت بھی دل میں پڑھتا رہے، کھانے ختم کرے اللہ کے حضور دعا کرے کہ یا الٰہی جو کھانا تو نے میرے جسم میں پہنچایا ہے اسے اپنی صفت مقیت کی بنا پر ہضم کرے جسم میں قوت پیدا کردے انشاء اللہ اس کی رحمت سے گیس کی مرض سے نجات پائے گا۔

۵۔ ایسے لوگ جنھیں بھوک کم لگتی ہو اور جسم نہایت ہی کمزور اور دبلا پتلا ہو۔ یا ایسے بچے جن کو خوراک نہ لگتی ہو۔ اور دیکھنے میں بڑے کمزور آتے ہوں ان کے لیے اس اسم کو گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور گیارہ روز تک ایسے ہی کرکے انھیں پانی پلائیں۔ انشاء اللہ اس اسم کی برکت سے جسمانی کمزوری دُور ہو جائے گی اور جو خوراک بھی وہ کھائے گا اس کا صالح خون بنے گا۔

۶۔ ''یا مُقیت'' کا عامل بننے کے لیے اس اسم کو روزانہ ۸۸۰۰ مرتبہ بعد نماز عشاء چالیس دن تک پڑھے اس کے بعد اس کا تعویذ دوسروں کو المقیت سے متعلقہ فوائد کے لیے دے سکتا ہے۔ انشاء اللہ مقصد حل ہوگا۔

۷۔ یا مقیت کا چلتے پھرتے، اُٹھتے بیٹھتے ذکر کرنے والا ہر طرح کی اندرونی بیماریوں سے بفضل تعالیٰ بچا رہتا ہے۔

۸۔ اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کا ورد کرنا اپنا معمول بنالے تو اللہ تعالیٰ اسے مفلسی اور مسکینی سے بچائے رکھتا ہے۔

۹۔ اگر کوئی بچہ ضد کرتا ہو اور اس کی ضد سے والدین تنگ ہوں تو ایسے بچے کو سات روز تک مسلسل ''یامقیت'' کا دم کیا ہوا پانی پلانا بے حد مفید اور موثر ہوتا ہے۔

۱۰۔ اگر کسی شخص میں مسلسل روزے رکھنے کے باعث کمزوری ہو چکی ہو تو ایسے شخص کو چاہیے کہ وہ ہر کھانے سے پہلے سات بار ''یامقیت'' بھی پڑھ لیا کرے۔

۱۱۔ آنکھوں کے درد اور قولنج یعنی پسلیوں کے نیچے ہونے والے درد کے علاج کے لئے ''یامقیت'' کا ورد کرنا شافی ثابت ہوتا ہے۔

۱۲۔ اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کا ورد کرتا رہے تو اللہ تعالیٰ اس کے رزق روزی میں اضافہ فرما دیتا ہے۔ ایسے شخص سے رزق کی تنگی دور رہتی ہے۔

۱۳۔ یامقیت کا ورد کرنے والا شخص جسمانی طور پر توانا مستعد اور چست رہتا ہے۔

۱۴۔ جو کوئی شخص ہر نماز کے بعد سات بار ''یامقیت'' کا ورد کرے تو اللہ تعالیٰ اسے سدا سکون قلبی سے فیض یاب کرتا ہے۔

۱۵۔ اگر کوئی شخص ہر روز نماز فجر کے بعد ۱۲۱ بار ''یامقیت'' پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی سب دعائیں قبول فرماتا ہے۔

۱۶۔ اگر روزہ دار کو ہلاکت کا خوف ہو تو اسے چاہیے کہ سو بار پھول پر پڑھ کر اسے سونگھے انشاء اللہ قوت پائے گا اور ہر روز روزہ رکھ سکے گا۔

۱۷۔ جو ہر روز سات بار پانی پر دم کر کے پئے گا انشاء اللہ غیب سے روزی پائے گا اور کبھی بھوکہ نہ رہے گا۔

۱۸۔ اس اسم پاک ذاکر اللہ تعالیٰ کی طرف سے کمزور بے بس لوگوں کی قوت وطاقت بن جاتا ہے اور انہیں ظالموں کے ظلم سے بچانے کی پوری کوشش کرتا ہے۔

۱۹۔ دوارن سفر اس اسم پاک کو پانی پر دم کر کے پینے سے پیاس ختم ہو جائے گی۔

۲۰۔ وہ حضرات جو خون کی کمی کا شکار ہوں۔ اس کے لئے اس اسم پاک کا ورد کرنا نہایت ہی مجرب ہے۔

۲۱۔ اگر بارش کے پانی پر سات مرتبہ ''یَامُقِیت'' پڑھ کر بچہ کو پلائیں تو وہ بچہ خوش باش رہنے لگے گا۔

☆☆☆☆☆☆

قمری اعداد	۱۱۱
شمسی اعداد	۱۵۳۹

۱۴۱۔ الحسیب جل جلالہ

مشترکہ ☆ آتشی

اس نام سے مراد ہے کہ اللہ تعالی اپنے بندوں سے باز پرس کرنے والا اور حساب لینے والا ہے یعنی قیامت کے دن ساری مخلوقات کا حساب لے گا اور پھر کافروں کو جہنم میں اور مومنوں کو جنت میں بھیجے گا۔ بعض علماء کا خیال ہے کہ چونکہ یہ لفظ حسب سے بنا ہے جس کے معنی سردای اور شرف کے ہیں لہذا اس سے مراد ہے کہ اللہ تعالی تمام موجودات کا سردار اور سب سے اشرف ہے۔ اور چونکہ اس کے ایک معنی کفایت کرنا بھی ہیں لہذ الحسیب سے مراد ہے کہ وہ اپنے بندوں کے لیے کافی ہے یعنی ان کو وہ چیزیں عطا کرتا ہے جو انھیں دنیا اور آخرت میں کفایت کرسکیں۔ لہذا انسانوں کو چاہیے کہ وہ ہر وقت اپنے نفس کا محاسبہ کرتے رہیں اس کے علاوہ محاسبہ خداوندی سے ڈرتے رہیں اور اس کی ابدی رحمت کے امیدوار رہیں۔

وظائف:

۱۔ جو شخص اس اسم کو روزانہ ۱۲۸۰ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اور ایک سال سے زائد عرصہ تک پڑھتا رہے اللہ تعالی اس کے حال پر مہربان ہوگا۔

۲۔ اس اسم مبارک کے ذاکر کو اللہ تعالی سب کچھ عنایت فرماتا ہے۔

۳۔ اگر کوئی شخص رضائے الہی کی خاطر کسی کاروبار میں ایماندار رہنا چاہتا ہو یعنی لین دین کے حساب میں کوئی فرق نہ چاہتا ہو تو اسے چاہیئے کہ روزانہ اس اسم کو کاروبار کے آغاز میں ۸۰ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے انشاء اللہ، اللہ تعالی کی توفیق سے وہ ہمیشہ ایماندار رہے گا اور اس کی عاقبت درست ہوجائے گی بینک ملازمین کے لیے اس اسم کا ورد بہت مفید ہے۔

۴۔ اگر کوئی شخص قرضہ لے کر نہ دے اور پریشان کرتا ہو تو قرض واپس لینے کے لیے اس اسم کو ۸۰۰۰ مرتبہ روزانہ چالیس دن تک پڑھیں اور آخری دن پڑھائی کے بعد اس اسم کو ایک کاغذ پر

گیارہ مرتبہ لکھیں اور تعویذ بنا کر کسی درخت کی شاخ سے لٹکا دیں۔ انشاءاللہ قرض وصول ہوگا اور کسی قسم کا نقصان نہیں ہوگا۔

۵۔ اگر کوئی شخص سچا ہو مگر اس کے خلاف خواہ مخواہ تفتیش ہوگئی ہو تو اسے انکوائری میں بچنے کے لیے اس اسم کو "یاحفیظ" کے ساتھ ملا کر پڑھنا چاہیئے یعنی یا حفیظ یا حسیب ۸۶۰۴ مرتبہ روزانہ ۳۰ دن تک پڑھے۔ انشاءاللہ انکوائری ختم ہو جائے گی اور پڑھنے والے کی ہر لحاظ سے حفاظت اور بچت ہوگی۔

۶۔ مرزا محمد بیگ نقشبندی کا قول ہے کہ اگر کوئی چور، حاسد ہمسایہ یا دشمن سے بچنا چاہتا ہو کہ ان سے نقصان نہ پہنچے تو اسے چاہیئے کہ ایک ہفتہ صبح شام ستر ستر مرتبہ حسبی اللہ الحسیب پڑھے اور جمعرات سے یہ عمل شروع کرے۔ انشاءاللہ سال بھر تک ہر قسم کے دشمن سے محفوظ رہے گا۔

۷۔ اس اسم کا عامل بننے کے لیے اس اسم کو ۴۰ یوم تک ۱۲۸۰۰ مرتبہ پڑھیں اور پڑھائی مکمل ہونے پر آپ اس کے عامل بن جائیں گے اس کے بعد اس اسم روزانہ سو مرتبہ پڑھتے رہیں تاکہ عمل برقرار رہے۔ عامل بننے کے بعد اس کا نقش مندرجہ بالا مقاصد کے لیے دوسروں کو دے سکتے ہیں۔

۸۔ اگر کسی شخص کو کوئی ڈر خوف یا اندیشے کا خطرہ ہو تو اسے چاہیے کہ وہ سات روز تک بکثرت یا حسیب کا ورد کرے اور صبح و شام "حسیب الحسنی" کا ورد کرے تو اللہ تعالیٰ ہر طرح کے خطرے اور ڈر سے بچائے رکھتا ہے۔

۹۔ جن طالب علموں کو محنت کے باوجود خطرہ ہو کہ ان کا نتیجہ برا نہ نکلے تو انہیں چاہیے کہ وہ چند دنوں کے اندر اندر گیارہ ہزار بار یا حسیب کا ورد کر کے اللہ سے دعا کریں، اللہ خیر کردے گا، اور نتیجہ اچھا رہے گا۔

۱۰۔ نظر بد یا برے ہمسائے کے شر سے بچنے کے لئے بھی "یا حسیب" کا ورد کرنا بے حد مفید اور موثر ہوتا ہے۔

۱۱۔ جو کوئی اس اسم کو ستر بار پڑھے گا تو انشاءاللہ دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔

۱۲۔ اگر کوئی مشکل پیش آئے تو ایک ہفتہ تک روزانہ صبح و شام ایک سو پینتالیس بار پڑھے

توانشاءاللہ تعالیٰ مشکل آسان ہو جائے گی۔

۱۳۔ اگر کوئی شخص اپنے افسر یا اپنے مالک کو حساب کتاب دینے میں خوف محسوس کرتا ہو تو اُسے چاہئے کہ نمازِ عشاء کے بعد تین ہزار مرتبہ اس اسمِ پاک کی تلاوت کرے اور بعد میں ذہن میں اس بات کا تصور کرے کہ میرا افسر اللہ کے دربار میں حساب مانگے اور میرا مالک مجھے بھلا چکا ہے تو اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کا مسئلہ حل فرما دیں گے۔

۱۴۔ نیلے دھاگے ریشمی ۱۵ عدد لے کر اس پر ''یا حسیبُ'' کا دم کر کے بچے کے گلے میں ڈالنے سے بچہ مصیبتوں اور بلاؤں سے محفوظ ہو جاتا ہے۔

۱۵۔ اگر کوئی شخص اس اسمِ پاک کا مربع نقش در چاندی بنوا کر اپنے ساتھ رکھتا ہے تو اس پر اللہ تعالیٰ کی بے شمار رحمتیں نازل ہوتی ہیں۔

۱۶۔ نظر بد و جادو ٹونہ و آسیب کے شر سے بچنے کے لئے بھی ''یا حسیب'' کا ورد کرنا بے حد مفید اور مؤثر ہوتا ہے۔

۱۷۔ یا حسیب کا ورد کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ قناعت کی نعمتوں سے فیض یاب رکھتا ہے۔

۱۸۔ جو شخص نیند میں ڈر جاتا ہو تو سات دن تک صبح و شام ۷ مرتبہ ''حسبی اللّٰہُ الحسیب'' کا ورد کرے خوف جاتا رہے گا۔

۱۹۔ اگر کسی طالب کو اپنی شادی کے نتیجہ میں اندیشہ ہو تو گیارہ ہزار مرتبہ تین دن تک اس مبارک نام کو قبلہ رو بیٹھ کر پڑھے انشاءاللہ نتیجہ حسب مراد نکلے گا۔

۲۰۔ آسیب و جنات و کالا جادو سے بچنے کے لئے سات یوم تک روزانہ صبح و شام ۷۰ مرتبہ ''حَسْبِیَ اللّٰہُ الْحَسِیْبُ'' پڑھے اور جمعرات سے شروع کرے انشاءاللہ سال بھر تک ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔

۲۱۔ اگر کوئی شخص اس اسمِ پاک کا مسلسل ورد کرے اور الحسیب کو اچھے وقت میں عقیق پر کندہ کروائے تو لوگ اس سے محبت کرنے لگتے ہیں اور دل سے اس کا احترام کرتے ہیں۔

قمری اعداد	۱۰۴
شمسی اعداد	۲۵۰۶

۴۲۔ الجلیل جل جلالہ

جلالی ☆ آتشی

اس اسم صفاتی کا جلال سے تعلق ہے جس کا مطلب ہے، بڑا ہونا یا عظیم المرتبت ہونا۔ یعنی جلیل وہ ہے جس کی شان بہت بلند ہو اور جس کا حکم مخلوق پر غالب ہو۔ وہ تمام موجودات سے بے نیاز ہے اور سب سے زیادہ علم اور قدرت رکھتا ہے۔ چونکہ تمام حسن و جمال اللہ تعالیٰ کے جلوے سے پیدا ہوئے۔ اس لیے اسے جمیل بھی کہا جاتا ہے۔ لفظی معنوں کے لحاظ سے جلیل، کبیر اور عظیم تینوں تقریباً ہم معنی ہیں، یعنی جلیل وہ ہے جو صفات میں کامل ہو، کبیر وہ ہے جو اپنی ذات میں کامل ہو اور عظیم وہ ہے جو ذات اور صفات دونوں میں کامل ہو۔ انسان کو چاہیئے کہ اس عظیم المرتبت اور جلیل القدر ذات کے سامنے سربسجود ہو جائے اور غیر اللہ سے قطعاً منہ موڑ لے۔

وظائف:

۱۔ اگر کوئی شخص اس اسم کو سولہ ہزار مرتبہ روزانہ چالیس دن تک پڑھے اور جو مقصد دل میں رکھے انشاء اللہ پورا ہوگا۔

۲۔ کوئی ضروری حاجت جو پوری نہ ہوتی ہو اس اسم کا کثرت سے ورد کرنے سے وہ بھی انشاء اللہ پوری ہوگی۔

۳۔ اس اسم مبارک کا کثرت سے ذکر کرنے سے برائیوں سے نجات ملتی ہے۔

۴۔ شادی ہونے کے بعد اپنی بیوی سے خلوت کرنے سے پہلے دو رکعت نفل شکرانہ پڑھیں۔ اس کے بعد اس اسم کو ۱۱۰۰ مرتبہ پڑھیں اور جو چیز دلھن کو پھونک لگا کر اسے کھلا دیں انشاء اللہ میاں بیوی کی زندگی خلوص اور محبت سے گزرے گی۔

۵۔ اس اسم پاک کو ۳۱۲۵ مرتبہ ایک چلہ کامل پڑھنے سے دلی مراد پوری ہوتی ہے۔

۶۔ اگر کوئی بچہ آسیب زدہ ہو تو اس اسم کو ۷۰۰۰ مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد ایک کاغذ پر یہ اسم

لکھیں اور اسکے ارد گرد آیت الکرسی لکھ دیں اور اسے بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ بچہ درست ہو جائے گا اور ہر طرح کی تکلیف دور ہو جائے گی۔ جب تک اس کے گلے میں تعویذ رہے گا اسے کوئی ڈر محسوس نہیں ہوگا۔

۷۔ یہ اسم مخلوق خدا کو تسخیر کرنے لیے بہت مجرب ہے لہذا لوگوں کو مسخر کرنے اور اپنی طرف متوجہ کرنے کے لیے اس اسم کو چالیس دن تک ۳۰۰ ۷ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ اس کے بعد روزانہ گیارہ سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالیں۔ انشاء اللہ مخلوق مسخر ہو جائے گی۔ پڑھنے والا لوگوں کی توجہ کا مرکز بن جائے گا۔ ہر کوئی محبت و عزت سے پیش آئے گا۔

۸۔ انگشتری پر اس اسم کو کندہ کروا کر پہننا بہت سے فوائد کا حامل ہے ایسی انگوٹھی پہننے سے لوگوں میں عظمت قائم ہوتی ہے۔ ظالموں کے ظلم سے حفاظت رہتی ہے۔ جس حاکم کے سامنے جائے وہی عزت کرے اور سفر میں جائے تو ہمیشہ اللہ کی نگہبانی میں رہے۔ ہر ایک شخص کے دل پر آپ کی جلالت کا رعب قائم رہے گا۔

۹۔ ''یا جلیل'' کا نقش ہر اس کام میں اثر کرتا ہے جس کا تعلق عظمت اور عزت سے ہو، جلال یا جمال سے ہو، مگر نقش دینے سے پہلے اس کی زکوۃ ادا کریں اور اس کی زکوۃ ۶۲۵۰ مرتبہ روزانہ کی پڑھائی ہے۔ لہذا خلوت میں بیٹھ کر اس اسم کو ۶۲۵۰ مرتبہ روزانہ چالیس دن تک پڑھیں۔ اسکے بعد اس کا تعویذ استعمال میں لائیں۔ انشاء اللہ کام ہوگا۔

۱۰۔ یہ اسم سوداوی امراض کی شفاء کے لیے بہت مؤثر ہے۔ حکماء اور ڈاکٹر صاحبان کو سوداوی امرض کا علاج کرتے وقت چاہیئے کہ وہ مریضوں کو یہ اسم پڑھنے کی تلقین فرمائیں اور جو مریض اسے کثرت سے پڑھے گا۔ وہ انشاء اللہ شفا پائے گا۔

۱۱۔ اس اسم پاک کو عنبر یا زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھنے یا گھول کر پینے والے کے دل میں سرور و سکون کے جذبات پیدا ہو جاتے ہیں۔

۱۲۔ جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کی دونوں جہان کی مرادیں پوری ہوں اور ہر جائز کام ہوتا رہے

ضرورت کے مطابق دولت حاصل ہوتی رہے لہٰذا ان امور کو پیش نظر رکھ کر جو شخص ۴۰ دن تک اس وظیفے کو پڑھے گا انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ اس کی دلی مرادیں پوری کرے گا۔ اس کے علاوہ اس کو پڑھنے سے ہمیشہ باعزت رہے گا اور ہر دوست اور دشمن پر غالب رہے گا، وظیفہ یہ ہے۔

"یَاجَلِیْلُ الْمُتَکَبِّرُعَنْ کُلِّ شَیْءٍ فَالْعَدْلُ اَمْرُہٗ وَالصِّدْقُ وَعْدُہٗ یَاجَلِیْلُ"

۱۳۔ دورانِ سفر اس اسمِ پاک کو ۱۰ مرتبہ پڑھ کر سامان پر دم کرنے سے سامان چوری یا ڈاکے سے محفوظ ہو جاتا ہے اور دیگر سفری پریشانیاں دور ہو جاتی ہیں۔

۱۴۔ اگر کوئی آدمی نماز کے بعد کثرت سے اس اسمِ مبارک کا ورد کرتا ہے تو لوگوں کے دلوں میں اس کا رعب بیٹھ جاتا ہے اور وہ اس کی عزت کرنے لگتے ہیں۔

۱۵۔ اگر کوئی شخص ساعتِ سعد میں اس اسمِ مبارک کو زعفران اور گلاب سے کسی کھانے یا پینے والی چیز پر لکھ کر استعمال کرے تو اس میں نورانی صفات پیدا ہو جاتی ہیں۔

۱۶۔ اس اسمِ پاک کا دم کر کے پلانے سے باہمی رنجشیں دور ہوتی ہیں اور دلوں میں محبت و یگانگی کے جذبات پیدا ہو جاتے ہیں۔

۱۷۔ اگر کوئی شخص ۱۲۰۶ مرتبہ اس اسمِ مبارک کا ورد کرتا ہے تو اس کے لوگوں سے متعلقہ امور زندگی پایۂ تکمیل تک پہنچ جاتے ہیں۔

۱۸۔ اگر کسی شخص کو کسی مقدمہ میں جھوٹی گواہی دینے کا اندیشہ ہو تو ایک ہزار مرتبہ "یا جلیل" پڑھ کر اس گواہ کی طرف منہ کر کے دم کرے انشاء اللہ وہ گواہ عدالت میں قائم نہ رہے گا۔

۱۹۔ اگر کوئی دوکاندار اپنے سامان وغیرہ پر دس مرتبہ یہ نام پڑھ کر دم کر دے تو وہ سامان وغیرہ چوروں سے محفوظ ہو جاتا ہے۔

۲۰۔ جو کوئی اس اسم کو تہتر (۷۳) مرتبہ پڑھا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ صاحب وقار ہو جائیگا۔

۲۱۔ اس اسم پاک "الجلیل" کو مشک و زعفران سے لکھ کر سیدھے بازو پر باندھنے سے قدر و منزلت نصیب ہوتی ہے۔ یوں بھی لکھ سکتے ہیں۔ "بسم اللہ الجلیل جل جلالہ"

۳۰۱	۴۳۔ الکریم جل جلالہ	قمری اعداد
۲۵۱۱		شمسی اعداد

خاکی ☆ جمالی

اس نام کے معنی ہیں، عالی ظرفی کے ساتھ بخشش اور سلوک کرنے والا، مانگے بغیر بے انتہا عطا کرنے والا اور امید سے زیادہ دینے والا۔ بعض علماء کے نزدیک "الکریم" سے مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی غلطیوں سے درگزر کرتا ہے، اپنے وعدوں کو پورا کرتا ہے اور اس بات کی پرواہ بھی نہیں کرتا کہ کس کو دیا ہے اور کتنا دیا ہے۔ اگر کوئی اس کے حضور میں التجا کرے تو اس کو قبول کرتا ہے اور جو کوئی اس کی نافرمانی کرے، اس پر اپنا عذاب نازل کرتا ہے۔ اس اسم صفاتی کی مناسبت سے انسان کو چاہیے کہ اپنے تمام اعضا کو خدا کا مطیع بنائے، دوسروں پر مہربانی کرے اور بغیر سوال کے ان کی حاجتیں پوری کرے۔

وظائف:

۱۔ اللہ کے بندوں کا کہنا کہ جو شخص اس وظیفہ کو صبح شام کثرت سے پڑھنے کا معمول بنالے اللہ تعالیٰ اس کی زبان میں مستجاب الدعوات کی تاثیر پیدا کردیتا ہے اور اس کی دعائیں قبول ہونی لگتی ہیں۔ جس چیز کی وہ دعا کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے پورا کرتا ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ ہر لحاظ سے اسے اپنی رحمت اور کرم کا مظہر بنادیتا ہے۔

۲۔ اگر کسی شخص کو کوئی ایسی حاجت درپیش ہو جو پوری ہوتی نظر نہ آئے اسے چاہیئے کہ اس وظیفہ کو روزانہ ۱۱۰۰۰ مرتبہ پڑھنا شروع کرے اور سات ماہ تک یہ عمل جاری رکھے۔ انشاء اللہ اس کی جو بھی حاجت ہوگی وہ پوری ہوگی۔ بشرطیکہ یقین کامل ہو۔

۳۔ جو شخص سوتے وقت "یا کریم" پڑھتے پڑھتے سوجایا کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو علماء و صلحاء میں عزت نصیب فرمائیں گے اور غیب سے روزی عطاء فرمائیں گے۔

۴۔ مندرجہ ذیل وظیفہ گناہوں سے معافی کے لیے بہت مؤثر ہے لہذا استغفار کی نیت سے جو شخص اس وظیفہ کو ۳۵۰۰ مرتبہ روزانہ ۱۰۵ دن تک بلاناغہ پڑھے اس کی آخرت میں نجات ہوگی۔ عذاب قبر سے بچ جائے گا۔ قبر میں اس وظیفہ کی برکت سے راحت حاصل ہوگی۔

۵۔ اگر کوئی دشمن جانی یا مالی نقصان پہنچانے کے درپے ہو تو اس وظیفہ کو ۴۰ دن تک ۲۰۴۱ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ انشاء اللہ، اللہ کی پناہ میں رہیں گے اور دشمن ذرہ بھر بھی نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔ وظیفہ یہ ہے "یَا کَرِیمَ العَفوِ ذَاالعَدلِ اَنتَ الَّذِی مَلاءَ کُلَّ شَیءٍ عَدلُہٗ یَا کَرِیمُ"

۶۔ اگر کسی کو بہت زیادہ پریشانی کا سامنا ہو اور کوئی حل سمجھ میں نہ آتا ہو تو اسے چاہئے کہ روزانہ سات دنوں تک اس اسم مبارک کو 101 مرتبہ صبح کی فجر کی نماز پڑھ کر ورد کرے اور خوب گڑ گڑا کر دعا کرے انشاءاللہ جو بھی مسئلہ ہو گا حل ہو جائے گا۔

۷۔ بعض لوگوں میں پیدائشی طور پر بخل کی عادت ہوتی ہے یعنی وہ اللہ کی راہ میں دینے کا نام ہی نہیں لیتے۔ یہ اسم اس قسم کی عادت ختم کرنے کے لئے بہت اکسیر ہے۔ اس لئے اگر کسی کی عادت بخل کی درست کرنی ہو تو اس اسم کو ایک ہزار مرتبہ پڑھا کر پانی دم کر کے اسے پلائیں تین دن تک اسی طرح کریں۔ انشاءاللہ بخل کی عادت ختم ہو کر سخاوت کی صفت پیدا ہو جائے گی۔

۸۔ اس اسم کا نقش دوسروں کو اپنے مہربان کرنے والے کاموں پر بہت کام کرتا ہے لیکن نقش دینے سے پہلے اس اسم کو ۴۰ دن تک ۴۳۲۰ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ مدت مکمل ہونے پر آپ اس اسم کے عامل بن جائے گے، اسکے بعد اس اسم کا نقش دوسروں کو دے سکتے ہیں۔

۹۔ جو شخص "اَلْکَرِیْمُ ذُوالطُّوْلِ الْوَھَّابُ" کو کثرت سے پڑھے اس کے اسباب و احوال میں برکت ظاہر ہوگی۔

۱۰۔ اگر کسی شخص کے ماں باپ بخیل ہوں یا کسی عورت کا خاوند بخیل ہو تو ایک ہزار مرتبہ "یا کریم" پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں تین روز کے اندر انشاءاللہ تعالیٰ تبدیلی واقع ہوگی۔

۱۱۔ جو شخص اس اسم کی زندگی بھر ملازمت کرے یعنی پڑھتا رہے۔ اللہ اسے ایک نہ ایک دن معزز اور مکرم کردے گا۔ لہذا ایسا شخص جو یہ محسوس کرتا ہو کہ لوگ اس کی عزت نہیں کرتے بلکہ چھوٹی چھوٹی باتوں پر

اسے ہر مقام پر بے عزت کر دیا جاتا ہے اگر وہ اس وظیفہ ۵۲۸ مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھنا شروع کر دے۔ انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ اسے ہمیشہ کے لئے دوسروں کی نظر میں باعزت کر دگا اور جو اس کی بے عزتی کرنے کی کوشش کرے گا وہ ذلیل ہوگا۔

۱۲۔ اگر کسی کنجوس شخص کو یہ اسم پاک ایک ہزار بار پانی پر دم کر کے پلا دیں تو انشاء اللہ تین دن میں اس کے اندر نمایاں تبدیلی آئے گی۔ اور وہ کنجوسی کو چھوڑ کے سخاوت کی طرف مائل ہو جائے گا۔

۱۳۔ اس اسم پاک کا ذاکر کرنے والا شخص بہت سادگی پسند اور نرم طبیعت کا حامل ہوتا ہے۔ وہ اخلاق کی دولت سے مالا مال ہوتا ہے اور مخلوق خدا کی کرتا ہے مزید یہ ہے کہ اُسے حضرت علیؓ سے روحانی فیض حاصل ہوتا ہے۔

۱۴۔ اس اسم پاک کو مسلسل 40 دن تک 11000 مرتبہ پڑھنے سے ہر جائز ضرورت وخواہش اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قبولیت کے درجے پر فائز ہو جاتی ہے۔

۱۵۔ اس اسم پاک کو چالیس روز تک 4030 مرتبہ ایک چلے میں پڑھنے والے شخص پر اسرار الٰہی منکشف ہو جاتے ہیں اور اُسے بزرگی اور عزت نصیب ہو جاتی ہے۔

۱۶۔ اگر کوئی شخص شرف نئے چاند میں اچھے وقت میں اس کا نقش ہرن کی جھلی پر لکھے اور کثرت سے اس اسم پاک کا ورد کرے تو اُسے عزت وتوقیر حاصل ہوتی ہے۔

۱۷۔ اس اسم پاک کو ہر نماز کے بعد 270 مرتبہ پڑھنے سے اللہ تعالیٰ بے حساب رزق عطا فرماتے ہیں۔

۱۸۔ اس اسم پاک کا نقش در چاندی بنوا کر اپنے پاس رکھنے سے اللہ تعالیٰ کی رحمت خاص حاصل ہوتی ہے۔

۱۹۔ اگر کوئی رشتہ دار سخت دل ہو تو اسے پانی دم کر کے پلائیں، تو وہ سختی سے باز آجاتا ہے۔

۲۰۔ جو شخص ''یا کریم'' کا بکثرت ورد کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے بہت مہربان اور نیک اطوار بنا دیتا ہے۔

۲۱۔ اگر کوئی شخص کثرت کے ساتھ ''یا کریم'' کا ورد کرے تو اللہ تعالیٰ اسے دین ودنیا کی فلاح بخشتا ہے۔

قمری اعداد	۴۴۔ الرقیب جل جلالہ	۳۴۳
شمسی اعداد	جمالی ☆ آتشی	۱۸۱۴

یہ اسم صفاتی ظاہر کرتا ہے کہ اللہ تعالی اپنے بندوں کے اعمال اور معاملات کی نگرانی کرنے والا ہے۔ وہ تمام چیزوں کی مکمل نگہبانی اور اس حد تک حفاظت کرتا ہے کہ ایک لمحے کے لیے بھی غافل نہیں ہوتا۔ ایک ذرہ بھی، چاہے وہ آسمان میں ہو یا زمین میں، یا زمین کے نیچے چھپا ہو، اسکی نظر سے اوجھل نہیں ہو سکتا۔ اسی طرح اُن دونوں فرشتوں کو بھی رقیب کہا جاتا ہے جو ہر وقت انسان کے ساتھ رہتے ہیں اور اس کے نیک و بد اعمال قلم بند کرتے رہتے ہیں۔ اس نام کی مناسبت سے انسان کو ہر وقت اس بات کو یاد رکھنا لازم ہے کہ اللہ اسے ہر وقت دیکھ رہا ہے۔ ہمارا کوئی کام اس سے پوشیدہ نہیں۔

وظائف:

۱۔ یہ اسم حمل کی حفاظت کے لیے بہت مفید ہے اس لیے اگر کسی عورت کا حمل ضائع ہونے کا خطرہ ہو تو اس اسم کا گیارہ ہزار مرتبہ پڑھ کر سبز الا یچی دم کر کے دے دیں اور وہ الا یچی اسے کھلا دیں سات دن تک یہی عمل کریں۔ انشاء اللہ حمل حفاظت سے رہے گا۔ جو عورت خود یہ عمل کرنا چاہے تو کر سکتی ہے یا اسے اس اسم کا تعویذ دے دیں۔ انشاء اللہ اس کا حمل کبھی نہیں گرے گا۔

۲۔ یہ وظیفہ راہ سلوک کے طالبوں کے لیے بہت مفید ہے اگر وہ اسے روزانہ وظیفہ کے طور پر ۳۱۲ مرتبہ پڑھتے رہیں تو انھیں اس اسم کی بدولت راہ سلوک میں استقامت حاصل ہو گی۔ ان کا ظاہر اور باطن اللہ کی حفاظت میں رہے گا۔ اور ان کا دل اللہ کی طرف مائل رہے گا اور عبادت میں خوب دلجمعی پیدا ہو گی۔

۳۔ اس اسم کو کثرت سے پڑھنے والا اپنے اعضاء اور خیالات کی بُری باتوں سے حفاظت کرتا ہے اور اپنے دوستوں کی دشمنوں کی نگہبانی کا خیال رکھتا ہے۔

۴۔ اس اسم کے ورد میں طلسم یعنی جادو کو باطل کرنے کی قوت بہت زیادہ ہے اس لئے اگر کسی مرد یا عورت کو یہ گمان ہو کہ اس کے خلاف گھر یا باہر کا کوئی فرد کالے یعنی جادو وغیرہ کے تعویذات ڈالتا ہے تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو ۴۰ دن تک ۱۲۴۸ مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد اسے روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ ہر قسم کے جادو کا اثر باطل ہو جائے گا اور پڑھنے والے پر کالے علم کا کبھی اثر نہ ہو گا۔

۵۔ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آنے کیلئے چلتے پھرتے کثرت سے اس اسم مبارک کا ورد کریں

۶۔ سفر میں روانہ ہوتے وقت اپنے سامان اور بچوں پر اس اسم کو ۲۱ مرتبہ پڑھکر پھونک ماریں۔ انشاء اللہ کوئی چیز سفر میں گم نہ ہو گی اور اگر کوئی چیز خدانخواستہ گم ہو ہی جائے تو اس اسم کو کثرت سے پڑھنا شروع کر دیں۔ انشاء اللہ چیز مل جائے گی یا اس کا نعم البدل مل جائے گا۔

۷۔ اگر کوئی شخص سفر میں جائیں اور وہ ۱۱۱ مرتبہ یہ اسم پڑھ کر پانی دم کر کے اپنے تمام بچوں اور بیوی کو پلائے جائے اور تھوڑا سا پانی اپنے مکان کے چاروں کونوں پر چھڑک دے تو اس کی واپسی تک اس کا اہل و عیال اور مکان اللہ کی حفاظت میں رہے گا۔ اگر ایسا نہ کر سکے تو چلتے ہوئے چند بار اس اسم کا ورد کر لے۔ انشاء اللہ، اللہ اس کی ہر طرح سے حفاظت کرے گا۔

۸۔ یہ اسم ۴۹۹۲ مرتبہ روزانہ ۴۰ یوم تک پڑھیں۔ انشاء اللہ آپ اس کے عامل ہو جائیں گے اس کے بعد اس اسم کا نقش ہر قسم کی حفاظت معاملات میں استعمال کریں بیحد فائدہ ہو گا۔

۹۔ اس اسم مبارکہ ''یا رقیب'' کا جو شخص اکثر ورد کرتا رہتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے اپنے حفظ وامان میں رکھتا ہے۔

۱۰۔ جو شخص اپنے اہل و عیال اور مال و متاع پر سات مرتبہ روزانہ یا رقیب پڑھ کر حفاظت کے نقطۂ نظر سے دم کرے تو اللہ تعالیٰ اس پر سدا نگرانی و محافظت رکھتا ہے۔

۱۱۔ اگر کوئی شخص سفر کی حالت میں ہو تو اسے چاہئے کہ اس اسم مبارک کا ورد کرتا رہے گا تو اللہ تعالیٰ اسے سفر کے مصائب اور حادثے وغیرہ سے بچائے رکھتا ہے۔

۱۲۔ اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو جائے یا نہ مل رہی ہو تو اسے چاہیے کہ چند دن تک ہر نماز کے بعد ایک سو ستر بار یا رقیب کا ورد کرے تو انشاء اللہ جلد ہی وہ چیز مل جائے یا اسے یاد آ جائے گی کہ وہ چیز کہاں ہے۔

۱۳۔ اس اسم پاک کا ذاکر بُری صحبت، بُرے خیالات اور شیطانی وسوسوں سے بچا رہتا ہے۔

۱۴۔ اگر کوئی شخص دفتر یا کام پر روانہ ہونے سے پہلے 7 مرتبہ یہ اسم پاک پڑھ کر خود پر اور اپنے گھر والوں پر دم کر دے تو وہ سبھی باحکم خداوند تعالیٰ بحفاظت رہیں گے اور وہ شخص بخیریت و عافیت واپس اپنے گھر لوٹے گا۔

۱۵۔ اگر کوئی شخص سات مرتبہ یہ اسم پاک پڑھ کر اپنے گھر میں پھونک گا تو اُس کا گھر چور یا ڈاکو کے شر سے محفوظ ہو جائے گا۔

۱۶۔ اس اسم پاک کا ورد حفاظت جادو ٹونہ کے لئے خاص طور پر مجرب ہے۔

۱۷۔ جو کوئی پھوڑے پھنسی پر تین بار پڑھ کر پھونک دے تو انشاء اللہ شفا حاصل ہوگی۔

۱۸۔ اگر بد نظری کا خطرہ ہو تو مطلوب پر سات مرتبہ پڑھنا مفید ہے۔

۱۹۔ اپنے اہل و عیال پر سات مرتبہ "اَلرَّقِیْبُ" پڑھ کر دم کریں انشاء اللہ تمام آفتوں سے محفوظ رہیں گے چوکھٹ پر لگانا بھی کارآمد ہے۔

۲۰۔ اگر کوئی آدمی عروج ماہ میں 3125 مرتبہ اس اسم پاک کا ورد کرتا ہے اُسے روحانی ترقی حاصل ہوتی ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کے خاص بندوں پر شامل ہو جاتا ہے۔

۲۱۔ اس اسم پاک کا ورد کرنے سے شادی یا منگنی میں رکاوٹیں دُور ہو جاتی ہے۔ اور اگر کوئی آدمی اس اسم پاک کا مربع نئے چاند میں تیار کرے اور کثرت سے اس کا ورد کرتا ہے تو اس کا شمار عابدوں میں ہونے لگتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆

۸۶	قمری اعداد
۲۱۰۸	شمسی اعداد

۴۵۔ المجیب جل جلالہ

جمالی ☆ بادی

اللہ تعالیٰ کے اس صفاتی نام کا مطلب ہے کہ وہ اپنے بندوں کی دعائیں سننے اور قبول کرنے والا اور جب بھی کوئی اس کو پکارتا ہے وہ اس کی پکار کا جواب دیتا ہے۔ آج کل اکثر کم علم لوگ عیسائی/ یہودی/ ہندو عاملوں کے کہنے پر اُن گندی چیزوں میں سے کسی کا نام لے کر اپنی مدد کے لیے پکارتے ہیں جو کہ اللہ تعالیٰ کو سخت ناراض کرنے والی بات ہے۔ ایسے ناعاقبت اندیش یہ نہیں سوچتے کہ جس کو وہ پکار رہے ہیں وہ خود مخلوق خدا ہے اور خالق کے ہوتے ہوئے مخلوق کی مدد چاہنا یا اس کو پکارنا غلط ہے، وہ سب مل کر ایک مکھی بھی پیدا نہیں کر سکتے اور اگر کوئی مکھی ان سے کچھ چھین لے جائے تو سب مل کر بھی اسے واپس نہیں لے سکتے۔ اللہ تعالیٰ تو اپنے بندوں پر اس حد تک مہربان ہے کہ اکثر ان کے طلب کرنے سے پہلے ہی ان کی ضرورتیں پوری کر دیتا ہے کیونکہ وہ دلوں کا حال جانتا ہے۔ لہٰذا انسان کو بھی چاہیئے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ہر حکم کو قبول کرے اور ہر معاملے میں اسی کو پکارے۔

وظائف:

۱۔ جس شخص کو مرشد کامل نہ ملتا ہو یا کوئی عارف کامل کسی کو مرید بنانا قبول نہ کرتا ہو تو اس اسم کو دس دن تک بعد نماز مغرب ۱۲۵۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ انشاء اللہ حسب خواہش اللہ کا بندہ مل جائے گا۔

۲۔ اگر کسی شخص کی بیوی ناراض ہو کر میکے چلی گئی تو خاوند کو چاہیئے کہ اس اسم کو گیارہ ہزار مرتبہ پڑھے اور پڑھنے کے بعد پانی پر پھونک لگا کر پانی کو اس طرف منہ کر کے پاکیزہ جگہ پر پھونکے جس طرف وہ رہتی ہو۔ اس طرح گیارہ روز کرے۔ انشاء اللہ بیوی واپس آنے کے فوراً آثار پیدا ہو جائیں گے وہ اپنے گھر میں آ کر آباد ہو جائے گی۔

۳۔ اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کی ہر جائز دعا قبول ہو تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو ۲۲۰ مرتبہ روزانہ سوتے وقت پڑھنے کا معمول بنالے انشاءاللہ اس کی ہر جائز دعا قبول ہوگی۔

۴۔ ایک عامل کا قول ہے کہ اگر کوئی شخص اس نام کو جمعہ کے دن ایک سو مرتبہ لکھ کر تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے تو جو دعا کرے گا اللہ قبول کرے گا۔اور جو بات کہے گا وہی منظور ہوگی۔

۵۔ ایک بزرگ کا قول ہے کہ دعا کے آغاز میں اس اسم کو گیارہ مرتبہ پڑھیں اس کے بعد جو دعا مانگنی ہو مانگیں، آخر میں پھر گیارہ مرتبہ یہی اسم پڑھیں۔انشاءاللہ دعا قبول ہوگی۔

۶۔ اگر کوئی ناجائز طور پر اپنے بال بچوں سے جدا ہو کر قید میں مبتلا ہو گیا ہو یا کسی کا پتہ نہ چلتا ہو تو چند آدمی اکٹھے ہوں اور مل کر اس اسم کو سوا لاکھ مرتبہ پڑھیں، پڑھائی مکمل ہونے پر تمام پڑھنے والے سر سجدے میں رکھ کر قیدی کی قید سے رہائی کے لیے دعا کریں۔اس طرح سات روز تک یہی عمل کریں۔انشاءاللہ قید سے خلاصی ہوگی اور قیدی بحفاظت اپنے بال بچوں میں آجائے گا۔

۷۔ اگر کسی لڑکے یا لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو اور عمر میں زیادتی ہو رہی ہو تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو گیارہ دن تک ۵۵۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھے اور اس کے بعد اللہ کے حضور اپنی شادی کے لیے دعا کرے انشاءاللہ قبول ہوگی اور جلد رشتہ طے پا جائیگا۔

۸۔ اس اسم کے نقش کو قبولیت دعا، ہر بلا سے محفوظ رہنے، حاجات کے پورا ہونے کے لیے، کسی مہم کو حل کرنے کے لیے، دوسروں کو مسخر کرنے کے لیے اور مقاصد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔مگر نقش استعمال کرنے سے پہلے اس اسم کا ۴۰ دن تک ۶۲۵۰ مرتبہ پڑھنے کا عمل کرنا لازم ہے۔ اس کے بعد اس کا نقش دوسروں کو دیں۔انشاءاللہ فائدہ ہوگا۔

۹۔ اس اسم مبارک کا ذاکر سوالیوں اور حاجت مندوں کو خالی ہاتھ نہیں لوٹاتا۔

۱۰۔ اگر کسی مسافر کی پیٹھ پر ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ اس اسم مبارک کا ورد کر کے دم کر دیا جائے تو دوران سفر مصیبتوں اور بلاؤں سے محفوظ رہتا ہے۔

۱۱۔ اگر کسی شخص کی بیوی ناراض ہو کر میکے چلی گئی ہے تو اُسے چاہیئے کہ کثرت سے اس اسم پاک کا ورد کرے۔ تو انشاء اللہ وہ ناراضگی ختم کر کے واپس آجائے گی۔

۱۲۔ قید کی حالت میں اس اسم پاک کا ورد کرنے سے قید اور غلامی سے نجات مل جاتی ہے۔

۱۳۔ اگر کوئی شخص اس اسم پاک کو کثرت سے پڑھتا رہے اور اس کا تعویذ گلے میں ڈال لے تو گمشدہ اشیاء واپس مل جاتی ہیں۔

۱۴۔ اگر کوئی شخص اسم پاک کو سعد وقت عروج ماہ میں زعفران اور گلاب سے لکھ کر پانی پی لے اور بازو پر باندھ لے تو وہ اللہ تعالیٰ کی پناہ میں چلا جاتا ہے اور اسے دائمی مسرتیں حاصل ہوتی ہیں۔

۱۵۔ ہر نماز کے بعد اس اسم پاک کا ورد 55 مرتبہ ذکر کرنے والے کی ہر دُعا بارگاہ الٰہی میں قبول اور منظور کر لی جاتی ہے۔

۱۶۔ اگر کوئی شخص کثرت سے اس اسم مبارک کا ذکر کے اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی بخشش فرما دیتے ہیں۔

۱۷۔ جو طلوع شمس کے وقت پچپن بار پڑھنے کا معمول بنائے گا تو انشاء اللہ مستجاب الدعوات ہوگا۔

۱۹۔ اس اسم الٰہی کا اکثر ورد کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ اپنا محبوب بنا لیتا ہے اور ان کی دعاؤں کو قبول فرماتا ہے۔

۲۰۔ ہر بیماری کے علاج کے لئے تین بار ''یا مجیب'' پڑھ کر شفا کی دُعا کی جائے تو اللہ تعالیٰ اسے قبول فرماتا ہے۔

۲۱۔ اگر کسی شخص کے سر میں درد ہو رہا ہو تو اسے کوئی نمازی شخص تین تین بار ''یا مجیب'' پڑھ کر پھونک مارتا رہے اور اس عمل کو پانچ بار دہرائے۔ انشاء اللہ دردِ سر بتدریج ختم ہو جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆

قمری اعداد	۴۶۔ الواسع جل جلالہ	۱۶۸
شمسی اعداد		۱۴۲۲

جمالی ☆ آتشی

یہ اسم صفاتی وسیع اور وسعت سے تعلق رکھتا ہے جس کے معنی ہیں کشادہ ہونا۔ الواسع سے مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ نہایت وسعت والا اور بندوں پر نہایت فراخی کے ساتھ احسان کرنے والا ہے، اس کا علم اتنا وسیع ہے کہ کوئی شے اس کے علم سے باہر نہیں اور اس کی سخاوت میں اتنی وسعت ہے کہ اس کی نعمتیں ہر مومن اور کافر کو میسر ہیں۔ بلکہ جتنی بھی وسعتیں ہیں، سب اسی پر ختم ہو جاتی ہیں۔ یہ انسانوں کے لیے استعمال ہو سکتا ہے۔ مثلاً واسع العلم کا مطلب ہے ایسا شخص جس کا علم دنیاوی لحاظ سے بے انتہا ہو۔ اسی طرح واسع الاخلاق یعنی وہ شخص جو اخلاق میں اتنا کامل ہو کہ نہ تو اسکی طبیعت میں ضد و حرص کا مادہ ہو اور نہ وہ فقر سے گھبراتا ہو اور وہ تمام اخلاقی برائیوں سے بالکل پاک ہو۔ اس نام کی مناسبت سے انسان کو لازم ہے کہ وہ اللہ کے بندوں پر اپنی رحم دلی اور شفقت کو وسیع کرے۔

وظائف:

۱۔ اگر کوئی طالب علم حصول علم کی جدوجہد کو جاری رکھنا چاہتا ہے لیکن اس میں کوئی رکاوٹ پیدا ہوتی ہو تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو روزانہ ۱۳۷ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے۔ انشاء اللہ اس کا کوئی ذریعہ بن جائے گا اور وہ اپنی تعلیم کو جاری رکھ سکے گا۔

۲۔ ایک عامل کا قول ہے کہ اگر کسی بچے کا ذہن پڑھائی میں نہ لگتا ہو تو اس اسم کو گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے پلائیں۔ انشاء اللہ اس کا ذہن تیز ہو جائے گا۔

۳۔ مندرجہ ذیل وظیفہ بھی ایک طرح سے "یَا وَاسِعُ" کی خصوصیات کا حامل ہے اور اسے کثرت سے پڑھنا اضافہ کا باعث بنتا ہے۔ "یَاکَافِی الْمُوْسِعُ لِمَا خَلِقَ لَہٗ مِنْ عَطَایَافَضْلِہٖ"

۴۔ ایک بزرگ کا قول ہے کہ خاص کر یہ وظیفہ کسی مالی حاجت اور مقصد کے لیے بہت مؤثر ہے اس کے لیے چند آدمیوں کو اپنے گھر کی مسجد میں اکٹھا کر کے شماروں پر ۲۱۰۰۰ مرتبہ پڑھائیں اور

تین دن تک ایسا کریں۔ بعد میں شیرنی تقسیم کریں۔ انشاء اللہ مالی مشکل حل ہو گی اور رزق کا وقتی بحران دور ہو جائے گا۔

۵۔ اسے روزانہ فجر کی نماز کے بعد ۳۳ مرتبہ پڑھنے سے گھر میں اور روزی کے ذرائع میں خیر و برکت پیدا ہوتی ہے۔

۶۔ مندرجہ ذیل وظیفہ اضافہ رزق کے لیے بہت مجرب ہے۔ جس شخص نے بھی اسے پڑھنے کا معمول بنایا اللہ تعالیٰ نے اس کے رزق میں اضافہ کر دیا اس لیے اکثر کاملین اور عاملین نے اس کے بارے میں فرمایا ہے کہ اسے ہمیشہ پڑھنے والا کبھی تنگی رزق کا شکار نہ ہو گا۔

"اِنَّ اللّٰہَ وَاسِعُ الرَّزَّاقُ"

۷۔ ایک عامل کا قول ہے کہ اسے ۴۰ دن تک روزانہ ۳۱۲۵ مرتبہ پڑھنے سے روزی کے اسباب پیدا ہو جائیں گے لہذا ایسا شخص جس کا کوئی ذریعہ معاش نہ ہو اگر وہ اسے پڑھے تو انشاء اللہ اس ذریعہ روزگار بہت جلد بن جائے گا۔

۸۔ ایک اور عامل کا قول ہے کہ رزق میں کشائش کے لیے اسے ۵۰۰۰ مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد پڑھنا بہت ہی مؤثر ہے اور اس وقت تک جاری رکھے جب تک کہ حسب منشا ضرورت کے مطابق اضافہ نہ ہو جائے وظیفہ یہ ہے: بسم اللہ الواسع جل جلالہ

"اِنَّ اللّٰہَ وَاسِعُ الرَّزَّاقُ"

۹۔ اس اسم کو ۱۳۷۰۰ مرتبہ روزانہ چالیس دن تک پڑھیں اس کے بعد اس کے تعویذ کو الواسع سے متعلق مقاصد کے لیے دوسروں کو دے سکتے ہیں۔ اللہ مہربانی فرمائے گا۔

۱۰۔ اگر کسی شخص کے بچھونے کاٹا ہو تھوڑا سا شورہ لے کر پانی میں گھول کر ۷۰ مرتبہ "یا واسع" پڑھ کر اس پانی پر دم کر کے وقفہ وقفہ سے کاٹے کی جگہ پر لگائیں۔ انشاء اللہ تکلیف رفع ہو جائے گی۔

۱۱۔ امام بونی نے شمس المعارف میں لکھا ہے کہ اس اسم کو کثرت سے پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ خوب رزق عطا کرتا ہے۔ علم میں اضافہ کرتا ہے۔ عمر میں درازی کرتا ہے اس کا ہر کام میں آسانی پیدا

ہو جاتی ہے۔ بے پناہ عزت حاصل ہوتی ہے۔ ہر خاص و عام میں عزت پاتا ہے اگر اس اسم یعنی الواسع کا ذاکر صاحب اقتدار بن جائے تو ہر کوئی دل و جان سے اس کی عزت کریگا۔

۱۲۔ "یَا وَاسِعُ" فراخی رزق کے لیے بہت اکثیر ہے۔ لہذا اگر فراخی رزق کی نیت سے اسے گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ تین سال تک پڑھیں۔ رزق اور دولت میں بے پناہ اضافہ ہوگا۔ اسے پڑھنے والا دینی اور دنیاوی دولت سے مالا مال ہو جائے گا کبھی تنگ دست اور محتاج نہ ہوگا۔

۱۳۔ ایک اور عامل کا قول ہے کہ رزق کی کشادگی کے لیے اس اسم کو پانچ ہزار مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھنا بہت مجرب ہے۔ اسطرح پڑھنا افضل ہے "بسم اللہ الواسع جل جلالہ"

۱۴۔ ایک عامل کا قول ہے کہ جو شخص اسے ۷۰ دن تک ستر ہزار مرتبہ روزانہ پڑھ لے تو وہ مخلوق کو مسخر کرنے میں بیحد کامیاب ہو جائے گا۔ دور دور تک اس کی عزت کی شہرت ہو جائے گی۔ جس کی طرف نظر اٹھا کر دیکھے وہی مطیع و فرمانبردار ہو جائے گا۔ امراء اور صاحب اقتدار لوگوں میں وقعت کی نظر سے دیکھا جائے گا۔ یعنی تسخیر خلق کے لیے یہ اسم بہت ہی لاجواب ہے۔

۱۵۔ اگر کوئی شخص اپنی دکان کا کاروبار بڑھانا چاہے تو اسے چاہیئے کہ بعد نماز جمعہ چند آدمی اکٹھے کرے اور ۳۱۲۵۰ مرتبہ مل کر پڑھیں اور چار جمعہ تک اسی طرح پڑھائی کروائیں۔ اس کے بعد کاروبار کو بڑھانے کے لیے جدوجہد کریں۔ انشاء اللہ کاروبار میں ترقی ہوگی۔

۱۶۔ جس بچہ کو قرآن مجید یاد نہ ہوتا ہو مہینہ میں تین دن "یاواسع" ایک سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے بچہ کو پلائیں۔ انشاء اللہ بہت جلد قرآن مجید حفظ ہو جائے گا۔

۱۷۔ جو کوئی اس اسم کو پڑھتا ہے تو ملائکہ نازل ہوتے ہیں۔ یعنی موکلات کی تسخیر کیلئے یہ اسم مجرب ہے۔

۱۸۔ جو اس اسم مبارک کو پڑھنے کا معمول بنالے اسے انشاء اللہ روزی ملے گی اور مفلس نہیں ہوگا۔

۱۹۔ جو کشائش کے واسطے جتنا ورد اس پاک نام کا کرے گا اُتنا ہی زیادہ مالدار ہوتا جائے گا۔

۲۰۔ ہر نماز کے بعد ۱۳۷ مرتبہ پڑھنے سے رزق میں وسعت پیدا ہوتی ہے اور حالات بہتر ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ یوں پڑھیئے "بسم اللہ الواسع جل جلالہ"

۲۱۔ ہر ماہ تین دن تک اس اسم پاک کو ۱۰۰ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پینے سے حافظہ قوی ہوتا ہے۔ یوں پڑھنا بہتر ہے "یا اللہ الواسع جل جلالہ"

قمری اعداد	۱۰۹
شمسی اعداد	۲۵۰۷

۴۷۔ الحکیم جل جلالہ

جلالی ☆ آتشی

یہ صفاتی نام حکمت سے تعلق رکھتا ہے۔ جس کے معنی ہیں علم کے کمال سے بہترین اشیاء کو پہچاننا اور ہر شے کے اسرار و رموز سے واقف ہونا۔ الحکیم سے مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ نظام کائنات اور بندوں کے معاملے میں انتہائی دانائی کے ساتھ فیصلہ کرنے والا ہے۔ علم خداوندی ہر شے کو محیط ہے اور اسکی کوئی حد و انتہا نہیں کیونکہ اس کے علم کو زوال نہیں اور نہ کوئی شے اس سے پوشیدہ رہ سکتی ہے۔ تمام مخلوقات میں اللہ تعالیٰ کے بعد سب سے بڑے حکیم رسول کریم ہیں جو قرآن مجید کے الفاظ میں لوگوں کو کتاب وحکمت کی تعلیم دیتے ہیں۔ عام انسانوں میں سے حکیم اس شخص کو کہا جاتا ہے جو علم کی باریکیوں سے واقف ہو۔ لیکن انسان کی حکمت زوال پذیر ہے۔ اس اسم کی مناسبت سے انسان کا فرض ہے کہ وہ دانائی اور حکمت کو اختیار کرتے ہوئے احکام الٰہی پر کاربند ہو اور اس کی منشا کے خلاف کوئی کام نہ کرے۔

وظائف:

۱۔ یہ اسم انوار و اسرار کی کنجی ہے جو شخص اس اسم کو ۸۰۰ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اور عرصہ تین سال تک اس اسم پر مداومت کرتا رہے گا تو اس پر انوار و اسرار کھلنے لگیں گے۔

۲۔ امام بونی کا قول ہے کہ اس اسم کے ذاکر پر روحانی حقائق منکشف ہونے لگتے ہیں اور اس پر مواہب الہیہ کھول دیے جاتے ہیں۔

۳۔ اگر میاں بیوی میں نا اتفاقی ہو اور لڑائی جھگڑا رہتا ہو اور عورت چاہتی ہو کہ میاں سے اتفاق ہو جائے یا مرد چاہتا ہو کہ بیوی سے صلح صفائی ہو جائے تو اس اسم کو ایک ہزار مرتبہ پڑھیں۔ اور شیرنی پر دم کر کے دونوں کو کھلائیں یا دونوں میں جس کی زیادتی ہو اسے کھلائیں۔ انشاء اللہ اتفاق ہو جائے گا اور میاں بیوی میں محبت پیدا ہو جائے گی۔

۴۔ حکماء اور ڈاکٹروں کے لئے مندرجہ ذیل وظیفہ بہت مفید ہے جو حکیم یا ڈاکٹر اس وظیفہ کو گیارہ سو مرتبہ روزانہ چالیس دن تک پڑھے گا اس میں امراض کو سمجھنے کی صلاحیت میں بہت زیادہ اضافہ ہو جائے گا۔ اور اس کا تجویز کردہ علاج کامیاب ہوگا۔ وظیفہ یہ ہے۔

"یَاحَکِیْمُ تَحَکَّمْتَ بِالْحِکْمَۃِ وَالْحِکْمَۃُ فِیْ حِکْمَتِ حِکْمَتِکَ یَاحَکِیْمُ"

۵۔ قید سے رہائی کے لئے اس اسم اعظم کو کثرت سے ورد کریں۔

۶۔ اگر کسی شخص کو کوئی مہم یا مشکل درپیش ہو اور اسے اس کا کوئی خاطر خواہ حل نظر نہ آتا ہو تو اسے چاہئے کہ اس اسم کو ۷۰۰۰ مرتبہ روزانہ اکیس دن تک پڑھے اور ہر روز پڑھائی کے مکمل ہونے پر دو رکعت نفل پڑھے اس کے بعد اللہ تعالیٰ کے حضور سجدہ ریز ہو کر اپنی مشکل کے حل کی التجا کرے انشاء اللہ مشکل حل ہو جائے گی۔

۷۔ ظہر کی نماز کے بعد ۹۰ مرتبہ اس اسم مبارک کے پڑھنے سے ہر کام کی مشکل آسان اور مخلوق میں سُرخروئی نصیب ہوگی۔

۸۔ اس مبارک نام کا ورد کرنے والا ہر ایک کام میں نہایت تامل کرتا ہے جب تک اس کام میں دین کی بھلائی نہیں دیکھتا ہرگز نہیں کرتا۔

۹۔ جو اس کو ۷۲ مرتبہ پڑھا کرے تو انشاء اللہ اسے کوئی مشکل درپیش نہ آئے اور سب حاجتیں بر آئیں۔

۱۰۔ جو کوئی اس کا بکثرت ورد رکھے گا علم و حکمت کے چشمے اس کی زبان سے پھوٹیں گے اور وہ لطیف اشارات اور معانی کے اسرار کو بھی سمجھ لے گا۔

۱۱۔ اس اسم پاک کا ۷۸۰ مرتبہ ورد کرنے سے ناگہانی آفات ٹل جاتی ہیں اور سر پر پڑی مشکلیں آسان ہو جاتی ہیں۔ تمام بگڑے کام پایۂ تکمیل تک پہنچ جاتے ہیں۔

۱۲۔ اس اسم پاک کا ذاکر ہر کام نہایت غور و فکر کے بعد سرانجام دیتا ہے اور غیر شرعی کاموں سے پرہیز کرتا ہے۔

۱۳۔ اگر کوئی ڈاکٹر یا حکیم اس اسم کو روزانہ گیارہ سو مرتبہ تلاوت کرے تو وہ اپنی فیلڈ میں ماہر ہو جاتا ہے اور اس کی پریکٹس میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ یوں پڑھنا بہتر ہے

بسم اللہ الحکیم جلّ جلا لہ

۱۴۔ اس اسم پاک کا ورد انسان کو صاحب حکمت اور صاحب بصیرت بنا دیتا ہے۔ جو لوگ ''یا حکیم'' کا ورد کرتے رہتے ہیں اللہ تعالیٰ انہیں نعمت، دانائی اور عظمت و فراست سے سدا فیض یاب رکھتا ہے۔

۱۵۔ اگر کوئی شخص اس اسم پاک کو نماز ظہر کے بعد ۱۰۰ مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے لوگوں میں عزت و شرف بخشتا ہے۔

۱۶۔ قرضے سے خلاصی پانے کے لئے بھی ''یا حکیم'' کا ورد کرنا مفید اور مؤثر ہوتا ہے۔ یوں اللہ تعالیٰ کوئی صورت پیدا کر دیتا ہے۔

۱۷۔ جو شخص اکثر ''یا حکیم'' کا ورد کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس شخص کی رائے کو وقیع بنا دیتا ہے اور معاشرے میں اس کا مقام و مرتبہ بھی بلند کر دیتا ہے۔

۱۸۔ یا اللہ الحکیم جل جلالہ کا ورد کرنے والا ولی اللہ بن جاتا ہے۔

۱۹۔ قرآن مجید کے اسرار و رموز سمجھنے کیلئے یا حکیم یا اللہ کا ورد مفید ہے۔

۲۰۔ استخارہ یا کشف کیلئے اللہ الحکیم کا ورد بعد نماز تہجد ۳۱۲ مرتبہ کریں۔

۲۱۔ ہر کام میں فتح و نصرت اور کامیابی و کامرانی کیلئے یہ وظیفہ لا جواب ہے

''بسم اللہ الحکیم جلّ جلا لہ اَدْرِکْنِیْ''

یا پھر یہ وظیفہ بھی پڑھ سکتے ہیں۔

''بسم اللہ الحکیم جلّ جلا لہ اَغِثْنِیْ''

☆☆☆☆☆☆

۵۱	۴۸۔ الودودُ جل جلالہ	قمری اعداد
۲۲۰۷		شمسی اعداد

آتشی ☆ جمالی

اس صفاتی نام کا مطلب ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے بے پناہ محبت رکھنے والا ہے اور وہ اپنے فرمانبرداروں پر خوب احسانات کرتا ہے۔ بعض علماء کا کہنا ہے کہ ودود اور رحیم تقریباً ہم معنی ہیں۔ لیکن ان میں فرق یہ کہ رحمت تو ہر کافر اور مومن تک پہنچتی ہے لیکن ودود یعنی محبت اور احسان صرف مومنوں کے لئے خاص ہے۔ چونکہ اللہ تعالیٰ مومنوں سے راضی اور ان کے اعمال سے خوش ہے، اور ان برگزیدہ بندوں کو عام لوگوں کی نظروں میں محبوب بناتا ہے اس لئے اس کو ودود کہا جاتا ہے۔ اس اسم سے انسانوں کو سبق ملتا ہے کہ اللہ کے دشمنوں سے ہرگز محبت نہ کرنی چاہئے، چاہے وہ قریبی رشتہ دار ہی کیوں نہ ہوں۔

وظائف:

۱۔ جو شخص اللہ کا محبوب بندہ بننے کا طالب ہو، اسے چاہئے کہ اس وظیفہ کی بہت کثرت سے پڑھے انشاء اللہ اس کے دل سے دنیا کی محبت نکل جائے گی۔ اور اللہ کی محبت پیدا ہو جائے گی۔

۲۔ سنت اعتکاف میں اس اسم کا ورد رضائے الٰہی اور اس کی محبت حاصل کرنے کے لئے بہت موثر ہے لہذا جو شخص اس اسم کو رمضان المبارک میں اعتکاف کے دوران اکتالیس ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے گا۔ انشاء اللہ اس پر مہربان ہوگا۔ اس کے بعد اس وظیفہ کو روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ جاری رکھے اس پر ہر طرح کی نعمتوں کی بارش ہوگی اور عنایات خداوندی سے مالا مال ہوگا۔

۳۔ بعض رشتے اس امر کا تقاضا کرتے ہیں کہ ان میں محبت ہو، ایک دوسرے کی نافرمانی نہ ہو۔ جیسے اولاد میں ماں باپ کی فرمانبرداری، بیوی میں شوہر کی اطاعت اور تابعداری۔ بہن بھائیوں میں خونی رشتے کے تقاضے سے آپس کی ہمدردی کا ہونا ضروری ہے۔ اگر ان رشتوں میں آپس کی محبت یا الفت نہ ہو تو ایک رشتہ دوسرے جائز حق ادا نہ کرتا ہو تو اس اسم کو ۳۱۲۵ مرتبہ ۴۰ دن تک پڑھ کر دعا کریں۔ انشاء اللہ حسب ضرورت آپس میں محبت پیدا ہو جائے گی۔ اگر پانی دم کر کے پلادیں تو زیادہ بہتر ہے۔

۴۔ جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کی بیوی تابعدار رہے۔ اور دل سے اس کے ساتھ وفا کرے تو گیارہ روز تک اس ادم کو ۱۱۵۰۰ مرتبہ پڑھیں اور آخری روز تھوڑی شیرینی یا پانی لے کر اسے دم کر کے اسے کھلا دیں یا پہلی رات کو عورت آتے ہی یہ عمل کر لیں۔ انشاءاللہ ساری عمر عورت فرمانبردار رہے گی۔

۵۔ یہ اسم تسخیر القلوب کے لئے بہت مجرب ہے اگر کوئی شخص دوسروں کو اپنی طرف مائل کرنا چاہے تو اس اس کو ۱۲۵۰۰ مرتبہ روزانہ چالیس دن تک پڑھے۔ اس کے بعد تین ناغہ کر کے اس کے بعد پہلے کی طرح ۴۰ دن پڑھائی کر کے اس طرح تین چلے پوری کرے۔ بعد میں اس اسم کو روزانہ گیارہ سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے۔ انشاءاللہ ہر خاص وعام اس کی طرف ہو جائیں گے اور وہ لوگوں کے دلوں پر چھا جائے گا۔ جس کی طرف نظر بھر کر دیکھے وہی اس کی محبت میں مبتلا ہو جائے گا۔

۶۔ جس شخص کا کوئی جانور یعنی گھوڑا / بیل گائے بھینس، بکرا یا اونٹ شریر ہو، مالک کو تنگ کرتا ہو اور کہنے میں نہ ہو تو اس اسم کو اس کے چارے پر دو ہزار مرتبہ پڑھ کر اسے کھلا دیں۔ اور تین دن نکل ایسے ہی کر یں۔ اللہ نے چاہا تو جانور تابعدار ہو جائے گا اور تنگ کرنا فوراً چھوڑ دیگا۔

۷۔ ''یَـا وَدُوْدُ'' کا عمل عاملین میں محبت کے لئے بہت مشہور ہے اور یہ آزمودہ ہے کہ یہ عمل محبت میں بہت کام کرتا ہے۔ اس اسم کا عامل بننے کے لئے اسے ۱۵۲۰ مرتبہ چالیس دن تک خلوت کے مقام پر پڑھیں۔ ایک چلہ مکمل کرنے کے بعد دوسرا چلہ کریں۔ اس طرح تین چلوں میں آپ عامل بن جائیں گے اور محبت کے تمام کاموں کے لئے اس اسم کا نقش بہت کام کرے گا۔

۸۔ اگر کسی شخص کا گھوڑا بدمست ہو کر بے قابو ہو جائے تو اُسے چاہیے کہ چنے کے آٹے پر یہ اسم مبارک کو دم کر کے گھوڑے کو کھلائے۔ انشاءاللہ گھوڑا ٹھیک ہو جائے گا۔

۹۔ اس اسم پاک کا ذاکر اپنے دوستوں اور ملنے والوں کے ساتھ ہمیشہ محبت سے پیش آتا ہے اور دل میں کسی کے خلاف بھی کدورت اور نفرت کے جذاب نہیں رکھتا۔

۱۰۔ اگر کوئی شخص بدمزاج ہو تو کسی میٹھی چیز پر ایک ہزار مرتبہ یہ اسم پاک دم کریں اور مناسب وقت پر وہ چیز اس آدمی کو کھلا دیں۔ انشاءاللہ اُس کی بدمزاجی دُور ہو جائے گی۔

۱۱۔ اگر کوئی آدمی اس اسم مبارک کو روزانہ ۱۲۵۰۰ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اور تین سال تک لگاتار پڑھتا رہے تو وہ لوگوں کے دلوں میں گھر کر لیتا ہے۔

۱۲۔ اس اسم مبارک کا ورد کرنے والا خلق خدا پر مہربان دوست دار اور مودت والا ہی بنا رہتا ہے۔

۱۳۔ اگر کوئی آدمی سعد وقت میں اس کے مربع کا نقش اپنی انگوٹھی پر کندا کروا کر پہن لے اور اس اسم مبارک کو 960 مرتبہ دم کر کے پئے تو وہ خلق خدا کی نظر میں معزز ہو جاتا ہے۔

۱۴۔ جس کا بیٹا برائیوں میں مبتلا ہو تو وہ جمعہ کے بعد ایک ہزار ایک بار معطر و لطیف شیرینی پر پڑھ کر دم کرے اور روبقبلہ ہو کر دو رکعت نماز ادا کرے اور وہ شیرینی اس کو کھلائے انشاء اللہ صالح ہو جائے گا۔ یوں پڑھنا بہتر ہے!! "یَااَللّٰهُ الْوَدُوْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ"

۱۵۔ اگر کوئی جانور یا پالتوں مویشی کسی وجہ سے منہ زور ہو جائے اور بد مزاجی پر اتر آئے تو اس سے آٹے کے پیڑے پر تین سو بار "یا ودود" پڑھ کر پھونک مار کر وہ آٹے کا پیڑا اس جانور کو کھلا دیں، چند دنوں کے بعد وہ جانور طالب کا دوست ہو جائے گا۔

۱۶۔ اگر میاں بیوی میں باہمی محبت کم ہو تو بیوی کو چاہئے کہ وہ کسی بھی طرح کے عطر پر تین ہزار بار یا ودود پڑھ کر دم کر لے اور اس عطر کو تھوڑی مقدار میں شوہر کے کپڑوں اور اپنے لباس کو لگاتی رہے۔ چند ہی دن کے اندر اندر میاں بیوی میں مودت اور جانو رمحبت پیدا ہو جائے گی۔

۱۷۔ یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس کی یہ ہے کہ اسکا ورد رکھنے والا ہر ایک متعلقین سے نہایت محبت والفت رکھے گا۔ کبھی کسی کی بدخواہی اور برائی کے لئے آمادہ نہ ہوگا۔

۱۸۔ جس شخص کا جانور بدمزاج شوخ ہو، چنے کے آٹے پر تین سو دفعہ "یَا وَدُوْدُ" پڑھ کر دم کر کے جانور کو کھلایا جائے۔ اللہ چاہے تین دن میں جانور ٹھیک ہو کر ساری شوخیاں بھول جائے گا۔

۱۹۔ اگر کوئی شخص جمعہ کے دن پہلی ساعت میں عروج ماہ کے دوران پہلی ساعت میں اس اسم پاک کو زعفران در گلاب سے لکھ کر اپنے پاس رکھتا ہے اور اس کا ذکر کرتا ہے تو اُس کی ذات لوگوں کے لئے پرکشش بن جاتی ہے۔

۲۰۔ "بِسْمِ اللّٰهِ الْوَدُوْدُ جل جلالہ" کا ورد کرنے والا مجسم محبت ہو جاتا ہے۔

۲۱۔ حصولِ محبت کے لئے "یَااَللّٰهُ الْوَدُوْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ" کا ورد لاجواب ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

قمری اعداد	۸۸
شمسی اعداد	۲۲۵۴

۴۹۔ المجید جل جلالہ

جمالی ☆ آتشی

اس اسم صفاتی سے مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ بزرگی اور شرف والا ہے۔ وہ سب سے اعلیٰ قدر، سب سے زیادہ عطا کرنے والا اور اپنی ذات میں سب سے اشرف ہے یعنی اس نام میں جلیل، تواب اور کریم تینوں اسماء کی صفات پائی بزرگ سے ہے اور یہ ماجد کا اسم مبالغہ ہے۔ گویا وہ انتہائی عزت وشرف کا مالک ہے اور اس کے بعد اس قدر بزرگی کا کوئی مقام نہیں۔ انسانوں کے لیے لازم ہے کہ وہ اس نام کی مناسبت سے ہر حال میں دوسروں کیساتھ مہربانی اور عزت افزائی سے پیش آئیں تاکہ ان کے ساتھ بھی لطف وکرم سلوک کیا جائے۔

وظائف:

۱۔ جس شخص کی پسلی میں درد ہوتا ہو، ایک ہزار مرتبہ اس اسم کو پڑھ کر روئی کے اوپر دم کر کے روئی درد والی جگہ پر باندھیں۔ انشاء اللہ، اللہ کی رحمت سے درد ختم ہو جائے گا اور مریض کو بہت فائدہ ہوگا۔

۲۔ سگریٹ نوشی اچھی عادت نہیں اس لیے اس سے نجات کے لیے اس اسم کو ۴۰ دن تک روزانہ ۳۱۲۵ مرتبہ پڑھیں اور روزانہ پڑھائی کے بعد سبز الائچی پر دم کر کے منہ میں ڈال کر چبا کر کھائیں۔ انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ کی توفیق سے سگریٹ نوشی کی عادت ترک ہو جائے گی۔

۳۔ اس اسم کو پڑھنے سے تقویٰ، اور پرہیزگاری کے خصائل پیدا ہوتے ہیں لہٰذا جو شخص اسے بعد نماز فجر سو مرتبہ اور بعد نماز عشاء سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو وہ ہمیشہ کے لیے نیک خصلت اور نیک سیرت ہو جائے گا۔

۴۔ اگر کوئی شخص صبح کی نماز کے بعد "یا مجید" کا ۹۹ مرتبہ ورد کر کے اپنے جسم پر دم کر لے تو وہ لوگوں کی نظروں میں معزز و معتبر ہو جاتا ہے۔ یوں پڑھنا افضل ترین ہے!!

"بِسْمِ اللّٰهِ الْمَجِيْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ"

۴۔ صوفیاء کا قول ہے کہ یہ اسم اللہ کے راستے کو پانے کے لیے بہت مجرب ہے۔ اگر کوئی بلا ناغہ پڑھ نہ سکے تو جب یاد آئے اسی وقت چند بار پڑھ لے۔ انشاء اللہ اس کے ساتھ اللہ کی مدد شامل رہیگی۔

۵۔ جو شخص اس اسم کو روزانہ ۵۷۰۰ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اور عرصہ تین سال تک پڑھتا رہے اسے بزرگی عطا فرمائے گا اس کا مرتبہ بلند فرمائے گا اور ہر کوئی عزت سے پیش آئے گا۔

۶۔ اس اسم کو پڑھنے والے کی زبان میں اتنی تاثیر پیدا ہو جائے گی کہ جو وہ کہے گا اللہ اپنی رحمت سے پورا فرمائے گا۔

۷۔ اس اسم کو پڑھنے والا کبھی ذلیل اور رسوا نہیں ہوتا۔

۸۔ ایک عامل کا قول ہے کہ یہ اسم بواسیر کے علاج کے لیے بہت بے نظیر ہے لہذا جو اس مرض میں مبتلا ہو اسے چاہیئے کہ تیرہ، چودہ اور پندرہ چاند ماہ کو روزہ رکھے اور افطار کے وقت اس اسم کو کثرت سے پڑھے۔ انشاء اللہ بواسیر سے نجات کا کوئی نہ کوئی ذریعہ بن جائے گا۔

۹۔ جو شخص اس اسم کو روزانہ ۳۰۰ مرتبہ پڑھتا رہے۔ اس کا ہر کام آسانی سے سرانجام پائے گا۔ یوں پڑھیئے: "بِسْمِ اللّٰهِ الْمَجِیْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ"

۱۰۔ اگر لڑکے یا لڑکی کی شادی کرنا تھی مگر کسی وجہ سے رک گئی ہو تو اس اسم کی برکت سے ہو جائے گی۔ یوں پڑھنا بہتر ہے!! "یَااَللّٰهُ الْمَجِیْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ"

۱۱۔ اگر کسی کی ملازمت چھوٹ گئی ہو اور روزی کمانے کا نیا ذریعہ نہ بن رہا ہو تو اس اسم کی برکت سے کمائی کا کوئی نہ کوئی ذریعہ بن جائے گا۔ مذکورہ بالا طریق سے پڑھنا افضل ہے۔

۱۲۔ اس اسم کو ہمیشہ پڑھنے والے کا کوئی کام نہیں رکتا۔ چلتے پھرتے کثرت کیساتھ اس اسم کا ورد کرتے رہیں۔ یوں پڑھیئے!! "اَلْمَجِیْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ"

۱۳۔ اس اسم کے نقش کو دوسرے لوگوں کو دینے کے لیے اس اسم کا پہلے ۴۰ دن کا چلہ کریں۔ اور اسے روزانہ ۱۲۵۰۰ مرتبہ پڑھیں، پڑھائی مکمل ہونے کے بعد آپ اس اسم کے عامل بن جائیں گے اور مندرجہ بالا مقاصد کے لیے اس نقش کو استعمال کروائیں۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

۱۴۔ مجید اپنی شان میں بزرگی میں اور اپنی ذات اور افعال میں سب سے بزرگ ہوتا ہے۔اس لیے انسان کو چاہیے کہ وہ اپنے آپ میں اسی اسم اعظم کی صفات پیدا کرنے کی کوشش کرے۔

۱۵۔ اگر کوئی شخص لوگوں میں زیادہ شرف وعزت کا خواہش مند ہو تو اسے چاہیے کہ وہ "یا مجید" ہر روز صبح ننانونے بار پڑھ کر اللہ سے دعا کیا کرے۔

۱۶۔ اگر کسی کو پسلی میں شدید درد ہو تو وہ روٹی پر ایک ہزار مرتبہ "یا مجید" پڑھ کر دم کر کے کھائے۔اللہ تعالیٰ اسے شفا دے گا۔

۱۷۔ آتشک، کوڑھ یا جذام جیسے امراض کے علاج کے لئے چاند کی تیرہ، چودہ اور پندرہ کو روزہ رکھے اور افطار کرکے کثرت کے ساتھ "یا مجید" پڑھ کر پانی دم کرلیا جائے پھر اس پانی کو ایک ہفتہ تک پیتا رہے انشاء اللہ شفا حاصل ہوگی۔

۱۸۔ اگر کوئی بے یار و مددگار شخص ہر نماز کے بعد ۷۰ مرتبہ اس اسم مبارک کا ورد کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اُس کی غیب سے مدد کرتے ہیں۔

۱۹۔ اگر کوئی آدمی ہر شب کو ۱۸۹۰۰ مرتبہ اس اسم پاک کی تلاوت کرتا ہے تو اُسے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے فضیلت ودیعت کردی جاتی ہے۔

۲۰۔ جو خاتون دورانِ حمل کثرت سے اس اسم پاک کا ورد کرتی رہے تو اس کا آنے والا بچہ اسقاط سے محفوظ ہو جاتا ہے۔

۲۱۔ جو شخص اس اسم پاک کو پڑھنے پر مداومت مرے اور وقت کی پابندی کرے تو اللہ تعالیٰ اسے نیک خصلت، نیک چلن اور نیک سیرت بنا دیتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

اس نام کا مطلب ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کی ہدایت کے لیے نبیوں کو بھیجنے والا ہے تا کہ لوگوں کو توحید الٰہی پر آمادہ کیا جائے۔ وہ تمام مخلوقات اور موجودات کو عدم سے وجود میں لانے والا اور قیامت کے دن سب کو پھر سے اُٹھانے والا ہے۔ یہ لفظ بعث سے بنا ہے جس کے معنی ہیں بھیجنا اور اُٹھانا۔ اسی وجہ سے قیامت کو یوم البعث بھی کہا جاتا ہے۔ انسانوں کے دوبارہ جی اُٹھنے کے متعلق بعض لوگوں کو غلط فہمی ہے کہ موت کے بعد یہ زندگی فنا ہو جائے گی اور قیامت کے دن دوبارہ وجود میں لائی جائے گی یعنی تخلیق کا عمل دوبارہ ہوگا۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ موت سے زندگی فنا نہیں ہوتی بلکہ موت انسان کو ایک دنیا سے دوسری دنیا میں منتقل کرنے کا نام ہے اور قبر آخرت کی پہلی منزل ہے۔ جہاں تک روح کا تعلق ہے، تو وہ بھی فنا نہیں ہوتی۔ البتہ کچھ مدت کے لئے جسم سے الگ ہو جاتی ہے اور اسی کو موت کہا جاتا ہے۔ ہمیں یاد رکھنا چاہیے کہ موت کے بعد جی اُٹھنا ہے اور اپنے اعمال کا حساب دینا ہے۔ لہٰذا ایسے کام کئے جائیں کہ حشر کے میدان میں ندامت نہ ہو۔

وظائف

۱۔ یہ وظیفہ پریشانی اور بے چینی دور کرنے کے لئے بہت ہی اکسیر ہے۔ جو بھی اسے کسی پریشانی اور سختی میں روزانہ ۳۱۲۵ مرتبہ پڑھے اور چالیس دن تک عمل جاری رکھے۔ انشاء اللہ اس کی پریشانی ختم ہو جائے گی۔

۲۔ اگر کسی کا کوئی بچہ یا بچی گم ہو جائے تو اس صورت میں ورثاء کو چاہیے کہ چند افراد خواہ مرد ہوں یا عورتیں، ایک مقام پر بیٹھ کر "یا باعث" کو سوا لاکھ مرتبہ گن کر پڑھیں۔ تو انشاء اللہ گمشدہ لڑکے یا لڑکی کا پتہ چل جائے گا اور وہ بخیریت اپنے گھر کسی ذریعہ سے آ جائے گا۔ اور اس وقت تک پڑھتا رہے جب تک کہ گمشدہ مل نہ جائے۔

۳۔ جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کا دل زندہ ہو جائے اور وہ اللہ کے انوارات اور تجلیات کا مقام بن جائے تو اسے چاہئے کہ سوتے وقت اپنے بستر پر بیٹھ کر یا لیٹ کر اس اسم کو ۵۷۳ مرتبہ روزانہ پڑھے اور ایک سال تک اس کا معمول جاری رکھے۔ انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ اس کے دل کو زندہ کر دے گا شہوت، غفلت، حرص اور بخل جیسے امراض دور ہو جائیں گے۔

۴۔ ایک عامل کا قول ہے ایسا مرید جو سلوک کی راہ پر گامزن ہو چکا ہو مگر اسے کشف قبور نہ ہوتا ہو یعنی ابتدائی طور پر اس کے اندر روحانی صلاحیتیں پیدا ہو چکی ہوں تو ایسے شخص کو صاحب کشف بننے کے لیے ''یَا بَاعِثُ'' کا ورد کرنا چاہیے اور چند ماہ تک مسلسل کثرت سے پڑھنا چاہیے تو انشاء اللہ اس کے دل کی آنکھ کھل جائے گی اور صاحب کشف بن جائے گا۔

۵۔ یہ وظیفہ پست ہمتی کا بہترین علاج ہے اگر پست ہمت اس وظیفہ کو روزانہ ۳۳ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے تو انشاء اللہ جلد ہی وہ قوی ہمت بن جائے گا۔ اور بحالی صحت کے لیے بھی اچھے اثرات مرتب ہوں گے لہذا جو شخص روزانہ وظائف پڑھنے کا عادی ہو اسے چاہیئے کہ وہ اس وظیفہ کو اپنے معمول میں شامل کر لے۔ اس وظیفہ سے قبل اگر لفظ اللہ کا اضافہ کر لیا جائے یعنی یَا اللّٰہُ یَا بَاعِثُ پڑھے۔ تو بہت ہے۔

۶۔ اس اسم کا عامل بننے کے لیے ''یَا بَاعِثُ'' کو روزانہ ۹۱۶۸ مرتبہ ۴۰ دن تک پڑھیں۔ چلہ کے لیے رات کا وقت بہتر ہے اگر چلے میں ناغہ ہو جائے تو پھر شروع سے اس کو پڑھنا شروع کریں چلہ مکمل ہو نے پر آپ اس اسم کے عامل بن جائیں گے اس کے بعد اس کا تعویذ صفائی باطن، تزکیہ نفس، شہوت کے علاج اور پریشانیوں کو دور کرنے کے لیے دے سکتے ہیں اس اسم کا نقش جسمانی صحت کو قائم رکھنے کے لیے بھی دے سکتے ہیں اس کے علاوہ مندرجہ بالا فوائد کے لیے استعمال کروائیں تو انشاء اللہ بے پناہ فائدہ ہو گا۔

۷۔ جو کوئی روزانہ سوتے وقت سینے پر ہاتھ رکھ کر ایک سو مرتبہ یا ''بَاعِثُ'' پڑھا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کا دل علم و حکمت سے زندہ ہو جائے گا۔

۸۔ جو سو بار روزانہ پڑھنے کا معمول بنائے گا اس سے انشاء اللہ نیکیاں سرزد ہوں گی اور برائیوں سے بچا رہے گا۔

۹۔ اگر کسی شخص کی کوئی چیز گم ہو جائے تو اُسے چاہیے کہ دوسرے لوگوں کے ساتھ مل کر سوا لاکھ مرتبہ اس اسم پاک کا ورد کرے۔ تو انشاء اللہ تعالیٰ اُسکی چیز واپس مل جائے گی۔

۱۰۔ اس اسم کو کوئی سات بار پڑھ کر اپنے اوپر پھونکے اور حاکم کے روبرو جائے حاکم مہربان ہوگا۔

۱۱۔ اگر کوئی آدمی سخت پریشانی میں گھر جائے تو اُسے چاہئے کہ روزانہ 3125 مرتبہ چالیس دن تک یاباعث کا ورد کرے تو انشاء اللہ پریشانی ختم ہو جائے گی۔

۱۲۔ الباعث ایسا اسم مبارک ہے کہ جس سے دلوں کی غفلت دور ہوتی ہے اس کے ورد سے مردہ دلوں کو زندہ کیا جاسکتا ہے۔ یوں پڑھیں!! ''الباعث جل جلالہ''

۱۳۔ اگر کوئی شخص ایک سوایک بار ''یاباعث'' کا ورد کر کے سو جائے تو اللہ تعالیٰ اس کے دل میں نور پیدا کر دیتا ہے۔ یوں پڑھنا بہتر ہے!! ''یاباعث یااللہ''

۱۴۔ جو شخص اکثر اس اسم مبارک کا ورد کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے عالی دماغ۔ زندہ قلب صاحب قوت اور ہوشیار بنائے رکھتا ہے۔

۱۵۔ اگر کسی شخص کا عزیز گم ہوا ہو اور اُس کا واپس آنا مقصود ہو وہ شخص ''یاباعث'' کا ختم پڑھے انشاء اللہ مراد پوری ہوگی۔ ختم کے بعد ہاتھ اُٹھا کر یہ دعا کی جائے:۔ ''اَللّٰھُمَّ اِنَّ الْاَرْضَ اَرْضُکَ وَالسَّمَآءَ سَمَآءُکَ وَمَا بَیْنَھُمَا فَھِیَ لَکَ اٰتِ بِفُلَانٍ اِلَیْنَا'' اور لفظ فلاں کی جگہ اُس گم شدہ شخص کا نام لیا جائے اکیس مرتبہ یہ دُعا پڑھی جائے۔ انشاء اللہ العزیز تین روز کے اندر مطلوب مع الخیر واپس آئے گا۔

۱۶۔ سوتے وقت سینے پر ہاتھ رکھ کر ''یاباعث'' ۱۰۱ مرتبہ پڑھنے سے دل کے دورہ سے حفاظت رہتی ہے۔

۱۷۔ اگر کوئی آدمی دل کا مریض ہو تو اُسے چاہیے کہ ایک اسٹیل کے پیالے میں اس اسم پاک کو 73 مرتبہ کندہ کروائے اور 45 بار اس اسم پاک کا ورد کر کے اسی برتن میں کھائے پیئے تو انشاء اللہ شفاء حاصل ہوگی۔

۱۸۔ جو اسکا بکثرت ورد رکھے گا تو خوف الہیٰ اس پر غالب رہے گی۔

۱۹۔ اگر کوئی شخص اس اسم پاک کو چالیس دن تک روزانہ ۷۳۰ امرتبہ تلاوت کرے اور شرعی احکام پر عمل کرے تو اس پر اسرار غیبی منکشف ہوں گے۔

۲۰۔ بد مزاج رشتہ دار کے سامنے جانے سے پہلے سات مرتبہ ''یاباعث'' پڑھنے سے وہ عزت کے ساتھ پیش آئے گا۔

۲۱۔ اس اسم کا ذاکر زندہ دل، بیدار مغز، ہوشیار اور کبھی سُستی کو پسند نہیں کرے گا اور غافل نہ ہوگا۔

قمری اعداد	۳۵۰
شمسی اعداد	۲۴۴۹

۵۱۔ الشہید جل جلالہ

مشترکہ ☆ ہادی

اللہ تعالیٰ کے اس صفاتی نام کا تعلق شہادت سے ہے جس کے معنی حاضر ہونے اور گواہی دینے کے ہیں۔ چونکہ اللہ تعالیٰ ہر جگہ موجود ہے اور ہر چیز پر گواہ (یعنی نگاہ رکھنے والا) ہے اس لیے اُسے ''الشہید'' کہا جاتا ہے۔ بعض علماء کے نزدیک شہادت اور شہود کے معنی موجود ہونے اور جاننے کے بھی ہیں۔ لہٰذا اس سے یہ مراد ہے کہ وہ تمام امور سے پوری طرح واقف ہے کیونکہ شہادت اس شے کو بھی کہتے ہیں جو سامنے موجود ہو اور ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے روز تمام مخلوقات کے اعمال کی شہادت دے گا۔ اس نام کی مناسبت سے انسان پر لازم ہے کہ وہ ہر کام کرنے سے پہلے سوچ لے کہ اللہ تعالیٰ ہر جگہ حاضر و ناظر ہے اور اس سے کوئی بات پوشیدہ نہیں۔

وظائف:

۱۔ اگر کوئی شدت مرض کی وجہ سے بے ہوش ہوتا ہے تو اس کے سرہانے اس اسم کو ایک سو مرتبہ پڑھیں اور پانی دم کر کے اس پر چھینٹے لگائیں۔ انشاء اللہ مریض ہوش میں آجائے گا۔

۲۔ یہ اسم مقدمہ میں کامیابی کے لیے بھی مؤثر ہے بشرطیکہ پڑھنے والا اپنے مؤقف میں سچا ہو، لہٰذا مقدمے میں کامیابی کے لیے ''یَا شَهِیْدُ یَا اَللّٰهُ'' چالیس دن تک روزانہ ۳۱۲۵ مرتبہ پڑھیں اس کے بعد مقدمے کی تاریخ پر پیشی کے وقت اسے خوب کثرت سے پڑھیں، انشاء اللہ مقدمہ میں کامیابی ہوگی۔

۳۔ جس شخص کی اولاد نافرمان ہو تو اسے چاہیئے کہ اپنے نافرمان بیٹے یا بیٹی کے ماتھے پر بعد نماز فجر ہاتھ رکھ کر اس اسم کو ۳۱۹ مرتبہ سات دن تک پڑھے۔ انشاء اللہ نافرمان بیٹا یا بیٹی فرمانبردار ہو جائے گا۔ اور ضد کو ترک کر دے گا۔ جو بات آپ کہیں وہی مانے گا۔

۴۔ اگر کوئی شخص کسی جھگڑے میں سچا ہو مگر مخالف فریق جھوٹی گواہیوں کے ذریعے اسے نیچا دکھانا چاہے تو اس شخص کو چاہیئے کہ جس دن جھوٹے گواہوں نے اس کے خلاف پیش ہونا ہو اس سے سات روز قبل اس اسم کو ۱۵۰۰ مرتبہ پڑھے اور جب مخالف گواہ پیش ہوں اس وقت بھی اس اسم کو دل میں پڑھتا رہے۔ اللہ اپنے اس صفت کی بنا پر ان کے دل پر خوف طاری کر کے ان کے منہ سے سچی بات نکلوا دیگا جو آپ کے حق میں ہوگی۔

۵۔ اگر کسی شخص نے کسی شخص پر جھوٹا الزام یا تہمت لگادی ہو تو اس سے اپنے آپ کو بری الذمہ ثابت کرنے کے لیے اس اسم کو گیارہ دن تک کسی مسجد یا قبرستان میں بیٹھ کر بعد نماز عصر گیارہ سو مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ سچا ثابت کرے گا اور جھوٹی الزام لگانے والا ذلیل ہوگا۔

۶۔ اگر کوئی اپنی زندگی کا خاتمہ شہادت پر چاہتا ہو تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو ۳۳ مرتبہ بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب پڑھنے کا معمول بنالے۔ انشاء اللہ اس کا خاتمہ بالا یمان شہادت کے ذریعہ ہوگا۔

۷۔ جو شخص اس اسم کو ایک ہزار مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو وہ ہمیشہ بُرے خصائل سے بچا رہے گا۔ اگر بُری خصلت ہو تو وہ دور ہو جائے گی۔ شیطانی وساوس ختم ہو جائیں گی۔

۸۔ جو شخص اس اسم کا عامل بننا چاہے تو اسے چاہیئے کہ وہ اس اسم کو چالیس دن تک ۶۲۵۰ مرتبہ روزانہ خلوت میں بیٹھ کر پڑھے۔ پڑھائی مکمل ہونے پر اللہ کی راہ میں حسب توفیق لوگوں کو کھانا کھلائے۔ اس کے بعد اس اسم کے تعویذ کو اس اسم کے متعلقہ مقاصد کے لیے استعمال کروائے۔ انشاء اللہ بہتر نتیجہ برآمد ہوگا۔

۹۔ اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کا بکثرت ذکر کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کی حفاظت اور نگہبانی کرتا رہتا ہے۔

۱۰۔ اگر کوئی شخص ہر روز صبح کے وقت اکیس مرتبہ ''یا شہید'' کا ورد آسمان کی جانب پیشانی کر کے پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس شخص کی اولاد کو تابعدار اور فرمانبردار بنا دیتا ہے۔

۱۱۔ اس اسم مبارک کا بکثرت ورد کرنے والے کو اللہ تعالیٰ مشکلات اور مصائب سے بچائے رکھتا ہے۔

۱۲۔ جو شخص اس اسم الٰہی کا مدام ذکر کرتا رہتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے ریاکاری سے بچائے رکھتا ہے۔

۱۳۔ جو اس اسم پر پابندی رکھے گا تو اسے انشاء اللہ گناہوں سے پرہیز گاری نصیب ہوگی۔

۱۴۔ اہل مراقبہ اور شہادت کے متمنی حضرات کے لئے یہ اسم بہت مناسب اور مفید ہے۔

۱۵۔ اگر کوئی آدمی اس اسم پاک کو اپنی بیوی کے سر پر ہاتھ رکھ کر پڑھے تو وہ اپنی بیوی کا محبوب بن جاتا ہے۔

۱۶۔ اگر کسی سچے انسان پر کوئی جھوٹی تہمت لگ گئی ہو تو اس چاہیے کہ اس اسم مبارک کا کثرت سے ورد کرنے سے وہ تہمت سے بری ہو جائے گا۔

۱۷۔ اگر کوئی مریض شدت مرض کے باعث بے ہوش ہو چکا ہو تو ایسے مریض کے سرہانے کھڑے ہو کر ایک سو مرتبہ ''یا شہید'' پڑھ کر اسے دم کیا جائے۔ اس سے تھوڑی دیر کے بعد مریض ہوش میں آجائے گا۔

۱۸۔ اولاد و بیوی کی فرمانبرداری کے لئے صبح کے وقت ۲۱ مرتبہ ''یَا شَہِیْدُ'' پڑھیں اللہ تعالیٰ انہیں فرمانبرداری عطا فرمائیں گے۔

۱۹۔ اگر کوئی شخص اس اسم پاک کی تلاوت اس طرح سے کرے کہ ساتھ ساتھ اس کے مفہوم پر بھی غور و فکر کرے تو انشاء اللہ اُس کی بُری عادت ختم ہو جائے گی۔

۲۰۔ اگر کوئی شخص مطلوب کے لئے ہر روز اکیس بار ''یا شہید'' کا ورد تیس دن تک کرے تو انشاء اللہ مطلوب نیک اور فرمانبردار بن جائے گا۔

۲۱۔ جو شخص ''یا شہید'' کا ورد کرے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرے تو اللہ تعالیٰ اس شخص کے قلب کو روشن کر دیتا ہے اور اسے خرابیوں اور خباثتوں سے بچائے رکھتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆

قمری اعداد	۱۳۹
شمسی اعداد	۸۰۷

۵۲۔ الحق جل جلالہ

مشترک ☆ آتشی

اس صفاتی نام سے مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ کا وجود ہر طرح سے اور ہر لحاظ سے حق ہے اور کسی کے انکار سے اس کے برحق ہونے پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ اس کے وجود کو ایک لمحے کے لیے بھی زوال نہیں ہے اور نہ اس میں کوئی تبدیل پیدا ہو سکتی ہے۔ ہر شے کا ظہور اسی کی ذات سے ہے اور اسی پر اس کی انتہا ہوگی۔ اس ذات کے علاوہ کوئی شے ایسی نہیں ہے جو فانی نہ ہو۔ حق کا ایک مطلب ہے، وہ شے جو صحیح اور درست ہو یعنی باطل کے مقابلے پر استعمال ہوتا ہے اور حق اسی وقت پہچانا جا سکتا ہے جب کہ انسان باطل سے واقف ہو۔ اس کے علاوہ یہ جاننا بھی ضروری ہے کہ کوئی شے ایسی نہیں جو ہر لحاظ سے حق ہو یا ہر لحاظ سے باطل ہو۔ کسی باطل شے میں ممکن ہے کوئی نہ کوئی فائدہ بھی ہو۔ لیکن الحق سے محض یہی مراد ہے کہ ہر لحاظ سے حق۔ لہٰذا ہمیں چاہیئے کہ ہم اللہ تعالیٰ کے علاوہ ہر شے کو باطل سمجھیں کیونکہ بندے کا وجود اللہ کا محتاج ہے لیکن وہ اپنے وجود میں کسی کا محتاج نہیں۔

وظائف:

۱۔ اگر کوئی شخص کسی مقدمہ میں ہار گیا ہو یا کسی پنچایت وغیرہ میں اپنا حق پانے سے محروم رہا ہو وہ دوبارہ اپیل کرے تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو کثرت سے پڑھے۔ انشاء اللہ اپیل میں کامیابی ہو گی۔ بشرطیکہ وہ حق پر ہو۔ کیونکہ جو اللہ تعالیٰ کو اس صفت سے پکارے گا اللہ اسے اس کا حق دلائے گا۔

۲۔ ایسے مریدین جو راہِ طریقت میں ابتدائی طور پر داخل ہوئے ہوں تو انھیں چاہیئے کہ اس اسم کو پانچ لاکھ مرتبہ ۱۶۰ دن میں پڑھیں۔ جس کی روزانہ کی تعداد ۳۱۲۵ مرتبہ بنتی ہے اس سے ان کے ایمان میں استقامت پیدا ہوگی۔ اطاعت الٰہی میں ثابت قدم رہیں گے روحانی حقائق ان پر منکشف ہوں گے گویا کہ اللہ کی معرفت حاصل کرنے میں انھیں آسانی اور استقامت حاصل ہوگی۔

۳۔ چوری شدہ مال واپس حاصل کرنے کا عمل یہ ہے کہ جس شخص کا مال چوری ہو گیا ہو اسے چاہیئے

کہ ایک کاغذ لے اور اس کے چاروں کونوں پر "یا حق" لکھے اور ان کی درمیانی جگہ پر اس مال کی تفصیل لکھے جو چوری ہو گیا ہو اور اس کے بعد یا حق گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر کاغذ کو اپنی ہتھیلی پر رکھ لے اور آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر دعا مانگے انشاء اللہ چوری شدہ مال واپس ملنے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔

۴۔ ایسا شخص جو حق پر ہو مگر اس پر الزام لگا کر اسے قید میں ڈال دیا گیا ہو ایسے قیدی کو چاہیئے کہ رات کے وقت اسے روزانہ ۱۸۰۰ مرتبہ پڑھنا شروع کرے۔ اور جب تک قید سے رہائی نہ ہو جائے پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ قید سے رہائی ہو گی۔ اسے پڑھنے کا ایک اور طریقہ یہ ہے کہ قیدی آدمی رات کے وقت سر ننگا کر کے ایک سو ساٹھ مرتبہ اس نام کو پڑھے انشاء اللہ قید سے رہائی پائے گا۔

۵۔ بعض مقدمات ایسے ہوتے ہیں جو حق اور سچائی پر مبنی ہوتے ہیں لیکن زمانہ کی عدالت سے حق پر ہونے کے باوجود انصاف ملنے کی امید نہیں ہوتی۔ اس صورت میں اس اسم کا اکتالیس دن تک ۶۲۵۰ مرتبہ ورد کریں اور بعد میں مقدمہ کی تاریخ کے دن اسے گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر پیشی پر جا ئیں انشاء اللہ مقدمہ آپ کے حق میں ہو گا۔

۶۔ "یا حق" کا نقش استعمال میں لانے سے پہلے اس کی زکوۃ دینا ضروری ہے اور اس کی زکوۃ اکتالیس دن تک ۶۸۷۲ مرتبہ روزانہ کی پڑھائی ہے۔ زکوۃ ادا کرنے کے بعد آپ اس کے تعویذ کو مقدمہ میں کامیابی، لین دین میں کامیابی، شرعی حق حاصل کرنے کے لیے، قید سے رہائی کے لیے۔ چوری شدہ مال کو واپس لانے کے لیے، کسی مکان کو کرایہ دار سے خالی کروانے کے لیے، ارادے میں استقامت پیدا کرنے کے لیے دے سکتے ہیں۔

۷۔ حق، الحق اگرچہ جمالی اسم مبارک ہے لیکن بعض حوالوں سے یہ اسم جلالی بھی متصور ہوتا ہے۔ لہٰذا اس میں جمالی اور جلالی دونوں قسم کے اوصاف و اثرات موجود ہیں۔ ان اوصاف و اثرات کو صرف اس اسم کا ورد کرنے والا محسوس کرے گا۔

۸۔ جو شخص اس اسم مبارک کا اکثر ورد کرے گا وہ ہر شے کی حقیقت کو جلد ہی پا لے گا۔ اور ہر ایک چیز کی فنا اس کے زیر نظر رہے گی۔

۹۔ اس اسم مبارک کا جو شخص مسلسل ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو استقامت بخشتا ہے۔

۱۰۔ "یا حق" کا وظیفہ کرنے والے لوگوں کو اللہ تعالیٰ مسائل سے بچائے رکھتا ہے اور ان کی تمام مشکلات آسان کر دیتا ہے۔

۱۱۔ اس اسم مبارک کو بکثرت پڑھنے والوں کو اللہ تبارک وتعالیٰ حق وصداقت کی نعمتوں سے فیض یاب رکھتا ہے۔ اسے ثابت قدمی بخشتا ہے۔

۱۲۔ "یا حق" کا جو شخص بکثرت ذکر کرتا ہے اللہ تبارک وتعالیٰ اسے صراط مستقیم پر گامزن رکھتا ہے۔ اور اسے وساوس شیطانی سے بھی محفوظ رکھتا ہے۔

۱۳۔ جو روزانہ ہزار بار اس کا ورد کرے تو اسکے اخلاق اچھے ہو جائیں گے اور اس کی طبیعت کی اصلاح ہو جائے گی۔ انشاء اللہ۔

۱۴۔ جو کوئی اس اسم کو بکثرت سے پڑھے گا مخلوق میں عزیز ہو جائے گا۔

۱۵۔ اگر کوئی قیدی آدمی رات کو ننگے سر ۳۱۳ بار اس اسم پاک کا ورد کرے تو انشاء اللہ قید اور غلامی کی زندگی سے نجات پائے گا اور اسے آزادی نصیب ہو گی۔

۱۶۔ اس اسم پاک کے ذاکر کے مشاہدے میں یہ بات آجاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا ہر شے فانی ہے۔ اس لئے وہ اللہ تعالیٰ کے سامنے کسی بھی چیز کو خاطر میں نہیں لاتا۔

۱۷۔ اگر کوئی آدمی مقدمے میں کامیابی کی نیت سے چالیس دن تک 6250 مرتبہ اس اسم مبارک کی تلاوت کرے گا تو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مقدمہ اس کے حق میں ہو جائے گا۔

۱۸۔ اگر کوئی آدمی اس اسم پاک کی -90 دن تک ہر روز 1900 مرتبہ تلاوت کرے اور چلّے کے بعد بلاناغہ 190 مرتبہ اس کا ورد کرے تو اللہ تعالیٰ اُس کی سبھی دلی مرادیں پوری فرما دیتے ہیں۔

۱۹۔ اگر کوئی چیز گم ہو جائے تو ایک پاک چوکور کاغذ کے کر ہر کونے پر اس عمل کو لکھے اور آدھی رات کو ہتھیلی پر کاغذ کو رکھ کر آسمان کے نیچے کھڑا ہو جائے اور یہ عمل ایک سو نناوے بار پڑھے انشاء اللہ گمشدہ چیز مل جائے گی۔ عمل یہ ہے!! "بسم اللہ الحق جل جلالہ یامعیدُ"

۲۰۔ جو روزانہ ایک سو بار "لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَقُّ الْمُبِیْن" پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے فقر سے غناء عطاء فرمائیں گے اور انشاء اللہ تعالیٰ اس کے معاملات آسان ہو جائیں گے۔

۲۱۔ حصولِ نورانیت کے لئے "بسم اللہ الحق جلالہ" کا ورد لاجواب ہے۔

۵۳۔ الوکیل جل جلالہ

قمری اعداد	۹۷
شمسی اعداد	۲۲۰۱

جمالی ☆ خاکی

یہ اسم صفاتی ظاہر کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے کام بنانے کی ذمہ داری لینے والا اور بہتر کارساز ہے اور اس مقصد کے لیے انسانوں کو جن چیزوں کی ضرورت ہے، اُن کو مسخر کرنے والا ہے۔ اس نام سے یہ بھی مراد ہے کہ وہ بندوں کے تمام امور کا ذمہ دار ہونے کے علاوہ اُن کے ذمے کام لگانے والا بھی ہے اور چونکہ اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوقات کے معاملات کی ذمہ داری خود لی ہے۔ اس لیے وہ ہر لحاظ سے وکیل ہے انسانوں میں بھی وکیل اس شخص کو کہا جاتا ہے جس کے ذمے کوئی کام سپرد کیا گیا ہو اور وہ ذمے داری سے اُن کی وکالت کرے اس نام کی مناسبت سے انسانوں پر لازم ہے کہ وہ اپنے تمام معاملات میں اللہ تعالیٰ پر توکل کریں اور ہر کام اس کے سپرد کر دیں۔ اللہ کے بندوں کے ساتھ ہمدردی سے پیش آئیں اور ایک دوسرے کی مدد کریں کیونکہ ہر انسان اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک دوسرے کا وکیل ہے۔

وظائف:

۱۔ امام بونی کا قول ہے کہ اسم وکیل کو کثرت سے پڑھنے والے کے اسباب رزق میں اللہ تعالیٰ اضافہ فرما دیتا ہے۔ (بسم اللہ الوکیل جل جلالہ پڑھنا بہتر ہے)۔

۲۔ جس شخص کا نام محمد سے شروع ہوتا ہے اس کے لیے اس اسم کا ذکر بہت مفید رہتا ہے۔

۳۔ نیک انسان کا قول ہے کہ اگر کوئی اس اسم کے ساتھ کفیل کا لفظ ملا کر پڑھے تو اسکے اثرات قوی ہو جائیں گے۔ (یا کفیل یا وکیل ریا وکیل یا کفیل)۔

۴۔ ایک اور عامل کا قول ہے کہ جو شخص اس اسم کو کثرت سے تلاوت کرے گا اللہ تعالیٰ اس پر رزق اور بھلائی کے دروازے کھول دے گا۔

"یا وکیلُ یا اللہُ"

۵۔ یہ اسم خوف میں کفایت کے لیے بہت موثر ہے کیونکہ تمام خوف یہ اسم پڑھنے سے جاتا رہتا ہے۔ اگر آپ جنگل میں جا رہے ہوں اور اس وظیفہ کو پڑھتے جائیں انشاءاللہ آپ کے پاس کوئی نقصان پہنچانے والا جانور نہیں آئے گا۔

۶۔ اگر کسی مکان کو آگ لگنے کا اندیشہ ہو تو اس اسم کو ایک ہزار مرتبہ پڑھیں۔ انشاءاللہ مکان محفوظ رہے گا۔ گھر کی پیشانی پر اس طرح لکھ کر لگا دیں۔ ''الوکیل جل جلالہ''

۷۔ اس اسم مبارک کو زلزلے میں بھی پڑھے تو خوف ختم ہو جائے گا۔

۸۔ یہ اسم حصول مرادات کے لیے بھی بہت موثر ہے اس لیے جس شخص کی کوئی حاجت ہو اسے چاہیئے کہ بعد نماز عشاء، اکتالیس مرتبہ الحمد شریف پڑھے۔ اس کے بعد اس اسم کو گیارہ سو مرتبہ پڑھے۔ پھر بعد میں دوبارہ ۴۱ مرتبہ الحمد شریف پڑھے اس طرح مسلسل ۲۱ دن تک کرے اور حاجت یا مراد دل میں ہو اسے اللہ کے حضور پیش کرے۔ انشاءاللہ جائز خواہش پوری ہو گی۔

۹۔ مسافر اگر اس اسم کا ذکر کرتا جائے تو اس کا سفر اچھا گزرے گا اور اگر سفر میں خرچہ کم ہو جائے تو اس اسم کے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کوئی نہ کوئی ذریعہ بنا دے گا۔

۱۰۔ اگر کوئی شخص قید میں رہا ہو تو اسے پڑھنے سے اسے قید سے رہائی مل جائی گی۔

۱۱۔ ایسے ہی اگر کوئی مقروض ہو تو اس اسم کو پڑھنے کی بدولت اس کا قرضہ اتر جائے گا۔

۱۲۔ اگر کسی شخص کا کوئی کام بگڑ گیا ہو تو اسے چاہیئے کہ ۴۰ دن تک اس اسم کو ۳۱۲۵ مرتبہ روزانہ پڑھے اور ہر روز پڑھائی مکمل کرنے کے بعد ایک سو مرتبہ لفظ اللہ کا ورد کرے۔ انشاءاللہ بگڑا ہوا کام درست ہو جائے گا۔

۱۳۔ اس اسم کے نقش کو استعمال میں لانے کے لیے اس اسم کو چالیس دن تک ۶۲۵۰ مرتبہ روزانہ پڑھیں پڑھائی مکمل ہونے پر اس اسم کے نقش کو مندرجہ بالا مقاصد کے لیے استعمال کروائیں۔ انشاءاللہ بے پناہ فائدہ ہو گا۔

۱۴۔ جو کوئی ہر روز عصر کے وقت سات بار پڑھے گا، تو وہ اللہ تعالیٰ کی پناہ میں رہے گا۔

۱۵۔ جو بُرے کاموں سے نہ بچ سکے تو دس بار پڑھ کر پانی او پر دم کرے اور لکھ کر پانی میں پیے تو انشاء اللہ بُرے کاموں سے نجات حاصل ہوگی۔

۱۶۔ کوکوئی کسی بھی آسمانی آفت کے خوف کے وقت بکثرت سے "یَاوَکِیلُ" کا ورد کرے گا اور اس اسم کو اپنا وکیل بنالے گا تو وہ انشاء اللہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

۱۷۔ جو کوئی اس اسم کو ایک سو چھیانوے بار ہر روز پڑھ لے تو ظالم کے ظلم سے انشاء اللہ بچا رہے گا اور کسی سے نہیں ڈرے گا۔

۱۸۔ اگر کسی شخص کو بحری سفر کے دوران ہوائی طوفان کا خطرہ ہو تو اسے چاہیے کہ روزانہ 1000 بار اس اسم پاک کی تلاوت کرے گا تو انشاء اللہ طوفان جیسی ناگہانی آفات سے محفوظ رہیگا۔

۱۹۔ چور یا ڈاکوؤں سے شر سے بچنے کے لئے اس اسم پاک کا کثرت سے ورد کریں تو انشاء اللہ ایسی مصیبتوں سے بچا رہے گا۔

۲۰۔ اس اسم پاک کا ذاکر محتاجوں اور غریبوں کے ساتھ ہمدردی سے پیش آتا ہے تو اس کے ہر کام میں آسانی ہو جاتی ہے اور اس کی دلی حاجات پوری ہوتی ہیں۔

۲۱۔ یا وکیل کا ورد کرنا انسان کو مصائب اور مشکلات سے بچائے رکھتا ہے۔ اس سے پریشانیوں سے بھی نجات میسر آتی ہے۔

☆☆☆☆☆☆

اللہ تعالیٰ کے اس صفاتی نام سے مراد ہے کہ وہ اپنی ذات وصفات اور افعال میں کوئی ضعف وکمزوری نہیں رکھتا اور وہ نہایت قوت والا ہے جس کے آگے کسی کا زور نہیں چلتا اس کے زور اور قوت میں کبھی ضعف نہیں آتا اکی قدرت کاملہ کو ثابت کرتی ہے یعنی وہ کامل العزت اور جامع القدرت ہے۔ اس کی مشیت اور حکم میں نہ کسی کا دخل ہے اور نہ اُسے کوئی دور کر سکتا ہے۔ کوئی شے اس کے قبضہ قدرت سے باہر نہیں، بلکہ قدرت انسانی بھی اسکے قبضے میں ہے۔ اس اسم کی مناسبت سے انسان کو چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ کی قدموں کے آگے سر تسلیم خم کر دے اس کی رضا پر رضامند ہو جائے۔

وظائف:

۱۔ اس اسم کو کثرت سے پڑھنے سے بے پناہ قوت حاصل ہوتی ہے

۲۔ ایسے حضرات جو کسی رُوحانی سلسلے سے وابستہ ہوں انھیں چاہیئے کہ اس اسم کو کم از کم ۲۱۰۰ مرتبہ روزانہ چار ماہ تک خلوص نیت سے پڑھیں۔ انشاء اللہ انھیں بے پناہ باطنی قوت حاصل ہوگی اور اس کے بعد ریاضت کے لیے جو طریقہ وہ اختیار کریں گے اس پر استقامت حاصل ہوگی۔

۳۔ جس شخص کی مردانہ قوت کمزور ہو گئی ہو اسے چاہیئے کہ روزانہ گیارہ باداموں کی گریاں لے اور ہر گری پر ایک سو مرتبہ "یَا قَوِیُّ" پڑھ کر دم کرے اس کے بعد انھیں کھالے اس طرح چالیس دن تک یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ اس کے جسم کی طاقت بحال ہو جائے گی اور جو خوراک وہ کھائے گا، وہ جسم کے لیے بہت مفید ثابت ہوگی۔

۴۔ ایسی عورت جو حمل کی وجہ سے کمزور ہو گئی ہو یا بچے کی پیدائش کے بعد اس کے جسم میں طاقت نہ آرہی ہو تو اسے یہ اسم ۲۱۰۰ مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے سات دن تک پلائیں۔ انشاء اللہ حمل کی کمزوری دور ہو جائے گی۔ انشاء اللہ اس کے جسم کی طاقت بحال ہو جائے گی۔

۵۔ جو شخص اس اسم کو روزانہ ۱۱۲ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اور اس کے اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھے تو اس کے ارادے قوی اور دل مضبوط ہو جاتا ہے۔ ایمان میں پیدا ہو جاتی ہے اور جسمانی صحت قائم رہتی ہے۔

۶۔ بیماری سے نجات پانے کے بعد جب کمزوری زیادہ ہوگئی ہو تو اس اسم کے پڑھنے سے قوت بحال ہو جائے گی۔

۷۔ ایسا دشمن جو بہت تنگ کرتا ہو، کبھی طاقت سے اور کبھی تعویذات سے حملہ کرتا ہو تو ایسے دشمن سے بچنے کے لیے "یا قوی" کا عمل بہت اکسیر ہے۔ اس اسم کو کسی قبرستان میں بیٹھ کر گیارہ روز تک روزانہ ۱۲۵۰۰ مرتبہ پڑھیں اور اس کے بعد دشمن سے نجات کا تصور کریں۔ انشاء اللہ چند دنوں میں دشمن مغلوب ہوگا۔

۸۔ اس اسم کا عامل بننے کے لیے اس اسم کو ۱۱۲۰۰ مرتبہ روزانہ چالیس دن تک بعد نماز عشاء خلوت میں بیٹھ کر پڑھیں اس کے بعد اس اسم کا تعویذ مندرجہ بالا فوائد کے لیے دوسروں کو استعمال کرو سکتا ہے یہ نقش مقہوری دشمن کے لیے خاص طور پر کام کرتا ہے۔

۹۔ اگر اسے کم ہمت پڑھے باہمت ہو جائے۔ اگر کمزور پڑھے زور آور ہو۔ اگر مظلوم اپنے ظالم کو مغلوب کرنے کے لئے پڑھے تو انشاء اللہ وہ مغلوب ہو جائے گا۔

۱۰۔ ظالم کی ہلاکت یا اس کے شر سے حفاظت کے لئے ایک ہزار بار پڑھنا بہت مفید ہے۔

۱۱۔ جو اس اسم کو بکثرت پڑھے گا۔ انشاء اللہ صاحب قوت ہوگا اور جلد بڑے منصف تک پہنچے گا۔

۱۲۔ اگر جمعہ کی دوسری ساعت میں یہ اسم بہت پڑھے گا تو نسیان جاتا رہے گا۔

۱۳۔ باطنی قوت کے حصول کی نیت سے روزانہ 2100 بار اس اسم مبارک کا ورد کرنے سے باطنی قوتوں میں بے پناہ اضافہ ہوتا ہے۔

۱۴۔ شدید کمزوری میں اس اسم پاک کا ورد کرنا نہایت مجرب ہے۔ اس طرح پڑھیئے !!

"بسم اللہ القوی جلّ جلالہٗ"

۱۵۔ اگر کوئی آدمی فالج، پولیو، ٹی بی یا دمے جیسے مرض کا شکار ہو تو اس اسم مبارک کا کثرت سے ورد کرنے سے اندر بے پناہ طاقت پیدا ہو جاتی ہے۔ اور مرض سے نجات مل جاتی ہے۔

۱۶۔ اگر کوئی آدمی نئے چاند میں اس اسم پاک نقش در چاندی کی انگوٹھی میں تیار کرا کے پہن لے تو اسے بے پناہ قوت حاصل ہوتی ہے۔

۱۷۔ جو شخص ''یا قوی'' کا وظیفہ اور ورد کرنا اپنا معمول بنا لیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے دشمنوں پر غالب اور مسلط کر دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ایسے بندوں کا سدا غلبہ برقرار رکھتا ہے۔

۱۸۔ اگر شخص کو دشمن کے وار اور کسی نقصان وہ حرکت کا خدشہ اور خطرہ ہو تو اسے چاہئے کہ وہ دشمن کے قرب و جوار میں جاتا ہو ''یا قوی'' کا ورد کرتا رہے۔

۱۹۔ اگر کوئی شخص اس نام کا ورد کرے گا تو ہر کام میں قوی اور عالی ہمت نفس اور شیطان پر غالب رہے گا۔

۲۰۔ اگر کوئی آدمی جمعہ کے دن طلوع آفتاب کے ایک گھنٹہ بعد اس اسم مبارک کا تین ہزار مرتبہ ورد کرے تو اس کی طبیعت سے بھول چوک اور غفلت جیسی عادتیں دُور ہو جاتی ہیں۔ عامل کو چاہیے کہ کم سے کم سات جمعوں تک مسلسل یہ عمل کرے۔

۲۱۔ دشمن کو اپنے سے دور اور دفع کرنے کے لئے بھی یہ اسم مبارک بے حد مفید ہوتا ہے اور دشمن اپنی نیت اور بُرے ارادے سے ٹل جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆

۵۳۱	قمری اعداد
۲۸۰۴	شمسی اعداد

۵۵۔ المتین جل جلالہ

جلالی ☆ آتشی

اللہ تعالیٰ کا یہ اسم صفاتی متن سے بنا ہے جس کا مطلب ہے مضبوط اور قوی ہونا۔ اسی طرح اس لفظ کا تعلق متانت سے بھی ہے جس کے معنی ہیں مضبوطی۔ گویا المتین سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نہایت مضبوط اور توانا ہے اور اس کو توانائی اور قوت میں اتنا کمال حاصل ہے کہ کوئی بھی اس کے کسی کام میں حائل نہیں ہو سکتا۔ اس کے کسی حکم کو کوئی روکنے والا نہیں کیونکہ اس کی متانت اس کی شدت قوت پر دلالت کرتی ہے۔ اور سب سے بڑی بات یہ کہ قانون قدرت میں کوئی تبدیل نہیں ہوتی۔ اس لیے انسانوں کو چاہیئے کہ اس مضبوط اور توانا ذات کے آگے ہمیشہ سر تسلیم خم کریں اور اسی سے اپنے ارادوں کی مضبوطی اور ثابت قدمی کے لیے دعا گو رہیں۔

وظائف:

۱۔ امام بونی کا قول ہے کہ کوئی ایسا کام جو بہت مشکل ہو اور اسے کرنے کی تدابیر کرتے ہوئے ہار گئے ہوں تو اس صورت میں اس اسم کو کثرت سے پڑھنا مشکل کام میں سہولت پیدا ہونے کا ذریعہ بنتا ہے چونکہ اسے پڑھنے سے قوت بحال ہوتی ہے اور کام ہو جاتا ہے۔

۲۔ بچہ ہونے کے بعد اگر کسی عورت کو دودھ نہ آئے یا کسی مرحلے پر بچے کو پلانے کے لیے دودھ کم ہو تو اس صورت میں اس اسم کو وہ خود یا کوئی اور پانچ ہزار مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے پلائے اور گیارہ روز تک یہ عمل کرے۔ انشاءاللہ دودھ پورا ہو جائے گا۔

۳۔ اگر کسی شخص کو اپنے اوپر مہربان کرنا ہو تو اس اسم کو ۵۰۰ مرتبہ پڑھ کر میوہ یا شیرینی پر دم کر کے دیں۔ جونہی وہ میوہ کھائے گا مہربان ہوگا۔ اور کھلانے والے کے گُن گانے لگے گا۔ کیونکہ اسے پڑھنے سے شخصیت میں رعب اور دبدبہ پیدا ہوتا ہے اور اسے ملنے والے کے دل میں اس کی ہیبت بیٹھ جاتی ہے۔

۴۔ یہ اسم ارادے میں مضبوطی پیدا کرنے کے لیے بہت مؤثر ہے۔اس لیے جو حضرات دین یا قوم کی خدمت کا جذبہ رکھتے ہوں تو انھیں چاہیئے کہ اس اسم کا بکثرت ذکر کریں۔انشاءاللہ ان کے ارادے مضبوط ہو جائیں گے اور انھیں انشاءاللہ کامیابی حاصل ہوگی۔

۵۔ یہ اسم بچے کو دودھ چھڑانے کے لیے بھی بہت مجرب ہے لہذا جس ماں نے اپنے بچے کو دودھ چھڑانا ہو تو اسے چاہیئے کہ دودھ چھڑوا کر بھینس کے دودھ پر اس اسم کو ۱۱۱ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے بچے کو پلائے انشاءاللہ بچہ دودھ چھڑوانے سے بالکل نہ روئے گا اور نہ بے صبرا ہوگا۔

۶۔ ایسے بچے جو اپنے بچپن پھرنے کی عمر کو پہنچ کر پھر بھی نہ چلیں تو انھیں یہ اسم ۳۵۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھ کر گیارہ دن تک پانی دم کر کے پلائیں۔انشاءاللہ بچہ چلنے لگے گا۔

۷۔ اگر کسی بیماری کی وجہ سے اس قدر کمزور ہو گیا ہو کہ اس کے جسم میں چلنے کی طاقت کم ہو تو اسے بھی پانی دم کر کے پلائیں انشاءاللہ اس کے جسم میں قوت بحال ہو جائے گی۔

۸۔ جو شخص اس کا عامل بننا چاہے تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو ۴۱ یوم تک خلوت میں بیٹھ کر روزانہ ۲۴۵۰۰ مرتبہ پڑھے۔انشاءاللہ چلہ کے بعد وہ اس کا عامل بن جائے گا۔اور پھر اس اسم کا تعویذ دوسروں کو مندرجہ بالا فوائد کے لیے دے سکتا ہے۔انشاءاللہ یہ فوائد اس نقش سے بہت جلد حاصل ہوں گے۔

۹۔ اللہ تبارک وتعالیٰ سب سے زیادہ متعین "استوار"، مستحکم اور مضبوط ہے۔اس اسم الٰہی کا ورد کرنے تو بندے کو ہر مہم اور مشکل سے سرخرو کرتا ہے۔

۱۰۔ اگر کوئی شخص کسی مشکل یا مہم کے وقت سات بار "یا متعین" پڑھے تو وہ مشکل جلد حل ہو جاتی ہے۔

۱۱۔ جو شخص اس اسم مبارک کا ورد کرنا اپنا معمول بنا لیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے ہر مشکل اور عذاب ناگہانی سے بچائے رکھتا ہے۔

بہترین وظیفہ !! بسم اللہ المتین جل جلالہ

۱۲۔ جو کوئی ملکی منصف چاہتا ہو۔ وہ اتوار کے دن اوّل ساعت میں اس نیت سے تین سو ساٹھ بار پڑھے تو انشاء اللہ وہ منصف پالے گا۔

۱۳۔ جو اس کا کثرت سے ورد کرے گا۔ اس کی سخت مشکل آسان ہو جائے گی۔ اور انشاء اللہ حاجات پوری ہوں گی۔

۱۴۔ جو کوئی فاسق وفاجر لڑکے یا لڑکی پر دس بار ''اَلْقَوِیُّ الْمَتِیْنُ'' پڑھے گا تو اس کی اصلاح ہو جائے گی اور انشاء اللہ وہ غلطی سے باز رہے گا۔

۱۵۔ اتوار کے دن فجر کی نماز کے بعد اس اسم پاک کی 360 مرتبہ تلاوت کرنے سے مشکل اور پیچیدہ کام آسان ہو جاتے ہیں۔

۱۶۔ اگر کوئی مریض اس اسم مبارک کو زعفران اور گلاب سے لکھ کر پیئے تو اس کے جسم میں بیماری کے خلاف طاقت اور قوت مدافعت پیدا ہو جاتی ہے۔

۱۷۔ کسی بچے کا دودھ چھڑانے یا دودھ میں کمی آجانے کی صورت میں اس عمل مبارک کا ذکر مفید موثر ہو جاتا ہے۔ بسم اللہ المتین جل جلالہ

۱۸۔ یامتین کا ورد کرنے والا شخص احکام شریعت کے بجالانے میں نہایت مضبوط اور مستعد رہتا ہے وہ احکام الٰہی کی بجا آوری میں سستی اور کسل مندی کو نہیں آنے دیتا۔

۱۹۔ اگر کوئی شخص مریخ کی ساعت سعد کے دوران اس اسم پاک کو لوہے کی انگوٹھی میں کندہ کروائے 5000 بار اس اسم پاک کا ورد کر کے اس پر دم کر کے پہن لے تو بحکم تعالیٰ اس کے جسم میں بہت زیادہ طاقت پیدا ہو جائے گی۔

۲۰۔ اگر دودھ کی کمی ہو تو اسم پاک ''اَلْمَتِیْنُ'' کاغذ پر لکھ کر ۴۰ روز تک بچے کی ماں کو پلائیں۔

۲۱۔ اگر کوئی شخص اتوار کے دن صبح کی نماز کے بعد تین سو ساٹھ بار ''یامتین'' کا ورد کر کے پروردگار سے دعا مانگے تو اللہ تعالیٰ اسے مہمات اور مشکلات سے بچائے رکھتا ہے۔

☆☆☆☆☆

۵۶۔ الولی جل جلالہ

قمری اعداد	۷۷
شمسی اعداد	۳۱۰۱

جمالی ☆ خاکی

اس نام کا مطلب ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے نیک بندوں اور مومنوں کا مددگار دوست اور تمام مخلوقات کے امور کا کارساز ہے۔ مؤمنوں کا اس قدر حامی اور سرپرست ہے کہ ان کی شان کو بلند کرتا ہے اور دشمنوں کے مقابلے میں ان کی حفاظت کرتا ہے۔ مولیٰ بھی اسی لفظ سے متعلق رکھتا ہے اور دونوں کے معنی بھی ایک جیسے ہیں۔ انسانوں میں ولی وہ ہے جو اللہ اور اس کے دوستوں سے محبت رکھتا ہو، اللہ کے بندوں کی حمایت کرتا ہو اور اس کے دشمنوں سے عداوت رکھتا ہو، نیز اس کا کوئی کام شریعت کے خلاف نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ کے اس صفاتی نام کی مناسبت سے ہمیں چاہیئے کہ اولیاء اللہ کی طرح اللہ کے دوست بن جائیں اور اپنے تمام کام اللہ کے سپرد کردیں کیونکہ اس کے علاوہ نہ کوئی مددگار ہے اور نہ کوئی کارساز۔

وظائف:

۱۔ اگر میاں بیوی کے گھریلو حالات اعتدال پر نہ رہتے ہوں بلکہ ہر وقت جھگڑا رہتا ہو اور دونوں میں محبت نہ ہو تو اس اسم کو میاں بیوی روزانہ ۳۱۲۵ مرتبہ ۴۰ روز تک پڑھے۔ انشاء اللہ دونوں میں محبت پیدا ہو جائے گی اور حالات درست ہو جائیں گے۔

۲۔ بعض عاملین کا قول ہے کہ کشف القلوب سے اس لفظ کا بہت گہرا تعلق ہے۔ جو شخص اسے روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ پڑھتا رہے اور دو یا تین سال تک اسے مسلسل پڑھے۔ انشاء اللہ وہ صاحب کشف القلوب بن جائے گا اور جب کوئی بندہ اس کے سامنے آئے تو اس اسے دل کا راز معلوم ہو جائے گا۔

۳۔ اگر کسی کی بیوی نافرمان ہو تو ''یَاوَلِیُّ'' پڑھ کر اس کے سامنے جایا کریں انشاء اللہ درست ہو جائیگی۔

۴۔ ایسے افسر جو اپنے ملازمین کے ساتھ بڑا سخت رویہ رکھتے ہوں انھیں نرم کرنے کے لیے یہ اسم بہت مؤثر ہے لہٰذا اگر کسی ملازم کو اس کا افسر بالا بہت تنگ کرتا ہو، بات بات پر ڈانٹ ڈپٹ کرتا ہو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو گیارہ روز تک ۱۲۵۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھے تو انشاءاللہ سخت سے سخت افسر بھی نرم ہو جائے گا۔

۵۔ اللہ سے دوستی کے لیے یہ اسم نہایت ہی مجرب ہے۔ لہٰذا جو شخص اس اسم کو روزانہ ۲۰۰ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو اللہ زندگی کے ہر شعبے میں اسکی مدد فرمائے گا۔ اور جس معاملے میں اس کا کوئی کام نہ ہوتا ہو۔ اس اسم کی برکت سے فوراً کام کی تدبیر نکل جائے گی۔

۶۔ امام بونیؒ کا قول ہے کہ اس اسم مبارک کو کثرت سے پڑھنے سے ولایت نصیب ہوگی۔

۷۔ دوسروں کو اس اسم کا نقش دینے سے پہلے اسے ۵۰۰۰ مرتبہ روزانہ پورا رمضان لمبارک پڑھیں۔ اس کے بعد ۴۱ دن میں جتنے رہتے ہوں پورے ۴۱ کر لیں۔ اس کے بعد اس کا تعویذ میاں بیوی میں موافقت پیدا کرنے کے لیے استعمال کریں۔ انشاءاللہ مقصد پورا ہوگا۔ اس کے علاوہ مندرجہ بالا مقاصد کے لیے بھی اس کا تعویذ استعمال کروا سکتے ہیں۔

۸۔ اللہ تعالیٰ مومنوں اور اپنے بندوں کا سرپرست ہے۔ وہ متقین کا دوست ہے اور سب سے بڑھ کر رفیق ہے۔ اس لئے اس اسم مبارک کا ورد کرنے والا دنیا میں عزت اور آبرو حاصل کرتا ہے۔

۹۔ اگر کسی کی اہلیہ یا اولاد بد مزاج ہو تو اس اسم مبارک کے ورد سے اسے درست کیا جا سکتا ہے۔ اسی اسم کے بکثرت ورد سے لوگوں سے بھی واقفیت حاصل کی جا سکتی ہے۔

۱۰۔ ''یاولی'' کا جو شخص ورد کرنا اپنا معمول بنالیتا ہے اسے اللہ تعالیٰ کی دوستی کا شرف حاصل ہو جاتا ہے۔

۱۱۔ جو اس اسم کو بکثرت پڑھے گا محبوب ہو جائے گا اور اسے ولایت عظمیٰ کا مقام نصیب ہوگا اور اس پر اشیاء کے حقائق کھول دیئے جائیں گے۔

۱۲۔ جس کو کوئی مشکل پیش آئے وہ شب جمعہ میں ہزار بار پڑھے۔ انشاءاللہ مشکل دور ہو جائے گی اور وہ اولیاءاللہ میں شامل کیا جائے گا۔

بہترین وظیفہ !! بسم اللہ الوالی جل جلالہ

۱۳۔ اگر مطلوب کے سامنے جانے کے وقت اس اسم کو پڑھے گا تو دونوں ایک دوسرے کے لئے کار آمد بن جائیں گے۔

۱۴۔ جو شخص اپنی بیوی کی عادتوں اور خصلتوں سے خوش نہ ہو۔ وہ جب اس کے سامنے جائے اس اسم کو پڑھا کرے۔ انشاء اللہ نیک خصلت ہو جائے گی۔

۱۵۔ اگر کوئی آدمی ہر نماز کے بعد 460 بار پوری توجہ اور خشوع کے ساتھ اس اسم پاک کا ورد کرتا ہے تو اُس کے چہرے پر نور کی بارش ہوتی ہے۔ اُس کی ذات میں لوگوں کے لئے بے حد کشش پیدا ہو جاتی ہے اور وہ دلعزیز ہو جاتا ہے۔

۱۶۔ اگر کوئی شخص جمعہ کی رات اس اسم پاک کی ایک ہزار بار تلاوت کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اُسے حسن عمل کی توفیق ودیعت کر دیتے ہیں۔

۱۷۔ اس اسم پاک کا ذاکر اللہ تبارک وتعالیٰ کی قربت حاصل کر لیتا ہے اُس کی دوستی دشمنی، محبت اور نفرت صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی ذات کے لئے مخصوص ہو جاتی ہے۔

۱۸۔ ایک تاثیر اس کی یہ بھی ہے کہ اس مبارک نام کا پڑھنے والا دوستی رکھتا ہے مسلمانوں سے اور نفرت کرتا ہے منکر اسلام سے۔

۱۹۔ جو شخص اس نام کو زیادہ پڑھے گا تو دل اُس کا صاف ہوگا انشاء اللہ اپنے مخاطب کے دل کی بات سے آگاہ ہو جائے گا۔

۲۰۔ دشمنی کو دوستی میں بدلنے کے لئے اس اسم مبارک کا ورد زبردست کام کرتا ہے۔ اگر کسی کی دشمنی ہو اور وہ دشمنی کو دوستی میں بدلنا چاہتا ہو یا دشمنی ختم کرنا چاہتا ہے۔ تو اس اسم مبارک کو ۳۱۲۵ مرتبہ بعد نماز فجر پڑھے۔

۲۱۔ مشکل سے مشکل کام آسان کرنے کیلئے اس اسم کے عمل کو مقصد حاصل ہونے تک روزانہ صبح آٹے کی ۲۱ گولیاں میں لکھ کر دریا میں ڈالیں عمل یہ ہے!! ''بسم اللہ الولی جل جلالہ''۔

قمری اعداد	٩٣
شمسی اعداد	٢٢٠٥

۵۷۔ الحمید جل جلالہ

جمالی ☆ خاکی

اللہ تعالٰی کا یہ صفاتی نام حمد سے بنا ہے جس کے معنی ہیں تعریف کرنا۔ گویا وہ اپنی ذات کے لحاظ سے حمید ہے۔ اللہ تعالٰی آپ سے آپ پاک صفات والا ہے اور اپنے آپ بھی اپنی تعریف کرتا ہے اور بندے بھی ہمیشہ اسکی تعریف کرتے رہیں گے۔ ارشاد ربانی ہے کہ کوئی شے ایسی نہیں جو خدا کی حمد مبارکہ کے ساتھ تسبیح نہ کرتی ہو لیکن تم ان کی تسبیح کو نہیں سمجھتے۔ یہ لفظ محمود کے معنی میں مبالغے کا صیغہ ہے یعنی وہ جو ہر طرح سے تعریف کا حق دار ہے کیونکہ وہ ہر کمال اور ہر خوبی سے متصف ہے۔ اس لیے حمید مطلق بھی وہی ہے۔ اس اسم صفاتی کا تقاضہ ہے کہ ہم حمد خداوندی میں معروف رہیں اور اس کی نعمتوں کا شکر ادا کرتے رہیں۔

وظائف:

١۔ یہ اسم اخلاق حمیدہ پیدا کرنے میں بہت قوی اور مؤثر ہے۔ اسے کثرت سے پڑھنے سے زبان پر سچائی اعمال میں اخلاص، کاموں میں نیک نیتی، عبادت میں خشوع اور خضوع، دل میں نرمی اور کردار میں عظمت پیدا ہوتی ہے اس کی زبان ہمیشہ گالی گلوچ سے پاک صاف رہے گی لوگ اس کے اخلاق سے گرویدہ ہوں گے، جہاں اسکا ذکر ہوگا اچھے الفاظ سے ہوگا۔

٢۔ جو شخص صبح کی نماز کے بعد روزانہ ایک سو مرتبہ اس نام کو پڑھے گا لوگ اس سے بہت اچھے اخلاق سے پیش آئیں گے۔ اگر دشمن بھی اس کے سامنے آئے تو نیچی نگاہ کر کے چلا جائے گا۔ اور کبھی برائی سے پیش نہ آئے گا۔

٣۔ یہ عمل بُری عادات مثلاً شراب، نشہ، جوا، چوری۔ جھوٹ، وغیرہ چھڑانے کے لیے بہت مؤثر ہے۔ ایسے لوگوں کو جن سے برائی ختم کرنی ہو، ان کو یہ اسم روزانہ ٢١٠٠ مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے پلائیں۔

۴۔ شریر بدچلن اور نافرمان اولاد کو راہ ہدایت پر لانے کے لیے انھیں بھی دم شدہ پانی پلائیں انشاءاللہ تعالیٰ ہدایت نصیب ہوگی۔

۵۔ دوسرے لوگوں "یا حَمید" کا نقش دینے کے لیے پہلے اس اسم کا عمل کریں۔ اس کا عمل یہ ہے کہ رات کی تاریکی میں بیٹھ کر ۶۰۰ مرتبہ روزانہ ۱۴۱ یوم تک پڑھیں، پھر تین دن ناغہ کر کے دوبارہ اسی کو ۱۴۱ دن اور پڑھیں۔ اس کے بعد اس کے عامل بن جائیں گے۔

۶۔ اس اسم کے ذکر سے حب الٰہی پیدا ہوتی ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بے پناہ محبت کا جذبہ دل میں جنم لیتا ہے۔ جس شخص کا نام محمود ہو، اس کے لیے اس اسم کا ورد بہت اچھا ہے۔ وہ لوگوں کی محبت کا مرکز بن جائے گا۔

۷۔ بعض عاملین کا کہنا ہے کہ اس اسم کو کثرت سے پڑھنے سے تسخیر خلق بھی ہوتی ہے اس لیے جو شخص تسخیر کا قائل ہو وہ اسے روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ پڑھے اور دو سال تک پڑھتا رہے انشاءاللہ حسب منشا تسخیر حاصل ہوگی۔

۸۔ بعض لوگوں کی عادت ہوتی ہے کہ وہ بات بات پر گالیاں دیتے ہیں اور فحش گوئی کرتے ہیں ایسے لوگون کا علاج یہ ہے کہ اس اسم کو ۹۹ بار پڑھیں اور ۹۹ مرتبہ کورے پیالے میں لکھیں اور پھر اس میں پانی ڈال کر فحش گو کو پلائیں۔ انشاءاللہ وہ گالی دینا چھوڑ دے گا اور بدکلامی سے نجات پائیگا۔

۹۔ جو شخص تین سال تک روزانہ ہزار مرتبہ یہ وظیفہ پڑھتا رہے انشاءاللہ وہ دولت مند بن جائیگا اور اللہ تعالیٰ اسے دینا کی تمام نعمتوں سے نوازے گا۔ ہر ملنے والے اس سے عزت سے پیش آئے گا۔

يَا غَنِي يَا حَمِيدُ : اے غنا والے۔ اے حمد والے

۱۰۔ جو شخص اسے اکیس ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے اور سات سال تک پڑھائی جاری رکھے۔ اللہ تعالیٰ اسے اپنے اس اسم کے ذکر کی بدولت دوست بنالے گا۔

۱۱۔ اگر کوئی سالک فنا کی منازل عبور کرنے کے بعد اس اسم کو دن رات پڑھنے لگے تو اس کی ولایت ظاہر ہو جائے گی اور اس کے پاس آنے والے بے پناہ فیوض و برکات حاصل کریں گے۔

يَاوَ لِيُ يَا حَمِيدُ :اے دوست،اے حمد والے۔

۱۲۔ جو شخص مندرجہ ذیل وظیفہ کثرت سے پڑھنے کا معمول بنائے اس میں بزرگی کے اوصاف بہت جلد پیدا ہوں گیا اس کا دل یاد الٰہی اور عبادت الٰہی میں مگن رہے گا۔ سب لوگ اسکا بیحد احترام کرنے لگیں گے اگر کوئی اسے اذیت پہنچانے کی کوشش کرے گا تو منہ کی کھائے گا۔

يَا مَجِيدُ يَاحَمِيدُ :اے بزرگی والے،اے حمد والے۔

۱۳۔ یہ وظیفہ ''یا حمید'' کا مفصل اور جامع وظیفہ ہے اور یہ حصول عزت اور سرداری کے لیے بہت مجرب ہے لہذا جو شخص اس وظیفہ کو ۵۰۰۰ مرتبہ روزانہ ۴۰ دن تک پڑھے گا اسے اس اسم کے تمام فوائد حاصل ہوں گے۔ وظیفہ یہ ہے۔

''يَاحَمِيدُ الْفِعَالُ ذَاالْمَنِّ عَلىٰ جَمِيعِ خَلْقِهٖ بِلُطْفِهٖ يَاحَمِيدُ''

۱۴۔ فجر کی نماز کے بعد بلاغہ یاحمید کا 100 مرتبہ ورد کرنے والا شخص کسی پر بری نگاہ ڈالنے کا مرتکب نہیں ہوگا اور اپنی نگاہیں نیچی رکھنے کو ترجیح دے گا۔

۱۵۔ سرکش جانوروں کو یہ اسم نمک پر پڑھ کر کھلانے سے وہ اپنے مالک کے مطیع ہو جاتے ہیں۔

۱۶۔ جو شخص ۴۵ دن تک متواتر ۹۳ مرتبہ تنہائی میں ''یاحمید'' پڑھا کرے گا، اس کی تمام بری خصلتیں اور عادتیں انشاءاللہ دور ہو جائیں گی۔

۱۷۔ اگر کوئی گونگا اس اسم کو گھول کر پئے زبان سے صاف باتیں کرے۔

۱۸۔ جو فرض نماز کے بعد سو بار پڑھنے کا معمول بنالے تو انشاءاللہ صالحین میں سے ہو جائیگا۔

۱۹۔ جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے گا تو وہ اللہ کے نزدیک پسندیدہ افعال کرنے والا ہوگا۔

۲۰۔ اس اسم مبارک کا اکثر ورد کرنے والا ہر طرح کی بدزبانی سے رک جاتا ہے۔

۲۱۔ یاحمید کا بکثرت ورد کرنے والا شخص اللہ تعالیٰ کا پسندیدہ اور نیک کار بن جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆

۱۷۹	قمری اعداد
۲۱۵۷	شمسی اعداد

۵۸۔ المحصی جل جلالہ

جمالی ☆ آتشی

اللہ تعالیٰ کا یہ صفاتی نام احصاء سے بنا ہے جس کے معنی ہیں۔ گھرنا یا محیط ہونا۔ گویا اس نام سے مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر شے کو اپنے علم کے احاطے میں لینے والا، یا ہر شے کو محیط ہے۔ یعنی کوئی شے اس کی قدرت سے باہر نہیں۔ چونکہ ہر شے کی حد وانتہا اور اس کی تعداد و کیفیت اس قادر مطلق کے علم میں ہے، لہذا وہی محصی مطلق ہے۔ جہاں تک انسان کا تعلق ہے۔ وہ بعض اشیاء کے علم کا احاطہ تو کرسکتا ہے لیکن چونکہ انسانی علم محدود ہے اس لیے وہ اکثر چیزوں کا احاطہ کرنے سے عاجز ہے۔ اور علم خداوندی کی کوئی حد نہیں اس لیے انسان کو چاہیئے کہ وہ اپنے اعمال کا محاسبہ کرتا رہے اور یہ سوچے کہ اس سے کوئی گناہ تو سرزد نہیں ہوا۔

وظائف:

۱۔ جس شخص کی طبعیت میں حسد، کبر، بغض، غضب بخل، خودنمائی اور بات بات پر غصہ آنے کی بُری عادات ہوں۔ اسے چاہیئے کہ اس اسم کو ۳۱۲۵ مرتبہ روزانہ ۴۰ دن تک پڑھے اور پھر روزانہ بعد نماز فجر ایک سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے انشاء اللہ اس کی طبعیت میں مزاجی پیدا ہو جائے گی اور بُری عادات جن کا تعلق روح سے ہے ختم ہو جائیں گی۔

۲۔ ایک عامل کو قول ہے کہ جو شخص اسے صبح کی نماز کے بعد روزانہ دس مرتبہ پڑھے وہ سارا دن اللہ کی حفاظت میں رہے گا۔ یعنی وہ شیطانی حملوں سے اللہ کی پناہ میں رہے گا۔

۳۔ جو شخص ہر رات سونے سے پہلے دس بار اس اسم مبارک تعالیٰ کو پڑھ کر سوئے تو اللہ تعالیٰ اسے برے خیالات، ڈراؤنے خوبواں سے بھی بچائے رکھتا ہے۔

بہترین وظیفہ !! بسم اللہ المحصی جل جلالہ

۴۔ جو شخص ''یا محصی'' کا عامل بن کر اس کا تعویذ لوگوں کو دینا چاہے تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو روزانہ ۵۴۲۸ مرتبہ ۴۱ دن تک بعد نماز عشاء پڑھے، عمل مکمل ہونے پر آپ اس کے عامل بن جائیں گے اس کے بعد اس کے تعویذ کو آپ بچوں کے امتحان میں کامیابی، تسخیر خلق، بری عادات چھڑانے بنکوں میں حساب درست رکھنے کے لیے دے سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ اگر کوئی بچہ گم ہو گیا ہو تو اسے پانچ مرتبہ لکھ کر تعویذ بنا کر دیں۔ انشاء اللہ بچہ مل جائے گا۔

۵۔ اگر کسی شخص یا کسی بچے کی قوت حافظہ کم ہو۔ اس کے لیے اس اسم کا ورد بہت مفید ہے اس مقصد کے لیے اس کی تعداد ۱۴۸۰ مرتبہ روزانہ ہے، اور کتالیس دن تک ہے جو بچہ خود پڑھ سکتا ہو اسے خود پانی پر پڑھ کر دم کر کے پلائیں۔ انشاء اللہ قوت حافظہ میں زیادتی ہوگی اور اگر بچے کو سبق یاد نہ ہوتا ہو تو سبق بڑی آسانی سے یاد ہونے لگے گا۔

۶۔ اس اسم کو کثرت سے پڑھنے سے قبر میں راحت میسر ہوگی۔ اس کا حساب کتاب بآسانی سرانجام پائے گا یوم حساب کے وقت اس کی نیکیوں کا پلڑا ابھاری ہوگا اور اہل جنت سے ہوگا۔

۷۔ عامل کا قول ہے کہ اس اسم کو شب جمعہ میں ایک ہزار مرتبہ پڑھا جائے تو اس کے حساب میں عاقبت میں آسانی ہوگی۔

۸۔ جو شخص ''یا محصی'' کا ورد کرنا اپنا معمول بنالیتا ہے تو وہ اپنے عیبوں اور دوسروں کی بھلائی پر زیادہ توجہ دینے لگتا ہے، اور وہ ساری عمر اپنے گناہوں پر توبہ کرتا رہتا ہے۔

۹۔ جو شخص صبح کی نماز کے بعد ہر روز دس بار اس اسم مبارک کا ورد کرے تو وہ ہمیشہ امن و امان اور اللہ کی پناہ میں رہے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کی حفاظت کرتا رہے گا۔

۱۰۔ اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد ۱۴۸ بار ''یا محصی'' کا ورد کرے تو اللہ تبارک و تعالیٰ اس کے حوصلہ اور ہمت میں اضافہ کر دیتا ہے۔

۱۱۔ لوگوں کے دلوں کو تسخیر کرنے اور مراد حاصل کرنے کے لئے روٹی کے بیس ٹکڑوں پر ''یا محصی'' پڑھ کر کھانے سے مقصد جلد ہی پورا ہو جاتا ہے۔

۱۲۔ اگر کوئی شخص ہر روز نماز عصر کے بعد ایک سو بار "یا محصی" کا ورد کر کے دعا مانگے تو اللہ تعالیٰ اسے دشمنوں کی سازشوں، بد سگالیوں اور بُرے ارادوں سے بچائے رکھتا ہے۔

۱۳۔ اس اسم مبارک کا ورد کرنے والا سہو اور غلطی کرنے سے بچا رہتا ہے، اس لئے وہ اکثر نقصانات سے بھی بچ جاتا ہے۔

۱۴۔ جو شب جمعہ میں ایک ہزار بار پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے قیامت کے حساب وعتاب سے نجات عطاء فرما دے گا۔

۱۵۔ جو اس کا بکثرت ذکر کرے گا۔ تو اسے مراقبہ نصیب ہوگا اور اگر اسے اللہ تعالیٰ کے نام "اَلْمُحِیْطُ" کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے تو اسے بے شمار علوم عطاء کیے جائیں گے۔

۱۶۔ اس اسم پاک کے ذاکر کی نظر میں دوسروں کی ذات کے لئے حسن اور خود کی ذات کے لئے احتساب کا احساس پیدا ہو جاتا ہے۔ وہ دوسروں کی صرف اچھائیوں پر نظر رکھتا ہے اور خود کی برائیوں کا علاج کرنے میں لگا رہتا ہے۔

۱۷۔ اگر کوئی شخص ہر جمعہ کی رات کو ایک ہزار بار "یا محصی" پڑھ کر دعا کرے تو اللہ تعالیٰ اسے قبر کے عذاب سے نجات بخش دے گا۔

۱۸۔ جو کوئی اس اسم کو بہت زیادہ پڑھا کرے، تو انشاء اللہ گناہ سے بچا رہے گا۔

۱۹۔ جو کوئی شخص دس بار یہ اسم پڑھا کرے تو وہ اللہ تعالیٰ کی حفاظت اور پناہ میں رہے گا۔

۲۰۔ اگر کسی شخص کا بچہ کھو گیا ہو وہ اسکا نقش لکھ کر درخت پر لٹکائے تو انشاء اللہ اگر بچہ زندہ ہے تو بہت جلد مل جائے گا۔

۲۱۔ شب جمعہ میں ۱۱۱ مرتبہ "یَا مُحْصِیُ" پڑھنے والا عنایت خداوندی سے تمام آفتوں و بلا سے محفوظ رہے گا۔

☆☆☆☆☆☆

قمری اعداد	۸۷
شمسی اعداد	۲۲۰۱

۵۹۔ المبدی جل جلالہ

جلالی ☆ آتشی

اللہ تعالیٰ کا یہ صفاتی نام ابداء سے بنا ہے جس کے معنی ہیں نئی شے کو وجود میں لانا اور چونکہ تخلیق سے پہلے کسی مخلوق کا وجود نہ تھا، اس لیے اللہ تعالیٰ کا نام مبدی ہوا گویا مبدی وہ ذات ہے جو تمام اشیاء اور مخلوقات کو عدم سے وجود میں لائی۔ عدم سے وجود میں لانے کو تخلیق یا خلقت بھی کہا جاتا ہے جو کہ ابداء سے پہلے کا درجہ ہے۔ اس کی تفصیل الخالق اور الباری کے اسماء الحسنٰی کی تشریح میں دی جا چکی ہے۔ اس صفاتی نام کا تقاضا ہے کہ اپنے تمام امور اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دیئے جائیں اور راضی برضا رہا جائے۔

وظائف:

۱۔ اگر کسی شخص کی بیوی کا حمل گر جاتا ہو تو اس اسم کو ۹۰ مرتبہ پڑھ کر کلمہ کی انگلی حاملہ کے پیٹ کے گرد پھیرے یعنی دائرہ کھینچے۔ سات دن تک یہی عمل کرے۔ انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ کے اس نام کی برکت سے حمل محفوظ رہے گا اور بچہ صحیح سلامت پیدا ہوگا۔

۲۔ جائیداد یعنی مکان یا دکان کارخانہ وغیرہ کا تعمیری کام خاصا مشکل ہے چونکہ خواہ مخواہ کوئی رکاوٹ پیدا ہو جاتی ہے جس سے تعمیری کام رک جاتا ہے۔ تعمیری کام کو بخوبی سرانجام دینے کے لیے تعمیری کام کے آغاز میں اس اسم کو سات دن تک ۵۲۰۰ مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ وہ کام بغیر رکاوٹ کے سرانجام پا جائے گا۔

۳۔ ایسا طالب صادق جو اللہ تعالیٰ کے روحانی مشاہدات کو دیکھنا چاہے تو اس اسم کو صبح کی نماز کے بعد اللہ کی رضا کے لیے گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھنا شروع کر دے۔ کچھ عرصہ کے بعد اس پر پوشیدہ اسرار ظاہر ہونے لگیں گے۔ اور اس پر بہت سی حکمت کی باتیں ظاہر ہونگی۔

۴۔ جو کوئی اس اسم کو بہت پڑھے افعال نیک اس سے سرزد ہوں گناہوں سے بچا رہے گا۔

۵۔ جو کوئی اس اسم کا ورد رکھے جو کچھ اس کی زبان پر جاری ہوا انشاء اللہ بصدق وصواب ہوگا۔

۶۔ کسی عورت کو اٹھرا کا مرض ہو تو اسے اس اسم کا نقش دیں اور وہ اپنے پاس رکھے۔ اس کے علاوہ اسی اسم کو روزانہ گیارہ سو مرتبہ پڑھنا شروع کردے اور مسلسل ایک سال تک پڑھتی رہے۔ انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ اس کے مرض کو ختم کردے گا۔

۷۔ اگر کسی شخص کی خواہش ہو کہ اس کے ہاں لڑکا ہو تو اسے چاہیئے کہ اپنی بیوی سے صحبت کرنے سے پہلے اس سم کو ایک سو مرتبہ پڑھے اور بیوی بھی پڑھے اس کے بعد میاں بیوی اپنے اوپر چادر ڈال کر صحبت کریں۔ انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ اس اسم کی برکت سے فرزند عطا فرمائے گا۔ اگر حمل کے بعد عورت اس اسم مبارک کو بچے کی پیدائش تک پڑھتی رہے تو بچہ بالکل آسانی سے صحیح سلامت پیدا ہوگا۔

۸۔ عامل کے لیے اس اسم کی زکوۃ ۴۰ دن میں پانچ لاکھ مرتبہ ہے۔ لہذا جو کوئی اس اسم کا عامل بننا چاہے تو وہ اس اسم کو ۱۲۵۰۰ مرتبہ روزانہ ۴۰ یوم تک پڑھے۔ پڑھائی مکمل ہونے پر وہ اس کا عامل بن جائے گا۔ اس کے بعد وہ اس اسم کا نقش دوسروں کو مشکلات پر قابو پانے کے لیے دے سکتا ہے۔ تعویذ لینے والا تعویذ کو اپنے پاس رکھے۔ جب کام ہو جائے گا اسے کسی پاکیزہ جگہ رکھ دے۔

۹۔ جو شخص اسے ایک سو بیس مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے ایسے مریض کو پلائے جو کمزور ہو گیا ہو۔ انشاء اللہ اس کے جسم کی قوت بحال ہو جائے گی۔

۱۰۔ اگر کسی شخص پر قتل کا جھوٹا مقدمہ بن گیا ہو تو وہ اس وظیفہ کو روزانہ سات ہزار مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے۔ انشاء اللہ وہ مقدمہ سے بری ہوگا۔ اور مقدمہ کے فیصلے تک پڑھتا رہے۔

۱۱۔ اگر کوئی شخص اسے ۸۵ دن تک چھ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے تو اس پر اسرا حقیت ظاہر ہونگے۔

۱۲۔ کوئی بھی نیا کام شروع کرنے سے پہلے اس اسم پاک کا ورد کر لینا نہایت مجرب ہے۔

۱۳۔ اگر کوئی شخص مشکل کے وقت اس اسم پاک کا 1560 مرتبہ ورد کرتا ہے تو اللہ سبحانہ وتعالیٰ اس کی مشکل آسان کردیتے ہیں۔

۱۴۔ اگر کوئی بے اولاد شخص اس اسم مبارک کا 1390 مرتبہ ورد کر کے اپنی بیوی کے ساتھ

ازدواجی تعلق استوار کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے فرمانبردار اور صالح فرزند عطا کرتے ہیں۔

۱۵۔ جس شخص کا مال چوری ہو گیا ہو وہ اس اسم کو پڑھے تو انشاء اللہ مال مل جائے گا۔

۱۶۔ اور جو کوئی اس کو لکھ کو اپنے پاس رکھا گا۔ حق تعالیٰ شانہ اسے تمام بلاؤں سے نجات دے گا۔

۱۷۔ اس اسم پاک کا ذاکر اللہ تعالیٰ پر تقویٰ کرتا ہے اور زندگی کے ہر پہلو کے حوالے سے صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی ذات پر بھروسہ کرتا ہے تو ایسے شخص پر اشیاء کی حقیقت کھل کر سامنے آجاتی ہے۔

۱۸۔ اس اسم مبارک کا بکثرت ورد کرنا بندے کے لئے باعث امن وسکون بن جاتا ہے۔

۱۹۔ اس اسم مبارک کا ورد کرنے والا ہر کام میں اپنے اللہ پر بھروسہ کرتا ہے اور ہر کام اور عمل کا آغاز کرنے میں مولا ہی کا تصور اس کے ذہن میں رہے گا۔ توکل کرنا اس شخص کی عادت بن جاتا ہے۔

۲۰۔ اگر کوئی شخص ہر روز ایک ہزار بار ''یا مبدی'' کا ورد کر کے اللہ سے دعا کرے تو اللہ اسے صادق القول بنا دیتا ہے۔

۲۱۔ بسم اللہ المبدی جل جلالہ کا ورد تمام مقصد کے حصول کے کیلئے لاجواب ہے۔

☆☆☆☆☆☆

اس صفاتی نام کا مطلب ہے کہ اللہ تعالیٰ تمام مخلوقات کو فنا ہو جانے کے بعد دوبارہ زندہ کرے گا۔ یہ لفظ اعادہ سے بنا ہے جس کا معنی ہے لوٹانا یا پہلی حالت میں لانا۔ اس سے مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے روز ہر شخص کو اس کے پہلے جسم میں ہی اٹھائے گا اور اس کا کوئی نیا جسم نہ ہوگا۔ کیونکہ جو ذات ایک بار پیدا کرنے پر قادر ہو، وہ اس کے رجوع پر بھی بدرجہ اولیٰ قادر ہوتی ہے، اس لیے اعادہ بھی اسی ذات کی طرف سے ہوگا۔ انسانوں کو چاہیئے کہ اس نام کی رعایت سے موت کے بعد جی اُٹھنے کو یاد رکھیں۔ پھر اپنے اپنے اعمال کے مطابق سزا یا جزا ملے گی۔

وظائف:

۱۔ اگر پیدائش کے وقت بچہ پیدا ہونے میں شدید تکلیف ہو اور درد زہ بہت زیادہ ہو تو اس وقت اس اسم کو پانی پر گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر دم کر کے پلائیں یا اس اسم کا نقش اسے دے دیں جسے وہ بازو پر باندھ لے انشاء اللہ تکلیف رفع ہو جائے گی۔

۲۔ اگر کسی شخص کی کوئی چیز گم ہو گئی ہو اور اس کا پتہ نہ چلتا ہو تو اس وظیفہ کو ۱۱۲۴۰ مرتبہ روزانہ گیارہ دن تک پڑھیں۔ اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ انشاء اللہ گم شدہ چیز مل جائے گی یا خواب میں اس کا پتہ چل جائے گا۔

۳۔ اگر کوئی شخص مکان، دکان، کارخانہ یا فیکٹری تعمیر کر رہا ہو اور وہ تعمیر ہوتے ہوتے رک جائے یعنی پایہ تکمیل تک نہ پہنچے تو اسے چاہیئے کہ سات جمعہ بعد نماز جمعہ چند آدمی اکٹھے کر کے اس اسم کو ۱۸۰۰۰ مرتبہ پڑھا جائے اور بعد میں کام جاری ہونے کی دعا کرے انشاء اللہ کام دوبارہ جاری ہو جائے گا۔

۴۔ اگر کسی ٹھیکے دار کا ٹھیکہ رک گیا ہو یا محکمہ میں کیے ہوئی کام کی ادائیگی نہ ہو تو اسے چاہیئے کہ ٹھیکہ کے مقام پر اس اسم کو اکیس دن تک ۵۱۰۰ مرتبہ خود پڑھے یا کسی سے پڑھائے۔ انشاء اللہ ٹھیکہ کے حالات درست ہو جائیں گے۔

۶۔ اگر کوئی شخص صاحب مقام ہو یعنی پہلے نیک، زاہد اور عابد ہو یا مالدار ہو اور پھر نیکی چھوٹ گئی ہو، مالداری ختم ہو گئی ہو، تنگدستی اور مفلسی نے گھیر لیا ہو یعنی جو چیز یا مقام پہلے تھا اب نہیں رہا۔ اس کی بحالی کے لیے اس اسم کا ورد بہت اکسیر ہے۔ اس لیے چاہیئے کہ اس اسم ۱۴۱ روز تک ۱۰۰ ۱۴۱ مرتبہ روزانہ پڑھے۔ انشاء اللہ اس کا پہلے والا مقام بحال ہو جائے گا۔

۷۔ دوسروں کو "یا مُعِیدُ" کا نقش دینے کے لیے پہلے اس کی زکوۃ کی ادائیگی ضروری ہے۔ اس کے عمل کے بغیر نقش اثر نہیں کریگا۔ لہذا بعد نماز عشاء مسجد میں یا تنہائی کی جگہ پر بیٹھ کر ۴۴۲۴ مرتبہ روزانہ ۱۴۱ دن تک پڑھیں۔ چلہ کے بعد نقش کو استعمال میں لائیں۔

۸۔ "یا مُعِیدُ" کا ذکر غائب کو واپس لانے کے لیے بہت مئوثر ہے۔ اگر کسی شخص کا بیٹا یا کوئی عزیز غائب ہو گیا ہو اور اس کا کہیں سے پتہ نہ چلتا ہو سات یوم تک اس اسم کو اس مقام یا گھر میں جہاں سے غائب ہوا تھا عشاء کی نماز کے بعد روزانہ سات ہزار مرتبہ پڑھو اور ہر روز وظیفہ ختم کرنے کے بعد یہ کہیں کہ "یا الٰہی" فلاں بن فلاں کو یہاں لا دے۔ انشاء اللہ غائب واپس آجائے گا یا اس کا پتہ چل جائے گا۔

۹۔ بعض اوقات پہلی بیوی سے علیحدہ ہونے کے بعد دوسری شادی نہیں ہوتی بلکہ اس میں زبردست رکاوٹ پیدا ہو جاتی ہے یا کوئی مناسب رشتہ نہیں ملتا تو اس صورت میں اسے چاہیئے کہ ۱۲۴۰۰ مرتبہ روزانہ اکتالیس دن تک پڑھے۔

۱۰۔ اگر کوئی بچہ یا بڑا آدمی سُوکھتا چلا جائے اور بظاہر کوئی مرض نہ ہو تو سمجھے کہ اسے مسان ہے۔ ایسے مریض کے لیے ۱۳۰۰۰ مرتبہ "یا مُعِیدُ" پڑھ کر تیل دم کریں اور اسے مالش کے لیے دیں۔ انشاء اللہ تندرست و توانا ہو جائے گا۔

۱۱۔ اس اسم مبارک کا بکثرت ذکر کرنے والے کو اللہ تبارک وتعالیٰ صاحب علم اور لوگوں میں معتبر اور مقبول بنا دیتا ہے۔

۱۲۔ جو کوئی کسی معاملے میں متحیر ہو وہ ایک ہزار پڑھے خلجان دور ہو جائے گا اور انشاء اللہ درست سمت کی طرف رہنمائی ہوگی۔

۱۳۔ یہ وظیفہ "یامُعِید" کا جامع وظیفہ ہے اس کے اثرات اس سے جامع اور وسیع ہیں۔ اس وظیفہ کی خاصیت یہ ہے کہ اگر کوئی شخص اپنے گھر سے دور پریشان حال ہو اور حوادث روزگار نے تباہ کر رکھا ہو تو اسے چاہیئے کہ اس وظیفہ کو صبح کی نماز کے بعد تین سو ایک مرتبہ بلا ناغہ پڑھنا شروع کر دے انشاء اللہ ہر طرح کی پریشانی دور ہو جائے گی۔ اس کے علاوہ اگر کوئی شخص دل میں کوئی مُراد رکھ کر اس وظیفہ کو روزانہ ۳۱۲۵ مرتبہ چالیس دن تک پڑھے انشاء اللہ مراد پوری ہوگی۔ اگر کوئی دشمن ہوگا تو وہ زیر ہوگا۔ اگر کسی کو نفس تنگ کرتا ہو تو اس وظیفہ کو کثرت سے پڑھنے سے نفس تابع ہو جائے گا۔ وظیفہ یہ ہے۔

"یَامُعِیْدُ مَاافْنَاهُ اِذَابَرَزَ الْخَلَائِقُ لِدَعْوَتِهٖ مِنْ مَخَافَتِهٖ یَا مُعِیْدُ"

۱۴۔ اگر کسی شخص کا سامان گم ہو گیا ہو تو اسے چاہیے کہ عشاء کی نماز کے بعد سات ہزار مرتبہ اس اسم پاک کا ورد کرے۔ تو انشاء اللہ اُس کا سامان واپس مل جائے گا۔

۱۵۔ اگر کسی شخص کو نسیان یعنی بھول چوک کا مرض لاحق ہو جائے تو اُس کے لئے اس اسم پاک کا ورد کرنا نہایت مجرب ہے۔ "بسم اللہ المعید جل جلالہ"

۱۶۔ اگر کوئی افسر بالا اس اسم پاک کا ورد کرتا ہے تو اس کے ماتحت اُس کے مطیع وفرمانبردار ہو جاتے ہیں۔ "بسم اللہ المعید جل جلالہ"

۱۷۔ جو شخص اس اسم مبارک کا مدام ذکر کرتا رہتا تو اللہ تعالیٰ اسے مفلسی اور تنگ دستی سے بچائے رکھتا ہے۔ "بسم اللہ المعید جل جلالہ"

۱۸۔ جو شخص "یا مبدی الحمد" کا ورد کرنا اپنا معمول بنالیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کا خاتمہ بالخیر کرتا ہے اور جان کنی کی تکلیف سے بھی بچائے رکھتا ہے۔

۱۹۔ اگر کوئی شخص تنگ دست ہو گیا ہو یا مفلسی کا شکار ہو تو اسے چاہئے کہ اکیس روز تک ہر روز گیارہ ہزار بار "یامعید" کا ورد کرے تو اللہ تعالیٰ حالات بہتر کر دیتا ہے۔

۲۰۔ بھاگے ہوئے شخص کی واپسی کے لئے رات کے وقت گھر کے چاروں کونوں میں ۷۰ مرتبہ "یَامُعِیْدُ" پڑھیں تو انشاء اللہ واپس آ جائے گا۔

۲۱۔ روٹھی بیوی واپس بلانے کیلئے بعد نماز فرض ۳۱۳ مرتبہ پڑھنا مفید ہے۔

قمری اعداد	۸۹
شمسی اعداد	۲۱۰۷

۶۱۔ المحی جل جلالہ

جمالی ☆ آتشی

اللہ تعالیٰ کے اس اسم صفاتی کا مطلب ہے کہ وہ مخلوق کو زندگی دینے والا ہے یعنی ہر شے میں زندگی اور روح پیدا کرنے والا وہی ہے۔ یہ لفظ احیاء سے بنا ہے جس کے معنی ہیں زندگی دینا اور یہ مطلق کے علاوہ کوئی بھی کسی کو زندگی نہیں دے سکتا، نہ زندہ کر سکتا ہے۔ اسی طرح بیماری رفع کرنے اور صحت دینے کا معاملہ بھی اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔ اکثر علماء کا کہنا ہے کہ اگر کسی شخص کا یہ عقیدہ ہو کہ اصل تاثیر دوا میں ہے اور اسی کے اثر سے مرض کا ازالہ ہوتا ہے تو یہ شرک فی الاسباب ہے۔ لہٰذا دوا کی تاثیر اللہ تعالیٰ کی قدرت کی جانب سے ہے۔ اس لیے ہمیں چاہیئے کہ زندگی اور موت کو من جانب اللہ سمجھیں اور اسی سے تکلیف رفع کرنے کی درخواست کریں۔

وظائف:

۱۔ جس شخص کا دل عبادت میں نہ لگتا ہو یعنی نیکی کی طرف سے مردہ ہو گیا ہو اسے زندہ کرنے کے لیے گیارہ دن تک اس اسم کو روزانہ ۱۴۰۰ مرتبہ پڑھیں اور پانی دم کر کے پلائیں انشاء اللہ اس کا دل عبادت کی طرف راغب ہو جائیگا۔ خصوصاً نوجوان بچوں کو راہ راست پر لانے کے لیے یہ عمل بہت اچھا ہے۔

۲۔ شوگر ایک ایسا مرض ہے کہ جس میں انسان اندر ہی سے کھوکھلا ہو جاتا ہے کیونکہ لبلبہ کام کرنا چھوڑ دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کو ''یا محی'' کی صفت سے پکارنے کی وجہ سے لبلبہ میں اللہ تعالیٰ دوبارہ قوت پیدا کر دیتا ہے اور وہ پھر کام کرنے لگتا ہے لہٰذا شوگر کے مریضوں کیلئے ''یا محی'' کا ورد بہت اچھا ہے۔ شوگر کے مریض کو چاہیئے کہ اس اسم کو روزانہ ۶۲۵۰ مرتبہ ۸۰ دن تک پڑھے۔ اللہ بہتر کرے گا۔

۳۔ جو اس کو بکثرت پڑھے گا وہ انشاء اللہ اس کا دل نور سے منور ہو جائے گا۔

۴۔ جس کو کسی سے جدائی کا اندیشہ ہو یا خوف ہو تو وہ اس کو بکثرت پڑھے۔

۵۔ اگر کوئی شخص عرق النسا کے درد میں مبتلا ہو تو اسے چاہیے کہ سات دن تک روزانہ سات بار اس اسم کا ورد کر کے دم کرے تو انشاء اللہ شفایاب ہوگا۔

۶۔ جس شخص کو قید ہونے کا خوف ہو تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو زیادہ سے زیادہ پڑھنا شروع کر دے۔ انشاء اللہ وہ قید نہ ہوگا۔ اور اللہ تعالیٰ کسی تدبیر سے قید ہونے سے بچا لے گا۔

۷۔ اگر آپ کو کسی بھی قسم کا خوف ہو تو اسے پڑھنے سے وہ خوف ختم ہو جاتا ہے۔

۸۔ یرقان کا مرض جگر کی خرابی کی وجہ سے ہوتا ہے۔ جگر ہمارے جسم کا ایک اہم حصہ ہے۔ یرقان ہونے کی صورت میں ایک تو اس کا طبی علاج کروائیں اور اس کے ساتھ یرقان کے مریض کو روزانہ ۱۰۰ مرتبہ یہ اسم پڑھ کر پانی پر دم کر کے دیں۔ اور گیارہ روز تک پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ یرقان کو درست کر دے گا۔

۹۔ جس عورت کا دل گھبراتا ہو اور ہر وقت پریشانی رہتی ہو اور اس پر مردارگی چھائی رہتی ہو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو روزانہ ۳۰۰ پڑھے یا اسے کوئی یہ اسم پڑھ کر پانی دم کر کے پلائے اور سات دن تک یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ دل کی گھبراہٹ ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائے گی۔

۱۰۔ اکثر عاملین کا یہ نظریہ ہے کہ ''یامحی'' کا نقش ہر مرض کے لیے شفا کا پیغام ہے مگر پہلے اس نقش کی زکوۃ ادا کرنا ضروری ہے۔ اس نقش کی زکوۃ ۴۱ دن تک ۶۸ مرتبہ روزانہ ''یامحی'' کی پڑھائی ہے۔ جو شخص یہ پڑھائی کرے گا وہ اس نقش کو ہر قسم کے مرض کے لیے استعمال میں لاسکتا ہے۔ کیونکہ وہ اس کا عامل بن جائے گا۔ مریض یہ نقش اپنے پاس رکھے۔ انشاء اللہ بہت فائدہ ہوگا۔ اس اسم کا نقش اختلاج القلب، شوگر، یرقان، ماہواری کا درد، کثرت حیض اور اٹھرہ کے لیے بہت مفید ہے۔

۱۱۔ اگر کسی نے کسی پر جادو کیا ہو یا کالے علم کے ذریعے تباہی و بربادی کا وار کیا ہو تو اس سے بچنے کے لیے اس اسم کو سات روز تک سات ہزار مرتبہ روزانہ پڑھیں اور پانی پر پھونک کر خود پئیں، یا جادو سے متاثر آدمی کو پلائیں۔ انشاء اللہ جادو کا اثر ختم ہو جائے گا۔ بلکہ الٹا جادو کرنے والے پر اس کا اثر پڑے گا۔ اگر کبھی محسوس کریں کہ کہیں سفلی وار ہونے والا ہے تو پھر بھی اسے پڑھیں انشاء اللہ آپ حفاظت سے رہیں گے۔

۱۲۔ جو کسی کے قہر سے ڈرتا ہو روٹی کے ایک ٹکرے پر ۵۸ بار یہ اسم پڑھ کر کھالے تو انشاء اللہ وہ محفوظ رہے گا۔

۱۳۔ ایک عامل کا قول ہے جو اس کا نقش لوگوں کو دینا چاہے تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کی زکوۃ ادا کرے ۔اس کی زکوۃ ۴۹۰۰۰۰ ہے لہذا چالیس دن میں اسے ۱۲۰۲۵ مرتبہ روزانہ پڑھے۔اس کے دوران ناغہ بالکل نہ ہو۔زکوۃ کے بعد جب وہ اس اسم کا عامل بن جائے تو اسے قائم رکھنے کے لیے ۳۳ مرتبہ روزانہ پڑھتا رہے۔پھر اس کا نقش لوگوں کو دے سکتا ہے۔اس کا نقش بچنے کو نظر سے بچانے کے لیے، جادو کا اثر زائل کرنے کے لیے۔بُرے لوگوں کو شرارتوں سے باز رکھنے کے لیے، دشمن کی بربادی اور ہلاکت کے لیے بُری عادتوں کو ترک کروانے کے لیے، بدزبانی کو روکنے کے لیے بچوں کو بُری عادات ختم کرنے کے لیے دیا جاسکتا ہے۔

۱۴۔ جو ہفت اندام کے درد کو دور کرنے کے لئے سات روز تک سات سات بار پڑھ کر دم کرے گا تندرست ہو جائے گا۔

۱۵۔ جو کوئی درد یا تیج یا کسی عضو کے ضائع ہونے سے خائف ہو اسم "اَلْمُحْیِ" سات بار پڑھے تو انشاءاللہ محفوظ رہے گا۔

۱۶۔ جو شخص بیمار ہو وہ بکثرت "اَلْمُحْیِ" کا ورد رکھے یا کسی دوسرے بیمار پر دم کردے تو انشاءاللہ صحت یاب ہو جائے گا۔

۱۷۔ جو شخص نواسی بار "اَلْمُحْیِ" پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے تو وہ ہر طرح کی قید و بند سے انشاءاللہ محفوظ رہے گا۔

۱۸۔ جو ہزار بار پڑھنے کا معمول بنالے گا۔انشاءاللہ اس کا دل زندہ ہو جائے گا اور بدن میں تقویت پیدا ہوگی۔

۱۹۔ اگر کوئی شخص کسی بھی قسم کے درد میں مبتلا ہو تو اسے چاہیے کہ سات دن تک روزانہ سات بار اس اسم کا ورد کر کے دم کرے تو انشاءاللہ شفایاب ہوگا۔

۲۰۔ اس اسم پاک کا ذاکر بڑے خشوع وخضوع کے ساتھ عبادت الٰہی میں حصّہ لیتا ہے اس کا قلب اللہ تعالیٰ کے نور سے بھر جاتا ہے۔

۲۱۔ اس اسم مبارک کے ورد سے سیلاب، زلزلے اور آگ وغیرہ کے نقصان سے انسان محفوظ رہتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

۵۲۱
۲۷۰۷

۶۲۔ الممیت جل جلالہ

قمری اعداد
شمسی اعداد

جلالی ☆ آتشی

اس لفظ سے مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر مرنے والی شے کے لیے موت کو پیدا کرنے والا ہے۔اور یہ صفاتی نام ممات سے بنا ہے جس کے معنی ہیں موت یا زمانہ موت۔ارشادِ ربانی ہے کہ وہی ذات ہے جو زندہ کرتی اور مارتی ہے اور اسی کی جانب تم لوٹ کر جاؤ گے۔یعنی حیات و ممات اسی کے ارادے پر موقوف ہے۔انسان محض ظاہری اسباب دیکھ کر یہ کہہ دیتا ہے کہ فلاں کی موت فلاں کے ہاتھ سے ہوئی۔حالانکہ اس کی موت مقدر میں ہوتی ہے تو مارنے والا مارنے پر قادر نہیں ہے،یعنی اسباب پیدا کرنے والا۔لہٰذا بندے کو چاہیئے کہ ہر وقت اپنی موت کو یاد رکھے اور نیکی کے کاموں میں دل لگائے۔

وظائف:

۱۔ ایسے دشمنانِ دین جو اللہ اور اس کے رسول کے دشمن ہوں اور بے جا، مسلمانوں کو تنگ کرتے ہوں ان سے بچنے کے لیے یا انھیں ہلاک کرنے کے لیے اس کا ورد بہت مؤثر ہے۔جب کسی کو کسی ظالم سے واسطہ پڑ جائے تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو ۴۹۰ مرتبہ پڑھے یا کثرت سے پڑھے انشاءاللہ دشمن مغلوب ہوگا۔

۲۔ یہ اسم سالکوں اور مریدوں کے لیے بہت مفید ہے اس اسم کے ذکر کی برکت سے نفس امارہ برائی کی راہ چھوڑ کر اللہ کے تابع ہو جاتا ہے۔

۳۔ حضرت امام جعفر صادق کا قول ہے کہ جو شخص سوتے وقت اپنے دونوں ہاتھوں کو سینے پر رکھ کر ۴۹۰ مرتبہ اس اسم کو پڑھے اور یہ عمل ۴۱ روز تک کرے انشاءاللہ اس کا نفس مطیع ہو جائے گا۔

۴۔ ایک باعمل عامل کا قول ہے کہ جو شخص سوتے وقت اپنے دونوں ہاتھوں کو دعا کی طرح بلند کر کے ۴۹۰ مرتبہ اس اسم کو پڑھے اور یہ عمل ۴۱ روز تک کرے انشاءاللہ اس کا نفس مطیع و مسخر ہو جائے گا۔

۵۔ اگر کسی بچے کو نظر لگ جاتی ہو تو اس اسم کو پانچ مرتبہ ایک کاغذ پر لکھ کر اس کے گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ بچہ دوست رہے گا۔ اور معمول سے زیادہ منہ ونا بند ہو جائے گا۔ اگر کوئی عامل گیارہ مرتبہ پڑھ کردے تب بھی فائدہ ہوگا۔

۶۔ ''یَامُمِیْتُ'' اگر اس اسم کا ورد کیا جائے تو اس کا ورد دشمن کی تباہی پر منتج ہو۔

۷۔ جو اس اسم کو بکثرت پڑھے گا اس کا نفس انشاء اللہ مغلوب ہو جائے گا۔

۸۔ جو سات بار پڑھ کر دم کرے گا انشاء اللہ اس پر ہر قسم کے ڈر وخوف سے محفوظ رہے گا۔

۹۔ اگر کسی شخص کا جادو یا آسیب کا خطرہ ہو تو اُسے چاہیے کہ اس اسم مبارک کو 7 مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔ تو انشاء اللہ ہر قسم کے شیطانی شر سے محفوظ رہے گا۔

۱۰۔ اگر کسی بیماری کے سبب یا زیادہ عمر ہو جانے کے باعث قوت باہ کم ہو گئی ہو تو اس اسم کا کثرت سے ورد کرنے سے یہ مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔

۱۱۔ نفس کی سرکشی روکنے کے لئے ''یاممیت'' کا ورد کرنا ہر حال میں مفید اور موثر ہوتا ہے۔

۱۲۔ اسی طرح دشمنوں کو ناکام کرنے اور سدا مغلوب رکھنے کے لئے اس اسم مبارک کا ورد کرنا بے حد مفید ہوتا ہے۔

۱۳۔ جو شخص اس اسم مبارک کا ورد کرنا اپنا معمول بنالیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے نقصانات اور مشکلات سے بچائے رکھتا ہے۔

۱۴۔ طالب علموں کے لئے یہ ایک مفید اور نافع وظیفہ ہے۔ اس سے بُرے خیالات دور ہوتے اور ذہانت میں اضافہ ہوتا ہے۔

۱۵۔ اگر کسی شخص کو کسی حاسد یا دشمن کی طرف سے جادو وغیرہ کا خوف ہو تو اسے چاہیے کہ وہ اس اسم مبارک کا ورد کرنا اپنا معمول بنالے تو ہر طرح کے جادو سے محفوظ رہے گا۔

۱۶۔ اگر کسی مطلوب کو نظر بد لگ جاتی ہو تو اسے مطلوب کے گلے میں اس اسم مبارک کا تعویز بنا کر ڈال دیں تعویز بنانے کے لئے تعویز میں پانچ بار ''یاممیت'' لکھا جائے۔ اس تعویز کی موجودگی میں مطلوب۔

نظر لگنے سے بچا رہے گا۔

۱۷۔ اگر کسی بڑے دشمن کو برباد کرنا مقصود ہو تو ہر روز ۱۱۱ بار "یا ممیت" کا چالیس روز تک ورد کر کے دعا کی جائے تو وہ دشمن چند ہی دنوں میں کسی نہ کسی طرح برباد ہو جائے گا

۱۸۔ جو شخص اپنے نفس پر قادر نہ ہو تو اسے چاہیے کے وہ ہر روز رات سوتے وقت اپنے سینے پر ہاتھ رکھ کر "یا ممیت" کو پڑھ کر سونے کی عادت بنا لے۔ تو انشاء اللہ حق تعالیٰ اس کے نفس کو تابع فرما دے گا۔

۱۹۔ جس شخص کو جادو کا خوف ہو تو روزانہ سات مرتبہ اس نام کو پڑھ کر دم کرے کبھی کوئی جادو اثر نہ کرے گا۔ ہر ایک قسم کا جادو اس شخص کے پاس آ کر مر جائے گا۔

۲۰۔ اس اسم کا ذاکر شیطانی وسوسوں سے محفوظ رہتا ہے اور نفسانی خواہشات کو کنٹرول کر لیتا ہے۔ اور اس کے دشمن اس سے مرعوب ہو جاتے ہیں۔

۲۱۔ اس اسم مبارک کی کثرت کرنے سے آدمی کے اندر بہت زیادہ برداشت کی قوت پیدا ہو جاتی ہے۔ اور اس کے قلب سے کدورت اور نفرت ختم ہو جاتی ہے۔ ایسے شخص کی ذات میں بے پناہ جلال پیدا ہو جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆

۴۹	قمری اعداد
۱۵۰۷	شمسی اعداد

۶۳۔ الحی جل جلالہ

جلالی ☆ آتشی

اللہ تعالیٰ کے اس صفاتی نام کا مطلب ہے کہ وہ زندہ رہنے والا جسے کبھی موت نہ آئے، زندگی کا سرچشمہ، نیز موت، نیند اور اونگھ سے پاک۔ وہ ذات جو دائمی حیات کے ساتھ متصف ہو، جسے کبھی کوئی آفت لاحق نہ ہو، جسے ازل و ابد میں کبھی فنا نہ ہو اور جس کے وجود کے بغیر اس دنیا کا وجود باقی نہ رہتا ہو۔ بعض علماء کا کہنا ہے کہ ''الحی'' سے مراد ہے وہ ذات جو تمام امور انجام دیتی ہے اور ان کا ادراک کرتی ہے۔ انسان کو چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کے سامنے ایسا بن جائے جیسا کہ نہلانے والے کے ہاتھ میں مردہ ہوتا ہے۔

وظائف:

۱۔ اللہ تعالیٰ کی سب نعمتوں میں سب سے افضل نعمت تندرستی ہے۔ چونکہ اللہ تعالیٰ کی تمام نعمتوں سے فائدہ اٹھانے کے لیے تندرستی ہی کام آتی ہے اس لیے اللہ تعالیٰ سے ہمیشہ تندرست رہنے کے لیے دعا مانگتے رہنا چاہیئے۔ تندرستی قائم رکھنے کے لیے ''یا حی'' ایک سو مرتبہ روزانہ پڑھنا بہت مفید ہے۔

۲۔ اگر کوئی شخص اسے بکثرت پڑھنے کا معمول بنا لے تو وہ ہمیشہ صحت مند رہے گا۔ اگر کبھی بیمار بھی ہوگا تو فوراً صحت یاب ہوگا۔

۳۔ اس اسم پاک ذاکر میں زبردست روحانی قوت پیدا ہو جاتی ہے اور وہ نفسانی وجسمانی بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔

۴۔ اس اسم مبارک کی روزانہ ستر بار تلاوت کرنے سے عمر دراز حاصل ہوتی ہے۔

۵۔ جو کوئی روزانہ تین ہزار بار ''اَلْحَیُّ'' کا ورد رکھے گا تو وہ انشاء اللہ کبھی بیمار نہ ہوگا۔

۶۔ کسی سخت حاجت کے وقت جو کوئی اپنے نام کے اعداد کے موافق مع اول آخر دورد شریف ایک وقت مقرر کر کے۔ یہ وظیفہ قضائے حاجات، مردے کو زندہ کرنے اور حصول صحت

بہت مجرب ہے، اگر کوئی بیمار شخص اسے روزانہ ۱۴۱ مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے گیارہ روز تک پیے تو وہ تندرست ہو جائے گا۔ کیونکہ یہ وظیفہ ہر قسم کی بیماری کے لیے بہت اکسیر ہے۔

۷۔ شوگر، بلڈ پریشر اور فالج میں اسے تین ہزار مرتبہ روزانہ پڑھیں یا گیارہ ہزار مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے گیارہ دن تک مریض کو پلائیں انشاء اللہ اس کی طبیعت بہتر رہے گی۔

۸۔ ایک عامل کا قول ہے کہ اگر کسی کی بیماری کا پتہ نہ چلتا ہو کہ اسے کیا ہے تو ایک چینی کی پلیٹ میں یہ وظیفہ تین مرتبہ زعفران سے لکھ کر پلائیں۔ انشاء اللہ وہ تندرست ہو جائے گا۔

۹۔ جو شخص اس وظیفہ کو روزانہ سات ہزار ۷۵ دن تک پڑھے گا وہ اللہ کے عجائبات کا روحانی مشاہدہ کرے گا۔ اس کی تنگدستی دور ہو جائے گی۔ خدا کے فضل سے اس کی عمر دراز ہوگی ہر طرح کا رنج و غم دور ہوگا۔

۱۰۔ ہر حکیم اور ڈاکٹر کی خواہش ہوتی ہے کہ اس کے ہاتھ میں شفا ہو جس مریض کا وہ علاج کرے اللہ اسے تندرست کرے۔ شفایاب ہو جائے۔ اس مقصد کے لیے اس اسم کو روزانہ مطب شروع کرنے سے پہلے ۱۰۰ مرتبہ پڑھنا بہت مفید ہے لہذا جو ڈاکٹر یا حکیم اسے ہمیشہ پڑھے گا اس کے ہاتھ میں بہت شفا ہوگی۔ انشاء اللہ ہر مریض شفا پائے گا۔

۱۱۔ فالج میں انسانی جسم کا کچھ حصہ بیکار ہو کر کام کرنا چھوڑ دیتا ہے۔ یعنی مُردہ ہو جاتا ہے اس بیکار حصے کو دوبارہ زندہ کر کے اسے اصل کی طرح کر دینا اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے لہذا جو شخص فالج کا مریض ہو اسے چاہیئے کہ طبی علاج کرنے کے ساتھ "یا حی" کا بہت زیادہ ورد کرے، انشاء اللہ صحت یاب ہو جائے گا اور پہلے کی طرح صحت بحال ہو جائے گی۔

۱۲۔ زندگی میں حادثہ کا پیش آ جانا عقل سے بعید نہیں۔ اس لیے ایسے کام کرنا جن میں حادثہ ہونے کا خطرہ ہو، جیسے ڈرائیور کی ڈیوٹی دینا یا کسی مشین پر کام کرنا، فوجیوں کی سروس عموماً حادثات سے دوچار ہوتی ہے۔ اس لیے فوجی سپاہیوں، دریا میں کشتی چلانے والے ملاحوں بس، کار، رکشہ اور انجن ڈرائیوروں کے لیے اس اسم کا ورد بہت مفید ہے۔ انشاء اللہ اسے پڑھنے والا ہمیشہ حادثات سے محفوظ رہیگا۔

۱۳۔ جو کوئی بیمار اس نام کو زیادہ پڑھے گا وہ جلد شفا پائے گا۔ اور تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ اس مبارک نام کو پڑھنے والے کے اندر روحانی قوت زیادہ ہوگی۔

۱۴۔ جو شخص پہاڑی علاقے میں سفر پر جائے تو راستے میں اسے پڑھتا جائے۔ انشاء اللہ زندہ اور صحیح سلامت اپنے گھر واپس آئے گا، اس کا ورد جانی اور مالی نقصان سے محفوظ رکھتا ہے اس لیے جو شخص اسے روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھتا رہے وہ ہمیشہ پُر سکون اور بحفاظت رہے گا۔

۱۵۔ زندگی اور موت اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ وہ ڈاکٹر جو اس بات کا خواہش مند ہو کہ اس کا ہر آپریشن کامیاب ہو تو اسے چاہیئے کہ ''یا حیّ'' کو روزانہ صبح کے وقت سات سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے اس کے بعد آپریشن کرتے وقت ''یا حیّ'' کا کھلا ورد ذکر کرے۔ جتنی بار پڑھ سکتا ہو پڑھے۔ انشاء اللہ آپریشن کامیاب رہے گا۔ اگر آپریشن کے وقت مریض اور اس کے لواحقین بھی اس ورد کو پڑھیں تو انشاء اللہ آپریشن درست ہوگا۔ اور صحت یابی حاصل ہوگی۔

۱۶۔ یہ اسم ہائی بلڈ پریشر کے مرض کے لیے بہت مفید ہے لہٰذا ہائی بلڈ پریشر میں جب پانی پئیں تو مندرجہ ذیل وظیفہ سات مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ ہائی بلڈ پریشر نارمل رہے گا۔

''یَاحَیُّ قَبلَ کُلِّ شَیءٍ بَعدَ کُلِّ شَیءٍ''

۱۷۔ ''یا حیّ'' کا نقش ہر مرض میں شفایابی کے لیے کام کرتا ہے اس لیے اگر کوئی اس کا عامل بن کر دوسروں کو تعویذ دینا چاہے یا خود استعمال میں لانا چاہے تو اسے چاہیئے کہ ایک مقام مقرر کرے اور اس پر روزانہ دس ہزار مرتبہ ''یا حیّ'' پڑھے اور ۱۱ دن تک چلہ کرے، یہ زکوۃ ادا کرنے کے بعد وہ اس کا عامل ہو جائے گا۔ پھر جس کسی کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے دے گا۔ انشاء اللہ وہ شفا پائے گا۔

۱۸۔ عامل بننے کے بعد ''یا حیّ'' کا نقش بھی ہر بیماری کے علاج کے لیے دے سکتا ہے اور اس نقش کو مریض اپنے پاس رکھے۔ انشاء اللہ تندرست ہوگا۔

۱۹۔ ستر دفعہ اس کو روز پڑھنا فضلِ الٰہی سے عمر میں برکت عطاء کرتا ہے۔

۲۰۔ کینسر اور ہیپا ٹائٹس کے لئے ۷۰ مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کریں اور پانی پلائیں۔

۲۱۔ امراض خبیثہ کو دفع کرنے کیلئے آب زم زم پر ۳۱۳ مرتبہ پڑھ کر نہار منہ پئیں۔

قمری اعداد	۱۸۷
شمسی اعداد	۳۲۰۱

۶۴۔ القیوم جل جلالہ

جلالی ☆ آتشی

اس اسم صفاتی سے مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ کائنات کے نظام کو سنبھالنے والا اور قائم رکھنے والا ہے۔ وہ ساری مخلوقات کے امور کا بندوبست کرتا ہے۔ وہ اپنی ذات میں خود بخود قائم ہے اور اپنے قیام میں کسی کا محتاج نہیں ہے لیکن اور کوئی اس کے بغیر قائم نہیں رہ سکتا۔ اس کے وجود کے لیے کسی اور شے کا وجود ہونا ضروری نہیں۔ البتہ ہر شے کا وجود اس کے وجود سے متعلق ہے۔ اسی لیے اس ذات باری کو قیوم کہا جاتا ہے، یعنی قائم کرنے والا۔ انسانوں کو چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا ہر شے سے بے نیاز ہو جائیں اور ان کے دلوں میں اس کے علاوہ کسی کی محبت باقی نہ رہے۔

۱۔ ایسے مشکل کام جو انسانی سوچ اور تدبیر سے باہر ہوں یا کوئی ایسی مہم در پیش آگئی ہو جس کا حل ہونا بہت ہی مشکل نظر آتا ہو تو ۴۰ روز تک اس اسم کو ۱۲۵۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھیں، انشاء اللہ جو کام بگڑا ہوا ہو اس میں جان پڑ جائے گی۔ جو مشکل بھی در پیش ہوگی حل ہو جائے گی۔

۲۔ عامل کا قول ہے کہ سخت سے سخت مشکل اور مہم میں اس نام کو تین روز تک آدمی مل کر ۱۲۰۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ انشاء اللہ کام ہو جائے گا۔

۳۔ یہ وظیفہ ''یا قیوم'' کا تفصیلی وظیفہ ہے اگر کوئی شخص اسے خلوص نیت سے روزانہ تا حیات سوتے وقت ۳۰۰ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو اسکا دل اللہ کی یاد میں قائم ہو جائے گا اور اللہ کی محبت اور قرابت حاصل ہوگی۔ اگر کوئی چیز گم ہوگئی ہو تو اسے رات کے وقت سونے سے پہلے ایک سو بیس مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ بذریعہ خواب چیز کا پتہ چل جائے گا۔ اگر کوئی روزانہ صبح کی نماز کے بعد ایک سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو اس کا ہر کام درست ہو رہے گا۔ اگر کاروبار خدانخواستہ خراب ہو گیا ہو تو وہ بھی قائم ہو جائے گا۔

''یَاقَیُّوْمُ فَلَا یَفُوْتُ شَیْء'' مِنْ عِلْمِہٖ وَلَا یَؤُدُہ، یَا قَیُّوْمُ''

(اے ہمیشہ قائم رہنے والے کوئی چیز تیرے علم چھپی ہوئی نہیں اور تجھے اے قیوم وہ چیز تھکاتی نہیں ہے)

۴۔ اگر کسی شخص کو اپنی طرف مائل کرنا مقصود ہو تو اس اسم کو خلوت میں بیٹھ کر سحری کے وقت گیارہ دن تک ۲۴۳۲ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ انشاء اللہ جس کی کسی اپنی طرف مائل کرنے کا تصور دل میں کریں گے وہی مائل ہو جائے گا۔

۵۔ عامل کا کہنا ہے کہ جو صبح صادق سے لے کر سورج نکلنے تک اس اسم کو کثرت سے پڑھے گا انشاء اللہ اسے تسخیر حاصل ہوگی۔

۶۔ اگر کسی شخص کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو اور صاحب دعوت کو اس کی خبر نہ ہو تو اسے چاہیئے کہ رات کو سوتے وقت اس اسم کو سات دن تک روزانہ ۱۵۲۰۰ مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ گمشدہ چیز کے متعلق خواب میں معلوم ہو جائے گا۔ اگر کسی نے چرائی ہوگی تو اس کے دل پر اتنا خوف طاری ہوگا کہ چرانے والا بہانے سے خود بخود چیز واپس دے جائے گا۔

۷۔ یہ اسم ایسا ہے کہ اس اسم کے پڑھنے سے ہر بگڑا ہوا کام قائم ہو جاتا ہے لہٰذا جس کام کو قائم کرنا مقصود ہو تو خواہ کاروبار یا کوئی کارخانہ ہو یا ملازمت ہو، جب خراب ہونے لگے یا کاروبار میں کمی آنے لگے تو اس اسم کو ہر نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ روزانہ چالیس دن تک پڑھیں۔ انشاء اللہ حسب خواہش کام قائم ہو جائے گا۔

۸۔ جو شخص اس اسم مبارک کا بکثرت ورد کرے گا تو اللہ تعالیٰ اسے کبھی مفلس نہیں کرے گا۔

۹۔ اگر کوئی شخص اس اسم الٰہی "یا قیوم" بوقت سحر پڑھے تو وہ لوگوں کے دلوں پر قابو پا سکتا ہے اور اس سے خلقت کی اس کے ساتھ محبت بڑھ جاتی ہے۔

۱۰۔ جو شخص یا قیوم کا اکثر ورد کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی مشکلات کو آسان فرما دیتا ہے اور اس کی مہمات پر اسے قابو بخشتا ہے۔

۱۱۔ "یا قیوم" کا ورد کرنے والے کو اللہ تعالیٰ سدا خوشیاں اور کامیابیاں عطا کرتا رہتا ہے۔

۱۲۔ جو شخص اس اسم مبارک کا بکثرت ورد کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے خوشحال کر دیتا ہے اور اس کی کمائی میں خیر و برکت بھی عطا فرماتا ہے۔

۱۳۔ بعض عاملین کا کہنا ہے کہ یہ اسم طلب عزت وجاہ، ترقی کاروبار قضائے حاجات، حصول مرادات اور مقدمات میں کامیابی کے لیے بہت مجرب ہے۔ اس لیے جو شخص اس اسم کو روزانہ بلا ناغہ ہر نماز کے بعد ۳۳ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے تو اسے اس اسم کی برکت سے مذکورہ بالا تمام فوائد حاصل ہوں گے۔

۱۴۔ اس اسم کا عامل بننے کے لیے اس اسم کو ۴۰ دن تک ۱۵۲۰۰ مرتبہ روزانہ خلوت کے مقام پر پڑھیں۔ اس کے بعد اس کا تعویذ دوسروں کو دے سکتے ہیں۔ انشاء اللہ، اللہ کی رحمت سے مقصد پوار ہوگا۔

۱۵۔ ''یا قیوم'' کے باقاعدہ ورد سے انسان اپنے دشمنوں پر بھی قابو پالیتا ہے اور مقدمات میں بھی کامیابی حاصل کرسکتا ہے۔

۱۶۔ کاروبار کی ترقی عہدے اور منصب میں ترقی کے لئے، ہر نماز کے بعد اس اسم مبارک کا ورد کر کے دعا مانگنا بے حد مفید ہوتا ہے۔

۱۷۔ ''یا قیوم'' کا ورد کرنے والا سدا توکل علی اللہ کی نعمت سے فیض یاب رہتا ہے، اور وہ اللہ کے سوا کسی دوسرے پر بھروسہ نہیں کرسکتا۔

۱۸۔ اگر کوئی شخص ہر روز تین سو بار ''یا قیوم'' پڑھنا اپنا معمول بنا لے تو اللہ تعالیٰ اس کے دل کو مدام مسرور رکھتا ہے۔

۱۹۔ جو اس اسم کو ہر روز تنہائی میں سترہ بار پڑھے گا انشاء اللہ کند ذہنی کے مرض سے نجات پائے گا اور اس کا حافظہ قوی اور دل منور ہو جائے گا۔

۲۰۔ روزانہ ''یا قیوم'' کا تین سو مرتبہ ورد کرنے والے شخص کے گرد خوشیاں اور مسرتیں طواف کرتی ہیں۔

۲۱۔ جو شخص اکتالیس بار یہ اسم پڑھے گا تو انشاء اللہ اس کا مردہ دل زندہ ہو جائے گا۔

☆☆☆☆☆

قمری اعداد	۴۵
شمسی اعداد	۱۴۰۵

۶۵۔ الواجد جل جلالہ

جمالی ☆ خاکی

اللہ تعالیٰ کا یہ صفاتی نام وجد سے بنا ہے جس کے معنی میں، پالینا اور توانگر ہونا۔ وجود اور وجدان بھی اس لفظ سے تعلق رکھتے ہیں۔ الواجد سے مراد ہے وہ ذات کہ جس شے کا ارادہ کرے، اس کو اپنے سامنے موجود پائے۔ اور کوئی شے اس سے غالب نہ ہو۔ چونکہ اس کے سوا کوئی ایسی ہستی موجود نہیں جس کے سامنے ہر شے حاضر ہو، اس لیے واجد مطلق کہلانے کا وہی حقدار ہے۔ قرآن مجید میں لکھا ہے کہ کوئی شے ایسی نہیں جس کے ہمارے پاس خزانے نہ ہوں۔ گویا وہ انتہا درجے کا توانگر بھی ہے۔ لہٰذا انسانوں کو لازم ہے کہ وہ بھی اپنی ذات میں وجدان اور حضوری کی کیفیت پیدا کرنے کی کوشش کریں۔

وظائف:

۱۔ بعض عاملین نے کہا ہے کہ یہ اسم حصول کشف کے لیے بڑا سریع الاثر ہے لہٰذا جو شخص کشف کی غرض سے اسے روزانہ کثرت سے پڑھے۔ انشاء اللہ وہ ایک یا دو سال کے اندر صاحب کشف ہو جائے گا۔

۲۔ ایک بزرگ کا یہ بھی قول ہے کہ جو شخص روٹی کھاتے وقت ہر نوالے پر "یا واجد" پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کے دل کو نور سے روشن کر دیتا ہے اور اس کے ارادے قوی ہو جاتے ہیں اور جب دل روشن ہو جاتا ہے تو پھر کشف کھل جاتا ہے۔

۳۔ اگر کسی کی دکان چلتی نہ ہو یا چل کر بند ہو گئی یا فائدہ نہ ہوتا ہو تو اس سورت میں دکان پر اس اسم کو روزانہ ۳۱۲۵ مرتبہ ۴۰ دن تک پڑھیں۔ اگر ایک چلّے میں کام شروع نہ ہو تو دوسرا چلّہ کریں۔ اس طرح تین چلوں تک دکان انشاء اللہ بہت منافع دینے لگے گی۔

"بسم اللہ الواجد جل جلالہ"

۴۔ جس شخص کی شادی نہ ہوتی ہو یا کسی نے تعویذ دھاگہ کے ذریعہ رکاوٹ ڈال رکھی ہو تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو گیارہ جمعرات گیارہ ہزار مرتبہ پڑھے اور ہر پڑھائی کے بعد نیک بیوی ملنے کی دعا کرے۔ انشاءاللہ اس عرصے کے دوران شادی کا کہیں سے پیغام مل جائے گا۔

۵۔ اگر کسی رشتے کا پیغام آیا ہو اور یہ معلوم کرنا ہو کہ کیا رشتہ درست رہے گا کہ نہیں تو اس کے لیے سات دن تک رات کو سوتے وقت اس اسم کو ۱۴۴ مرتبہ پڑھیں۔ انشاءاللہ خواب میں بذریعہ اشارہ معلوم ہو جائے گا۔

۶۔ اس وظیفہ میں اضافہ رزق کے اثرات بہت زیادہ ہیں اس لیے جو شخص تنگی رزق سے دوچار رہتا ہو، اسے چاہیئے کہ اسے روزانہ ۲۱۰۰ مرتبہ پڑھنا شروع کردے اور ایک سال تک مسلسل اسے پڑھتا رہے۔ انشاءاللہ اس کے رزق میں اضافہ ہو جائے گا۔

۷۔ ایک عامل کا قول ہے کہ جو شخص رات کے اندھیرے میں کسی خلوت کی جگہ پر اس نام کو ۱۰۱۱ مرتبہ روزانہ پڑھے تو اسے غیب سے رزق ملنے کے اسباب پیدا ہوں گے۔

۸۔ اس اسم کا چلہ یہ ہے کہ ایک مقام پر بیٹھ کر ۱۲۷۵۰ مرتبہ روزانہ ۸۰ دن تک پڑھیں۔ اس کے بعد اس کا نقش لوگوں کو اضافہ رزق، ترقی دکان غربت اور افلاس کا دور ہونا، پسند کی شادی کروانے کے لیے، عبادت کی طرف دل مائل کرنے کے لیے، اور میاں بیوی میں محبت پیدا کرنے کے لیے دے سکتے ہیں۔ سائل تعویذ کو اپنے پاس رکھے۔ انشاءاللہ یہ تمام مقاصد اللہ کی رحمت سے بہت حاصل ہوں گے۔

۸۔ جو تنہائی میں بکثرت اس اسم کو پڑھے گا تو وہ مالدار ہو جائے گا۔

۹۔ جو اس اسم کو بہت پڑھے گا تو اس کا دل انشاءاللہ غنی ہو گا۔

۱۰۔ جو اس اسم کو کثرت سے پڑھے گا تو انشاءاللہ ظالم کے ظلم سے بچا رہے گا۔

۱۱۔ اس اسم مبارک کا جو شخص زیادہ ورد کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو خوشحال غنی اور متمول بنا دیتا ہے۔

"بسم اللہ الواجد جل جلالہ"

۱۲۔ اس اسم پاک کا ذاکر کا ہر دلعزیز اور اپنے پرائے لوگوں میں معزز و معتبر ہو جاتا ہے۔

۱۳۔ ''یا واجد'' کا جو شخص اکثر ورد کرتا ہے تو اللہ اسے لوگوں میں مقبول بنا دیتا ہے۔ اسے لوگوں کی بے تحاشا محبت اور مدد میسر آنے لگتی ہے۔

۱۴۔ دشمن کے شر اور اس کے خوف سے بچنے کے لئے ''یا واجد'' کا ورد کرنا ہر طرح کے نقصان اور شر سے محفوظ رکھتا اور بچائے رکھتا ہے۔

۱۵۔ جو شخص یا واجد کا اکثر ذکر کرتا رہتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے رزق روزی میں اضافہ فرما دیتا ہے اس سے رزق کی تنگی اور مفلسی کو دور کر دیتا ہے۔

۱۶۔ اگر کوئی شخص یا واجد کا ذکر کر کے کھانا کھائے تو وہ گویا ایک طرح کا نورانی کھانا بن جاتا ہے اور باعث رحمت اور سکون کا موجب بنتا ہے۔

۱۷۔ اس اسم مبارک سے دم کیا ہوا پانی اپنے سے ناراض افراد کو پلا دیں تو جلد ہی ناراضگی ختم ہو جاتی ہے۔

۱۸۔ جو شخص رات کے اندھیرے میں کسی خلوت کی جگہ اس نام کو ایک ہزار گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھے گا تو غیب سے اُسے تونگری نصیب حاصل ہوگی۔

۱۹۔ جو شخص روٹی کے ہر لقمہ پر ''یَا وَاجِدُ'' پڑھکر کھائے تو اُسکے قلب کو تقویت اور نورانیت حاصل ہوگی۔

۲۰۔ ''یَا وَاجِدُ'' اس اسم کا ورد کرنے والا ہر قسم کی دولت سے مالا مال ہوتا ہے۔

۲۱۔ بسم اللہ الواجد جل جلالہ پڑھنے والے کی ہر مشکل آسان ہوتی ہے۔

☆☆☆☆☆☆

کثرت سے درود شریف پڑھنے والا ذاکر کبھی پریشان نہیں ہوتا۔

(ایک عامل کامل کا قول)

٦٦۔ الماجد جل جلالہ

یہ صفاتی نام امجد بمعنی عزت وشرف سے مشتق ہے۔ اس سے مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ تمام موجودات میں سے زیادہ عزت شرف والا اور سب سے زیادہ بلند قدر ہے بلکہ تمام موجودات کا شرف اسی کی ذات بابرکات سے وابستہ ہے۔ یہ نام دراصل المجید کا ہم معنی ہے لیکن اس میں زیادہ مبالغہ پایا جاتا ہے۔ چونکہ تمام عزت وشرف اللہ تعالیٰ کے دست قدرت میں ہے، اس لیے بندے کو چاہیئے کہ مخلوق سے تمام امیدیں منقطع کر کے اسی کی ذات سے ناتا جوڑ لے۔

وظائف:

١۔ جو شخص اس اسم کا عامل بننا چاہے تو اسے چاہیئے کہ چالیس دن تک اسے رات کے وقت خلوت میں روزانہ ٩٢٠٠ مرتبہ پڑھے۔ پھر چالیس دن تک ١٩٠٠ مرتبہ پڑھے۔ پھر چالیس دن تک ٩٢٠٠ مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد اس اسم کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے جس مریض کو پلائے گا اسے شفا ہو گی اور اس کا نقش بخار کے مریضوں کو دے گا تو بھی اللہ رحم کرے گا۔ اس کے علاوہ اس کا نقش بحالی ملازمت، اور عزت قائم رکھنے کے لیے جسے چاہے دے۔ انشاء اللہ بہتر نتیجہ پیدا کریگا۔

٢۔ یہ وظیفہ روشن ضمیر بننے کے لیے بھی بہت مفید ہے جو شخص اسے گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ ١١١ دن تک پڑھے گا اس کا دل اللہ کے نور سے معمور ہو جائے گا اور وہ روشن ضمیر بن جائے گا۔ اس اسم کے چلہ کے دوران سگریٹ حقہ پینا منع ہے اور بدبو دار اشیاء سے پرہیز لازمی ہے۔

٣۔ اگر اس اسم مبارک کو دوا پر دس بار پڑھنے کے بعد دم کر کے مریض کو پلایا جائے تو دوا کا اثر بڑھ جاتا ہے اور مریض صحت یاب ہو جاتا ہے۔ یہ عمل سات روز تک کریں۔

٤۔ اگر کوئی صاحب اقتدار شخص اس اسم پاک کا ورد کرتا ہے تو اُس کا اقتدار قائم رکھتا ہے۔

۵۔ جو کوئی اس اسم کو پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے تو انشاء اللہ مریض شفا پائے گا۔

۶۔ اگر کوئی شخص اپنی غلطیوں اور کوتاہیوں کی وجہ سے ذلت میں گر گیا ہو یا اسے یہ یقین ہو کہ ذلیل ورسوا ہوگا۔ مثلاً پہلے مالدار تھا مگر بُری حرکتوں میں دولت ضائع کرنے سے غریب ہو چکا ہو اور اس نے لڑکے یا لڑکی کی شادی کرنی ہو، جس میں اس کی عزت نہ رہنے کا اندیشہ ہو تو اس صورت میں اس اسم کو ۲۱ دن تک روزانہ سات ہزار مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ اس کے کام کا بہتر ذریعہ بنادیگا اور ذلت سے بچ جائے گا۔

۷۔ اس اسم کا وردایسے حاکم کے لیے بہت مفید ہے جو اپنے اقتدار کو دیر تک قائم رکھنا چاہے تو اسے چاہیئے کہ ایک ہزار مرتبہ روزانہ عشاء کی نماز کے بعد پڑھے تو لوگ اس کے خلاف نہ آواز بلند کریں گے اور نہ اس کے خلاف کوئی باغیانہ قدم اٹھائیں گے بلکہ اسے ہمیشہ عزت اور وقار کی نظروں سے دیکھیں گے۔

۸۔ ایسے پیران طریقت جن کی خواہش ہو کہ ان کے مریدوں میں اضافہ ہوتا چلا جائے۔ تو انھیں چاہیئے کہ اس اسم کو رمضان المبارک کے آخری عشرہ کے اعتکاف میں اکتالیس ہزار مرتبہ دن رات میں پڑھیں اور اسکے علاوہ اور کوئی وظیفہ نہ پڑھیں۔ انشاء اللہ ان کے ارادتمندوں میں بے پناہ اضافہ ہوگا ہر مرید محبت سے پیش آئے گا۔

۹۔ اگر کوئی اپنی ملازمت سے کسی غلطی کی بنا پر معطل ہو گیا ہو یا اسے خواہ مخواہ زبردستی برطرف کر دگیا ہو تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو روزانہ چالیس یوم تک ۲۱۲۵ مرتبہ پڑھے اور اللہ کے حضور اپنے گناہوں کی معافی مانگے انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ خطاؤں کو معاف کر کے ملازمت پر دوبارہ بحال کر دے گا۔

۱۰۔ اگر کسی شخص کو ملازمت چھوٹ جانے کا اندیشہ ہو تو اسے چاہیئے کہ نماز جمعہ کے بعد چند آدمی اکٹھے کرے اور اس اسم کو سوالا کھ مرتبہ پڑھائے اور ان میں شامل ہو کر خود بھی پڑھے۔ انشاء اللہ ملازمت سے معزول نہ ہوگا اور سات جمعہ تک عمل کرے۔

۱۱۔ جو تنہائی میں اسم اس قدر پڑھے کہ بے خود ہو جائے تو انشاء اللہ اس کے قلب پر انوار الٰہیہ ظاہر ہونے لگیں گے۔

۱۲۔ جو اس کو بکثرت پڑھے گا تو مخلوق کی آنکھوں میں عزیز بزرگ ہوگا۔

۱۳۔ جو صبح شام چار سو بار ہمیشہ پڑھتا رہے گا تو وہ انشاء اللہ چوپایوں کے کلام کو سننے اور سمجھنے لگے گا۔

۱۴۔ اگر کوئی شخص عشاء کی نماز کے بعد تین ہزار مرتبہ اس اسم کا ورد کرنا اپنا معمول بنالے تو وہ لوگوں کی نظر میں اعلیٰ مقام حاصل کرلیتا ہے۔

۱۵۔ کفار و مشرکین اور دشمنوں کو مغلوب کرنے کے لئے اس اسم پاک کا ورد کرنا نہایت مجرب ہے۔

۱۶۔ اس اسم پاک ذاکر خلق خدا کے دل کی دھڑکن بن جاتا ہے اور لوگوں میں معزز و معتبر ہو جاتا ہے۔

۱۷۔ جو شخص صبح و شام اس اسم پاک کو 2890 مرتبہ پڑھتا ہے تو وہ معاشرے کا ہر دل عزیز فرد بن جاتا ہے۔

۱۸۔ یاماجد کا ذاکر کرنے سے اللہ تعالیٰ اس بندے کو سدا خوش حال غنی مؤدب اور مشرف بنا دیتا ہے۔

۱۹۔ الماجد جل جلالہ وہ اسم مبارک ہے اس کا مدام ذکر کرنے والا لوگوں میں صاحب عزت اور پروقار بن جاتا ہے۔

۲۰۔ جو شخص ''یاماجد'' کا ورد کرنا اپنا معمول بنالیتا ہے اللہ تعالیٰ ہر طرح کی تہمت سے بچائے رکھتا ہے اور نکبت سے بھی محفوظ رکھتا ہے۔

۲۱۔ جو شخص 'یَامَاجِدُ'' کو وظیفہ اپنا لے اُسکا قلب منور ہو جاتا ہے اور اعمال کو مقبولیت حاصل ہوتی ہے۔

☆☆☆☆☆☆

اللہ تعالیٰ کا یہ اسم صفاتی ظاہر کرتا ہے کہ وہ اکیلا ہے جس کی ذات وصفات اور قدرت و حقوق میں کوئی شریک نہیں۔ وہ ذات اپنے افعال میں یکتا ہے اور کوئی اس کا ہمسر نہیں۔ اس کے علاوہ نہ کوئی خالق ہے اور نہ رازق۔ نہ مالک ہے اور نہ مجیب، نہ سمیع ہے اور نہ بصیر، نہ حاضر ہے اور نہ ناظر۔ نہ کوئی عالم الغیب ہے نہ دعاؤں کا سننے والا۔ الغرض وہ اپنی ہر صفت میں یکتا ہے اور اس کی صفات میں مشابہت ممکن نہیں۔ اللہ تعالیٰ کو وحدانیت اتنی محبوب ہے کہ ہر شے میں اس نے اپنی وحدانیت کو برقرار رکھا ہے۔ مسلمانوں کو چاہیئے کہ شرک سے بچیں اور توحید کو اپنی زندگی میں جاری وساری کریں۔

وظائف:

۱۔ جس مرد یا عورت کی تمنا ہو کہ اس کے ہاں اولاد نرینہ ہی پیدا ہو تو اسے چاہیئے کہ حمل ٹھہرنے کے بعد بچے کے پیدا ہونے تک اس اسم کو ۱۹۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھتا رہے اور ہر روز پڑھائی کے بعد سجدہ ریز ہو کر اللہ کے حضور اولاد نرینہ کی التجا کرے انشاء اللہ نیک بیٹا پیدا ہوگا۔

۲۔ ایک عامل کا قول ہے کہ جو شخص روزانہ ایک ہزار بار اس اسم کی تلاوت کرے گا اس کے دل سے تمام مخلوق کی محبت نکل جائے گی اور اللہ کی محبت پیدا ہو جائے گی۔

۳۔ اسم الٰہی الواحد جل جلالہ کا ورد وہ شخص کرے جس کو گندے خیالات آتے ہوں اور رات کے وقت نیند نہ آتی ہو تو سوتے وقت روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ خیالات فاسدہ ذہن میں پیدا نہیں ہوں گے۔ اگر کسی کا کوئی دشمن ہو تو اسے مقہور کرنے کے لیے اس ۲۱ دن تک روزانہ ۲۱۰۰ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ دشمن سے ہمیشہ محفوظ ہو جائیں گے۔ اسے کثرت سے پڑھنے سے قلبی فائدہ ہوتا ہے اور حصول معرفت کے راستے کھلتے ہیں۔ اور مخلوق پر غلبہ حاصل ہوتا ہے۔

۴۔ جو شخص عالم خواب میں اللہ کو دیکھنے کا شوق رکھتا ہو تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو روزانہ ۳۱۲۵ مرتبہ ۴۰ دن تک پڑھے انشاء اللہ اس کے دل میں حُب الٰہی پیدا ہوگی اور اسے خواب میں اللہ کے نور کا جلوہ نظر آئے گا۔

۵۔ جو شخص اس اسم کو ۱۲۱۶ مرتبہ روزانہ چالیس دن تک پڑھے گا وہ انشاء اللہ آفات اور بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔ ایسے ہی اگر کسی کے دل میں برے خیالات پیدا ہوتے ہوں تو اسے ایک سو مرتبہ بعد نماز فجر پڑھنا شروع کردے۔ انشاء اللہ دفاسد خیالات ختم ہو جائیں گے۔

۶۔ اگر کسی چور، دشمن یا ڈاکو کا خوف ہو تو اس اسم کو ایک سو مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ ڈر ختم ہو جائے گا۔

۷۔ اس اسم کو ۲۰۰۷ مرتبہ روزانہ چالیس دن تک پڑھیں۔ انشاء اللہ آپ اس کے عامل بن جائیں گے۔ اس کے بعد اس کا تعویذ دوسروں کو دے سکتے ہیں۔ تعویذ دیتے وقت سورۃ فاتحہ ایک بار اور آیت الکرسی ایک بار پڑھ کر تعویذ پر پھونک ماردیں۔ انشاء اللہ اثرات میں مزید تاثیر پیدا ہو جائے گی۔

۸۔ اگر کسی شخص کو چلہ کرنے کے بعد طبعیت پر خوف طاری رہنے لگے تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو تین ہزار مرتبہ گیارہ دن تک پڑھے۔ انشاء اللہ اس کے دل سے ہر طرح کا خوف اتر جائے گا اور اور دل میں اطمینان پیدا ہو جائے گا۔ لہٰذا یہ اسم چلے کی رجعت کو دور کرنے کے لیے بہت مجرب ہے۔

۹۔ جو شخص اس نام کو کثرت سے پڑھتا ہے اس کے دل سے دنیا کی محبت نکل جائے گی اور اس کا ایمان خدائے واحد پر بہت مستحکم ہو جائے گا۔

۱۰۔ اس اسم کو پڑھنے والا خدا کے سوا کسی کو اپنا دوست اور مہربان نہیں سمجھتا۔ ایسے شخص میں صبر اور شکر کرنے کا جذبہ بیحد پیدا ہو جاتا ہے۔

۱۱۔ جو کوئی اس اسم کو پڑھے گا تو وہ انشاء اللہ ظالم سے بچا رہے گا۔ بہترین وظیفہ یہ ہے !!

"بسم اللہ الواحد جل جلالہ"

۱۲۔ جو کوئی اس اسم کو نو مرتبہ پڑھ کر حاکم کے آگے جائے تو انشاء اللہ عزت و سرفرازی پائے گا۔

۱۳۔ جو کوئی روزانہ ایک ہزار مرتبہ ''اَلْواحِدُ الْاَحَدُ'' پڑھا کرے تو اس کے دل سے انشآء اللہ تعالیٰ مخلوق کی محبت اور خوف جاتا رہے گا۔

۱۴۔ اگر کسی شخص کو سانپ نے کاٹ لیا ہو تو اُس سے چاہیے کہ ایک سو ایک بار اَلْواحِدُ الْاَحَدُ پڑھ کر دم کرے تو انشاء اللہ سانپ کا کاٹا ہوا مریض تندرست ہو جائے گا۔

۱۵۔ جو تنہائی میں اسے ایک ہزار بار پڑھے گا تو انشاء اللہ وہ فرشتہ خصلت ہو جائے گا۔

۱۶۔ انسان کو چاہیے کہ وہ اللہ الواحد کی عبادت اور بندگی میں یگانہ ہو جیسے کہ اللہ تعالیٰ واحد اور یگانہ معبود حقیقی ہے۔

۱۷۔ اگر کوئی بے اولاد ہو تو میاں بیوی دونوں بکثرت اس اسم مبارک کا ورد کر کے دعا مانگتے رہیں تو اللہ الواحد انہیں اولاد کی نعمت عطا فرماتا ہے۔

۱۸۔ جو شخص ''یا واحد'' کا اکثر ذکر کرتا رہتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے دشمنوں اور مصیبتوں اور وساوس شیطانی سے بچائے رکھتا ہے بدسگال لوگوں کے شے سے وہ شخص بچا رہتا ہے۔

۱۹۔ اگر کوئی شخص خواب میں نور الٰہی کا دیدار کرنا چاہتا ہو تو اُسے چاہیے کہ روزانہ انیس ہزار مرتبہ اس اسم پاک کا ورد کرے تو انشاء اللہ بہت جلد با مراد ہو گا۔

۲۰۔ جو شخص ہر رات تہہ دل سے اس اسم کی 1280 مرتبہ تلاوت کرتا ہے تو وہ اللہ تبارک تعالیٰ کی بے شمار نعمتوں سے مستفید ہوتا ہے۔

۲۱۔ ''یا واحد'' کا ذکر کرنا بندے کو قوی، جرات مند، باحوصلہ اور بہادر بنا دیتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆

اے انسان تو گناہ اُس جگہ کر جہاں تجھے کوئی نہ دیکھے
مگر یاد رہے میر اللہ!! بڑا البصیر ہے۔ لہٰذا توبہ کر لے۔

قمری اعداد	۴۴
شمسی اعداد	۶۰۶

۶۸۔ الاحد جل جلالہ

جمالی ☆ آتشی

اللہ تعالیٰ کے اس صفاتی اسم کے معنی ہیں ایک یعنی ایک اکیلا اپنی ذات وصفات میں یکتا ۔اور کوئی اس کا ہمسر نہیں ۔اس ذات احد کے علاوہ کوئی مالک نہیں کوئی حاضر وناظر نہیں کوئی سمیع وبصیر نہیں وہ ذات اپنی ہر صفت میں یکتا ہے ہمیں چاہیئے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت یعنی احدیت کا اقرار کرتے رہیں۔

وظائف:

۱۔ جو کوئی ''یا احدُ یا اللہ'' کو روزانہ ۱۰۰۰ مرتبہ پڑھ گا اس کے دل سے مخلوق کی محبت اور خوف جاتا رہے گا۔

۲۔ اگر کوئی شخص ''بسم اللہ الاحدُ جل جلالہ'' بعد نماز فرض پڑھے اور سجدے میں جو بھی دُعا مانگے قبول ہوگی۔

۳۔ چلتے پھرتے کثرت کیساتھ ''یا اللہ یا احد یا اللہ'' یا پھر ''یا احدُ یا اللہ'' پڑھے گا اُس کی تمام مرادیں پوری ہوں گی۔

۴۔ بعد نماز فرض اس اسم مبارک کو ۷۰ مرتبہ پڑھ حصول اولاد کیلئے دُعا مانگیئے قبول ہوگی۔

۵۔ میاں بیوی میں محبت کیلئے ۷۰۰ مرتبہ بعد نماز تہجد پڑھیئے۔

۶۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو یہ دُعا مانگتے ہوئے سنا تو فرمایا اس شخص نے اللہ تعالیٰ سے اس اسم اعظم کے ذریعہ دُعا کی ہے جس کے ذریعے جب مانگا جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ عطا فرماتا ہے۔(ابوداؤد و ترمذی)

اَللّٰھُمَّ اِنِیَ اَسْئَلُکَ بِاَنِّیَ اَشْھَدُ اَنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَااِلٰہَ اِلَّااَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْوَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔

۷۔ بعد نماز اشراق و چاشت یا پھر صلوٰۃ التسبیح ۳۰۰ مرتبہ یا احدُ یا اللہُ پڑھ کر روزگار کیلئے دُعا مانگیئے دُعا قبول ہوگی۔

۸۔ ''یا اللہ الاحد جلّ جلالہ'' بعد نماز فجر و عصر اور عشاء ۳۰۰ مرتبہ پڑھ کر خوب عاجزی کیساتھ امتحان میں کامیابی کیلئے دُعا مانگیئے کامیابی نصیب ہوگی۔

۹۔ مقدمہ میں کامیابی کیلئے بعد نماز چاشت ۷۰۰ یا ۱۰۰۱ مرتبہ یا اللہ الاحد الغنی پڑھیں۔

۱۰۔ بسم اللہ الاحد جلّ جلالہ کرم کُن برحمتک یا ارحم الرّاحمین بعد نماز تہجد ۷۰ مرتبہ پڑھ کر جو بھی دُعا مانگیں گے قبول ہوگی۔

۱۱ اس اسم کا ورد کرنے والا کبھی پریشان نہیں ہوتا ہے۔

۱۲۔ آب زمزم یا آب رواں پر ۷۰۰ مرتبہ اس اسم کو پڑھ کر مریض کو یہ آب پلائیں شفا ملے گی۔

۱۳۔ جسمانی درد دور کرنے کے لئے بعد نماز فرض ۷۰ مرتبہ اس اسم کو پڑھیئے۔

۱۴۔ دفع ء جادو ٹونہ سفلی و نوری کے لئے بعد نماز فرض ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں اور دم کر کے اس اسم کے تعویذ کو گلے میں ڈالیں۔

۱۵۔ دفع ء آسیب و جنات کے لئے بعد نماز فرض ۳۰۰ مرتبہ پڑھیں اور دم کر کے اسی اسم کا تعویذ مریض کے گلے میں ڈالیں۔

۱۶۔ دفع ء نظر و بد و حسد کے لئے بعد نماز فرض ۷۰ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اسی اسم کا تعویذ مریض کے گلے میں ڈالیں۔

۱۷۔ ''بسم اللہ الاحد جل جلالہٗ ۳۰۰ مرتبہ لکھ کر گھر یا دوکان میں فریم کروا کے لگائیں خوب خیر و برکت و اضافہ ہوگا۔

۱۸۔ گناہوں سے توبہ اور آئندہ بچنے کے لئے بعد نماز فرض ''یا اللہُ الاحدُ یا غفّارُ الستّارُ'' ۲۱ یا ۴۱ یا پھر ۷۰ مرتبہ پڑھا کریں۔

۱۹۔ تسخیر الخلائق کے لئے ''یا اللہُ الاحد ادرکنی برحمتک یا ارحم الرّاحمین بعد نماز تہجد ۱۰۰۱ یا ۷۰۰ مرتبہ پڑھیں۔

۲۰۔ حصول مرشد کے لئے بعد نماز فرض اس اسم کو ۷ یا ۱۰۰۰ مرتبہ پڑھیں۔

۲۱۔ تمام مقاصد کے حصول کے لئے بعد نماز تسبیح (صلوٰۃ التسبیح) اس اسم کو اسمِ ذات کے ساتھ ۳۰۰ یا ۷۰۰ یا ۱۰۰۱ مرتبہ پڑھ کر دُعا مانگیئے دُعا قبول ہوگی۔

☆☆☆☆☆☆

قمری اعداد	۱۳۵
شمسی اعداد	۱۱۵۹

۶۹۔ الصمد جل جلالہ

جمالی ☆ خاکی

اس صفاتی نام سے مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے۔ وہ کسی کا محتاج نہیں اور سب اس کے محتاج ہیں۔ تمام مخلوق اپنی حاجتوں کو پورا کرنے کے لیے اور مصیبت کے وقت اسی ذات کو پکارتی ہے۔ خود وہ انسانی ضرورتوں اور کھانے پینے سے بے نیاز ہے۔ آفات اور مصائب سے پاک ہے۔ اس کے لیے کبھی فنا نہیں۔ انسان کو چاہیئے کہ تمام مخلوق سے بے نیاز ہو کر خدا سے لو لگائے اور حاجت مندوں اور ضعیفوں کی مدد کرے۔

وظائف:

۱۔ جو شخص اس اسم کو سات ہزار مرتبہ روزانہ پڑھنے کا معمول بنالے تو وہ دنیا کے دھندوں سے بے نیاز ہو جائے گا۔ اس کی ہر ضرورت اللہ تعالیٰ پوری فرمائے گا اور اس کی جیب کبھی خالی نہ رہے گی۔ جب بھی اسے کبھی کوئی مالی ضرورت درپیش ہوگی تو کہیں نہ کہیں سے اس کی ضرورت پوری ہو جائے گی۔ یا صمد کثرت سے پڑھنے والا مخلوق سے بے نیاز ہو جاتا ہے۔ اسے کوئی غم و خوف نہیں رہتا۔

۲۔ جو شخص شانِ صمدیت کا مندرجہ ذیل وظیفہ ۹۰۰۰ مرتبہ روزانہ ۴۰ دن تک پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کی تمام حاجات اور غرض پوری فرمائے گا۔ اگر کوئی شخص فسق و فجور، بدکاری، شراب، نشہ غرضیکہ جس قسم کی بھی برائی میں ملوث ہو تو پانی دم کر کے پلا دیں۔ انشاء اللہ وہ برائی چھوڑ دے گا۔ اگر میاں بیوی میں ناموافقت ہو جائے تو اس وظیفہ کو گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر انہیں پانی دم کر کے پلا دیں۔ انشاء اللہ موافقت ہو جائے گی۔ وظیفہ یہ ہے۔ بسم اللہ، اللہ الصمد جل جلالہ

۳۔ جو شخص اپنی زندگی میں سچائی کو اپنا کر اس اسم کو روزانہ تہجد کے وقت۔ تہجد نوافل کے بعد گیارہ سو مرتبہ ہمیشہ پڑھنے کا معمول بنالے تو اللہ تعالیٰ اسے ہر غم و پریشانی سے بے نیاز کر دے گا۔

۴۔ یہ اسم صاحب کشف بننے کے لیے بہت اکسیر ہے۔ جو شخص اسے گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ طویل کھول دے گا۔ اسے باطنی اسرار کا مشاہدہ ہوگا۔

۵۔ اگر اسم صمد کو کوئی ساری عمر پڑھتا رہے تو اسے کسی چیز کی کمی نہیں رہے گی اور وہ اللہ کا بندہ بن جائیگا۔

۶۔ اس اسم کا عامل بننے کے لیے اس اسم کو ۸۰ دن تک روزانہ دس ہزار مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ آپ اس کے عامل بن جائیں گے۔ اس کے بعد اس اسم کا نقش اضافہ رزق، بھوک اور افلاس دور کرنے کاروبار میں خیر و برکت۔ دوسروں کو تابع کرنے۔ کسی کو بُری عادت سے ہٹانے کے لیے ۔غرضیکہ ہر ایسا کام جس میں بے نیاز کا دخل ہو۔ کے لیے دے سکتے ہیں۔ انشاء اللہ نقش مفید ثابت ہوگا۔

۷۔ جو شخص باوضو اس اسم کا ورد جاری رکھے تو وہ انشاء اللہ مخلوق سے بے نیاز ہو جائے گا۔

۸۔ جو کوئی یہ اسم ایک سو چونتیس بار پڑھے آثار وحدانی ظاہر ہوں اور انشاء اللہ کبھی بھوکا نہ رہے گا۔

(بسم اللہ الصمد جل جلالہ)

۹۔ اگر کوئی شخص اس اسم پاک کا 124 مرتبہ ورد کرتا ہے تو وہ دنیا والوں سے بے نیاز ہو جاتا ہے۔

(بسم اللہ الصمد جل جلالہ)

۱۰۔ اس اسم مبارک کا روزانہ ایک ہزار تین مرتبہ ورد کرنے سے انسان کسی کا محتاج نہیں ہوتا۔ تنگدستی اور پریشانیوں سے محفوظ رہتا ہے۔

۱۱۔ اگر کوئی شخص کسی مصیبت میں گرفتار ہو یا کسی ظالم کے پنجے میں پھنس چکا ہو، اسے چاہیے کہ وہ ''یا صمد'' کا ورد کرتا رہے تو انشاء اللہ جلد نجات پا جاتا ہے۔

۱۲۔ رزق روزی میں برکت کے لئے اور کاروبار میں خیر و برکت اور ترقی کی خاطر ''یا صمد'' کا ورد کرنا بے حد مؤثر اور مفید ہوتا ہے۔

۱۳۔ ''یا صمد'' کا جو شخص اکثر ورد کرتا رہے گا تو اللہ تعالیٰ اسے نیکی کی جانب مائل رکھے گا۔

۱۴۔ ''یا صمد'' کا مدام ذکر کرنے والا سدا اللہ تعالیٰ کی پناہ میں رہتا ہے اور ہر طرح کی مشکلات اور پریشانیوں اور مسائل سے بچا رہتا ہے۔

۱۵۔ اگر کوئی شخص ''اللہ الصمد'' کا ہر روز گیارہ بار ورد کرے تو اللہ تعالیٰ اسے صاحب کشف بنا دیتا ہے اور اسے عالی مقام بھی عطا کرتا ہے۔

۱۶۔ اگر کوئی شخص نماز تہجد ادا کرنے کے بعد ایک سو اکیس بار روزانہ ''یا صمد'' کو پڑھنا اپنا معمول بنالے تو اللہ تعالیٰ ایسے شخص کی تمام مرادیں پوری فرما دیتا ہے۔

۱۷۔ اگر کوئی آدمی عشاء کی نماز کے بعد ''یَاصَمَدُ'' کا ایک سو پندرہ مرتبہ ورد کرے اور اس عمل کو اپنا معمول بنالے تو وہ ہمیشہ ظالم کے شر سے محفوظ رہے گا۔

۱۸۔ جو کوئی اس اسم کو بکثرت پڑھے گا تو اس کی مشکلیں آسان ہو جائے گی۔

۱۹۔ جو اسے ہزار بار پڑھا کرے گا تو دشمن پر انشاء اللہ فتح پائے گا۔

۲۰۔ قرض کی ادائیگی کیلئے ہر نماز کے بعد ۱۴۱ مرتبہ ''یَـا صَـمَـدُ'' پڑھیں تو انشا اللہ قرض کی ادائیگی آسان ہو جائیگی۔

۲۱۔ بسم اللہ، اللہ الصمد جل جلالہ تمام مقاصد کے حصول کیلئے بہت مجرب ہے۔

☆☆☆☆☆☆

قمری اعداد	۳۳۶
شمسی اعداد	۸۲۰

۷۰۔ القادر جل جلالہ

جلالی ☆ آتشی

اس نام کا مطلب ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر کام کے کرنے کی طاقت اور قوت رکھتا ہے۔ یہ لفظ قدور سے بنا ہے۔ گویا قادر وہ ذات ہے جس کا حکم بغیر کسی وسطے کے فائد ہو اور اس کے نفاذ میں وہ عاجز نہ ہو۔ بعض علماء کا خیال ہے کہ قادر وہ ذات ہے جو معدوم کو وجود میں لانے اور موجود کو معدوم کرنے پر قدرت رکھتی ہو۔ وہ اپنے میں مختار ہے، چاہے وہ اس کام کو کرے یا نہ کرے۔ وہ ہر شے کی پیدائش پر قدرت رکھتا ہے اور اس میں کسی کا محتاج نہیں۔ اس لیے انسانوں کو چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ کے اس صفاتی نام کی مناسبت سے اپنے نفس پر قابو حاسل کریں اور اس قادر مطلق کی اطاعت میں زندگی بسر کرنے کی کوشش کریں۔

وظائف:

۱۔ جو شخص اس اسم کو روزانہ ۳۰۵ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو اللہ کی مدد ہر وقت اس کے ساتھ رہے گی۔ ایسے وقت میں جبکہ اپنے بیگارنے غربت یا بیماری کی بنا پر ساتھ چھوڑ جاتے ہیں۔ اس حال میں اس اسم کو پڑھنے سے اللہ تعالیٰ بھرپور مدد فرماتا ہے۔ خاص کر بیماری سے جب کوئی خاصا کمزور ہو گیا ہو تو اس اسم کے پڑھنے سے اس کے جسم کی قوت بحال ہو جائے گی اور صلہ حاصل ہو گا۔

۲۔ اس اسم کا ایک وصف یہ بھی ہے کہ اسے پڑھنے والے پر اسرار قدرت کھلتے ہیں۔ وہ بھی باتیں جو اللہ کے قبضہ قدرت میں ہیں اللہ تعالیٰ ان کے باطنی اسرار ظاہر کرے گا۔ بشرطیکہ پڑھنے والا طالب صادق ہو اور کسی ولی اللہ سے نسبت رکھتا ہو۔

"بسم اللہ القادر جل جلالہ"

۳۔ اس اسم کا ایک وصف یہ بھی ہے کہ اسے پڑھنے والے پر اسرار قدرت کھلتے ہیں۔ وہ بھی باتیں جو اللہ کے قبضہ قدرت میں ہیں اللہ تعالیٰ ان کے باطنی اسرار ظاہر کرے گا۔ بشیر طیکہ پڑھنے والا طالب صادق ہو اور کسی ولی اللہ سے نسبت رکھتا ہو۔

۴۔ یہ اسم سیف زبان ہونے کے لیے بہت اکسیر ہے، جو شخص اسے ۲۵۰۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے کا معمول بنالے گا اس کی زبان سیف ہو جائے گی۔ بشرطیکہ سات سال تک اس عمل کو جاری رکھے۔ انشاء اللہ وہ سیف زبان ہو جائے گا۔ اس کی زبان سے جو لفظ نکلے گا وہ بارگارب العزت مین قبول ہوگا۔

۵۔ اگر کوئی ظالم اور دشمن پکڑ کر زیادتی کرنا چاہتا ہو اور اپنی ھرادت مین لینا چاہتا ہو، تو اس اسم کو پرھنا شروع کر دیں اور وقت تک پڑھتے رہیں جب تک دشمن کا خوف ہو۔ انشاء اللہ اسے پڑھنے والا دشمن اور ظالم کے پہنچے سے محفوظ رہے گا۔ اگر کوئی شخص روزانہ ایک سو مرتبہ ''یا قادر'' پڑھتا ہو تو وہ اللہ کی رحمت سے دشمن سے اللہ کی پناہ میں رہے گا۔

۶۔ یہ اسم مشکل سے مشکل کام کو آسان کرنے کے لیے بہت مجرب ہے لہذا جب کسی شخص کو کوئی مشکل یا مہم در پیش آجائے تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو کثرت سے پڑھنا شروع کر دے اور اسے وقت تک اس کا ورد جاری رکھے جب تک مشکل حل نہ ہو جائے۔ انشاء اللہ اس اسم کی برکت سے مشکل حل ہوئے گی۔

۷۔ ہر نماز کے بعد اس اسم کو ۳۳ مرتبہ پڑھ لینے سے اللہ کی رحمت اور قدرت شامل حال رہتی ہے لہذا ہر نمازی کے لیے اس اسم کا پڑھنا بہت مفید ہے۔

۸۔ اس اسم کا نقش دنیاوی کاموں کے لیے بہت مجرب ہے مگر اس سے پہلے اس کا عمل کر لیں۔ اس کے عمل کا طریقہ یہ ہے کے خلوت میں بیٹھ کر اس اسم کو ۴۰ دن تک روزانہ ۹۲۷۵ مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد اس کا تعویذ تمام کاموں کے لیے استعمال میں لائیں۔ انشاء اللہ بیحد فوئدہ ہوگا۔

۹۔ جو اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے تو انشاء اللہ جمیع آفات سے بچا رہے گا۔

۱۰۔ اگر مشکل پیش آئے تو اکتالیس بار پڑھے وہ کام انشاء اللہ درستی پا کر آسان ہو جائے گا۔

۱۱۔ اس اسم پاک کا ذاکر کبھی غصہ نہیں کرتا وہ نفس کو شکست دے دیتا ہے اور شیطانی وسوسوں سے محفوظ رہتا ہے۔

۱۲۔ جو شخص روزانہ ۱۱۱ مرتبہ اس اسم پاک کی تلاوت کرتا ہے اس کا ہر کام آسان ہو جاتا ہے۔

۱۳۔ سردی کے موسم میں لاحق ہونے والے امراض کے لئے یہ اسم پاک نہایت مجرب ہے نیز بڑھے تلی کے امراض کے لئے بھی بہت مفید ہے۔

۱۴۔ جو شخص خون کی کمی کا شکار ہو تو اُسے چاہیے کہ بکثرت اس اسم پاک کا ورد کرے۔ تو انشاء اللہ کمی دُور ہو جائے گی۔

۱۵۔ اگر اس اسم کو زعفران ورد گلاب سے لکھ کر کسی حاملہ خاتون کو پلا دیا جائے تو حمل محفوظ رہے گا۔

۱۶۔ اگر کوئی آدمی وضو کے دوران اس اسم پاک کو پڑھے تو اُس کا دشمن کبھی بھی اُس پر غالب آسکتے ہیں۔

۱۷۔ یا قادر کا ورد کرنے والا سدا اپنے نفس پر قادر رہتا ہے، بے جا غصے میں وہ نہیں آتا۔ نفس اور شیطان اس پر کبھی غالب نہیں آسکتا۔

۱۸۔ بکثرت ''یا قادرُ'' پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ سدا اپنا تحفظ فراہم کیے رکھتا ہے۔

۱۹۔ ''یَــا قَــادِرُ'' جو شخص اس اسم کا ورد کرے گا تو انشاء اللہ اُس کی تمام مُرادیں پوری ہو جائیں گی۔

۲۰۔ وضو کرتے ہوئے تین تین مرتبہ ''یَـا قَـادِرُ'' پڑھنے سے ناجائز مقدمات سے نجات ملتی ہے۔

۲۱۔ بسم اللہ القادر جل جلالہ تمام مقاصد کیلئے لاجواب ہے۔

☆☆☆☆☆☆

قمری اعداد	۷۷۵
شمسی اعداد	۱۴۲۲

۷۱۔ المقتدر جل جلالہ

جلالی ☆ آتشی

اللہ تعالیٰ کے اس صفاتی نام کا مطلب ہے کہ وہ ہر چیز پر پورا اقتدار رکھنے والا ہے اور کسی کام میں مجبور نہیں بلکہ ہر شے پر مسلط ہے۔ اس لفظ کا تعلق قدر اور اقتدار سے ہے۔ گویا مقتدر وہ ذات ہے جو تمام موجودات کا انتظام اور اصلاح کرتی ہوحتیٰ کہ اس کے علاوہ کوئی اس انتظام پر قادر نہ ہو۔ لفظ مقتدر میں قادر سے زیادہ مبالغہ پایا جاتا ہے۔ انسان کو قادر مطلق کی طرف سے جو قدرت عطا ہوتی ہے، وہ ناقص ہوتی ہے اور اس ناقص قدرت میں بھی وہ خدا کا محتاج ہے۔ لہٰذا ہمیں چاہیئے کہ ہر کام میں ذات خداوندی پر بھروسہ رکھیں۔

وظائف:

۱۔ اس اسم کا ذکر شفائے امراض کے لیے بہت ہی اکسیر ہے۔ لہٰذا امراض کی شفایابی کے لیے اس اسم کو روزانہ ۱۰۰ مرتبہ پڑھ کر پانی دم کرے مریض کو گیارہ دن تک پلائیں۔ انشاء اللہ صحت یابی حاصل ہوگی۔ اگر مریض یہ وظیفہ خود پڑھے تو زیادہ بہتر ہوگا۔

۲۔ اقتدار خواہ سیاسی ہو یا سماجی یا کسی بھی شعبے میں ہو اسے حاصل کرنے کے لیے اس کا ورد مجرب ہے۔ اس لیے جو شخص الیکشن میں کسی نشست کے لیے انتخاب لڑ رہا ہو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو روزانہ ۲۰۷۳ مرتبہ گیارہ دن تک پڑھے۔ انشآء اللہ الیکشن میں کامیاب ہوگا اور اقتدار حاصل ہوگا۔

۳۔ ''یامُقْتَدِرُ'' جو شخص اس اسم کا ورد کرے گا وہ اصل حقیقت سے آگاہ ہوجائے گا۔

۴۔ اس اسم مبارک ''یا مقتدر'' کا ورد کرنے والا تبارک وتعالیٰ کا محبوب بن جاتا ہے اور سدا نیکیوں کی طرف مائل رہتا ہے۔

۵۔ جو کوئی اس اسم کو پڑھا کرے تو انشاء اللہ اس کا دشمن مقہور ہوگا اور ذلیل وخوار بھی ہوگا۔

جامع وظیفہ: ''بسم اللہ المقتدر جل جلالہ''

۶۔ ہر شخص کی زندگی میں کبھی ایسا مشکل وقت بھی آجاتا ہے جب اپنے بیگانے اور دوست احباب سب ساتھ چھوڑ جاتے ہیں۔ تو ایسے مشکل وقت میں صرف اللہ کی ذات ساتھ دیتی ہے۔ اور اسے اس اسم کو ذریعے پکارنے سے مشکل سے مشکل کام بھی حل ہو جاتا ہے لہٰذا جس شخص کو کوئی مشکل درپیش ہو تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو دن رات پڑھنے لگے۔ اگر ہو سکے تو اکیس ہزار کی تعداد روزانہ پوری کرے اور اس وقت تک پڑھتا رہے جب تک کہ مشکل حل نہ ہو۔ انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ اس اسم کی برکت سے مشکل سے مشکل کام بھی حل ہو جائے گا۔

۷۔ اس اسم میں دشمن اور ظالم پر غلبہ پانے کی بھی بہت تاثیر ہے چنانچہ ظالم کو ظلم سے باز رکھنے کے لیے اور دشمن کو زیر کرنے کے لیے اس اسم کو جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب میں بعد نماز عشاء سات ہزار مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد ظالم کے ظلم سے بچنے کی دعا کریں انشاء اللہ دشمن اور ظالم پر غلبہ حاصل ہوگا۔

۸۔ جو شخص اس اسم کا عامل بننا چاہے تو اسے چاہیئے کہ گرم اشیاء سے پرہیز کر کے کسی جمعرات سے اس اسم کا ورد شروع کرے اور بعد نماز عشاء ۶۲۵۰ مرتبہ روزانہ چار ماہ یعنی ۱۲۰ دن تک پڑھے۔ اس میں جگہ کی پابندی نہیں۔ جہاں چاہے پڑھ سکتا ہے۔ البتہ ناغہ نہیں ہونا چاہیئے اگر ناغہ ہو جائے تو پڑھائی کو پھر سے شروع کرے۔ چلہ مکمل ہونے پر آپ اس کے عامل بن جائیں گے۔ پھر آپ اسے روزانہ ایک سو ایک مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لیں تا کہ عمل قائم رہ سکے اس کے بعد اس اسم کا نقش آپ مشکل کام کے حل کے لیے دوسروں کو دے سکتے ہیں۔

۹۔ جس شخص کو نیند بہت آتی ہو، اسے نقش پاس رکھنے کے لیے دے دیں۔ انشاء اللہ نیند معمول کے مطابق ہو جائے گی۔ اگر لیڈر کا سکہ نہ جمتا ہو تو اس نقش کو اسے دیں اور جیب میں رکھنے کی تاکید فرمائیں۔ انشاء اللہ ہمیشہ صاحب اقتدار رہے گا۔

۱۰۔ جو کوئی اس نام کو توجہ کے ساتھ اکثر پڑھتا رہے تو انشاء اللہ اسکی غفلت دور ہو جائی گی۔

۱۱۔ اس اسم پاک کا ذاکر غریب، بے بس اور لاچار لوگوں کے لئے مسیحا بن جاتا ہے۔

۱۲۔ اس اسم مبارک کا ورد کرنے والا بفضل تعالیٰ کسی کام کو کبھی مشکل نہیں پاتا اللہ تعالیٰ اس کی تمام مشکلات حل کر دیتا ہے۔

۱۳۔ جو شخص اس اسم پاک کا اکثر ورد کرتا رہتا ہے تو اللہ و تبارک تعالیٰ اس کی سستی اور کمزوری دور کر دیتا ہے اسے یکسوئی کی دولت عطا فرماتا ہے اور نفس پر اختیار بخش دیتا ہے۔

۱۴۔ اگر کوئی شخص سست ہو اور بہت زیادہ سوتا ہو تو اسے چاہیے کہ اس اسم مبارک کا ورد اختیار کرے چند ہی دنوں میں سستی دور ہو جائے گی اور نیند میں بھی خرابی پیدا نہیں ہو گی۔

۱۵۔ اس اسم کا ورد کرنے رو دو والا دوسروں کی مدد اور اعانت کرنے میں راحت اور خوشی محسوس کرتا ہے۔

۱۶۔ اگر کوئی شخص ہر روز بیس بار اٹھتے بیٹھتے ''یا مقدر'' پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے سارے کاموں اور امور میں خلوص پیدا فرما دیتا ہے۔

۱۷۔ جو شخص ہر نماز کے بعد 744 بار اس اسم پاک کا ورد کرتا ہے تو اس کی طبیعت میں جلال پیدا ہو جاتا ہے اور وہ خلق خدا پر غالب آ جاتا ہے لوگ اس کی ذات سے مرتوب ہو جاتے ہیں۔

۱۸۔ اگر کوئی شخص ایک ہزار ایک بار ''یا مقتدر'' نماز کے بعد پڑھے اور اپنے پروردگار سے دعا کرے تو اللہ اس کی ہر دعا قبول فرماتا ہے اسی طرح اگر ۱۰۰ بار نماز عصر کے بعد پڑھے تو اللہ اس کے دشمنوں کو بھی زیر کر دیتا ہے۔

۱۹۔ تاثیر اس نام کی یہ کہ اس کا پڑھنے والا اپنی تاثیر پہنچانے کمزور لوگوں کی اعانت کرنے میں نہایت سرگرم رہے گا۔

۲۰۔ اگر کسی کو کوئی دشمن تنگ کرتا ہو تو اسے اس کا نقش دیں اور اسے کہیں کہ وہ اسے آبادی سے باہر ایسے مقام پر رکھے جہاں سورج کی گرمی اسے پہنچ سکے۔ انشاء اللہ دشمن مغلوب ہو گا۔

۲۱۔ بسم اللہ المقتدر جل جلالہ تمام مقاصد کے حصول کیلئے نہایت مجرب ہے۔

☆☆☆☆☆☆

قمری اعداد	۲۱۵
شمسی اعداد	۲۰۰۹

۲۷۔ المقدم جل جلالہ

مشترکہ ☆ آتشی

اللہ تعالیٰ کے اس صفاتی نام کا مطلب ہے بعض اشیاء کو بعض پر اولیت دینے والا۔ اس لفظ کا تعلق تقدم سے ہے جس کے معنی ہیں۔ بہت پیش قدمی کرنا یا پہلے ہونا۔ گویا مقدم سے مراد ہے اسباب کو مسبب پر اولیت دینے والا جیسا کہ یہ باپ کو بیٹے پر یا اپنی قربت اور عزت کسی شخص کو دوسرے پر فضیلت دینا مثال کے طور پر اللہ تعالیٰ نے بعض انبیاء اور صالحین کو دوسروں پر فضیلت عطاء کی۔ لہٰذا انسان کا فرض ہے کہ خدا تعالیٰ سے رحمت کا امیدوار رہے کیونکہ وہ مقدم ہے۔

وظائف:

۱۔ میدان جنگ میں مجاہدین اسلام اس اسم کو اگر کثرت سے پڑھیں تو انھیں جنگ میں پیش قدمی حاصل ہوگی اور وہ کافروں کی فوج پر غالب رہیں گے۔ اس کے علاوہ جنگ کی دہشت ناک تکالیف سے محفوظ رہیں گے اس لیے یاد رکھو کہ جب بھی جنگ سے واسطہ پڑے تو اس اسم کو ضرور پڑھیں۔

بسم اللہ المقدم جل جلالہ (بہترین وظیفہ)

۲۔ ایسے اہل طریقت جو منازل فنا عبور کر چکے ہوں اور مقام بقا میں ہوں۔ اگر وہ اپنے اس مقام پر اس اسم کا کثرت سے ورد کریں تو ان کے روحانی درجات بلند ہوں گے اور اہل دنیا بھی انھیں عزت کی نگاہ سے دیکھیں گے اور اس اسم کا ذکر جس شخص کے لیے اللہ کے حضور دعا کرے گا اسے فضیلت اور سبقت حاصل ہوگی۔

۳۔ اگر اس اسم پاک کو 100 مرتبہ وظیفے کی نیت سے پڑھنا اپنا شعار بنالیا جائے تو نفس اللہ تبارک وتعالیٰ کی تابعداری و فرمانبرداری سیکھ لیتا ہے۔

۴۔ جو شخص ہر وقت یا مقدم کا ورد رکھے گا وہ انشاء اللہ اللہ تعالیٰ کا مطیع وفرمانبردار بن جاتا ہے۔

۵۔ بعض اوقات ملک میں اجتماعی طور پر ہنگامے ہونے لگتے ہیں۔ فتنہ وفساد پھیلتا ہے۔ بلوے ہوتے ہیں۔ کشت وخون کا خطرہ پیدا ہو جاتا ہے۔ غنڈہ گردی ہونے لگتی ہے۔ ایسے حالات میں اپنی عزت اور جان کی حفاظت کے لیے اس اسم کو پڑھنا بہت مفید ہے انفرادی طور پر انسان اس کا کم از کم گیارہ سو مرتبہ وردر کھے اور جب تک خطرہ رہے پڑھتا رہے۔ اجتماعی طور پر چند آدمیوں کو اکٹھا کر کے اس اسم کو ۱۲۵۰۰۰ مرتبہ پڑھا جائے۔ انشاء اللہ ہر تکلیف اور شر کا خطرہ ٹل جائے گا۔

۶۔ اس اسم کے ذاکر کو ملازمت میں بہت جلد ترقی حاصل ہوتی ہے: اگر کسی شخص کے عہدہ کی ترقی افسرانِ بالا نے روک دی ہو تو اس صورت میں اسے چاہیئے کہ اس اسم کو ۱۸۴ مرتبہ روزانہ اکیس دن تک پڑھے۔ انشاء اللہ ترقی مل جائے گی۔ اگر کسی ملازم کو برطرف بھی کر دیا گیا ہو تو اسے پڑھنے سے ملازمت بحال ہو جاتی ہے۔

۷۔ جو شخص اس اسم کا عامل بننا چاہے تو اسے چاہیئے کہ ایک مقام مقرر کرے اور ایک وقت بھی مقرر کر لے زیادہ بہتر عشاء کے بعد کا وقت ہے اور اس اسم کو روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ ایک سو دن تک پڑھے جب چلہ ختم ہو تو اللہ کی راہ میں شیرینی تقسیم کرے۔ اور بعد ازاں اس اسم کو روزانہ ۱۱۱ مرتبہ پڑھتا رہے۔ آپ جب اس کے عامل بن جائیں گے تو پھر آپ اسے گیارہ مرتبہ پڑھ کر اس کا نقش جسے دیں گے اسے ہر کام میں تقدیم حاصل ہو گی یعنی امتحان دینے والا کو کامیابی حاصل ہو گی۔ ملازمت میں ترقی ہو گی۔ جو بچہ نماز پڑھنے میں کوتاہی کرتا ہو وہ انشاء اللہ نماز پڑھنے لگے گا۔ اگر کسی کو کسی کا تابعدار کرنا ہو تو بھی اس اسم کا نقش کام کرے گا یا شیرینی پر دم کر کے کھلا دیں تو کھانے والا تابعدار ہو جائے گا۔

۸۔ جو کوئی اس اسم کو کثرت سے پڑھے گا دشمن پر انشاء اللہ غالب رہے گا اور اطاعت الٰہی میں اس کا نفس فرمانبردار ہو گا۔

۹۔ اس اسم مبارک ''المقدم'' کی سب سے بڑی فضیلت یہی ہے کہ اس کا ورد کرنے والا اللہ تعالیٰ کا مقرب بن جاتا ہے اور اکثر امور اور معاملات میں تقدیم کا مستحق رہتا ہے۔

۱۰۔ ''یا مقدم'' کا ورد کرنے والا کبھی اپنے نفس کے ہاتھوں زچ اور مجبور نہیں ہوتا۔ وہ طاعت الٰہی میں فعال اور فرنبردار ہو جاتا ہے۔

۱۱۔ اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کو کسی کھانے والی چیز پر دم کر کے دشمن کو بھی کھلا دے تو وہ دشمنی ترک کر کے دوست بن جاتا ہے۔

۱۲۔ اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کو ایک ہزار بار پڑھ کر اللہ سے دعا کرے تو اللہ اسے نفس پر سدا غالب رکھتا ہے ایسا شخص گمراہی اور کفر سے بچا رہتا ہے۔

۱۳۔ سفر کی مشکلوں او صعوبتوں سے بچنے کے لئے اس اسم مبارک کا ورد کرنا بے حد مفید اور موثر ہوتا ہے۔

۱۴۔ اگر کوئی شخص تنہائی سے خوف کھاتا ہو تو اُسے چاہیے کہ اس اسم پاک کی کثرت سے تلاوت کرے تو انشاء اللہ اُس کا ڈر اور گھبراہٹ دُور ہو جائے گی۔

۱۵۔ ہر نماز کے بعد تہہ دل سے 178 بار یہ اسم پڑھنے والا شخص زندگی کے ہر میدان میں کامیاب ہوتا ہے۔

۱۶۔ اگر کوئی شخص عروج ماہ کی ساعت سعد میں اس اسم مبارک کو چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کروا کے پہن لے تو وہ زندگی میں کبھی مایوس نہ ہوگا۔

۱۷۔ اگر کوئی شخص ''یا مقدم'' کو لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو مشکلات سے بچائے رکھتا ہے۔ معرکہ حق و باطل میں کامیابی بخشتا اور رنج والم سے محفوظ رکھتا ہے۔

۱۸۔ اگر جنگ میں ''یَامُقَدِّمُ'' پڑھا جائے اور لکھ کر پاس بھی رکھا جائے تو ذرا تکلیف نہ ہو اور استقامت نصیب ہوگی۔

۱۹۔ اس مبارک نام کا کثرت سے ورد کرنا نیک کاموں میں جلدی اور سبقت کرنے کی خصلت پیدا کرتا ہے۔

۲۰۔ اگر کسی شخص کو اپنی طرف متوجہ کرنا ہو تو شیرینی پر ۹ مرتبہ دم کر کے کھلانے سے متوجہ ہوگا۔

۲۱۔ بسم اللہ المقدم جل جلالہ کا وظیفہ تمام مقاصد کے حصول کیلئے مجرب ہے۔

قمری اعداد	۸۷۷
شمسی اعداد	1918

۷۳۔ المؤخر جل جلالہ

مشترک ☆ خاکی

اللہ تعالیٰ کے اس اسم صفاتی کا مطلب ہے وہ ذات جو اپنے دشمنوں کو اپنے قرب سے دور کر کے بعضوں سے پیچھے ہٹا دے، اور گناہ گاروں کو سزا دینے میں تاخیر کرے۔ یعنی اللہ تعالیٰ جس کو چاہے دنیا اور آخرت میں بلند درجے عطا کردے اور جس کو چاہے کمتر قرار دے کیونکہ وہ قادر مطلق ہے۔ انسان کا فرض ہے کہ وہ اس کے عذاب سے خائف بھی ہو، اس لیے کہ وہ مؤخر ہے۔ نہ جانے کسی غلطی کی پاداش میں پکڑ لے۔

وظائف:

۱۔ اس اسم کا ورد راست پر رکھنے کے لیے بھی بہت مفید ہے اس لیے جس شخص کا نفس برائیوں پر اکساتا ہو اسے چاہیئے کہ صبح کی نماز کی سنتیں پڑھنے کے بعد فرضوں سے پہلے اس اسم کو ۴۱ دن تک ۱۰۰ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ یہ ورد نفس کو ہمیشہ کے لیے راہ راست پر قائم کردے گا۔

۲۔ اس اسم کو روزانہ ایک سو مرتبہ سونے سے پہلے پڑھنے سے بچے نیک خصلت ہو جاتے ہیں۔ دل میں سکون پیدا ہوگا برائیاں دور ہو جائیں گی۔ اللہ کے اولیاء جیسی صفات پیدا ہوں گی اور یاد الٰہی کی طرف بے پناہ رغبت پیدا ہوگی۔

۳۔ توبہ سے گناہ معاف ہو جاتے ہیں اور اللہ اپنے بندے سے گناہوں کو دور کر دیتا ہے مگر توبہ کی توفیق کا ملنا جروری ہے۔ اس مقصد کے لیے یہ اسم بہت مفید ہے اس لیے جو شخص "یا مؤخر" کثرت سے پڑھے اسے انشاء اللہ سچی توبہ کی توفیق مل جائے گی۔

۴۔ شیخ بونی کا قول ہے کہ جب انسان کی عمر ختم ہونے کے قریب آجائے اور اس کی نیکیاں بہت کم ہوں۔ گناہوں کی کثرت سے قبر و حشر کا خوف دامن گیر ہو تو اسے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ تمام گناہ معاف کر دیتا ہے۔ اور ساتھ اسے تھوڑی مہلت اور دے دیتا ہے تاکہ وہ نیک اعمال کر سکے۔

۵۔ کاموں کی تکمیل میں مشکلات برائیوں کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں۔ اگر کسی شخص کے کام میں رکاوٹ ہو تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو ۸۴۶ مرتبہ روزانہ ۲۱ دن تک پڑھے۔ انشاء اللہ کام میں آسانی پیدا ہو جائے گی اس کے سارے کاموں کا کفیل اللہ تعالیٰ بن جائے گا۔

۶۔ ایسے مایوس مریض جو بیماری میں طویل عرصہ مبتلا رہنے سے تنگ آ چکے ہوں۔ ایسے مریض اسے ہر وقت پڑھیں۔ بیٹھتے اٹھتے پھرتے اس اسم کا ورد دل میں کریں۔ انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ ان سے بیماری رود کرنے کا سبب پیدا کر دے گا۔ اور ان کا انجام بخیر ہو جائے گا۔

۷۔ ایسا دشمن یا ظالم جسے دور کرنا ضروری ہو تو اسے ورد کرنے کی غرض سے اس اسم کو ۴۰ دن تک ۶۲۵۰ مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ دشمن خود بخود دشمنی کو ترک کر دے گا اور دور ہو جائے گا۔ کیونکہ اس اسم کی برکت سے دشمن خود بخود پیچھے ہٹ جاتا ہے۔

۹۔ اس اسم کا عامل بننے کے لیے اس کو ۴۰۰۰ مرتبہ روزانہ مقررہ وقت اور مقررہ مقام پر ۴۱ دن تک پڑھیں، اس کے بعد اس اسم کا نقش مندرجہ بالا کاموں کے لیے استعمال میں لا سکتے ہیں۔ تعویذ دیتے وقت ایک مرتبہ سورت فاتحہ اور گیارہ مرتبہ اس اسم کو پڑھیں۔ انشاء اللہ حسب منشا فائدہ ہوگا۔

بسم اللہ المؤخر جل جلالہ (بہترین وظیفہ)

۱۰۔ جو شخص کثرت سے المؤخر کا ورد رکھے گا تو اسے انشاء اللہ سچی توبہ نصیب ہوگی۔

۱۱۔ جو شخص روزانہ سو مرتبہ اس اسم کو پابندی سے پڑھا کرے تو اسکو انشاء اللہ حق تعالیٰ کا ایسا قرب نصیب ہوگا کہ اس کے بغیر چین نہ آئے گا۔

۱۲۔ جو اڑتالیس دن تک روز تین ہزار بار پڑھ لیا کرے گا تو انشاء اللہ جو چاہے گا پائے گا۔

۱۳۔ اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد ۸۴۶ مرتبہ اس اسم پاک کا ورد کرتا ہے تو اللہ تبارک تعالیٰ اس کے سبھی گناہ معاف فرما دیتے ہیں۔

۱۴۔ اگر کوئی شخص اس اسم پاک کا اکتالیس مرتبہ ورد کرتا ہے تو اس کے اندر سے سرکشی اور بغاوت کے جذبات ختم ہو جاتے ہیں۔ اُس کا دل عاجزی کی دولت سے مالا مال ہو جاتا ہے۔

۱۵۔ "یـا مُـؤ خِـرُ" جو شخص اس اسم کا دن میں روزانہ سو بار ورد کرے گا تو اس کے دل میں اللہ کے سوا دوسری چیز کی محبت ختم ہو جائے گی۔

۱۶۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کا یہ اسم مبارک ہر اعتبار سے باعث برکت ورحمت اور انسان کے دل میں توحید کے عقیدہ کو پختہ کرنے والا ہے۔

۱۷۔ جو شخص "یا موخر" کا ہر روز ورد کرنا اپنا معمول بنالیتا ہے اس کے دل میں اللہ تعالیٰ کی بے پناہ محبت سدا اجاگر رہتی ہے۔

۱۸۔ اگر کوئی شخص ایک سو بار "یا موخر" کا ورد کر کے اللہ سے دعا کرے تو اس شخص کے بگڑے کام بھی سنوار دیتا ہے۔

۱۹۔ اس اسم مبارک کا جو شخص ہر روز ورد کرنا اپنا معمول بنالیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے لوگوں میں مقبول اور معزز بنا دیتا ہے۔

۲۰۔ جو شخص "یا موخر" کا سدا ورد کرتا ہے تو اللہ اسکے دل کو نیک کاموں کی محبت سے معمور کر دیتا اور وہ شخص اللہ کے دوستوں کے ساتھ پیار کرنے لگتا ہے۔

۲۱۔ اگر کوئی شخص ہر نماز میں سنتوں کے بعد اور فرضوں سے پہلے "یا موخر" کا ورد اکتالیس روز تک کرے تو اللہ تعالیٰ اس کا مقصود پورا کر دیتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

یہ صفاتی نام ظاہر کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ساری مخلوقات کی تخلیق سے پہلے موجود تھا۔ یعنی اس کی ذات سب سے اول ہے اور وہ ہر شے پر مقدم ہے۔ اور اس کی اولیت کا بھی یہ عالم ہے کہ جس کی کوئی ابتدا نہیں۔ لہذا انسان کا فرض ہے کہ وہ اس ذات سامنے سر بسجود رہے جو ازل سے ہے اور ابد تک رہے گی۔

وظائف:

۱۔ جو شخص اسے روزانہ چند بار کسی نماز کے بعد یا روزمرہ وظائف کے ساتھ اسے چند مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو وہ انسان اعصابی بیماریوں مثلاً بے خوابی، ورم دماغ، رعشہ، فالج اور لقوہ جیسی بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔

۲۔ جو شخص اس اسم کو روزانہ پانچ ہزار مرتبہ پڑھے اور ایک سال تک پڑھتا رہے وہ انشاء اللہ امیر ہو جائے گا کیونکہ اللہ کو اول کہنے سے حصول دولت میں اولیت ہو جاتی ہے۔

۳۔ اگر کوئی غریب آدمی اس اسم کو کثرت سے پڑھتا ہے تو اس کے مالی حالات درست ہو جاتے ہیں۔

۴۔ ابتدائی مریدین یا سالکین اگر مندرجہ ذیل وظیفہ کو بعد نماز فجر ۱۲۰ دن تک پڑھیں تو ان کے دل سے غیر اللہ تعالیٰ کی محبت بالکل ختم ہو جائے گی اور اللہ کی محبت بڑے زور سے پیدا ہو جائے گی۔ جس کی بنا پر روحانی منازل طے کرنے میں بہت آسانی ہو جائے گی۔ "اِنَ اللہ اَوَلُ اَلا خِر"

۵۔ اللہ تبارک وتعالیٰ سب سے اوّل اور سب سے پہلے ہیں اس لئے جو لوگ اس اسم مبارک کا ورد کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ پر اس کا تقویٰ اور بھی بڑھ جاتا ہے۔

۶۔ ہر قسم کی حاجت پوری ہونے کے لیے بھی یہ اسم بہت مفید ہے لہذا اگر کوئی شخص کسی بار ہا کوشش کرنے کے بعد بھی کامیاب نہ ہوتا تو اسے چاہیئے کہ جمعرات جس وقت چاہے ۱۲۵۰۰ مرتبہ اسے پڑھے اور گیارہ جمعرات تک یہ عمل کرے انشاء اللہ ہر حاجت پوری ہوگی۔

۷۔ ایسا شخص جس کا دل نماز پڑھنے کی طرف رغبت نہ کرتا ہو اور دل نیکی کی طرف جلدی مائل نہ ہوتو ہوتو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو روزانہ ایک ہزار بار پڑھنا شروع کردے۔ انشاء اللہ اس کے نفس سے سستی دور ہو جائے گی اور اس کا دل خیر اور بھلائی کی طرف خوب مائل ہوگا۔

۸۔ اگر کسی شخص کے ہاں اولاد نرینہ نہ ہو تو اسے چاہیئے کہ ۴۰ دن تک ''یا اول'' ۳۱۲۵ مرتبہ روزانہ پڑھے اور ہر روز سجدے میں سر رکھ کر پڑھائی کے بعد دعا مانگے۔ انشاء اللہ اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا اور اس کا نام عبدالاول رکھے تو مناسب ہوگا۔

۹۔ یہ اسم اپنے اور پر خلقت کو مہربان بنانے میں بہت اکسیر ہے اور اس میں تسخیر کے اثرات بہت زیادہ ہیں۔ اس لیے جو شخص تسخیر خلق کی نیت سے اسے روزانہ ۱۱۱ مرتبہ سورج نکلنے سے پہلے پڑھنے کا معمول بنالے گا۔ اسے بہت پسند کرنے لگیں گے۔

۱۰۔ ''یَا اَوَّلُ'' کا عامل بننے کے لیے اس اسم کو ۴۰ دن تک ۳۱۲۵ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ اس کے بعد اس کے نقش کو مندرجہ بالا کاموں کے لیے دیں۔ انشاء اللہ بہت زیادہ فائدہ ہوگا۔ اس اسم کا نقش ہر کام کو جلدی سے پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے بہت اکسیر ہے۔

۱۱۔ جس کے ہاں اولاد نہ پیدا ہوتی ہو وہ اس اسم مبارک کو چالیس روز تک باقاعدگی سے پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے نیک اولاد عطا کرے گا۔

۱۲۔ اگر کوئی شخص چالیس جمعرات ایک ہزار بار پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس بندے کی تمام مرادیں برلاتا ہے۔

۱۳۔ ''یا اول'' کا ورد کر کے دم کیا ہوا پانی یا شربت اگر حاملہ عورت کو باقاعدگی سے پلایا جائے اللہ تعالیٰ اس کے ہاں اولاد نرینہ پیدا کرتا ہے۔

۱۴۔ یا اول کے ورد کرنے والے کو اللہ تعالیٰ کئی دنیاوی کامیابیاں اور فتوحات بخشتا ہے اور وہ لوگوں میں مقبول ہو جاتا ہے۔

۱۵۔ ''یا اول'' کا بکثرت ورد کرنے والا شخص سفر و حضر میں محفوظ و مامون رہتا ہے اور سفر کی مشکلات اور صعبتوں سے بھی بچا رہتا ہے۔

۱۶۔ ''یا اول'' کا ورد کرنے والے کو اللہ تعالیٰ زندگی کی خوشحالیوں اور نعمتوں سے سدا فیض یاب فرماتا ہے اور اس کی ہر جائز مرادیں پوری فرماتا ہے۔

۱۷۔ جو کوئی مسافر ہو وہ جمعہ کے دن ایک ہزار مرتبہ ''الا ول'' پڑھے تو انشاء اللہ جلد بخیریت وطن واپس پہنچے گا۔

۱۸۔ جو چالیس شب جمعہ ہر شب کو بعد از نماز عشاء کے بعد ہزار بار پڑھے تو انشاء اللہ حاجتیں پوری ہوں گی۔

۱۹۔ جو ہر روز گیارہ بار پڑھے گا تمام خلقت انشاء اللہ اس پر مہربانی کرے گی۔

۲۰۔ جو شخص سو بار ''یا اول'' پڑھے گا تو انشاء اللہ اس کی بیوی اس سے محبت کرے گی۔

۲۱۔ اگر کوئی آدمی کسی دفینے کی تلاش میں سرگرداں ہو تو اُسے چاہیے کہ ہر رات 1370 بار اس اسم پاک کا ورد کرے۔ تو انشاء اللہ بامراد ہوگا۔

☆☆☆☆☆☆

چلتے پھرتے کثرت کے ساتھ اور بعد نماز فرض و نفل

''یا فتّاحُ یا رزّاقُ یا قاضی الحاجات''

۳۱۳ یا پھر ۱۱۱ مرتبہ پڑھ کر رزق کے لئے دُعا مانگیئے۔

۸۳۲	قمری اعداد
۵۱۹	شمسی اعداد

۷۵۔ الآخر جل جلالہ

مشترکہ ☆ آتشی

اللہ تعالیٰ کا یہ صفاتی نام ظاہر کرتا ہے کہ وہ ساری مخلوقات کی فنا کے بعد موجود رہے گا۔ یعنی اس کی ذات سب سے آخر ہے اور ایسی آخر ہے کہ جس کی کوئی انتہا نہیں۔ قرآن مجید میں ہے کہ ہر شے فنا ہو جائے گی۔ اور آپ کا عزت و اکرام والا رب باقی رہ جائے گا۔ یعنی اس پر کبھی فنا نہ ہو گی۔ انسان کو چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں صدقہ اور خیرات کرے کیونکہ دنیا کی تمام چیزیں فنا ہو جائیں گی مگر اعمال صالح باقی رہیں گے۔

وظائف:

۱۔ اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کا ورد کر کے کسی کام یا سفر پر روانہ ہو تو اللہ تعالیٰ اسے عزت اور کامیابی بخشتا ہے۔

۲۔ اگر کوئی اس اسم کو قرآن پاک کی اس آیت کی صورت میں پڑھے اور ۲ سال روزانہ ۱۰۰ مرتبہ بعد نماز فجر یا شام پڑھے۔ انشاء اللہ اس پر اسرار و رموز کھل جائیں گے اور اسے روحانیت حاصل ہو گی اور اللہ کا قرب حاصل ہو گا۔ ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاھِرُ وَالْبَاطِنُ۔

۳۔ اگر کوئی شخص اپنی آخری عمر میں "یا آخر" کا ورد اختیار کرے تو اللہ تعالیٰ اس کے نیک اعمال میں اضافہ فرماتا رہتا ہے اور پھر اس شخص کا خاتمہ بالخیر ہو جاتا ہے۔

۴۔ ہر مسلمان کے لیے یہ امر بڑا لازمی ہے کہ اس کا خاتمہ بالایمان ہو اس لیے جو شخص اسے روزانہ ۳۳ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے انشاء اللہ اس کا خاتمہ بالخیر ہو گا۔

۵۔ اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کا مدام ورد کرنا اپنا معمول بنالے تو اللہ تعالیٰ اس کی نیکیوں میں رغبت بڑھا دیتا ہے اور اس کی عاقبت بخیر کرتا ہے۔

۶۔ اس اسم مبارک کا ورد کرنے کے بعد جو دعا مانگی جائے اللہ تعالیٰ اسے جلد قبول فرماتا ہے۔

۷۔ یہ اسم یرقان کے علاج کے لیے بھی بہت مفید ہے لہذا جب کسی کو یرقان ہو جائے تو اس اسم کو ۱۰۰۱ مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے پلائیں اور سات روز تک عمل کریں۔ انشاء اللہ یرقان سے شفا یابی کا کوئی ذریعہ بن جائے اور جو طبی علاج بھی کریں۔ اس میں اللہ تاثیر پیدا کر دے گا۔

۸۔ یاد الٰہی کے راستے میں سب سے بڑی رکاوٹ مالی دولت اولاد اور دنیاوی اشیاء ہیں۔ جب تک انکی محبت دل سے نکالی نہ جائے اس وقت تک اللہ کی محبت حاصل نہیں ہوتی۔ اس لیے غیر اللہ کی محبت کو ختم کر کے اپنے دل کو اللہ کی محبت کی مرکز بنانے کے لیے اس اسم کا ورد بہت مئوثر ہے لہذا جو شخص اسے روزانہ کم از کم گیارہ سو مرتبہ پڑھے۔ اس کا دل محب الٰہی سے معمور ہوتا چلا جائے گا۔

۹۔ اس اسم مبارک کا جو مدام ورد کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے لوگوں میں مقبول اور معزز بنا دیتا ہے اور لوگ اسے قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

۱۰۔ اگر کوئی شخص غیر لوگوں میں جائے اور وہاں اپنی عزت کو بحال رکھنے کے لیے اس اسم کو ۱۴۱ بار پڑھ لے انشاء اللہ اس کی عزت بحال رہے گی اور ہر شخص باعزت انداز میں پیش آئے گا۔

۱۱۔ ایک عامل کا قول ہے کہ ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ پڑھنے سے انسانی عزت برقرار رہتی ہے۔

۱۲۔ جو شخص ہر نماز کے بعد ایک سو اکیس بار ''یا آخر'' کا ورد کرنا اپنا معمول بنا لے اللہ اپنے فضل و کرم سے اسے چشم خلائق میں معزز، محترم اور مقبول بنائے رکھتا ہے۔

۱۳۔ اس اسم کو کثرت سے پڑھنے سے دشمن پر غلبہ حاصل ہوتا اگر کوئی دشمن نقصان پہنچانے کی کوشش کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی مدد کرے دشمن پر فتح یاب کرے گا۔ اور عشاء کی نماز کے بعد ۲۱ دن تک روزانہ ۲ ہزار مرتبہ پڑھ کر ظالم کے ظلم سے بچنے کی دعا کی جائے تو انشاء اللہ ظالم مغلوب ہو کر ظلم سے باز آ جائے گا۔

۱۴۔ یہ اسم سفر سے بخیریت واپس آنے کے لئے بھی بہت مجرب ہے اس لئے سفر پر جانے سے پہلے اسے ہزار مرتبہ پڑھیں اور اپنے گھر بار کو اللہ کے سپرد کر دیں انشاء اللہ سفر میں خیریت سے رہیں گے اور واپسی پر اپنے اہل خانہ کو صحیح سلامت پائیں گے۔

۱۵۔ اس اسم کی زکوۃ کا چلہ یہ ہے کہ اس اسم کو چالیس دن تک ۳۱۲۵ مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھیں پڑھائی مکمل ہونے پر آپ اس اسم کے عامل بن جائیں گے اس کے بعد اس کا نقش مطلوبہ کاموں کے لئے دے سکتے ہیں تو انشاء اللہ مقصد پورا ہوگا۔

۱۶۔ اس اسم الٰہی کا ورد کرنے والا لمبی عمر پاتا ہے اور اس کی اس لئے تمنا کرتا ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ نیک اعمال کرے اور لوگوں کی خدمت گزاری میں لگا رہے۔

۱۷۔ جو شخص چاہے کہ اس کا خاتمہ بالخیر ہو، اسے چاہیے کہ وہ ایک ہزار بار ''یا آخر'' پڑھ کر دعا کرے تو انشاء اللہ خاتمہ بالخیر ہوگا۔

۱۸۔ اگر کوئی شخص چاہے وہ نئے لوگوں میں عزت پائے اور جلد مانوس ہو جائے تو اسے چاہیے کہ لوگوں سے ملنے سے پہلے اکتالیس بار ''یا آخر'' پڑھ لے۔

۱۹۔ جو کوئی کسی جگہ جائے اور اس اسم کو پڑھ لے وہاں عزت اور توقیر پائے گا اور جو دفع دشمن کے لئے پڑھے گا کامیاب ہوگا۔

۲۰۔ جو عشاء کے بعد ایک سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے اس کی آخری عمر انشاء اللہ پہلی عمر سے بہتر ہوگی۔

۲۱۔ اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد 913 مرتبہ اس اسم پاک کا ورد کرے گا تو اللہ سبحان وتعالیٰ اُسے ولایت کا منصب عطا فرما دیں گے۔

☆☆☆☆☆☆

''یا رحمٰن یا رزّاق یا قاضی الحاجات''

چلتے پھرتے اور بعد نماز فرض و نفل کثرت کے ساتھ مذکورہ بالا وظیفہ پڑھنے والے پر رزق کے در وا ہو جاتے ہیں۔

قمری اعداد	۱۱۳۷
شمسی اعداد	۱۴۹۲

۷۶۔ الظاہر جل جلالہ

مشترک ☆ خاکی

اللہ تعالیٰ کے اس اسم صفاتی کا مطلب ہے کہ اُس ذات باری کی خدائی ہر ذرّے سے عیاں ہے۔ یعنی وہ آنکھوں سے اوجھل ہوتے ہوئے بھی ایک سمجھدار آدمی کے لیے اپنی دلیلوں اور نشانیوں سے بالکل ظاہر اور اس کے وجود میں بہر حال کوئی شک وشبہ نہیں۔ ارشاد ربانی ہے کہ یقیناً آسمانوں اور زمینوں کی پیدائش اور رات اور دن کے آنے جانے میں عقل والوں کے لیے نشانیاں ہیں۔ اس لیے انسان کو چاہیے کہ اللہ کے محبوب بندوں کے سامنے اپنے اعمال صالحہ کا اظہار کرتا رہے تاکہ ان کے دلوں میں نور ایمانی موجزن ہو۔

وظائف:

۱۔ اگر کوئی شخص اسم مبارک ''یاظاہر'' کو نماز تہجد کے بعد تین سو بار پڑھ کر دعا کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی آنکھوں کو مزید روشن اور منور کر دیتا ہے اور اس کی بینائی میں بھی اضافہ کر دیتا ہے۔

۲۔ امام بونی کا قول ہے کہ اس اسم کو کثرت سے پڑھنے والے پر چھپی ہوئی باتیں ظاہر ہو جاتی ہیں اور کسی جگہ خزانہ مدفون ہو اور اس کا پتہ نہ چلتا ہو تو اس اسم کو اس مقام پر گیارہ دن تک گیارہ ہزار مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ خواب میں یا دل میں۔ خزانہ جہاں ہوگا۔ اشارہ ہو جائے گا۔

۳۔ اس اسم مبارک کا مسلسل ورد کرنے سے اللہ تعالیٰ بندے کو سماوی آفات' بلاؤں اور مصائب سے بچائے رکھتا ہے۔

۴۔ وہ چیزیں جو ہمارے سامنے ظاہر ہیں ان کی حقیقت جاننے کے لیے اس اسم کا ورد بہت مفید ہے جو شخص اسے کثرت سے پڑھے اللہ تعالیٰ ظاہراً اسے اپنی رحمت کے جلوے دکھائے گا۔ ایسے شخص کو فطری مقامات پر بہت سکون میسر آئے گا۔ اشیاء کے ظاہر میں جو اللہ کا نور چھپا ہے اس کا مشاہدہ ہوگا۔

۵۔ اگر کوئی شخص سرے پر گیارہ ''یا ظاہر'' پڑھ کر آنکھوں میں سرمہ لگائے تو وہ ہر طرح کی آنکھوں کی بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے اور لوگوں میں سے مقبولیت اور محبوبیت حاصل کرتا ہے۔

۶۔ نئے تعمیر شدہ مکان کو لوگوں کی نظر سے بچانے کے لیے یہ عمل بہت مفید ہے۔ مکان جب تعمیر ہو کر مکمل ہو جائے تو اس اسم کو روزانہ سات دن تک ۱۱۰۶ مرتبہ پڑھیں اور پانی پر دم کر کے اسے مکان کی دیواروں پر چھڑک دیں۔ انشاء اللہ مکان آفات سے محفوظ رہے گا۔

۷۔ جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کا ظاہر اور باطن دونوں پاکیزہ ہو جائیں تو اسے چاہیئے کہ وہ اسم ''یَا ظَاهِرُ یَا بَاطِنُ'' کو اکٹھا ملا کر روزانہ سات ہزار مرتبہ پڑھے اور ایک سال تک یہ وظیفہ جاری رکھے۔ اس کا ظاہر اور باطن درست ہو جائے گا۔ سالکان طریقت کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔

۸۔ جو شخص اس اسم مبارک کو اکثر پڑھتا رہتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو آشوب چشم سے بچائے رکھتا اور بینائی کی بھی حفاظت کرتا ہے۔

۹۔ یا ظاہر کا جو شخص بکثرت ورد کرنا اپنا معمول بنالیتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے اندر ایک نور پیدا کر دیتا ہے اور اسے ظاہری اوصاف سے بھی مرصع کیے رکھتا ہے۔

۱۰۔ ایک عامل کا قول ہے کہ اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اس کی آنکھوں کا نور کم نہ ہو اس کی بینائی آخر دم تک قائم رہے تو اسے چاہیئے کہ ۴۰ روز تک اشراق کی نماز پڑھے اور اس کے بعد ۵۰۰ مرتبہ اس اسم کا ورد کرے تو اس کی آنکھوں میں مرنے تک بینائی قائم رہے گی اور آنکھوں کی بیماریوں سے محفوظ گا۔ سفید موتیا سے بچا رہے گا۔

۱۱۔ دل کو ہر طرح کے خوف سے محفوظ رکھنے کے لیے ''یا ظاہر'' کا ورد بے حد مفید اور موثر ہو تا ہے اگر ہر نماز کے بعد یہ اسم الٰہی پڑھا جائے تو دل کو بجا طور پر تقویت میسر آتی ہے۔

۱۲۔ ہر قسم کی مشکلات کا بہترین حل نکالنے اور دشمن کو زیر کرنے کے لیے نماز فجر کے بعد گیارہ سو بار ''یا ظاہر'' کو پڑھ کر دعا کی جائے تو ہر مقصد پورا ہو جاتا ہے۔ اور دشمن بھی زیر ہو کر رہتا ہے۔

بسم اللہ الظاہر جل جلالہ (بہترین وظیفہ)

۱۳۔ جس مکان یا عمارت کی پیشانی پر یا دیوار پر اس اسم مبارک کو لکھا جائے اسے زلزلہ آفات اور سیلاب اور برساتیں نقصان نہیں پہنچا سکیں گی۔

۱۴۔ بارش کے طوفان کو روکنے کے لیے یا ظاہر کا بکثرت ورد کر کے دعا مانگی جائے اللہ تعالیٰ دعا قبول فرماتا ہے۔

۱۵۔ اس اسم کی زکوۃ ۴۴۲۴ مرتبہ روزانہ ۴۰ دن تک کی پڑھائی ہے۔ لہٰذا اس اسم کا عامل بننے کے لیے اس اسم کو مندرجہ بالا تعداد میں ۴۰ دن تک پڑھیں۔ اس کے بعد مطلوبہ مقاصد کے لیے اس اسم کے نقش کو استعمال میں لائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کی رحمت سے متعلقہ کام بخوبی سرانجام پا جائے گا۔

۱۶۔ یا ظاہر کی تاثیر یہ ہے کہ اس نام کا ورد رکھنے والا صاحب شہرت اور نیک نام مشہور ہوگا۔

۱۷۔ اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ میری آنکھوں کا نور کم نہ ہو یا کم ہو گیا ہو زیادہ ہو جائے وہ شخص چالیس دن تک بعد نماز فرض پڑھ کر پانچ سو مرتبہ اس نام کو پڑھے حق تعالیٰ اس کی آنکھیں روشن فرمائے گا۔

۱۸۔ اگر کسی جگہ بارش کا طوفان یا آندھی کا طوفان آتا معلوم ہوتا ہو اس نام کا بکثرت پڑھنا نہایت مفید ہوتا ہے۔

۱۹۔ جس مال کے اندر پرچی پر اس اسم کو لکھ کر رکھ دیا جائے تو وہ مال حفاظت میں رہے گا۔

۲۰۔ تہجد کی نماز کے بعد ۱۱۱ بار یا ظاہر پڑھنے سے آنکھوں کی روشنی بڑھتی ہے اور طلوع آفتاب کے وقت ۱۱۱ مرتبہ پڑھنے والا تمام عمر بینا رہے گا۔

۲۱۔ بسم اللہ الظاہر جل جلالہ پڑھنے والے ذاکر کی دل کی آنکھ وا ہو جاتی ہے۔

☆☆☆☆☆☆

کثرت سے ورد پڑھنے والا دوزخ میں داخل نہ ہوگا۔

اس صفاتی نام کا مطلب ہے کہ اللہ تعالیٰ نگاہوں سے پوشیدہ اور مخفی ہے۔قرآن مجید میں لکھا ہے کہ نگاہیں اس کا احاطہ نہیں کر سکتیں لیکن وہ نگاؤں کا احاطہ کو سکتا ہے۔اور وہ باریک بین اور ہر شے سے خبر دار ہے۔یعنی باطن اس ہستی کو کہا جاتا ہے جسے حواس انسانی ادراک نہ کر سکے اور جو عقل و فہم سے بالاتر ہو۔لہٰذا اس نام کی مناسبت سے انسان کو چاہیے کہ اعمال صالح اس طرح انجام دے کہ وہ خدا اور بندے کے درمیان ایک راز ہو۔گویا ریاکاری اور تکبر سے بچاؤ ہے۔

وظائف:

۱۔ ایک عامل کا قول ہے کہ جو شخص زبان بند کر کے دل سے ایک ہزار مرتبہ یا باطن روزانہ پڑھے گا اس پر باطن کے حالات کھل جائیں گے مگر رزق حلال کما کر کھانا ضروری ہے۔

۲۔ اس اسم الٰہی کا ورد کرنے والا باطنی طور پر بھی نیک اور روشن باطن والا ہو جاتا ہے۔اللہ تعالیٰ اسے باطنی اسرار سے بھی فیض یاب کر دیتا ہے۔

۳۔ ایسے بندے جو معرفت کے راستے پر چل رہے ہوں۔اور اسم اللہ کا بہت کثرت سے ذکر کر بیٹھے ہوں اس کے باوجود ان پر باطن نہ کھلا ہو اور انھیں کشف حاصل نہ ہوتا ہو۔اگر ایسے حضرات کشف کھولنے کے لیے اس اسم کو کثرت سے پڑھیں تو ان کا کشف کھل جائے گا۔کثرت سے مراد روزانہ بیس یا ۲۵ ہزار مرتبہ پڑھنا ہے۔

۴۔ یا باطن کا ورد کرنے والا لوگوں میں محبوب اور ہر دلعزیز ہو جاتا ہے۔

۵۔ ایک صاحب حال بندے کا قول ہے کہ جس رات کو چاند کی روشنی مکمل ہو گئی ہو۔اس رات اسے اتنا پڑھیں کہ حال غالب آ جائے تو مکاشفات کا طالب ہو گا یا جن اسرار کا مشاہدہ کرنا چاہتا ہو وہ خواب یا مراقبہ میں اس پر سب کے سب منکشف ہو جائیں گے اس اسم کو پڑھنے سے لطائف

لطائف بھی معلوم ہو جاتے ہیں اور اس پر طرح طرح کے انوار کا اظہار ہوتا ہے۔

۶۔ اگر کوئی شخص ایسا ہو جس کی زبان پر جھوٹی بات خواہ مخواہ آجاتی ہو۔ لوگوں کے ساتھ وہ ایسی بات نہ کرتا ہو جو دل میں ہو۔ یعنی دل میں کچھ اور زبان میں کچھ۔ اس سے جو لوگ معالات کر تے ہوں۔ انھیں کافی نقصان پہنچنے کا احتمال ہے۔ اس کی اصلاح کے لیے اس کے کسی ہمدرد کو چاہیئے کہ اس اسم کو روزانہ ۲۵۰۰ مرتبہ دس روز تک پڑھے اور اس کی اصلاح کے لیے دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کے دل کی سوچ اور زبان کے الفاظ کو ایک کر دے گا۔

۷۔ بعض اللہ والوں کا خیال ہے کہ اس اسم مبارک کا ذکر عموماً باطنی طور پر دل کے اندر ہی کیا جانا چاہیے۔

۸۔ اس اسم کی خصوصیت یہ ہے کہ اسے پڑھنے والے سے ہر شخص محبت کرنے لگتا ہے کیونکہ اس اسم میں محبوب بنانے کے اثرات بہت ہیں اس لیے جو شخص مخلوق خدا کی نظر میں محبوب بننا چاہے اسے چاہیئے کہ اس اسم کو روزانہ عشاء کی نماز کے بعد ۱۱۱ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے۔ انشاء اللہ جس شخص سے اس کا تعلق واسطہ ہوگا وہی اسے چاہنے لگے گا۔ اگر کوئی اس کا دشمن ہوگا تو وہ بھی گرویدہ ہوگا

۹۔ جو شخص یا باطن کا ورد کرنا اپنا معمول بنا لیتا ہے اس کا سینہ آئینہ کی صاف اور روشن ہو جاتا ہے۔

۱۰۔ اگر کسی کے دل میں کوئی ایسی بات ہو جسے آپ جاننا چاہتے ہوں تو اس نام کو روزانہ ۳۰۰۰ مرتبہ سات دن تک پڑھیں۔ مگر شرط یہ ہے کہ آدھی رات سے پہلے یہ وظیفہ کریں۔ اس کے بعد سو جائیں۔ انشاء اللہ خواب میں جو بات آپ جس کسی کی معلوم کرنا چاہتے تھے وہ ظاہر ہو جائیگی۔

۱۱۔ جو شخص زبان بند کر کے دل کے اندر ''یا باطن'' کا ایک ہزار بار ذکر کرے اللہ تعالیٰ اسے صاحب کشف بنا دیتا ہے لیکن اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ حلال رزق روزی کھاتا ہو۔

۱۲۔ اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کو ایک ہزار اکیس بار ہر روز نماز عشاء کے بعد اندھیرے میں بیٹھ کر پڑھے گا وہ خلقت کا محبوب ہوگا۔ لوگ اس سے محبت کریں گے اور دنیا میں اس کا کوئی دشمن نہیں ہوگا۔ بسم اللہ الباطن جل جلالہ (بہترین وظیفہ)

۱۳۔ یہ اسم کسی کے دل کا راز معلوم کرنے کے لیے بہت اکسیر ہے اگر کسی عورت نے اپنے خاوند یا ساس پر کوئی تعویذ یا کالے علم کا وار کیا ہو تو اس اسم کے نقش کو پانی میں ڈول کر باہر نکال لیں اور پانی کسی طرح سے اسے پلا دیں۔ انشاء اللہ جو کچھ اس نے کیا ہوگا خود بیان کر دے گی مگر اس کا تعویذ دینے سے پہلے اس اسم کو چالیس روز تک ۳۱۶۵ مرتبہ پڑھ لیں۔ اس کے بعد یہ تعویذ بہت کام کرے گا۔ اس کے علاوہ عمل کرنے کے بعد مطلوبہ فوائد کے لیے بھی تعویذ دے سکتے ہیں۔ انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ مقصد پورا کرے گا۔

۱۴۔ اگر کوئی شخص کسی چھپے ہوئے راز کا حال جاننا چاہے، اسے چاہیے کہ وہ سات دن تک برابر ہر روز تین ہزار بار رات کے وقت "یا باطن" پڑھنے کے بعد سو جائیں انشاء اللہ اسے اس راز کی حقیقت کا سات دن کے اندر علم ہو جائے گا۔

۱۵۔ جو شخص ہر روز تینتیس بار یا باطن پڑھے تو وہ اسرار الٰہی جاننے والوں میں سے ہو جاتا ہے۔

۱۶۔ ہر طرح کے شیطانی وساوس اور خیالات سے محفوظ رہنے کے لیے ایک ہزار ایک بار "یا باطن" کا ورد کر کے دعا مانگی جائے۔ انشاء اللہ اس کا دل برے خیالات سے پاک ہو جائے گا۔

۱۷۔ جو شخص "یا باطن" کا ورد کرنا معمول بنا لیتا ہے اللہ تعالیٰ اسے لوگوں میں مقبول بنا دیتا ہے۔ لوگ ایسے شخص سے دشمنی نہیں کرتے۔

۱۸۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ اس عظیم الشان نام کا پڑھنے والا صاحب باطن ہوتا ہے اور سینہ اس کا آئینہ کی طرح صاف اور روشن ہوتا ہے۔

۱۹۔ جو شخص زبان بند کر کے دل سے ایک ہزار مرتبہ "یا باطن" پڑھے گا صاحب باطن واقف اسرار ہو جائے گا مگر اکل حلال شرط ہے۔

۲۰۔ جو شخص اس باعظمت نام کو ۱۱۱ مرتبہ بعد نماز فرض اور نفل اندھیرے میں بیٹھ کر پڑھے گا خلقت کا محبوب ہوگا۔ جو کوئی دیکھے گا محبت کرے گا۔ دنیا میں کوئی مسلمان اُس کا دشمن نہ ہوگا۔

۲۱۔ جو شخص کسی چھپے راز کا حال معلوم کرنا چاہے وہ شخص اس مبارک نام کو بعد نماز فرض اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دل کی طرف متوجہ ہو تو انشاء اللہ غیب سے بشارت ہوگی اور جو کچھ چھپی ہوئی بات ہے وہ ظاہر ہو جائے گی۔

☆☆☆☆☆☆

قمری اعداد	۷۸
شمسی اعداد	۲۸۰۲

۷۸۔ الوالی جل جلالہ

مشترکہ ☆ بادی

اللہ تعالیٰ کا یہ اسم صفاتی ظاہر کرتا ہے کہ وہ ذات بابرکات تمام مخلوقات اور موجودات کے امور کی ذمہ دار ہے۔ یہ لفظ ولی سے تعلق رکھتا ہے اور تقریباً وہی معنی رکھتا ہے۔ ایک مالک اور مولیٰ ہونے کی حیثیت سے اللہ تعالیٰ مخلوق میں جس قسم کی اصلاح مناسب سمجھتا ہے، کرتا ہے۔ گویا الوالی سے ایسا حاکم مطلق مراد ہے جس کی حکومت میں کوئی بھی مزاحمت نہ کر سکے۔ اس نام کی مناسبت سے ہمیں چاہیے کہ ہم اپنے نفس پر قابو پائیں اور اس کے حاکم بنیں۔

وظائف:

۱۔ اگر کوئی شخص ''یاوالی کا ورد بکثرت کرنا شروع کر دے تو اللہ تعالیٰ اسے دین و دنیا کی مشکلات سے بچائے رکھتا ہے۔

۲۔ جو شخص امراض میں مبتلا رہتا ہو تو اسے چاہیئے کہ اَلْلّٰہ والی گیاری سو مرتبہ روزانہ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے شفایابی کی دعا کرے۔ انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ اس کی بیماریوں کو دور کرے گا اور وہ تندرست وتوانا ہو جائے گا۔

۳۔ اگر کوئی حاملہ عورت اس اسم مبارک کا ورد کرنا اپنا معمول بنا لے تو اس کی بدولت اللہ تعالیٰ اسے ہر طرح کے درد اور دکھن وغیرہ سے محفوظ رکھتا ہے۔ اور حمل کی بھی حفاظت فرماتا ہے۔

۴۔ یہ اسم تسخیر کے لیے بھی بہت اچھے اثرات رکھتا ہے سخت سے سخت دل موم ہو جاتا ہے۔ اگر کسی شخص کو مسخر کرنا ہو تو اس اسم کو ۱۰۰۴ روزانہ سات دن تک پڑھیں اور پڑھتے ہوئے اس کی شکل کا تصور اپنے ذہین میں لائیں۔ انشاء اللہ سات دن میں مطلوب حاضر ہو جائے گا۔

۵۔ اگر کوئی شخص اپنے مال و متاع کی حفاظت کرنا چاہے تو اسے چاہیے وہ اس اسم مبارک کا ورد کرنا اپنا معمول بنا لے۔

۶۔ الوالی کے ورد والا پانی میاں بیوی میں محبت کا باعث بنتا ہے۔

۷۔ اس اسم کے ذکر سے ٹھیکیداری میں بہت برکت پڑتی ہے۔ ٹھیکیداروں کو بے شمار مسائل سے سامنا کرنا پڑتا ہے۔ کبھی ٹھیکہ نہیں ملتا کبھی ٹھیکے میں خسارہ نظر آتا ہے۔ کبھی مزدوروں کے پریشان کرنے سے ٹھیکہ مکمل نہیں ہو پاتا۔ اس طرح بیشار مشکلات ایسی ہیں جو ٹھیکہ داروں کو پیش آتی ہیں۔ اس اسم کو کثرت سے پڑھنے سے بہت سی مشکلات حل ہو جاتی ہیں لہٰذا جو ٹھیکہ دار اس اسم کو کم ازکم روزانہ گیارہ سو گیارہ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اس کے کام میں بے پناہ برکت ہوگی۔

۸۔ اگر کوئی شخص نوکری سے معطل ہو گیا اور کسی صورت میں بحال نہ ہوتا ہو تو اسے چاہیئے کہ ۴۱ دن تک اسے روزانہ ۳۱۲۵ مرتبہ بعد نماز فجر یا عشاء پڑھے۔ انشاء اللہ بحال ہو جائے گا اور اگر اسے گیارہ مرتبہ اپنے دفتر میں داخل ہونے سے پہلے پڑھنے کا معمول بنالے تو وہ ہمیشہ نوکری میں باعزت رہے گا۔

۹۔ کھیتوں، باغات اور فصلوں کو آفات سے بچانے کے لیے یاوالی کے ورد والا پانی کھیتوں کے کناروں پر اور باغوں کی حدود پر چھڑکا کر دعا کی جائے تو اللہ تعالیٰ ان کی حفاظت فرماتا ہے۔

10 جب کوئی شخص نیا مکان بنائے یا دکان وغیرہ شروع کرے تو اسے چاہیئے کہ چند آدمی اکٹھے کرے اور اس اسم کو سوا لاکھ مرتبہ سب لوگ مل کر پڑھیں اس کے بعد پانی پر پھونک کر اس پانی کو مکان یا دکان کے کونوں میں چھڑک دیں اور چھت پر بھی چھڑکیں۔ انشاء اللہ مکان قدرتی آفات، بجلی، آندھی، طوفان اور شیطانی آفات سے محفوظ رہے گا۔

۱۱۔ دوسروں کو متاثر اور مسخر کرنے کے لیے ''یاوالی'' کا ورد بڑا کارگر اور موثر ہوتا ہے۔

۱۲۔ شیطانی حربوں سے بچنے کے کیلئے بسم اللہ الوالی جل جلالہ کو ۳۱۳ مرتبہ پڑھ کر اس اسم کو ایک پرچی پر ۱۱۱ مرتبہ لکھ کر پہن لیں۔

۱۳۔ ویران مکان یا جگہ کو آباد کرنے کے لیے بھی یہ اسم بہت مجرب ہے اس لیے ایسی جگہ جسے آباد کرنا ہو تو پانی لے کر ۳۱۳ مرتبہ ''یاوالی'' پڑھیں اور پانی پر پھونک کر اسے مکان یا جگہ کے چاروں کونوں میں چھڑک دیں۔ اسی طرح سات روز تک یہی عمل کریں۔ انشاء اللہ جس مکان پر دم

شدہ پانی چھڑکا جائے گا وہ ہمیشہ آباد رہے گا۔

۱۴۔ اگر دستکار حضرات اس اسم مبارک کو روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں تو یہ ان کے لیے مفید، موثر اور نافع ثابت ہوتا ہے۔

۱۵۔ اس اسم الٰہی کا مسلسل ورد کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ فکر معاش سے بچائے رکھتا ہے اور رزق میں بھی خیر و برکت عطا فرماتا ہے۔

۱۶۔ جو شخص اس اسم کو چار ہزار مرتبہ روزانہ چالیس دن تک خلوت میں بیٹھ کر پڑھے گا وہ اس کا عامل بن جائے گا اس کے بعد اس کا نقش مطلوبہ کاموں کے لیے دوسروں کو دے سکتا ہے اگر مطلوبہ فوائد میں سے اپنا بھی کوئی کام ہو تو خود بھی تعویذ سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

۱۷۔ اپنے نفس پر قابو پانے کے لیے ہر روز نماز عشاء کے بعد ایک سو گیارہ بار ''یا والی'' کا ورد کرنے والے کامیابی حاصل کر لیتے ہیں۔

۱۸۔ بسم اللہ الوالی جلّ جلالہ کا وظیفہ پڑھنے والا ہر ایک مصیبت زدہ کے وقت پر کام آنے کی کوشش کرتا ہے۔

۱۹۔ جو شخص چاہے کہ اسکا مکان یا جائداد تمام آفتوں سے محفوظ رہے اس مبارک نام کو کورے آبخورے پر سات مرتبہ لکھے پھر اس میں پانی بھر کر وہ پانی اُس مکان کی چاروں دیواروں پر چھڑک دے انشاء اللہ تعالیٰ مقصود حاصل ہوگا۔ وہ مکان ہر ایک طرح کی آفت سے محفوظ رہے گا۔

۲۰۔ گمشدہ مطلوب کو بلانے کیلئے ۱۰۰۰ مرتبہ اس اسم مبارک کا ورد مفید ہے۔

۲۱۔ اگر کسی شخص کو مسخر کرنا منظور ہو وہ روزہ رکھ کر اکتالیس ہزار بار اس نام کو پڑھے اور تصور بنائے کی خدا تعالیٰ نے اس مطلوب شخص کو باندھ کر میرے سامنے حاضر کر دیا ہے۔ انشاء اللہ تین روز کے عمل میں مقصود پوار ہوگا تنبیہ۔ اس مبارک نام سے ناجائز کام لینا سخت منع ہے جذام پیدا ہونے کا اندیشہ ہے۔ احتیاط لازم ہے۔

☆☆☆☆☆☆

قمری اعداد	۵۷۲
شمسی اعداد	۱۶۹۵

۷۹۔ المتعال جل جلالہ

مشترکہ ☆ بادی

اس صفاتی نام کا مطلب ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر حال میں بلند اور بالاتر رہنے والا ہے۔ یہ لفظ علو سے بنا ہے جس کے معنی ہیں بلند ہونا یعنی وہ قادر مطلق اپنی عظمت میں سب سے بڑھ کر بلند و بالا ہے تمام نقائص اور عیوب سے پاک ہے۔ اس کی کبریائی انسانی عقل وفہم اور ادراک سے بالاتر ہے۔ اس اسم صفاتی کا تقاضا ہے کہ ہم اپنے نفس کو اللہ تعالیٰ کی مرضی کا تابع بنائیں اور اطاعت خداوندی میں اپنی ہمت کو بلند رکھیں۔

وظائف:

۱۔ اس اسم مبارک کا بکثرت ذکر کرنے سے اللہ تعالیٰ بندے کی ہر مشکل کو آسان کر دیتا ہے

۲۔ حضرت امام بونی نے فرمایا ہے اس اسم کا ورد قضائے حاجت کے لئے بہت مؤثر ہے۔ اگر کسی کو کوئی ایسی حاجت درپیش ہو تو اس اسم کو گیارہ دن تک رات کے پچھلے پہر میں ۲۷۵۵ مرتبہ پڑھیں۔ انشآء اللہ حاجت پوری ہوگی۔

۳۔ اگر کوئی حاجت درپیش ہو مثلاً کسی کی شادی نہ ہوتی ہو یا کسی کا قرضہ دینا ہو یا کسی سے پیچھا چھڑوانا مقصود ہو یا کسی سے کوئی کام کروانا ہو اور وہ نہ کرتا ہو تو اس اسم کو گیارہ دن تک رات کے پچھلے پہر میں ۲۷۵۵ مرتبہ پڑھیں اور آخر میں سجدہ ریز ہو کر اللہ کے حضور اپنی حاجت پیش کرے۔ انشاء اللہ حاجت پوری ہوگی۔

۴۔ اگر ایام حمل میں عورتیں اس اسم الٰہی کا ورد کریں تو وہ ہر طرح کی درد مصیبتوں اور تکلیفوں سے بچی رہتی ہیں۔ اور انکا بچہ بھی محفوظ و مامون رہتا ہے۔

۵۔ اگر کسی نے آپ پر ناجائز مقدمہ کر رکھا ہو تو اس سے چھٹکارے کے لیے اس اسم کو اکیس دن تک ۶۲۵۰ مرتبہ روزانہ بعد نماز عشاء پڑھیں۔ انشاء اللہ مقدمہ سے خلاصی ہو جائے گی اور کسی قسم کا نقصان نہیں ہوگا۔ بسم اللہ المتعال جل جلالہ (بہترین وظیفہ)

۶۔ جو عورت حمل وضع ہونے کے بعد طہارت میں آکر یا متعالی کا ورد کرنا اپنا شعار بنالے، اس کے بچے ام الصبیان کی بیماری سے محفوظ رہتے ہیں۔ حمل کے دوران میں بھی اس اسم مبارک کا ورد کرنا ام الصبیان سے بچائے رکھتا ہے۔

۷۔ یہ اسم مشکل میں آسانی پیدا کرنے کے لیے بہت مجرب ہے لہٰذا سخت سے سخت مشکل اور مصیبت میں اس اسم کو کثرت سے پڑھنا شروع کریں اور ہر نماز کے بعد مصیبت سے چھٹکارے کی دعا کریں۔ انشاء اللہ اس اسم کی برکت سے مصیبت سے چھٹکارا حاصل ہوگا۔

۸۔ ہر مشکل کے حل کے لیے ہر نماز کے بعد تین سو بار اس اسم مبارک کا پڑھ لینا مفید اور موثر ہوتا ہے۔

۹۔ اگر کوئی شخص اس اسم کو ۲۰ دن تک روزانہ ۳۱۲۵ مرتبہ پڑھنے تو وہ ہمیشہ کے لیے باعزت رہے گا۔ اور ملنے والوں میں بلند و برتر ہو جائے گا۔ کیونکہ اس اسم کو پڑھنے سے عزت اور عظمت میں بے پناہ اضافہ ہوتا ہے۔

۱۰۔ یا متعالی کا ورد کرکے اگر کوئی شخص بڑے حاکم یا منصب دار سے ملے تو وہ بجا طور پر عزت دیتا ہے۔

۱۱۔ اس اسم مبارک کا ورد کرنا انسان کو متحمل مزاج، بردبار اور باحوصلہ بنا دیتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ اس شخص کی بحوالہ غیب بھی اکثر مدد فرماتا ہے۔

۱۲۔ جو شخص اس اسم کو جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب کو آدھی رات کے بعد اٹھ کر پہلے دو رکعت نفل برائے حاجت پڑھے۔ اس کے بعد آنکھیں بند کر کے قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھ جائے۔ اور اس اسم کو ۵۵۱ مرتبہ پڑھے۔ بعد میں نیک رشتہ کی خواہش کرے اور سات شب تک یہی عمل کرے۔ انشاء اللہ شادی کا پیغام فوراً ملے گا۔

۱۳۔ اگر کوئی شخص کسی سخت مشکل میں پھنس جائے تو اس اسم مبارک کو نو ہزار بار ایک مجلس میں پڑھ کر دعا کی جائے تو اللہ تعالیٰ اسے مشکل سے نکال دیتا ہے۔

۱۴۔ بسم اللہ المتعال جل جلالہ کا پڑھنے والا دین و دنیا میں عالی ہمت ہوگا کاہلی و سستی کے قریب نہ آئے گی۔

۱۵۔ جو شخص اسم کا عامل بننا چاہتا ہو تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو ۱۲۵۰۰ مرتبہ رات کے اندھیرے میں خلوت کے مقام پر بیٹھ کر پڑھے۔ انشاء اللہ پڑھائی مکمل ہونے پر عامل بن جائے گا۔ اس کے بعد اس اسم کے نقش کو دوسروں کے لیے مطلوبہ کاموں کے لیے دے سکتا ہے۔

۱۶۔ اگر عورت ماہواری ایام میں باوضو ہو کر اُس کو تین ہزار مرتبہ روز پڑھے گی کبھی اُسکا بچہ کسی بچوں کی پیچیدہ بیماری میں مبتلا نہ ہوگا خود پڑھنے والی عورت ہر ایک طرح کی آفتوں سے محفوظ رہے گی۔ وضاحت: عورت کو ایام ماہواری میں سوائے قرآن مجید کے اور سب کچھ، دعا، استغفار، اللہ تعالیٰ کے نام وغیرہ وغیرہ پڑھنے درست ہیں اس لیے کوئی شخص کچھ خیال دل میں نہ لائے۔

۱۷۔ پیر کی شب کو غسل کر کے منہ آسمان کی طرف اٹھا کر ایک سو اکتالیس مرتبہ اس نام کو پڑھ کر جو دعا مانگے قبول ہوگی۔

۱۸۔ کسی سخت مہم کے وقت اس نام کو سات ہزار مرتبہ ایک مجلس میں پڑھنا نہایت مجرب ثابت ہوا ہے۔

۱۹۔ جو عورت حالت حیض میں "یا متعال" پڑھے تو حیض کے جملہ امراض سے محفوظ رہے گی۔

۲۰۔ ہر کام میں فتح و نصرت کیلئے المتعال کا ورد بعد نماز فرض کثرت سے کریں۔

۲۱۔ بسم اللہ المتعال جل جلالہ کا کثرت سے ورد ہر کام میں کامیابی و کامرانی نصیب کرتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆

چلتے پھرتے کثرت کے ساتھ "یا ذوالجلال والاکرام یا ارحم الرّاحمین" پڑھنا پریشانیوں سے ہر وقت بچنا ہے

۲۳۳	قمری اعداد
۵۱۳	شمسی اعداد

۸۰۔ البرّ جل جلالہ

جمالی ☆ خاکی

یہ نام ظاہر کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کے ساتھ احسان کا سلوک کرنے والا ہے۔اور جس پر مہربان ہو، اس پر اپنے احسانات اور انعامات کا مینہ برساتا ہے۔تمام بھلائیاں اور لطف اسی کی جانب سے ہیں۔اس صفاتی نام کا تقاضا ہے کہ ہم بھی اپنی استطاعت اور قدرت کے مطابق لوگوں سے مہربانی اور بھلائی کا سلوک کریں مثال کے طور پر والدین، عزیز وا قارب اور بزرگوں کے ساتھ عزت سے پیش آئیں اور چھوٹوں کے ساتھ شفقت کا سلوک کریں۔

وظائف:

۱۔ اس اسم الٰہی کے ورد سے بندہ آفات کے خوف اور ڈر سے آزاد ہو جاتا ہے اور وہ سدا امن وسکون میں رہتا ہے۔ (یا اللہ البرجل جلالہ)

۲۔ حضرت سلطان العارفین سلطان باہو نے فرمایا ہے کہ جو شخص آفتوں سے ڈرتا ہو اگر وہ اس اسم کو پڑھتا رہے تو امن میں رہے گا۔ (بسم اللہ البرجل جلالہ)

۳۔ جو شخص سات مرتبہ پڑھ کر بچے پر دم کر کے اللہ کے سپرد کر دے تو وہ بچہ بلوغت تک امن میں رہے گا۔ (یارب البرجل جلالہ)

۴۔ جو شخص شراب اور زنا میں مبتلا ہو وہ ہر روز سات مرتبہ پڑھ کر اپنے او پر دم کرے تو شیطانی کاموں سے امن میں رہے گا۔

۵۔ اگر کسی بندے یا بچے کو نظر لگ جاتی ہو تو ۱۱۱ مرتبہ "یا بَرّ" پڑھ کر پانی دم کر کے پلائیں اور اس اسم کا نقش اس کے گلے میں ڈال دیں۔انشاء اللہ بچے کو کبھی نظر نہیں لگے گی۔اور وہ ہمیشہ اللہ کی پناہ میں رہے گا۔اس کے علاوہ اگر کسی چیز پر بھی دم کر دیں گے تو اسے بھی نظر نہیں لگے گی۔

۶۔ اس اسم الٰہی کے ورد سے بند کام کھل جاتے ہیں اور خوب برکت نصیب ہوتی ہے۔

بسم اللہ البر جل جلالہ

۷۔ اگر کوئی شخص "یابرّ" کو ہر نماز کے بعد ایک سو بار ورد کرے تو اللہ تعالیٰ اسے آلام اور پریشانیوں سے بچائے رکھتے ہیں۔ اور اسے اعمال بد سے بھی دور رکھتے ہیں۔

۸۔ جہاز یا کشتی کسی طوفان میں پھنس جائے تو سواریوں کو چاہیئے کہ اس اسم کا ورد کریں انشآء اللہ کشتی یا جہاز غرق ہونے سے بچ جائے گا۔

۹۔ جو شخص بُری عادتوں پھنس گیا ہو، شراب جوئے اور بدکاری جیسی بری عادتوں میں ملوث ہوگیا ہو ہیروئن کا عادی بن گیا ہو، ایسے شخص کے لئے گیارہ سو مرتبہ اس اسم کو پڑھ کر پانی دم کریں کچھ پانی اسے پلائیں اور کچھ اس کے کپڑوں پر چھڑکیں۔ چالیس دن تک یہ عمل کریں۔ انشآء اللہ اس ہر بری عادت ختم ہو جائے گی۔

۱۰۔ اس اسمِ حسنہ کا ورد کرنے والا شخص بفضل ایزدی نیک خصلت، رحم دل سخی اور خوش اخلاق بن جاتا ہے، اور اللہ تعالیٰ اسے لوگوں میں مقبول بنا دیتا ہے۔

۱۱۔ جو شخص "یابرّ" کا ورد کثرت سے کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر اپنی نعمتوں کی بارش کر دیتا ہے۔ اس کی طبیعت میں نیکی کوٹ کوٹ کر بھر دیتا ہے۔ وہ ہر ایک سے اچھا سلوک کرتا ہے۔

۱۲۔ ایک اللہ کے بندے کو قول ہے کہ جو اس اسم کو کثرت سے پڑھ کر بعد میں جو دعا مانگے وہ قبول ہوگی۔

۱۳۔ اگر کوئی شخص بہت بری خصلتوں اور عادتوں کا شکار ہو گیا ہو تو اسے چاہئے کہ وہ اس اسم کا بار قبلہ رو کھڑا ہو کر ورد کرے اور گیارہ دن تک اس عمل کو کرتا رہے۔

۱۴۔ جو شخص کسی سفر پر جائے اور سفر کے آغاز میں اس اسم کو ایک سو مرتبہ پڑھے اگر ہو سکے تو سفر کے دوران بھی اسے کثرت سے پڑھے۔ انشآء اللہ وہ سفر کی ہر قسم کی مصیبتوں سے بالکل محفوظ رہیگا۔ اور اپنی منزل پر بحفاظت اور امن سے واپس آئے گا۔

۱۵۔ اس اسم مبارک کا ورد کرنے والے کا اللہ تعالیٰ غم روزگار دور کرتا ہے اور سدا اس کے رزق کے ذریعہ معاش کو بحال اور برقرار رکھتا ہے۔

۱۶۔ جو شخص اس اسم کا عامل بننا چاہے تو اسے چاہئے، کہ اس اسم کو ۴۰ دن تک خلوت میں بیٹھ کر روزانہ ۳۱۲۵ مرتبہ پڑھے۔ پڑھائی مکمل ہونے پر وہ اس اسم کا عامل بن جائے گا۔ اس کے بعد اس اسم کا نقش مطلوبہ فوائد کے لئے دوسروں کو دے سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ بہتر کرے گا۔

۱۷۔ جو شخص کسی بھی طرح کے دوسرے شخص سے ملنے سے پہلے ''یابر'' کا ورد کرتا رہے اللہ تعالیٰ اسے ہر طرح کی مشکلوں اور اُس شخص کی شیطانی سے بچائے رکھتا ہے۔

۱۸۔ بسم اللہ البر جل جلالہ کی تاثیر یہ ہے کہ اس کا کثرت سے ورد کرنے والا نیک طبیعت، سخی، نیک خصلت، ملنسار اور اچھا سلوک کرنے والا بن جاتا ہے۔

۱۹۔ جو کسی بھی سواری سے سفر کرے اور سوار ہوتے وقت اس مبارک نام کو پڑھے گا ضرور انشاء اللہ تعالیٰ ساری آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

۲۰۔ اگر مطلوب کو نظر لگ جائے تو سات مرتبہ ''یابر'' پڑھ کر دم کرنے سے انشاء اللہ مطلوب نظر بد سے محفوظ رہے گا۔

۲۱۔ جس کا نفس حرام کاری کی طرف مائل رہتا ہے یا شیطان کے جال میں پھنس گیا ہو اور وہ شخص ان بری باتوں سے بچنا چاہے۔ تو گیارہ سو مرتبہ اس پاک نام کو باوضو قبلہ رخ ہو کر گیارہ دن تک پڑھنے سے انشاء اللہ اس عرصہ میں بری خصلتوں سے نجات پائے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆

قمری اعداد	۴۴۰
شمسی اعداد	۱۳۰۷

۸۱۔ التواب جل جلالہ

جمالی ☆ آتشی

اللہ تعالیٰ کے اس صفاتی نام کا مطلب ہے کہ وہ بندوں کے حال پر توجہ فرمانے والا اور گنہگاروں کی توبہ قبول کرنے والا ہے اس لفظ کا تعلق توبہ سے ہے جس کے معنی ہیں توجہ کرنا، رجوع، کرنا یا پلٹنا۔ اگر یہ لفظ انسانوں کے لیے استعمال ہو تو اس سے مراد ہے خدا کی طرف رجوع کرنا، یا اپنے گناہوں پر نادم ہونا۔ لیکن اگر اللہ تعالیٰ کے لیے استعمال ہو تو اس سے مراد ہے بندے کی طرف توجہ کرنا اس کی کوتاہیوں پر درگزر کرنا۔ گویا تواب کے معنی ہیں وہ ذات بابرکت جو بندوں کو توبہ کی توفیق عطا کرتی ہے اور اگر توبہ کے بعد انسان سے پھر کوئی غلطی سرزد ہو جائے تو پھر توبہ کی توفیق عطا کرتی ہے۔ اور بندوں کی اس درخواست کو قبول کرتا ہے۔ اس لیے انسانوں کو چاہیے کہ وہ ہر حال میں خدا سے رجوع کریں اور اپنے ماتحتوں اور ساتھیوں کے عذر کو قبول کر کے ان کی غلطیوں کو معاف کر دیا کریں۔

وظائف:

۱۔ اگر کوئی شخص نماز چاشت پڑھنے کے بعد ایک سو ساٹھ مرتبہ "یَاتَوَّابُ" کا ورد کر کے پروردگار سے دعا کرے تو اللہ تعالیٰ اس شخص کی توبہ قبول فرما لیتا ہے۔

۲۔ حضرت سلطان باہو، کا ارشاد ہے کہ جو شخص اس وظیفہ کا بعد نماز چاشت ۱۶۰ مرتبہ روزانہ پڑھنے کا معمول بنا لے اللہ تعالیٰ اس کے نفس کو فرمانبردار کر دیتا ہے۔ اور اس کا نفس ہمیشہ اللہ کے خوف کے باعث نیک اعمال کی طرف مائل رہتا ہے۔

۳۔ جو شخص اس اسم مبارک کا ورد کرنا اپنا معمول بنا لیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے تمام کام سنوار دیتا ہے۔

۴۔ اگر کسی کو شیطانی خیالات تنگ کرتے ہوں تو اسے اس اسم کا نقش دیں۔ انشاءاللہ اسے شیطان تنگ نہ کرے گا۔ اور اس کی زندگی بڑے احسن طریقے سے بسر ہوگی۔

۵۔ جس شخص کو اللہ کی معرفت کا راستہ نہ ملتا ہو وہ اللہ کے تصور میں ڈوب کر کثرت سے اس وظیفہ کو پڑھے اس پر باطن کی راہ کھل جائے گی۔ اور ولی کامل بننے کے لئے اسے راہنمائی میسر آجائے گی اس پر انوارات کا بھی ظہور ہو گا۔

۶۔ جو بندہ چاہے کہ اس کا نفس اس کے قبضے میں رہے اسے چاہئے کہ وہ "یَاتَوَّابُ" کا ذکر اختیار کرے۔

۷۔ جو شخص سوتے وقت اسے روزانہ ۴۰۹ مرتبہ پڑھے، اللہ تعالیٰ اپنی اس صفت کی بدولت اسے سچی توبہ کی توفیق عطا فرمادے گا اس کے بعد جو شخص اسے روزانہ ۲۴ بار پڑھتا رہے وہ ہمیشہ توبہ پر قائم رہے گا۔

۸۔ "یَاتَوَّابُ" کا مدام ورد کرنے والے کو اللہ تعالیٰ سدا خوشحال اور آسودہ حال رکھتا ہے۔ اس کے روزگار کی حفاظت کرتا ہے۔

۹۔ جو شخص رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں اسے روزانہ ۲۱۲۱ مرتبہ پڑھے، اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اس کی برکت سے وہ آئندہ رمضان المبارک تک خوشحال رہے گا۔ اور اس کی زندگی سکون اور آرام سے گزرے گی بشرطیکہ پہلے سچے دل سے توبہ کرلے اور آئندہ جانتے ہوئے گناہ نہ کرے۔

۱۰۔ اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد تین سو مرتبہ "یَاتَوَّابُ" کا ورد کرے تو اللہ تعالیٰ اس شخص کے احوال پر خصوصی توجہ فرماتا ہے۔

۱۱۔ یہ وظیفہ قبولیت دعا کے لئے بھی بہت اکسیر ہے اگر کسی کی جائز دعا پوری نہ ہوتی ہو تو وہ گیارہ دن تک اس اسم کا روزانہ گیارہ سے مرتبہ ورد کرے۔ اس کے بعد روزانہ دعا مانگے۔ انشآءاللہ جائز دعا قبول ہو گی۔ بسم اللہ التواب جل جلالہ

۱۲۔ اگر کوئی شخص نماز عشاء کے بعد ایک سو اکیس مرتبہ "یَاتَوَّابُ" کا ورد کرنا اپنا معمول بنالے تو اللہ تعالیٰ اسے عبادات کے شوق سے معمور کر دیتا ہے۔

۱۳۔ ہر قسم کی مشکلات سے بچنے کے لئے بھی "یَاتَوَّابُ" کا ورد کرنا بے حد مفید اور موثر ہے۔ اس کے ورد سے اس کا دل نیک کاموں کی طرف لگ جاتا ہے۔

۱۴۔ جو شخص "یَاتَوَّابُ" کو ۴۴۶۵ مرتبہ روزانہ چالیس دن تک پڑھے گا۔ وہ اس کا عامل بن جائے گا اس کے بعد وہ مطلوبہ مقاصد کے لئے اس اسم کے نقش کو دوسروں کو دے سکتا ہے۔ انشاء اللہ مقصد پورا ہوگا۔ اگر نقش دینے سے پہلے سورۃ فاتحہ اور اکیس مرتبہ "یَاتَوَّابُ" پڑھ لیا جائے تو بہت بہتر ہوگا۔

۱۵۔ جو شخص برائیاں چھوڑ کر نیکی کے راستے پر آنے کا متمنی ہو تو اس سلسلے میں ایک سو اکیس مرتبہ "یَاتَوَّابُ" ہر نماز کے بعد پڑھنا معمول بنالینا چاہیے۔

۱۶۔ جو شخص اس اسم مبارک کو سات سو بار ہر روز پڑھے تو وہ کبھی نفس اور شیطان کے مکروہ فریب میں نہیں آئے گا۔

۱۷۔ جس شخص کا رمضان المبارک کے مہینے میں ختم پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دین و دنیا کی نعمتوں سے فیض یاب رکھتا ہے۔ اس ختم شریف کو رمضان المبارک کے آخری عشرے میں کئی طرح سے پڑھا جاسکتا ہے۔

۱۸۔ جو کوئی شخص چاشت کی نماز پڑھنے کے بعد ایک سو سات دفعہ اس نام کو پڑھے گا حق تعالیٰ اسے سچی توبہ کی توفیق عطا کرے گا۔

۱۹۔ جو شخص اس نام کا ختم پڑھے گا ایک سال تک امن و امان کے ساتھ نہایت آسان زندگی بسر کرے گا۔ اسی طرح ہر سال کے ختم پر پڑھ سکتا ہے۔

۲۰۔ اس اسم کی تاثیر یہ ہے کہ اس کو پڑھنے والا سچی توبہ کا مستحق ہو جاتا ہے۔

۲۱۔ فجر کی نماز یا چاشت کی نماز کے بعد ۳۶۰ مرتبہ "یَاتَوَّابُ" پڑھنے سے توبہ کی توفیق ملے گی اور توبہ قبول ہوگی۔

☆☆☆☆☆☆

قمری اعداد	۶۶۱
شمسی اعداد	۲۷۰۴

۸۲۔ المنتقم جل جلالہ

جلالی ☆ آتشی

اس اسم صفاتی سے مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے اور اپنے مخلصین کے دشمنوں سے بدلہ لینے والا ہے۔ وہ اپنے دشمنوں اور نا فرمانوں کو اُن کے گناہوں کے باعث سزا دیتا ہے اور اپنے دبدبے اور سطوت کے ساتھ جس سے چاہے، مواخذا کر سکتا ہے۔ اس کی پکڑ بھی سخت ہے اور اس کا عذاب بھی لہٰذا انسان کے لیے لازم ہے کہ ہر وقت گناہوں سے بچنے کی کوشش کرتا رہے اور اللہ کے دشمنوں سے عداوت رکھے بلکہ ہو سکے تو اُن سے انتقام لے۔ جہاد اسی انتقام کا ایک نمونہ ہے۔

وظائف:

۱۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس مبارک اور عظیم الشان نام کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا شریعت کے حق کی حفاظت کا بہت خیال، اسلام اور اہل اسلام کی عزت کا بہت دھیان رکھتا ہے یہ بُرے شخص سے اعراض کرتا ہے۔

۲۔ دشمن سے حفاظت میں رہنے کے لیے بھی اس کا عمل بہت مجرب ہے جو شخص کسی دشمن سے مغلوب ہوا ہو وہ شخص تین جمعہ تک ہر جمعہ کو سات ہزار مرتبہ یہ اسم پڑھے۔ انشاء اللہ دشمن کے پنجے سے خلاصی ہو جائے گی اور حفاظت کے ساتھ رہے گا۔

۳۔ اللہ تعالیٰ کا یہ اسم مبارک ایسا ہے کہ اس کے ورد سے دشمنوں کو قابو کیا جا سکتا ہے۔

۴۔ جو شخص اکثر یا منتقم کا ورد کرتا رہتا ہے اللہ اسے سد احتاجی سے بچائے رکھتا ہے۔

۵۔ ایک عامل کا قول ہے کہ جو شخص آدھی رات کے وقت تنہائی میں کھڑے ہو کر تین ہزار مرتبہ اس نام کو پڑھے اور اس کے بعد جو خواہش دل میں ہو سجدہ ریز ہو کر اللہ کے حضور پیش کرے۔ انشاء اللہ مراد پوری ہو گی۔

بسم اللہ المنتقم جل جلالہ (بہترین وظیفہ)

۶۔ اگر کوئی شخص آدھی رات کے بعد پوری توجہ اور ارتکاز کے ساتھ یا منتقم کا ورد کر کے دعا مانگے تو اللہ تعالیٰ اس کے ہر مقصد کو پورا فرما دیتا ہے

۷۔ اگر کسی پر جھوٹی تہمت لگا کر اس کے خلاف زنا، شاب جوئے یا قتل کا مقدمہ بنا دیا گیا ہو تو اس صورت میں اسے چاہیئے کہ اس اسم کو گیارہ ہزار مرتبہ پڑھنا شروع کر دے اور اس وقت تک پڑھتا رہے جب تک مقدے کا فیصلہ نہ ہو جائے۔ انشاء اللہ وہ بری الذمہ ہوگا۔ اور اسے کسی قسم کی تکلیف نہ پہنچے گی اور جیل میں قیدی تخصرات اسے پڑھیں تو ان پر بھی نرمی کے حالات پیدا ہو جائیں گے۔

۸۔ اس اسم مبارک کا ورد کرنے والا ہمیشہ دشمنوں کے مقابلے میں کامیابی اور کامرانی حاصل کرتا ہے۔

۹۔ "یا منتقم" کا ورد کرنے والا شریعت کے حق کی حفاظت کا بہت خیال رکھتا ہے۔ اسلام اور اہل اسلام کی عزت کرتا ہے۔ خلاف شرع اعمال سے باز رہتا ہے۔

۱۰۔ بعض کالے علم کے حامل بڑا سخت قسم کا جادو کرتے ہیں۔ سفلی علم کے ذریعے کاروبار، کارخانہ یا دکان وغیرہ کی آندن کو باندھ دیتے ہیں۔ وقتی طور پر اثر ہو جاتا ہے۔ لیکن نفع نقصان اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ ایسی صورت میں اس اسم کا ورد کالے علم کے وار کو روک دیتا ہے لہٰذا جس پر کالے علم کا وار ہو گیا ہو تو اسے چاہیئے کہ چالیس دن تک صبح کے وقت یہ اسم ۲۴۰ مرتبہ پڑھے اگر اس سے زیادہ یعنی ۶۴۰۰ مرتبہ پڑھ سکتا ہو تو پڑھ لے۔ انشاء اللہ کالے علم کے وار کا اثر فوراً ختم ہو جائے گا۔ اور پہلے کی طرح ہر کام معمول کے مطابق درست ہو جائے گا۔

۱۱۔ اگر کسی دشمن کو مغلوب کرنا مقصود ہو تو تین جمعہ تک ہر جمعہ کو سات ہزار بار "یا منتقم" کا ورد کر کے دعا مانگے، انشاء اللہ دشمن بے بس ہو جائے گا۔ اور اس کا شر بھی ختم ہو جاتا ہے۔

۱۲۔ اگر کوئی شخص کسی جھوٹے مقدے میں پھنس گیا ہو تو عین آدھی رات کے وقت ۵۰۰۰ مرتبہ اور پھر اسی طرح عین نصف النہار کے وقت تین دن تک پڑھتا رہے، انشاء اللہ دشمن کی ہر چال ناکام ہو جائے گی اور مقدمہ سے خلاصی ہوگی۔

۱۳۔ جوشخص کسی دشمن سے مغلوب ہوا ہو وہ شخص تین جمعہ تک ہر جمعہ کو سات ہزار مرتبہ اس نام کو پڑھے انشآءاللہ اس عرصہ میں دشمن کے پنجہ سے بالیقین مع الخیر رہا ہو جائے گا۔

۱۴۔ جوشخص آدھی رات کے وقت کھڑا ہو کر تین ہزار مرتبہ اس نام کو پڑھے گا جس مراد کے لئے پڑھے گا وہ مراد پوری ہوگی۔

۱۵۔ اگر کوئی شخص کسی جھوٹے فوجداری مقدمہ میں پھنس گیا ہو بارہ بجے دن کو پانچ ہزار مرتبہ تین روز تک "یَامُنْتَقِمُ" پڑھے بہت جلد جان چھوٹ جائے گی۔

۱۶۔ جو اپنے دشمن سے انتقام نہ لے سکے تو جمعہ کی رات ۱۱۱ مرتبہ "یَامُنْتَقِمُ" پڑھے اللہ تعالیٰ خود انتقام لیں گے۔

۱۷۔ کسی ظالم کہ پنجہ سے نجات حاصل کرنے کے لئے ۱۰۳ مرتبہ ہر نماز کے بعد اس اسم مبارکہ کو پڑھنے کی وجہ نجات پا جائے گا۔

۱۸۔ اگر کسی نے دھوکہ سے حق دار کا حق مار لیا ہو اور کوشش کے باوجود نہ دیتا ہو بلکہ دھمکیاں بھی دیتا ہو تو ایسے شخص کو چاہئے کہ صبح کی نماز کے بعد ۳۱۲۵ مرتبہ سات دن تک اس اسم پاک کو پڑھے۔

۱۹۔ کسی بھی قسم کی مصیبت کو ٹالنے کے لئے یا اس سے بچنے کے لئے روزانہ اس اسم مبارک کو ۱۲۵ مرتبہ ہر فرض نماز کے بعد پڑھا جائے۔

۲۰۔ جادو کرنے والے کے لئے جو لوگوں پر ناحق جادو کر کے تنگ کرتا ہو اس کے خلاف یہ عمل کیا جائے روزانہ ۲۱ دن تک ایک سو بارہ مرتبہ پڑھ کر جادو کرنے والے کا نام لیکر اس کے لئے سزا کی بددعا کی جائے انشآءاللہ ہمیشہ کے لئے جادو کرنا بھول جائے گا۔

۲۱۔ کسی مظلوم کو ظالم سے بچانے کے لئے تین ہزار مرتبہ اس اسم کو پڑھ کر دعا مانگی جائے انشآءاللہ تعالیٰ ظالم ظلم سے بعض آئے گا۔

☆☆☆☆☆☆

﴿بسم اللہ المنتقم جل جلالہ﴾

۱۸۷		قمری اعداد
۱۵۹۱		شمسی اعداد

۸۳۔ العفو جل جلالہ

آتشی ☆ جمالی

اللہ تعالیٰ کے اس صفاتی نام کا مطلب ہے، بہت زیادہ معاف کرنے والا۔ یہ لفظ غفور کے ہم معنی ہے جس کے معنی ہیں گناہوں کو چھپانے اور اُن پر پردہ ڈالنے والا۔ لیکن العفو میں اس سے زیادہ مبالغہ پایا جاتا ہے۔ کیونکہ عفو کے معنی گناہوں کو مٹانا ہے۔ اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اپنے نیک بندوں کے ہاتھ میں جو اعمال نامے دے گا، وہ صاف ہوں گے۔ گویا انہوں نے کوئی گناہ نہیں کیا، اور نہ ان سے کسی بات کا مواخذہ کیا جائے گا۔ اس نام کی مناسبت سے انسانوں کو چاہئے کہ وہ دوسرے انسانوں کی غلطیوں سے درگزر کریں، بلکہ کوئی ان پر ظلم بھی کرے تو اس کو معاف کر دیا کریں۔

وظائف:

۱۔ العفو جل جلالہ کا ورد کرنے والا کسی شخص سے اپنا بدلہ نہیں لے گا۔ بڑے بڑے جرم تھوڑے سے عذر میں معاف کرے گا۔

۲۔ ''یا عفو'' کے بعد اگر ''یا غفور'' کو شامل کر لیا جائے تو اس کے اثرات میں اور زیادہ تاثیر پیدا ہو جائے گی بزرگوں کا کہنا ہے کہ اس طرح اللہ کو یاد کرنے سے اللہ بہت ہی مہربان ہوتا ہے۔ اور ہر قسم کے گناہوں فوراً معاف کر دیتا ہے۔ جو شخص راہ حق کا متلاشی ہو تو اسے چاہیئے کہ اسے روزانہ اکتالیس یوم تک گیارہ ہزار مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ اس پر روحانیت کی راہیں کھل جائیں گی۔

۳۔ اللہ العفو بندوں کی غلطیوں اور جرائم پر درگزر کرنے والا ہے، اور اس اسم مبارک کے باعث اپنی اس صفت کو انسانوں کے لیے بڑی فراوانی اور فیاضی سے بروئے کار لاتا رہتا ہے۔

(بہترین وظیفہ) بسم اللہ العفو جل جلالہ

۴۔ ایسا مریض جسے بیماری بہت تنگ کرتی ہو اگر وہ اس اسم کو کثرت سے پڑھنے لگے تو اس کی کی مرض شدت میں کمی آجائے گی اور ادویات استعمال کرے گا اللہ ان میں شفایابی کے اثرات پیدا کردیگا

۵۔ ایک عامل کا قول ہے کہ مرض سرخ باد میں سات مرتبہ زعفران سے اس اسم کو مریض کے ماتھے پر لکھیں تو انشاء اللہ فوری آرام آجائے گا۔

۶۔ اگر کوئی شخص یہ محسوس کرے کہ اس سے بہت زیادہ گناہ سرزد ہو گئے ہیں تو وہ ''یاعفو'' کا مدام ذکر کرنا اپنا معمول بنالے۔ اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو معاف فرمادے گا۔

۷۔ تنگی خواہ کسی قسم کی ہو، مال ودولت کی ہو یا اولاد کی طرف سے ہو یا کسی ظالم کے ظلم کی پریشانی دامنگیر ہو اسے چاہیئے کہ اللہ کے حضور سچے دل سے توبہ کرے اور پھر اس اسم کا ذکر کرنا شروع کر دے۔ اور روزانہ عصر کی نماز کے بعد یا دن میں جس وقت پڑھ سکے اسے ایک ہزار دس مرتبہ پڑھے اور دو سال تک یہ معمول جاری رکھے اس کی ہر قسم کی تنگی دو ہو جائے گی۔

۸۔ اگر دشمن کے ہتھیاروں کو نام اور نا کارہ بنانا مقصود ہو تو اس کے لیے دشمن کے ہتھیاروں کو تصور میں لا کر ان پر ''یاعفو'' کا دم کیا جائے یوں ہتھیار کوئی گزند نہیں پہنچا سکیں گے۔

۹۔ ایسی عورت جس کے خاوند کا مزاج بہت سخت ہو اور بات بات پر ناجائز غصے کا اظہار کرتا ہو ایسے حالات میں عورت کی زندگی بہت تلخ ہو جاتی ہے تو یسی عورت کو چاہیئے کہ جب خاوند کو روٹی دینے لگے تو اس پر پہلے ۱۱۱ مرتبہ ''یاعفو'' پڑھ لے۔ اس طرح چالیس دن تک کرے انشاء اللہ خاوند کا مزاج نرم ہو جائے گا اور بد کلامی چھوڑ دے گا۔ اور اپنی عورت سے بہتر سلوک کرنے لگے گا۔

۱۰۔ اگر کوئی شخص ''یاعفو'' کا ورد ب روزانہ کرنا اپنا معمول بنالے تو اللہ تعالیٰ اس کے ہر روز کے گناہ معاف فرمادیتا ہے۔

۱۱۔ بسم اللہ العفو جل جلالہ کا ورد تمام گناہوں کو معاف کروانے کے علاوہ ہر کام میں فتح ونصرت اور کامیابی وکامرانی کا بھی باعث ہے۔

۱۲۔ جو شخص اسے روزانہ صبح وشام سو سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف کرتا رہتا ہے اور اس میں اچھے اوصاف پیدا ہو جائیں گے اور اس کا دل نیک کام کرنے کی طرف خوب مائل رہے گا۔ اس لحاظ سے اس اسم کا ورد ہر وقت کرنا بھی بہتر ہے۔ اگر ایسا نہ ہو سکے تو ہر نماز کے بعد چند بار اسے پڑھ لینا بہت بہتر ہے۔

۱۳۔ جو شخص اس اسم مبارک کا ورد کرنے والا ہوتا ہے وہ لوگوں سے اپنا بدلہ لینے کے بجائے عفو اور درگزر سے کام لیتا ہے، اور یوں اللہ تعالیٰ بھی اس سے درگزر کرنے لگتا ہے۔

۱۴۔ اس اسم روزانہ ۶۲۵۰ مرتبہ ۴۰ دن تک پڑھیں اس کے بعد اس کا نقش مندرجہ بالا مقاصد کے لیے استعمال میں لائیں۔ انشاء اللہ حسب منشا فائدہ حاصل ہوگا۔

۱۵۔ اگر کوئی شخص ہر روز ایک سو بار "یا عفو" کا ورد کرے تو اللہ تعالیٰ اس کے بڑے سے بڑے گناہ بھی معاف فرما دیتا ہے۔ بشرطیکہ وہ شخص نئے گناہوں سے بچا رہے۔

۱۶۔ اگر کسی شخص کو بادی بخار کا مرض لاحق ہو گیا، اس کے ماتھے پر سات بار انگلی سے "یا عفو" لکھیں تو اللہ تعالیٰ اسے جلد ہی اس مرض سے شفا بخشتا ہے۔

۱۷۔ اس اسم مبارک کے ورد سے انسان کا غصہ اور بے تحاشا جذباتی پن بھی ختم ہو جاتا ہے۔ اس اسم مبارک کا دم کیا ہوا پانی پینے یا کسی کو پلانے سے بھی شدید غصہ اور جذبات آتش ختم ہو جاتے ہیں۔

۱۸۔ سخت مزاج اور تلخ اطوار حاکموں اور افسروں سے ملاقات سے پہلے "یا عفو" کا ورد کرنا نہایت مفید اور موثر ہوتا ہے۔ اس سے وہ لوگ نرم دل اور ہمدرد بن جاتے ہیں۔

۱۹۔ یا عفو کا ورد کر کے جو بھی دعا مانگی جاتی ہے اللہ تعالیٰ اسے شرف قبولیت بخشتا ہے۔

۲۰۔ جو شخص اس نام کو سو مرتبہ روزانہ پڑھتا رہے گا اُس کے پہاڑوں کے برابر گناہ معاف ہوتے رہیں گے۔

۲۱۔ اگر کسی شخص کو دماغی عارضہ ہو گیا ہو سات مرتبہ اُس کے ماتھے پر اس نام کو زعفران سے لکھ دینے سے انشاء اللہ چوبیس گھنٹہ کے اندر آرام ہو جائے گا۔

☆☆☆☆☆☆

قمری اعداد	۲۵۳
شمسی اعداد	۱۵۱۱

۸۴۔ الرؤف جل جلالہ

جمالی ☆ آتشی

یہ نام ظاہر کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ بندوں پر انتہائی مہربانی کرنے والا ہے۔ یہ لفظ رافت سے تعلق رکھتا ہے جس کے معنی ہیں شفقت اور رحمت کی زیادتی۔ گویا اللہ تعالیٰ مخلوقات کے لیے شفقت اور رحمت کا سرچشمہ ہیں۔ رحمت اوصاف۔ حمیدہ میں سب سے زیادہ اہم ہے۔ اور یہ صفاتی نام رسول اکرم۔ کے لیے بھی استعمال ہوا ہے کیونکہ آپ مومنوں کے ساتھ شفقت اور رحم لی سے پیش آتے تھے حتی کہ کافروں کے لیے دعائے خیر کرتے تھے حالانکہ وہ مسلمانوں کو اکثر تکلیفیں پہنچاتے تھے آپ اُن سے درگزر کرتے تھے۔ لہذا انسانوں کو بھی چاہیے کہ وہ دوسروں پر رحم کریں۔

وظائف:

۱۔ اے بہت مہربان۔ یہ اسم جمالی ہے تاثیر اس کی یہ ہے کہ جو شخص اس نام کو بکثرت پڑھے گا رحمت اور شفقت اُس کے دل میں زیادہ ہوگی۔

۲۔ جو شخص اس اسم کو روزانہ ہر نماز کے بعد چند بار پڑھنے کا معمول بنالیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس پر مہربان ہو جاتا ہے۔ اس کا دل نرم ہو جاتا ہے اور روح کی کثافت دور ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے مخلوق خدا اس سے ہمدردی سے پیش آنے لگتی ہے اور اس کے سامنے دنیا مسخر ہو جاتی ہے اور جو شخص اس کثرت سے پڑھے تو اس کے اثرات اور بھی زیادہ مؤثر ہو جاتے ہیں۔ جو شخص بھی اس اسم کے پڑھنے والے کے سامنے آئے گا، نرم ہو جائے گا۔ اگر اس کے دل میں غصہ بھی ہو تو وہ بھی ختم ہو جائے گا۔

۳۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نہایت ہی مہربان اور بے حد شفیق ہے اور وہ نہایت نرمی کے ساتھ ان موانع کو رود کرنے والا ہے جو کسی کی نشو و نما کے راستے میں حائل ہوتے ہیں۔ اس لیے اگر کوئی اس اسم مبارک کا اکثر ورد کرتا ہے تو اللہ اس کے دل میں بھی مہربانی اور شفقت کے فراواں پیدا کر دیتا ہے۔

۴۔ جب کوئی دلھن اپنے گھر سے شادی کے موقع پر رخصت ہو تو اسے چاہیئے کہ راستے میں دل میں ''یاروف'' پڑھتی جائے اور خاوند سے پہلی ملاقات تک پڑھتی رہے۔ انشاء اللہ خاوند ہمیشہ وفادار اور مہربان رہے گا۔ ایسے ہی اگر کوئی دولھا دلھن کو گھر میں لا کر اس وظیفہ کو ایک ہزار ایک سو مرتبہ پڑھ کر دلھن سے ملاقات کرے تو بیوی ہمیشہ تابعدار رہے گی اور میاں بیوی کی زندگی خوشگوار رہے گی۔ گھریلو تلخیاں پیدا نہ ہوگی۔

۵۔ اگر کوئی شخص ''یاروف'' کا دس بار ذکر کر کے مظلوم کے بارے میں سفارش کرے تو مظلوم کو ظالم ضرور چھوڑ دیتا ہے۔

۶۔ اگر کسی شخص کا بیماریوں یا پریشانیوں کی وجہ سے مزاج خراب رہتا ہو۔ طبیعت میں چڑ چڑا پن ہو بات بات پر گھر والوں پر غصہ آتا ہو تو اسے چاہیئے کہ اس اسم کو تین سو مرتبہ صبح بعد نماز فجر اور تین سو دفعہ بعد نماز مغرب پڑھے اور اکیس روز تک یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ اس کا مزاج دوست ہو جائے گا اور طبیعت میں فرحت پیدا ہو جائے گی۔

۷۔ جو شخص اس اسم مبارک کا مدام ذکر کرے اللہ تعالیٰ اس کے دل کو نرم کر دیتا ہے اور اسے ہر طرح کی تکلیف اور گزند سے بچائے رکھتا ہے۔

۸۔ اگر کبھی کسی ظالم حاکم یا سربراہ سے واسطہ پڑ جائے اور وہ جائز بات نہ سنتا ہو تو اس کو نرم کرنے کے لیے اس وظیفہ کو ۲۱ دن تک روزانہ ۲۱۰۰ مرتبہ پڑھے تو انشاء اللہ اس کا دل نرم ہو جائے گا اور وہ آپ کی ہر جائز بات سنے گا اور انصاف سے کام لے گا۔

۹۔ یاروف کے ورد سے اللہ تعالیٰ سدا رحمتوں اور برکتوں کا نزول فرمایا ہے۔

۱۰۔ اگر کسی شخص کا مزاج خراب ہو اور وہ خوہ انے مزاج کو درست کرنا چاہے تو اسے چاہیے کہ وہ اکیس دن تک ہر روز تین سو بار صبح اور تین سو بار شام کو پڑھ کر دعا کرے۔ اللہ تعالیٰ اس کا مزاج دوست فرما دیتا ہے۔

۱۱۔ یاروف یا اللہ ہر امتحان میں کامیابی کیلئے بعد نماز تہجد ۱۱۰۰ مرتبہ پڑھنا مفید ہے۔

۱۲۔ بسم اللہ الروف جل جلالہ کا ورد ہر کام میں فتح و نصرت دلاتا ہے۔

۱۳۔ اگر کوئی شخص اس وظیفہ کو اس طرح یعنی ''یاروف'' ''یارحیم'' پڑھے تو اسطرح پڑھنے سے اللہ کی رحمت ہر لحاظ سے حاصل ہوگی۔ وہ شخص جس کام کو ہاتھ ڈالے گا اسی میں کامیابی حاصل ہوگی۔

۱۴۔ اگر کوئی نئی نویلی دلہن خاوند کر گھر میں پہلے دن قدم رکھنے سے پہلے خاوند کے سامنے سات بار ''یاروف یارحیم یااللہ'' پڑھ لے تو انشاءاللہ خاوند ساری عمر بیوی پر مہربان رہے گا۔

۱۵۔ اگر کوئی شخص اپنے سابقہ گناہوں پر پشیمان ہو اور مغفرت چاہتا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد چالیس بار یا ''روف'' کا ورد کرے، اللہ تعالیٰ اس کے گناہ بخش دیتا ہے۔

۱۶۔ اس اسم کا عامل بننے کے لیے ''یاروف'' کو ۴۰ دن تک روزانہ ۶۲۵۰ مرتبہ خلوت میں بیٹھ کر بعد نماز وشاء ژھیں اس کے بعد اس اسم کا نقش ظالم حاکم کو نرم کرنے، کسی شخص کے بگڑے ہوئے مزاج کو درست کرنے، دلہن کے حالات کو بہتر رکھنے، گھر میں برکت حاصل کرنے اور دیگر اللہ تعالیٰ کی نوازشات کے حصول کے لیے اس تعویذ کو استعمال میں لاسکتے ہیں۔ انشاءاللہ اس اسم کی برکتسے مطلوبہ مقاصد پورے ہوں گے۔

۱۷۔ جو شخص بکثرت یاروف کا ورد کرنا اپنا معمول بنالیتا ہے اللہ تعالیٰ اس شخص سے لوگوں کی محبت بڑھا دیتا ہے اور اس پر لوگوں کو مہربان کر دیتا ہے۔

۱۸۔ اگر کوئی حاکم یا ظلم کسی مظلوم کی سفارش نہ سنتا ہو تو ایک سودس مرتبہ اس نام کو پڑھ کر دعا کی جائے انشاءاللہ وہ ظالم اُس مظلوم کے متعلق سفارش قبول کرے گا۔

۱۹۔ اگر کسی شخص کا مزاج خراب ہو اور وہ خواہ اپنے مزاج کو درست کرنا چاہے تو تین سو دفعہ صبح اور تین سو دفعہ شام اس نام کو ررروزیہ شخص خود پڑھے انشاءاللہ اکیس روز میں شفا کلی حاصل ہوگی۔

۲۰۔ جس وقت دلہن رخصت ہو کر خاوند کے سامنے جائے سات مرتبہ ''یاروف یارحمن'' پڑھ لے انشاءاللہ خاوند ساری عمر بیوی پر مہربان رہے گا اور کبھی ناموافقت نہ ہوگی۔

۲۱۔ کسی کی سفارش کی ضرورت ہو تو ''یاروف یارحیم'' ۱۰ بار پڑھ کر سفارش کریں انشاءاللہ آپکی سفارش قبول ہوگی۔

☆☆☆☆☆☆☆

اس صفاتی نام کا مطلب ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کائنات کا خود مختار مالک ہے وہ اپنے ملک میں جس طرح چاہے، تصوف کر سکتا ہے اور کوئی شخص اس کے حکم اور فیصلے کو رد کرنے والا نہیں ہے۔ گویا اس نام میں ساری کائنات اور موجودات کو ایک مملکت سے تشبیہ دی گئی ہے جس کا حکمران اور مالک وہ قادر مطلق ہے جس کی قدرت کامل ہے۔ اور وہ ہر شے کا بندوبست بڑے احسن طریقے سے کرتا ہے۔ انسان کو چاہیے کہ وہ اللہ کے سوا کسی سے مدد نہ مانگے بلکہ اسی مالک الملک سے طلب کرے۔

وظائف:

۱۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس عظمت والے نام کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا دوجہان میں ذی وجاہت ہوگا۔

۲۔ اس وظیفہ میں جائداد کے مقدمہ میں کامیابی کے اثرات ہیں لہذا جائداد کی تقسیم میں اگر کسی کے ساتھ ناانصافی ہو رہی ہو یا کوئی دوسرا فریق حصہ دینے پر راضی نہ ہو یا عدالت میں تقسیم جائداد کا مقدمہ چل رہا ہو تو اس صورت میں ۱۲ روز تک اسے گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے پھر ہر تاریخ پر اسے مقدمہ کی پیشی کے وقت دل میں کثرت سے پڑھتا رہے انشاء اللہ مقدمہ میں کامیابی حاصل ہوگی اور جائداد کا حصہ مل جائے گا۔ اگر خدانخواستہ مقدمہ میں کامیابی نہ ہو تو پھر اپیل میں کامیابی کے لیے شماروں پر ختم شریف کی صورت میں سوالا کی تعداد پوری کریں۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

۳۔ ساری کائنات اللہ تعالیٰ کے قوانین کے مطابق چل رہی ہے، اور اس پر صرف اور صرف اللہ ہی کی ملکیت ہے اور اسی اللہ تعالیٰ ہی کی بادشاہت اور حکومت ہے۔ لہذا اس اسم مبارک کا ورد کرنے والا کبھی شرک کا مرتکب نہیں ہوتا اور سب کچھ اپنے پروردگار ہی سے مانگتا ہے۔

۴۔ اگر کسی کو کوئی ضروری حاجت درپیش ہو اور وہ پوری ہوتی نظر نہ آتی ہو اسے چاہئے کہ اللہ کے بروسے پرسات جمعرات چلتے پانی کے کنارے پر جائے اور وہاں اس اسم کو بعد نماز عصر ۲۱۲۰ مرتبہ پڑھے اس کے بعد اللہ کے حضور اپنی حاجت پیش کرے انشآء اللہ حاجت پوری ہوگی۔

۵۔ یا مالک الملک کا مسلسل ذکر کرنے والا بفضل تعالیٰ خوش حال اور دولت مند ہو جاتا ہے اللہ تعالیٰ ایسے شخص کی تمام مشکلات دور کر دیتا ہے۔

۶۔ حکومت کا سلسلہ سنبھالنے کے لئے الیکشن میں کامیابی ضروری ہے۔اس لئے امیدوار خود یا اس کا کوئی ہمدرد اس وظیفہ کو روزانہ ۲۲۵۰ مرتبہ پڑھے اور چالیس دن تک اس پڑھائی کو جاری رکھے۔انشآء اللہ امیدوار الیکشن میں کامیابی حاصل ہوگی۔

۷۔ جو شخص یا مالک الملک کا اکثر ورد کرتا ہے، اللہ اسے کامیابیوں سے ہمکنار کرتا ہے۔

۸۔ جو شخص اس اسم کو روزانہ ۲۱۲ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے اور ہمیشہ کے لئے پڑھے انشآء اللہ اس اسم کی بدولت وہ آہستہ آہستہ امیر ہو جائے گا۔حتی کہ بے پناہ دولت جمع ہو جائے گی اور اس اسم کے پڑھنے سے عزت بھی بے پناہ ملی گی۔

۹۔ ایک اللہ کے بندے کا قول ہے کہ جو اسے مالک الملک کہہ کر پکارے اللہ اسے بھی دنیا کا مالک بناتا چلا جاتا ہے حتی کہ حاکم تک بنا دیتا ہے۔

۱۰۔ یہ وظیفہ سربراہ حکومت کے دیر تک حکومت کرنے کے لئے بہت مفید ہے۔لیکن وہ سربراہ جو یہ چاہتا ہو کہ نیک نیتی سے حکومت کا نظام سنبھالے رکھے۔اسے چاہئے کہ روزانہ صبح کے وقت گیارہ سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے۔انشآء اللہ تعالیٰ عرصہ دراز تک حکومت کرنے کا موقع میسر رہے گا۔اور رعایا اس سے خوش رہیگی۔

۱۱۔ یا مالک الملک کا ورد کرنے والا شخص لوگوں میں معزز اور محترم ہو جاتا ہے۔

۱۲۔ اگر مالک الملک کا ورد کر کے کوئی شخص ظالم حاکم یا درشت مزاج افسر سے ملے تو وہ بھی نرم مزاج اور رحم دل ہو جاتا ہے اور اچھا سلوک کرتا ہے۔

۱۳۔ اس اسم مبارک کا عامل بننے کے لئے اس اسم کو ۴۰ روز تک ۱۹۰۸۰ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

۱۴۔ کسی شخص کو نرم کرنے کے لئے یا جائداد کے مقدمہ میں کامیابی کے لئے یا اپنی دکان کے لئے یا کرایہ دار سے مکان خالی کروانے کے لئے یا کاروبار میں اضافے کے لئے اس کا نقش بہترین ثابت ہوا ہے۔

۱۵۔ جو شخص رزق اور روزی میں خیر و برکت کا طالب ہو اسے چاہئے کہ وہ ہر روز یا مالک الملک کا ورد کرنا اپنا معمول بنا لے۔

۱۶۔ اگر کوئی حق دار ہو تو کسی خاص منصب یا عہدے کو حاصل کرنا چاہتا ہو تو اسے چاہئے کہ وہ تنہائی میں روزانہ پانچ سو بار اس اسم مبارک کا ورد کر کے اللہ سے دعا مانگے۔

۱۷۔ اس اسم مبارک کا ورد کرنے والا وساوس شیطانی سے سدا بچا رہتا ہے اور اس کی طبیعت نیک اور بھلائی کی جانب مائل رہتی ہے۔

۱۸۔ جو شخص اس اسم مبارک کو سات ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے اور اسے جاری رکھنے کا عزم رکھے تو اللہ تعالیٰ اسے صاحب جاہ و حشم اور غنی بنا دیتے ہیں۔

۱۹۔ کسی مقدمے میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے سات روز تک روزانہ اکتالیس ہزار بار اس اسم مبارک کا ورد کر کے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی۔

۲۰۔ اگر کوئی اپنی جائداد مقدمہ ہار گیا ہو تو وہ اپیل کرے اور اس نام کا ختم اٹھائے تو انشاء اللہ مقدمہ فتح ہو ہاری ہوئی جائداد واپس ملے۔ آگاہ رہنا چاہئے کہ یہ اسم بہت تیز جلالی ہے کوئی بد پرہیزی نہ ہو ورنہ نقصان ہوگا۔

۲۱۔ ہیشگی سے "یَامَالِکَ الْمُلْکِ" پڑھنے سے آدمی مالدار ہوگا اور کاروبار میں ترقی نصیب ہوگی۔

☆☆☆☆☆☆

یا مالک الملک یا ذا الجلال والاکرام کرم کن

اللہ تعالیٰ کے اس صفاتی نام سے مراد ہے کہ وہی ذات بابرکات ہے جس کو بزرگی اور عزت میں کمال حاصل ہے۔ اس کے علاوہ نہ کوئی صحیح معنوں میں جلال والا ہے اور نہ اکرام والا ہے۔ انسانوں کو اس دنیا میں جو عزت و اکرام حاصل ہے، وہ اسی کی عطا ہے۔ اسی نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا اور تمام دنیا اس کے لئے مسخر کردی ہے۔ لہٰذا ہمیں بھی چاہئے کہ اسی کے سامنے جھکیں اور اسی سے مدد مانگیں۔

وظائف:

۱۔ یہ اسم جلالی ہے۔ تاثیر اس عظمت والے نام کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا ہمیشہ خاموش اور ساکت رہے گا کسی وقت اسے اسرار غیبی کے مشاہدوں سے فرصت نہ ہوگی۔ ہر وقت محویت کے عالم میں رہے گا مگر یہ حالت اس کو نصیب ہوگی جو کم از کم اکیس ہزار مرتبہ روزانہ ہیشگی کے ساتھ پڑھے گا۔ (بسم اللہ یاذاالجلال والاکرام)

۲۔ جو شخص سو دفعہ اس مبارک نام کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے گا۔ انشاء اللہ تین روز میں شفا پائے گا۔

۳۔ اگر کوئی عورت خاوند کی نظروں میں گر گئی ہو ایک ہزار مرتبہ روز وہ عورت یہ نام مبارک صبح و شام جس وقت چاہے پڑھے اکیس دن میں خاوند کی نظر میں چڑھ جائے گی۔

۴۔ اگر کوئی مرید اپنے پیر کی نظروں سے گر گیا ہو تو اس اسم کے پڑھنے سے اس کی عزت بحال ہو جائے گی۔

۵۔ جو اپنے خاندان والوں کی نظروں میں گر گیا ہو تو اسے چاہئے کہ ۴۱ دن صبح و شام ایک ہزار مرتبہ اس اسم کا ورد کرے انشاء اللہ تمام خاندان کی نظروں میں سر بلند و مکرم ہو جائے گا۔

۶۔ اسی طرح اگر کوئی ملازم اپنے مالک کی نظروں میں گر گیا ہو اور ذلیل ہو گیا ہو تو اسے چاہئے کہ اکتالیس دن تک صبح و شام ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو مالک کی نظروں میں باعزت ہو جائے۔

۷۔ اگر کوئی شخص بیمار ہو تو اس کے لواحقین کو چاہئے کہ اس اسم کو ۱۰۹۴ مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے سات روز تک مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ، اللہ تعالیٰ اس کو صحت کامل عطا فرمائے گا۔

۸۔ اگر کوئی شخص سوتے وقت ۲۱ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے اور اس کے بعد اللہ کے حضور اپنی تندرستی وصحت کی التجا کرتا رہے تو انشاء اللہ تندرست و توانا رہے گا۔

۹۔ اس ذکر کو کثرت سے پڑھنے والا ہمیشہ دوسروں کی نگاہ میں باعزت اور معظم رہتا ہے۔

۱۰۔ جن لوگوں کو اللہ تعالیٰ دائمی عزت بخشنا چاہتا ہے تو اللہ اسے باطنی اشارہ کے ذریعہ یہ اسم پڑھنے کا حکم دیتا ہے اور جوں جوں وہ اس کی کثرت کرتا جاتا ہے تو اس کی دائمی عزت میں اضافہ ہوتا جاتا ہے اور ایسی عزت عطا ہوتی ہے جسے دنیا کا کوئی شخص چھین نہیں سکتا۔

۱۱۔ اکثر بزرگانِ دین نے اس وظیفہ کو اسم اعظم قرار دیا ہے۔ چونکہ اس ذکر کی کثرت سے اسرار باطنی کا مشاہدہ ہوتا ہے۔ پڑھنے والے کو بے شمار عجائب کے اسرار و رموز حاصل ہوتے ہیں۔ ایسے حضرات جو راہِ طریقت پر چل رہے ہوں انھیں چاہئے کہ وہ اسم ہذا کو روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ بہت جلد ان کا باطن کھل جائے گا۔ اور انہیں غیبی اسرار و رموز کا خواب یا مراقبہ میں مشاہدہ ہوگا۔ (بسم اللہ یا ذا الجلال والاکرام)

۱۲۔ اس اسم کی تاثیر یہ بھی ہے کہ اسے پڑھنے والا زندگی کے متعلقہ شعبہ میں کامیاب ہوتا چلا جاتا ہے۔

۱۳۔ اگر کسی شخص پر کوئی مقدمہ ہو تو اسے چاہئے کہ وہ ۸۰ دن تک ۳۱۲۵ مرتبہ ایک وقت مقرر کر کے پڑھے اول و آخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد مقدمہ پر پیش ہونے والی تاریخ کو گھر سے نکلتے وقت یہ اسم پڑھتا جائے اور منصف کے سامنے پیش ہونے تک پڑھتا جائے انشاء اللہ اگر وہ حق پر ہوگا تو ہر لحاظ سے کامیابی حاصل ہوگی۔

۱۴۔ اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ تمام دنیا اس کے سامنے تسخیر ہو جائے ہر ملنے جلنے والا اس کی عزت کرے تو اسے چاہئے کہ اس اسم کو روزانہ ۲۱۰۰ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اور ہمیشہ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ مخلوقِ خدا مسخر ہو کر اس کی خادم ہو جائے گی۔

۱۵۔ اگر کسی شخص کے پیشِ نظر کوئی خاص مقصد یا مراد ہو تو اسے چاہئے کہ گیارہ دن تک اسے گیارہ ہزار مرتبہ پڑھے تو اس کا مقصد اور مراد بر آئے گی اور ایسے ہی اگر کسی اور کا کوئی مشکل کام ہو اور وہ پورا نہ ہو رہا ہو تو اس اسم کے نقش کو اسے دیدیں اور وہ اپنے پاس رکھے۔ انشاء اللہ کام ہو جائے گا۔ (بسم اللہ یاذا الجلال والا کرام)

۱۶۔ اس اسم کا چلہ کرنے کے لئے رمضان المبارک سے پہلے ۱۱ دن شروع کرلیں اور پورا رمضان المبارک یعنی ۲۹ روزے تک اس اسم کو روزانہ ۶۲۵۰ مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ آپ کا چلہ کامیاب ہوگا اور آپ عامل بن جائیں گے۔

۱۷۔ جس شخص کو کسی وجہ سے غم بہت ہو اس کے لئے اس نام کو پانچ سو دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پانی کا پلانا اکسیرِ اعظم ہے۔

۱۸۔ مقدمہ میں کامیابی کے لئے سوا لاکھ مرتبہ اس اسم مبارک کا ختم کیا جائے۔ ختم پڑھنے والے تین پانچ سات گیارہ تک ہو سکتے ہیں۔ پھر ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھا جائے پھر کم از کم پندرہ منٹ تک دعا کی جائے۔

۱۹۔ جس شخص کا ذہن خراب ہو گیا ہو وہ تین عدد مغز بادام پر یہ نام پڑھ کر دم کرے پھر ایک دانہ مغز بادام کا صبح ایک دو پہر اور ایک رات کو کھالے ۲۱ روز تک یہ عمل کرے ذہن ٹھیک ہو جائے گا۔

۲۰۔ اگر کسی کی کہیں بھی کوئی سنوائی نہ ہوتی ہو یا انصاف نہ ملتا ہو جبکہ وہ حق پر بھی ہو تو اسے چاہئے کہ ایک ہزار مرتبہ روزانہ اس اسم مبارک کو ورد کرے سب سنیں گے۔

۲۱۔ "یَـاذَاالْـجَلَالِ وَالْاِکْـرَام" کو بکثرت پڑھنے سے ملازمت اور عہدے میں ترقی نصیب ہوتی ہے۔

☆☆☆☆☆☆

قمری اعداد	۲۴۰
شمسی اعداد	۱۵۰۱

۸۷۔ المقسط جل جلالہ

جلالی ☆ آتشی

اس اسم صفاتی کا مطلب ہے کہ اللہ تعالیٰ بے حد عدل و انصاف کرنے والا ہے اور وہ ظالم سے مظلوم کا بدلہ لے گا۔ اس لفظ کا تعلق قسط سے ہے جس کے معنی ہیں انصاف کرنا اور توازن رکھنا۔ عدل و انصاف کا انتہائی مقام یہ ہے کہ ظالم اور مظلوم کو ایک دوسرے سے راضی کرلیا جائے۔ اور یہ کام اللہ تعالیٰ سے زیادہ قدرت کے ساتھ کوئی انجام نہیں دے سکتا۔ قیامت کے روز اللہ تعالیٰ انتہائی عدل و انصاف کا مظاہرہ کرے گا۔ اس نام کی مناسبت سے انسانوں کو چاہئے کہ ہمیشہ انصاف کا دامن تھامے رکھیں اور برائی کا بدلہ برائی سے نہ دیں۔

وظائف:

۱۔ اگر کسی شخص کی چند بیویاں ہوں اور وہ بیویوں میں انصاف کے تقاضے کو پورا نہ کرتا ہو اور ایسی بیوی جس کے ساتھ غیر منصفانہ سلوک ہوتا ہو اور وہ اس کے ظلم کا شکار ہو تو ایسی عورت کو چاہئے کہ اپنے خاوند کو انصاف کے راستے پر لانے کے لئے اس اسم کو سات ہزار مرتبہ روزانہ سات دن تک پڑھ کر پانی دم کر کے اپنے خاوند کو پلائے۔ انشاء اللہ اس کی طبیعت نرم ہو جائے گی اور وہ اس عورت سے منصفانہ انداز میں بہتر سلوک سے پیش آنے لگے گا۔

۲۔ جو شخص اس اسم مبارک کا بکثرت ورد کرنا اپنا معمول بنالیتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی طبیعت اور مزاج میں نرمی اور حلیمی پیدا کر دیتا ہے۔

۳۔ یہ اسم جلالی ہے تاثیر اس نام کی یہ بھی ہے کہ جو شخص اس نام کی کثرت کرے گا منصف مزاج حق پسند ہوگا۔ ناحق بات کی کبھی تائید نہیں کرے گا۔

۴۔ ایسے جج جو یہ چاہتے ہوں کہ کرسی انصاف پر بیٹھ کر ان سے صحیح عدل و انصاف ہو اور کسی کے ساتھ زیادتی نہ ہو تو اسے چاہئے کہ اس اسم کو روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے۔

۵۔ جس شخص کو نماز میں شیطانی وسوسے بہت آتے ہوں وہ صبح کو ایک ہزار مرتبہ اس نام کو پڑھے انشآء اللہ چالیس دن کے اندر وسوسے کم ہو جائیں گے۔

۶۔ ایک عامل کو قول ہے کہ اگر کوئی شخص رنج وغم میں مبتلا ہو تو اس اسم کو تین ہزار مرتبہ روزانہ ۲۱ دن تک پڑھے انشآء اللہ اس کا رنج وغم ختم ہو جائے گا اور اسے خوشی نصیب ہوگی۔

۷۔ اگر کوئی شخص کاروبار میں خورد بُرد یا تولنے میں گڑ بڑ کرتا ہو اور اس کا کوئی ہمدرد یہ بات جانتا ہو اور اس کو اس عمل سے روکتا ہو اور نہ مانتا ہو تو ہمدرد دوست ایک ہزار مرتبہ اس اسم کو پڑھ کر اس کے حق میں دعا کرے انشآء اللہ کچھ ہی دنوں میں آثار نظر آنا شروع ہو جائیں گے اور وہ تائب ہوگا۔

۸۔ اگر کسی عورت کا شوہر اس کے ساتھ بُری طرح پیش آتا ہو اور بات بے بات خوب مارتا پیٹا ہو تو ایسی عورت کو چاہئے کہ ۳۱۲۵ مرتبہ اس اسم کا ورد کرے اور چالیس دن تک روز پڑھے انشآء اللہ اس کا خاوند اس کے ساتھ اچھا سلوک کرے گا۔

۹۔ اگر کسی شخص کی شیطانی وسوسوں سے جان نہ چھوٹتی ہو تو اس کو چاہئے کہ اس اسم کو روزانہ گیارہ سو مرتبہ پڑھے اور چالیس دن تک یہ عمل کرے۔ اللہ تعالیٰ شیطانی قوت پر غلبہ عطا کردے گا۔

۱۰۔ اس اسم مبارک کا ورد کرنے والا ہمیشہ انصاف پسند اور ظلم کے خلاف آواز اٹھانے والا بن جاتا ہے اور اس کی کثرت کرنے کی وجہ سے ظلم کے خلاف سینہ سپر ہو جاتا ہے۔

۱۱۔ اس اسم کی تاثیر یہ بھی ہے کہ اسے پڑھنے والا زندگی کے متعلقہ شعبہ میں عدل وانصاف سے کام لے گا اور دوسروں کے ساتھ کبھی بھی زیادتی نہ کرے گا۔

۱۲۔ شمس المعارف کے مصنف امام بونی نے لکھا ہے کہ دکانداروں اور کاریگروں کو کام کرتے ہوئے اس اسم پڑھتے رہنا چاہئے تاکہ ان سے کوئی خلاف عدل کام سرزد نہ ہو۔

۱۳۔ اس اسم کا عامل بننے کے لئے اس اسم کو چار ہزار مرتبہ روزانہ ۴۰ دن تک پڑھیں اور اس کے بعد اس کا نقش مطلوبہ مقاصد کے لئے استعمال میں لائیں۔ انشآء اللہ فائدہ ہوگا۔

۱۴۔ انصاف کرنے والے کو چاہئے کہ اکثر اس اسم کا ورد رکھے تو فیصلہ کرنے میں غلطی سے

محفوظ رہے گا۔ (بسم اللہ المقسط جل جلالہ)

۱۵۔ اگر "یَامُقْسِطُ" کو ۱۰۰ مرتبہ پڑھا جائے تو شیطان کے شر سے اور وسوسہ سے نجات ملے گی۔

۱۶۔ اس اسم کو روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالیں انشاء اللہ تعالیٰ، اللہ کی توفیق اور نظرِ عنایت شاملِ حال رہیگی۔

۱۷۔ جو جج جب تک اس اسمِ مبارک کا ورد رکھے گا اس سے کبھی بھی غیر منصفانہ سلوک نہ ہوگا۔

۱۸۔ کسی ظالم و جابر حاکم کے پاس جانے سے پہلے "یَامُقْسِطُ" کو ۱۰۱ مرتبہ پڑھ کے جانے سے حاکم نرمی اور عدل وانصاف سے پیش آئے گا۔

۱۹۔ اسی طرح اگر کوئی ملازم اپنے کسی افسر کے ساتھ کام کرتا ہو جو بہت غصہ والا، بدتمیزی سے پیش آتا ہو تو ایسے ملازم کو چاہئے کہ روزانہ ہر فرض نماز کے بعد ۲۱ مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھتا رہے انشاء اللہ افسر کا مزاج درست ہو جائے گا۔

۲۰۔ کسی کو کسی بھی قسم کی بے انصافی کا ڈر ہو اور وہ عدل کا متمنی ہو تو چاہئے کہ ۱۰۱ مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھتا رہے انشاء اللہ کبھی بھی بے انصافی کا شکار نہ ہوگا۔

۲۱۔ مظلوم کو حق دلانے کے لئے یہ اسم بہت بابرکت ہے اس کو پڑھنے والا کبھی بھی اپنے حق سے محروم نہیں رہتا۔

☆☆☆☆☆☆

قمری اعداد	۱۷۵
شمسی اعداد	۷۹۷

۸۸۔ الجامع جل جلالہ

مشترک ☆ خاکی

اللہ تعالیٰ کے اس صفاتی نام کا مطلب ہے، جمع کرنے والا یا ایک جگہ اکٹھا کرنے والا۔ مراد یہ ہے کہ وہ مختلف حقیقتوں کا جمع کرنے والا ہے اور قیامت کے روز لوگوں کو ایک جگہ اکٹھا کرنے والا ہے۔ بعض علماء کا کہنا ہے کہ الجامع کا ایک معنی یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ انسانوں کے منتشر اور بکھرے ہوئے اجزا کو اکٹھا کرے گا۔ جمع کرنے والی چیزوں کے لحاظ سے اس صفت کے کئی پہلو ہیں۔ مثال کے طور پر انسانوں اور حیوانوں کو دنیا میں جمع کیا گیا کیونکہ ان کو ایک دوسرے سے انس ہوتا ہے۔ پھر متضاد اور متوق چیزوں کو جمع کرنا مثلاً آسمان اور زمین چاند اور سورج وغیرہ کو اس کائنات میں اکٹھا کیا انسانوں کے لیے بھی لازم ہے کہ وہ اپنی شخصیت میں اچھے اخلاق اور اچھے اوصاف کریں۔

وظائف:

۱۔ بعض عورتیں اپنے سسرال والوں سے روٹھ کر اپنے میکے بیٹھ جاتی ہیں اور خواہ مخواہ اپنے خاوندوں کو پریشان کرتی ہیں تو اس صورت میں خاوند کو چاہیے کہ اس اسم کو گیارہ ہزار تین سو چونسٹھ مرتبہ روزانہ ۴۴ دن تک تنہائی میں بیٹھ کر پڑھے۔ انشاء اللہ روٹھی ہوئی بیوی کے واپس گھر آنے کے اسباب پیدا ہو جائیں گے اور اس کے دل میں شدت سے خاوند کے گھر بسنے کا احساس پیدا ہوگا۔

۲۔ اے قیامت کے دن سب کو جمع کرنے والے۔ الجامع جل جلالہ ہے تاثیر اس کی یہ ہے کہ اُس کا زیادہ پڑھنے والا صاحب تسکین اور وقار ہوگا کسی وقت پریشانی پراگندگی اُس کے مزاج میں پیدا نہ ہوگی۔

۳۔ اس اسم مبارک کے حوال سے انسان کو چاہیے کہ وہ علم کو عمل کے ساتھ ہم آہنگ کر کے عبادت الٰہی اختیار کرے اور پھر اپنے پروردگار کا مقرب بن جائے۔

۴۔ اگر کسی شخص کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو تو اسے چاہیئے کہ تین ہزار مرتبہ یہ اسم پڑھے اور اس کے بعد ۲۱ مرتبہ یہ دعا پڑھے اور یہ عمل ۲۱ دن تک جاری رکھے۔ انشاء اللہ گمشدہ چیز مل جائے گی۔ اگر وہ نہ ملی تو پھر اس کا بہترین صورت میں نعم البدل مل جائے گا۔ (۲۰ نمبر والی دُعا پڑھیں)

۵۔ اگر کسی کی اولاد ناراض ہو کر گھر سے چلی گئی ہو یا کوئی اچھا ملازم ناراض ہو کر ملازمت چھوڑ گیا مگر اس کا ملازمت میں رکھنا بہتر ہو تو اس صورت میں اس وظیفہ کو سات دن تک روزانہ ۱۱۴۰ مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ اولاد یا ملازم خود بخود واپس آجائے گا۔

۶۔ اگر کسی شخص کے اہل و اقارب متفرق ہو گئے ہوں اور وہ چاہے کہ سب دوبارہ جمع ہو جائیں اسے چاہیے کہ وہ چاشت کی نماز کے بعد اس اسم مبارک کا ورد کر کے دُعا مانگے۔

۷۔ اگر کسی شخص کی جائیداد پر کسی دوسرے نے قبضہ کر لیا ہو یا کسی کرایہ دار نے ناجائز مکان یا دکان کو اپنے قبضہ میں لے رکھا ہو اور وہ خالی نہ کرتا ہو تو اس صورت میں اس کے قبضے سے اپنی چیز واپس اپنے پاس لانے کے لیے اس اسم کو ۴۰ دن تک روزانہ ۳۱۲۵ مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھیں۔ انشاء اللہ جائیداد واپس قبضے میں آجائے گی۔

۸۔ اگر کسی شخص کی کوئی چیز یا متاع گم ہوگئی ہو تو اسے چاہیے کہ وہ "یا جامع" کا بکثرت ورد کر کے اللہ سے دعا مانگے تو وہ کھوئی ہوئی شے مل جاتی ہے۔ یا اس کے بارے میں خبر ہو جاتی ہے۔

۹۔ بعض اوقات یوں ہوتا ہے کہ کوئی شخص کسی وجہ سے اپنے اہل وعیال سے جدا ہو جاتا ہے۔ یا اہل وعیال، عزیز و اقارب جدا ہو گئے ہوں تو اس شخص کو چاہیئے کہ صبح کے وقت مسجد میں بیٹھ کر اس اسم کو ۱۱۰۰ مرتبہ پڑھے اور سات دن تک اس عمل کو جاری رکھے۔ انشاء اللہ وہ عزیز و اقارب جن سے وہ جدا ہے اس کے پاس اللہ تعالیٰ انھیں جمع کر دے گا۔ اگر وہ خود اہل وعیال سے جدا ہے تو وہ اہل وعیال کے پاس آجائے گا۔

۱۰۔ اگر کوئی شخص اس اسم الٰہی کا بکثرت ذکر کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے نیک سیرت بنا دیتا ہے۔

۱۱۔ اگر کسی گھر کا کوئی فرد گم ہو چکا یا کوئی بچہ گم ہو گیا ہو تو اس کی بازیابی کے لیے اس اسم مبارک

(یا جامع) کا بکثرت ذکر کرے دعا کی جائے۔ یہ ذکر گم شدہ کی بازیابی تک روزانہ کیا جانا چاہیئے۔

۱۲۔ بعد نماز عشاء ۴۰ دن تک علیحدہ جگہ پر بیٹھ ۶۲۵۰ مرتبہ یا جامع پڑھیں۔ پڑھائی مکمل ہونے پر آپ اس کے عامل بن جائیں گے اس کے بعد یا جامع کے نقش کو فوائد کے لیے گوں کو دے سکتے ہیں۔ انشاء اللہ بہتر طریقے سے مقصد حاصل ہوگا۔

۱۳۔ اگر کسی کو بے سکونی ہو اور اس کے دل کو کسی بھی طرح قرار اطمینان نہ ہو تو اسے چاہیے کہ ہر روز نماز فجر کے بعد ایک ہزار بار "یا جامع" کا ورد کر کے اللہ سے دعا مانگے تا کہ اللہ تعالیٰ اسے دلی سکون اور اطمینان قلبی بخش دیتا ہے۔ اس سے اس شخص کے ایمان میں بھی پختگی آجاتی ہے۔

۱۴۔ اگر کوئی شخص اپنے عزیز واقارب اور ساتھیوں سے بچھڑ گیا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ ہر روز نماز چاشت کے بعد یا جامع کا ورد کر کے اللہ سے دعا مانگے اللہ تعالیٰ بچھڑوں کو ملا دیتا ہے۔

۱۵۔ اگر کوئی دوست یا رشتہ کسی غلط فہمی کی وجہ سے ناراض ہو گیا ہو تو اسے منانے اور غلط فہمی دور کرنے کے لیے "یا جامع" کا بکثرت ورد کرنا مفید اور موثر ہوتا ہے۔

۱۶۔ اگر کوئی شخص اس اسم حسنہ کا ایک لاکھ پچیس ہزار بار ورد کر کے اللہ سے دعا کرے تو اللہ تعالیٰ اسے نیک سیرت نیک نام، نیک نہاد اطوار بنا دیتا ہے۔

۱۷۔ اطمینان قلب اور روحانی تسکین کے لیے اس اسم الہیٰ کا مدام ورد کرنا بے حد مفید اور موثر ہوتا ہے

۱۸۔ جس شخص کا مال یا اہل وعیال کسی موقع پر اُس سے جدا ہو گئے ہوں اور وہ شخص انکو جمع کرنا چاہتا ہو، چاشت کے وقت غسل کر کے احرام باندھ کر کھڑے ہو کر منہ آسمان کی طرف اٹھا کر ایک ہزار مرتبہ اس نام کو پڑھے پھر دعا مانگے سات روز میں انشاءاللہ سب ایک جگہ جمع ہوں گے۔ یا اطمینان قلبی سب کی طرف سے نصیب ہوگا

۱۹۔ اگر کوئی شخص سوا لاکھ مرتبہ اس نام کو پڑھ لے گا معصوم صفت فرشتہ خصلت بن جائے گا۔

۲۰۔ اگر کسی شخص کے کوئی شے چوری جاتی رہی ہو یا کہیں کوئی شے کھوئی گئی ہو وہ شخص اکیس مرتبہ "یَا جَامِعُ الْمُتَفَرِّقِیْنَ اَجْمِعْ اِلَیَّ ضَالَّتِیْ یَاجَامِعُ" پڑھ کر پھر تین ہزار مرتبہ صرف "یاجامع" پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ کھوئی ہوئی چیز واپس آئے گی۔

۲۱۔ چاشت کے وقت غسل کر کے آسمان کی طرف نظر اٹھا کر "یاجامع" ۱۰ مرتبہ پڑھیں تو سب کے دل آپس میں مجتمع ہو جائیں۔

اس اسم صفاتی کا مطلب ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی ذات اور اپنے افعال میں اپنے علاوہ ہر ایک سے بے نیاز ہے اور اس کے علاوہ تمام مخلوقات اس کی محتاج ہیں۔ اس لفظ کا تعلق غنوہ سے ہے جس کے معنی ہیں، بے نیازی، گویا وہ ذات بابرکات اکتفا کرنے والی ہے اور اپنی تونگری کے باعث مخلوقات سے مستغنی اور بے نیاز ہے۔ بعض علماء کا خیال ہے کہ غنی وہ ہے جو اپنی ذات وصفات میں کسی سے متعلق نہ ہو۔ اگر کسی انسان سے دوسروں کی کچھ ضرورتیں پوری ہوتی ہوں تو اس کو مجازی طور پر غنی کہتے ہیں۔ اس نام کا تقاضا ہے کہ انسان ہر وقت اللہ تعالیٰ کے سامنے اپنے عجز کا اظہار کرتا رہے اور مخلوق کو اپنے مال سے فائدہ پہنچائے۔

وظائف:

۱۔ بسم اللہ الغنی جل جلالہ!! اس نام کو کثرت سے پڑھنے والا اللہ تعالیٰ کے سوا سارے جہاں سے بے پرواہ ہو جاتا ہے۔

۲۔ اگر دکاندار یا سوداگر یا تجارت کے مکان کا قفل کھولنے سے پہلے ستر مرتبہ پڑھے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ مال تجارت میں برکت ہوگی کبھی نقصان نہ اٹھانا پڑے گا۔

۳۔ ایک عامل کا قول ہے کہ جمعرات کے دن میں یا جمعہ کی رات میں اسی اسم کو ۱۹۰۰۰ مرتبہ پڑھنا اور ہر جمعرات کو یہ عمل کرنا پڑھنے والے کو مالدار کر دیتا ہے اس پر فضل الٰہی کے دروازے کھل جاتے ہیں اور اسے بے پناہ دولت حاصل ہوگی اور یہ عمل ساری عمر جاری رکھے کبھی کسی کے آگے ہاتھ نہیں پھیلانا پڑے گا۔

بسم اللہ الغنی جل جلالہ

۴۔ جمعرات یا جمعہ کے دن میں یا جمعہ کی رات میں انیس ہزار مرتبہ اس مبارک نام کو پڑھے گا تو مالدار ہو جائے گا۔

۵۔ اس اسم کا ہمیشہ ورد رکھنے والے کے لئے غیب سے تونگر اور دولت مند ہونے کا بندوبست کیا جاتا ہے۔

۶۔ یا غنی کا ورد کبھی بھی آدمی کو مالدار کئے بغیر نہیں چھوڑتا۔ اور اس کے ورد سے آدمی کی نگاہ دوسروں کے مال پر سے بھی ہٹ جاتی ہے اور لا پرواہ ہو جاتا ہے۔ اس لئے کہ اس پاک نام کے ورد کرنے کی برکت سے استغنا جاتا ہے کہ آدمی کا لا پرواہ ہونا لازمی ہے۔

۷۔ ایسا نیک اور صالح شخص جو تنگ دستی اور غربت کا شکار ہو جس کے ذرائع آمدن کم ہوں اور اخراجات پورے نہ ہوتے ہوں تو وہ اس اسم کو ایک سال تک گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے۔ انشاء اللہ اس کی غربت دور ہو جائے گی۔

۸۔ جو اس کو اس لئے پڑھے کہ اس کا رزق وسیع ہو اور کشادہ ہو تو سات ہزار مرتبہ روزانہ چالیس دن تک پڑھے تو وہ شخص خوشحال ہو جائے گا اور اللہ تعالیٰ اس کے رزق میں کشادگی کر دیگا۔

۹۔ اگر کسی شخص کو یہ شکایت ہو کہ وہ جو کچھ کماتا ہے۔ اس کا پتہ نہیں چلتا کہ جاتا کہاں ہے یعنی اس کی آمدن میں برکت نہیں تو اسے چاہئے کہ روزانہ صبح یا شام اس اسم کو ۱۱۰۰ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے انشاء اللہ اس کی آمدن میں برکت پیدا ہو جائے گی اور جو کمائی وہ کرے گا سیدے راہ پر خرچ ہوگی۔

۱۰۔ یہ اسم ترقی دکان کے لئے لاجواب ہے جس شخص کی دکان نہ چلتی ہو یا آمدن اتنی کم ہو کہ گزارہ نہ ہوتا ہو تو اسے چاہئے کہ صبح دکان کھول کر اس اسم کو روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ پڑھے اور ایک سال تک اسی طرح کرتا رہے۔ انشاء اللہ دکان خوب چلے گی۔

۱۱۔ رات کی تنہائی میں اس اسم کو ۴۰ دن میں ۱۲۵۰۰ مرتبہ پڑھنے والا اس اسم کا عامل بن جاتا ہے۔ اس کے بعد مطلوبہ کاموں کے لئے اس اسم کا نقش دوسروں کو دے سکتا ہے۔

۱۳۔ کسی کی لڑکی کا اگر رشتہ نہ آتا ہو اور غربت کا بھی شکار ہو تو اس اسم کو گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھنا شروع کردے اور چالیس دن تک ایسا کرتا رہے انشاء اللہ جلد ہی ہر چیز کا بندوبست ہو جائے گا۔ اور سمجھ میں بھی نہ آئے اتنی جلدی کیسے ہو گیا۔

۱۴۔ جو شخص "یَاغنی" کا بکثرت ورد کرتا ہے اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے ہر حوالے سے اسے غنی اور بے نیاز کر دیتا ہے۔

۱۵۔ اگر کوئی شخص کسی طمع میں مبتلا ہو تو اس اسم مبارک کے ذکر سے اللہ تعالیٰ اسے ہر طرح کی طمع سے نکال لیتا ہے۔

۱۶۔ اگر کوئی شخص ہر روز ستر بار "یَاغنی" کا ورد کرے تو اللہ تعالیٰ اس کے مال و دولت میں برکت پیدا کر دیتا ہے۔

۱۷۔ جو شخص ہر روز اس اسم مبارک کا کسی بھی ایک تعداد میں ذکر کرے تو اللہ اسے حرص و ہوا سے نکال کر آسودگی بخشتا ہے۔

۱۸۔ اگر مطلوب کاروبار شروع کرنے سے پہلے ستر بار "یَاغنی" پڑھے تو انشاء اللہ اس کے کاروبار میں برکت ہوگی اور اسے نقصان کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔

۱۹۔ اگر کوئی شخص ہر روز "یَاغنی" کا ورد کرنا اپنا معمول بنالے تو اللہ تعالیٰ اسے پریشانیوں سے بچائے رکھتا ہے۔ دوسروں کا محتاج نہیں ہونے دیتا۔

۲۰۔ الغنی کا ورد کرنے والا برائیوں اور وساوس شیطانی سے محفوظ رہتا ہے اور بری عادتوں سے بھی بچا رہتا ہے۔

۲۱۔ اگر کوئی شخص ہوس دنیا، لالچ اور طمع میں گرفتار ہو تو اسے چاہئے کہ وہ گیارہ روز تک ہر روز ایک سو بار "یَاغنی" سر پر ہاتھ رکھ کر اور ایک سو بار دل پر ہاتھ رکھ کر "یَاغنی" پڑھ کر بہتری کی دعا کرے تو اللہ تعالیٰ ایسے شخص کی حالت بہت کر دیتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆

۱۱۳۱		قمری اعداد
۲۸۹۱		شمسی اعداد

۹۰۔ المغنی جل جلالہ

جمالی ☆ آتشی

اللہ تعالیٰ کا یہ صفاتی نام ظاہر کرتا ہے کہ وہ اپنے فضل وکرم سے بندوں میں سے جسے چاہے، دوسروں سے بے نیاز کردے۔ یہ لفظ اغنیٰ سے بنا ہے جس کے معنی ہیں، مالدار کردینا۔ بعض علماء کا کہنا ہے کہ مغنی حقیقی وہ ذات ہے جس کہ کسی سے کوئی حاجت نہ ہو اور تمام مخلوقات اس کی محتاج ہوں۔ اس نام کی مناسبت سے انسان کے لئے لازم ہے کہ اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کا ایک خادم سمجھے اور اصل مالک جسے دینے کا حکم کرے، اسے دے اور جس سے منع کرے، اسے نہ دے۔

وظائف:

۱۔ یہ اسم جمالی ہے تاثیر اس کی یہ ہے کہ جو شخص اس نام کو کثرت سے پڑھے گا کسی شخص پر سختی یا مصیبت ڈالنا پسند نہیں کرے گا۔ نہایت کریم النفس ہوگا خود سارے جہاں سے بے پرواہ رہے گا۔

۲۔ جو شخص دس جمعوں تک برابر اس نام کو اس طرح کہ جمعہ کو صبح کی نماز کے بعد ستر ہزار مرتبہ برابر پڑھے گا غیب سے حق تعالیٰ اس کو خلقت کی محتاجی سے محفوظ رکھے گا اور اپنے خزانے سے غنا عطا فرمائے گا۔

۳۔ اگر کوئی شخص جائز طریقے سے اپنی پسند کی شادی کرنا چاہتا ہو تو یہ اس کے لئے بھی بہت مجرب ہے۔ اس اسم کو ۶۲۵۰ مرتبہ ۲۱ دن تک پڑھے۔

۴۔ جو شخص اپنی بیوی کے پاس جانے سے پہلے ستر مرتبہ اس نام کو پڑھے گا عورت اس کی کبھی رحم کے مرضوں میں مبتلا نہ ہوگی۔

۵۔ جس شخص کی لڑکی کنواری بیٹھی ہو اور کوئی سامان جہیز میسر نہ آتا ہو تو وہ شخص گیارہ ہزار مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد گیارہ دن تک اس طرح پڑھے کہ جمعرات سے شروع کرے اور اتوار کو ختم کرے پھر دیکھے پردہ غیب سے کیا ظاہر ہوتا ہے۔

۶۔ "المغنی" ایک ایسا اسم الٰہی ہے کہ اس کا مدام ورد کرنے والا دولت استغنا سے مالا مال ہو جاتا ہے۔

۷۔ اگر کوئی "یامغنی" کو ہر جمعہ کو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر اللہ سے دعا کرے تو اللہ تعالیٰ اسے دنیا و مافیہا سے بے نیاز کر دیتا ہے۔

۸۔ جو شخص "یامغنی" کا ستر بار ورد کر کے ہر روز اللہ تعالیٰ سے دعا کرے تو اللہ تعالیٰ اس شخص کی جسمانی قوتوں میں بجا طور پر اضافہ کر دیتا ہے اور اسے سدا تندرست اور توانا بھی رکھتا ہے۔

۹۔ اس اسم مبارک کا اکثر ورد رکھنے والا متوازن مزاج، نرم دل، رحم دل اور دوسروں کے ساتھ بھلائی سے پیش آنے والا بن جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے شخص کو کریم النفس بنا دیتا ہے۔

۱۰۔ اگر کوئی شخص دس جمعوں تک ہر جمعہ کی نماز کے بعد اس اسم مبارک کو تین ہزار مرتبہ "یامغنی" پڑھ کر پروردگار سے دعا کرے تو وہ شخص مفلس نہیں ہوتا اور اللہ تعالیٰ اسے ہر قسم کی محتاجی سے بچاتا ہے۔

۱۱۔ "یامغنی" کا ورد کرنے والے کو اللہ تعالیٰ آسودہ حال، خوش حال اور صاحب توقیر بنائے رکھتا ہے۔

۱۲۔ یہ اسم میاں بیوی کے تعلقات کو خوشگوار بنانے کا موجب بنتا ہے اور اگر بیوی اس کا ورد کرے تو وہ کئی عوارض خاص سے بچی رہتی ہے۔

۱۳۔ اگر کسی کی بیٹی کا مناسب رشتہ نہ ملتا ہو تو وہ گیارہ روز تک عشاء کی نماز کے بعد گیارہ ہزار مرتبہ "یامغنی" کا ورد کر کے اللہ تعالیٰ سے دعا کرے، اللہ تعالیٰ اس کے مسائل کو حل فرمائے گا۔

۱۴۔ امام بونیؒ نے فرمایا ہے کہ اسے پڑھنے سے غنا حاصل ہوتا ہے۔ کشف کھلتا ہے۔ کرامتیں سرزد ہوتی ہیں بشرطیکہ کسی اللہ کے بندے کا ہاتھ پیچھے ہو۔

۱۵۔ جو شخص اس اسم کو روزانہ صبح و شام پڑھنے کا معمول بنا لے تو اس کی ہر قسم کی جائز مرادیں پوری ہوں گی۔

بسم اللہ المغنی جل جلالہ

۱۶۔ "یــامغنی" کا عمل غنی بننے کے لئے بہت مفید ہے۔لہٰذا جو غنی بننے کا خواہشمند ہو تو اسے چاہئے کہ اس اسم کو روزانہ سات ہزار مرتبہ تین سال تک لگا تار پڑھے۔اور عمل کے شروع میں گیارہ مرتبہ استغفار پڑھے انشاءاللہ اس عرصے میں بے پناہ مال و دولت ملے گی اور غنی ہو جائے گا۔

۱۷۔ جس شخص کی لڑکی محض اس وجہ بیٹھی ہو کہ مال و دولت ہو تو شادی کا ذریعہ بنے اور لوگ غربت کی وجہ سے رشتہ نہ کرتے ہوں تو اس شخص کو چاہئے کہ اس اسم کو گیارہ ہزار مرتبہ گیارہ دن تک پڑھے۔انشاءاللہ تعالیٰ غیبی مدد ہوگی۔

۱۸۔ ہر شریف آدمی کی خواہش ہوتی ہے کہ اسے ضرورت کے مطابق آسانی سے رزق مل جائے۔اس کے لئے دس جمعوں تک چاشت کی نماز کے بعد تین ہزار مرتبہ اس اسم کو پڑھیں اور اللہ تعالیٰ سے آسانی سے رزق ملنے کی دعا کریں۔

۱۹۔ اس اسم کا ورد پڑھنے والے کو معزز اور مکرم کر دیتا ہے لہٰذا جو شخص اسے گیارہ سو مرتبہ روزانہ پڑھنے کا معمول بنالے اور اس کا نقش اپنے پاس رکھے تو خلقت میں عزیز و مکرم ہو جائے۔

۲۰۔ "یــامغنی" کا عامل بننے کے لئے اسے چالیس دن میں ۱۲۵۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ انشاءاللہ پڑھائی مکمل ہونے پر آپ اس کے عامل بن جائیں گے۔اس کے بعد اسے روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھتے رہیں۔

۲۱۔ بیوی کے پاس جانے سے پہلے "یــامغنی" ۲۱ مرتبہ پڑھے تو بیوی اس سے محبت کرنے لگے گی۔

☆☆☆☆☆☆

چلتے پھرتے اور بعد نماز فرض و نفل کثرت کے ساتھ یا اللہ الغنی المغنی پڑھنا حصول مال و دولت کے لئے بہت مفید ہے۔

۹۱۔ المانع جل جلالہ

اللہ تعالیٰ کے اس اس صفاتی نام کا مطلب ہے کہ وہ ذات بابرکت انسان کے اسباب ہلاکت کو روکتی ہے۔ یہ لفظ منع سے بنا ہے جس کے معنی ہیں۔ روکنا یا باز رکھنا۔ گویا اللہ تعالیٰ اُن اسباب کو رفو کرنے والا ہے جو مخلوقات کی محافت میں رکاوٹ ہوں۔ بعض علماء کا کہنا ہے کہ المانع سے یہ مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ جس سے چاہے، مال کو روک لیتا ہے۔ یعنی ان معنوں میں یہ اسم صفت معطّی کے برعکس ہے۔ اس نام کی مناسبت سے انسان کا فرض ہے کہ وہ اللہ کے سوا کسی اور سے سوال نہ کرے۔ یعنی اپنے نفس کو کسی اور کے سامنے جھکنے سے روکے۔

وظائف:

۱۔ یہ اسم اللہ تعالیٰ کی شان قدرت سے تعلق رکھتا ہے۔ دشمن کو وار اور دشمنی سے روکنے کی تاثیر اس وظیفہ میں بے پناہ ہے۔ اس لیے اس اسم کو کثرت سے پڑھنے والا ہمیشہ دشمنوں سے محفوظ رہے گا۔ اگر کوئی دشمن دھوکہ یا فریب دینا چاہے تو وہ نہیں دے سکے گا۔

۲۔ ایک بزرگ کا قول ہے کہ اگر کوئی شخص بار بار تنگ کرتا ہو اور پیچھا نہ چھوڑتا ہو تو اسے رات کے پچھلے حصے میں ۲۱ دن تک روزانہ ۱۲۱ مرتبہ پڑھنے سے وہ پیچھا چھوڑ جائے گا۔

۳۔ اس اسم مبارک سے انسانوں کو جو اشارہ ملتا ہے وہ یہی ہے کہ انسان اپنے آپ کو برائیوں سے روکے اور اچھے اعمال وافعال اپنانے پر توجہ دے۔

۴۔ ایسے ابتدائی مریدین جن کو پڑھائی یا وظائف کے دوران بہت زیادہ خوف پیدا ہوتا ہو تو انھیں چاہیئے کہ وظیفہ شروع کرنے سے پہلے اس اسم کو ایک سو مرتبہ پڑھ لیں۔ انشاء اللہ ہر قسم کا خوف ختم ہو جائے گا۔ ہر قسم کے شر سے حصار میں آجائیں گے۔ اگر کوئی ظالم دکھ دیتا ہو تو اس سے بھی حفاظت میں رہیں گے۔

۵۔ اگر کسی وجہ سے میاں بیوی کے مابین شکر رنجی یا خفگی ہو گئی ہو تو اس صورت میں بیوی کو چاہیے کہ وہ ''یا مانع'' کا اکثر ورد کرے۔ چند ہی دن میں حالات بہتر ہو جائیں گے۔ اس طرح سے اللہ تعالیٰ لوگوں کے غصے اور ناراضگی کو دور کر دیتا ہے یہ ذکر الٰہی خاوند بھی کر سکتا ہے۔

۶۔ اگر کسی شخص کی بیوی بہت زیادہ نافرمان ہو، یا میاں بیوی میں بات بات پر ناراضگی رہتی ہو، تو مرد کو چاہیئے کہ سوتے وقت اس اسم کو ۱۰۰ امرتبہ گیارہ دن تک پڑھے۔ انشاء اللہ بیوی درست ہو کر تابع ہو جائے گی اور ہر لحاظ سے فرمانبرداری کرنے لگے گی۔

۷۔ اگر میاں بیوی دونوں ''یا مانع'' کا ورد کرنا اپنا معمول بنالیں تو اللہ تعالیٰ ان کی باہمی زندگی کو پرامن خوشحالی موانست بھری اور خوشیوں سے معمور بنائے رکھتا ہے۔

۸۔ بعض بد خصلت لوگ نیک اور شریف عورتوں کے پیچھے لگ جاتے ہیں اور زبردستی برائی میں ملوث کرنا چاہتے ہیں یا کسی شریف آدمی کے گھر جا کر اسے برائی کا اڈہ بناتے ہیں تو اس صورت میں اس بُرے شخص کو گھر میں آنے سے روکنے کے لیے اس اسم کا وظیفہ بہت مجرب ہے۔ عشاء کے بعد تنہائی میں بیٹھ کر اس اسم کو گیارہ ہزار مرتبہ پڑھیں اور گیارہ دن تک یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ وہ بدکار شخص خود بخود گھر میں آنے سے رک جائے گا۔

۹۔ اس اسم مبارک کا سد اور ذکر نے والا دشمنوں، برائیوں، مصیبتوں، مشکلات اور مصائب سے بچا رہتا ہے۔

۱۰۔ جو شخص اپنے دشمنوں اور حاسدوں سے بچنا چاہے اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ ہر روز نماز فجر کے بعد یا مانع کا ۶۱ بار ورد کر کے اللہ سے دعا مانگے اللہ تعالیٰ اسے دشمنوں کے غلط ارادوں اور بری چالوں سے بچائے رکھتا ہے۔

۱۱۔ جس شخص کی اولاد بری عادتوں میں مبتلا ہو اور وہ بری عادات ترک کرنے پر آمادہ نہ ہو جیسے ہیروین، بھنگ، افیون، شراب وغیرہ کی عادت کو ترک کرنے لیے اس اسم کو روزانہ ۶۲۵۰ مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے پلائیں اور چالیس یوم تک اسی طرح کریں۔ انشاء اللہ جسے پانی دم کر کے پلائیں گے وہ بری عادات چھوڑ جائے گا۔ اگر اسے بعد نماز عشاء چار ماہ میں گیارہ لاکھ مرتبہ پڑھ لیں تو آپ اس کے مستقل طور پر عامل بن جائیں گے اور ہر قسم کا نشہ ترک کروانے کے لیے پھر گیارہ مرتبہ اسی اسم کو پڑھ کر پانی پر دم کر دیں اور نشہ

کرنے والے کو سات روز تک پلائیں۔ انشاء اللہ دم شدہ پانی پینے والا ہمیشہ کے لیے نشہ چھوڑ دے گا۔ بُری عادات چھڑانے کے لیے اس اسم کا نقش بھی دے سکتے ہیں۔

۱۲۔ سکون قلبی کی دولت حاصل کرنے کے لیے اس اسم مبارک کو ہر روز ایک سو مرتبہ پڑھنا بے حد مفید ہوتا ہے۔

۱۳۔ "یامانع" کا ورد کرنے والا نیک سیرت بن جاتا ہے۔ گناہوں اور برائیوں سے بچا رہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو نگاہوں کی خیانت سے بھی بچائے رکھتا ہے۔

۱۴۔ اگر کوئی زمیندار اور کسان اپنی فصلوں اور باغات کو سماوی آفات اور حشرات یا ٹڈی دل کے حملوں سے محفوظ رکھنا چاہتا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ اپنے کھیتوں اور باغات وغیرہ کے کناروں پر یامانع کے ورد سے دم کیا ہوا پانی چھڑکا دے۔ وہ کھیت اور باغات آفات اور حشرات کے نقصان سے محفوظ رہیں گے۔

بسم اللہ المانع جل جلالہ

۱۵۔ اگر کسی بچے کے والدین کو بچے پر نظر ہو جانے کا اندیشہ ہو تو سات بار "یامانع" کسی تعویذ پر لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں نظر بد جاتی رہے گا۔

۱۶۔ اگر کسی عورت کا خاوند عورت پر بہت خفا ہوتا ہو یا آقا نوکر پر ناراض زیادہ ہوتا ہو تو اکیس مرتبہ اس نام پڑھ کر صبح و شام دم کر دیں۔ خواہ پیٹھ پیچھے سے کریں انشاء اللہ تھوڑے دنوں میں ہی سب شکایت دور ہو گی۔

۱۷۔ اپنے کھیتوں کو ٹڈی دل سے بچانے کے لئے چار کوری ٹھیکریوں پر سات سات مرتبہ "یـامـانـع" لکھ کر وہ چاروں عدد ٹھیکریاں چاروں کونوں پر کھیت کے دفن کر دے۔ انشاء اللہ اس کھیت پر ٹڈیاں نقصان نہ کریں گی۔

۱۸۔ نظر شدہ مطلوب پر سات مرتبہ "یامانع" کسی تانبے کے پترے پر کندا کر کے بطور تعویذ مطلوب کے گلے میں ڈال دیں۔

۱۹۔ اپنے نفس کو برائیوں سے روکنے کے لئے "یامانع" کا ورد بہترین ھے۔

۲۰۔ ناراض شوہر کو راضی کرنے کے لئے بیوی بستر پر لیٹتے وقت "یامانع" ۲۰ مرتبہ پڑھ لے۔

۲۱۔ مطلوب کو برائیوں سے روکنے کے لئے "یامانع" کا ورد کر کے دعا کریں۔ مجرب ہے۔

۱۰۳۲	قمری اعداد
۵۷۲	شمسی اعداد

۹۲۔ الضّار جل جلالہ

جلالی ☆ آبی

اس صفاتی نام کا مطلب ہے کہ اللہ تعالیٰ جس کو چاہے نقصان پہنچا سکتا ہے کیونکہ جس طرح خیر وشر اس ذات بابرکات سے منسوب ہے اسی طرح نفع ونقصان بھی اسی کے ساتھ خاص ہے۔ اور وہی اپنے ارادے سے کسی بھی شخص کے گناہ یا کوئی غلطی سرزد ہونے پر اس کو تکلیف پہنچانے پر قادر ہے۔ اگر تمام مخلوقات مل کر اس امر کی کوشش کریں کہ کسی پر سے مصیبت ٹال دیں یا کسی پر مصیبت نازل کردیں، تو وہ اس میں سے ایک ذرہ کی بھی طاقت نہیں رکھتے۔ اس لئے انسان کو چاہیئے کہ اگر کوئی نقصان پہنچے تو اس کو اپنے ہی نفس کی کسی غلطی کا خمیازہ سمجھے۔

وظائف:

۱۔ یہ اسم جلالی ہے تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ جو شخص اُسے زیادہ پڑھے گا خدائے پاک وبرتر کی دشمنوں کی عداوت زیادہ رکھے گا۔ شریعت کے مخالفوں سے کبھی خوش نہ ہوگا۔ اس پر صفتِ فاروقی کا غلبہ ہوگا۔

۲۔ اگر کسی کو مال وعزت، اہل وعیال یا کاروبار میں کسی ضرر یعنی نقصان کے پہنچنے کا خدشہ ہو تو اسے چاہئے کہ سات دن تک بعد نماز عصر اس اسم کو ۱۴۱ مرتبہ پڑھے۔ انشآء اللہ ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہے گا۔

۳۔ کسی مرید یا سالک کو کسی مقام پر قرار وثبات نہ ہوتا ہو تو وہ جمعہ کی شب میں غسل کرے، احرام باندھے، ایک ہزار مرتبہ کھڑے ہو کر اس مبارک نام کو آسمان کی طرف نگاہ اٹھا کر سات جمعہ تک برابر ایسا ہی کرے انشآء اللہ ضرور صاحب مقام ہو جائے گا۔ وہ اضطرابی حالت موقوف ہوگی۔

۴۔ بعض عاملین اسم ہذا سے دوسروں کو نقصان پہنچانے کا کام لیتے ہیں مگر ایسا کرنا درست نہیں اللہ ھدایت دے، اپنا معاملہ اللہ پر چھوڑ دینا چاہئے وہ بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔

۵۔ اگر کوئی دشمنی سے باز نہ آتا ہو، تنگ کرنے کے طرح طرح کے حیلے بہانے بناتا ہو تو ایسے دشمن سے بچنے کے لئے اور اس پر غالب آنے کے لئے اس اسم کو روزانہ ۶۲۵۰ مرتبہ ۲۱ دن تک پڑھیں اور پڑھتے ہوئے دشمن پر غالب آنے کا تصور ذہن میں رکھیں۔ انشاء اللہ دشمن دشمنی ترک کر کے مغلوب ہو جائے گا۔

۶۔ اگر کسی شخص کو بارگاہ الٰہی میں کوئی مقام یا حال میسر نہ وہ تو اسے چاہئے کہ وہ ہے جمعہ کی رات اس اسم مبارک کو ایک سو بار پڑھ کر اللہ سے دعا کرے، تو اللہ تعالیٰ اسے ثابتی عطا فرماتا ہے اور اپنی جناب میں قبول فرماتا ہے۔

۷۔ جو شخص "یاضَار" کا ورد کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے مرتبے میں اضافہ فرما دیتا ہے اور ظاہری کمالات کو بھی فروغ عطا فرماتا ہے۔

۸۔ "یاضَار" کا اکثر ورد کرنے والا اسد او دوسرے انسانوں کے لئے مفید اور نافع ہی بنا رہتا ہے اور اللہ تعالیٰ اسے ہر طرح کی ضرر رسانیوں سے بچائے رکھتا ہے۔ ایسا شخص اپنی زبان یا ہاتھ سے دوسروں کو ہرگز کوئی نقصان یا ضرر نہیں پہنچاتا۔

۹۔ اگر کوئی شخص ہر روز اس اسم مبارک کو پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کرے تو اللہ تعالیٰ اسے ہر طرح کی مشکلات، پریشانیوں، آفات اور مصیبتوں سے بچائے رکھتا ہے۔

۱۰۔ "یاضَار" کا ذکر کرنے والا بفضل تعالیٰ ہر طرح کے نقصان اور ضرر سے بچا رہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس شخص کو سدا اپنی حفاظت میں رکھتا ہے اور اسے کوئی نقصان پہنچانے کی کوشش بھی کرے تو وہ ناکام رہتا ہے۔

۱۱۔ جو کوئی اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل کرنے کا خواہش مند ہو، اسے چاہئے کہ ہر روز نماز عشاء کے بعد ۱۲۱ مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھ کر عجز و انکساری کے ساتھ دعا کرے۔ اللہ تعالیٰ اس پر علم و حکمت کے دروازے کھول دیتا ہے۔

۱۲۔ گھر بار، مال و دولت، اجناس، اور باغات و کھیتوں کی حفاظت کی خاطر اس اسم مبارک سے دم کیا ہوا پانی اطراف میں چھڑکنا مفید ہوتا ہے۔ ایسے شخص کی اہل و عیال کی بھی اللہ تعالیٰ سدا حفاظت کرتا ہے۔

۱۳۔ کسی بھی طرح سے وارد ہونے والی اضطرابی حالت کو دور کرنے کی خاطر "یاضَار" کا ورد بے حد مؤثر اور مفید ہوتا ہے۔ اس کے ورد سے اضطرابی حالت موقوف ہو جاتی ہے۔

۱۴۔ نفس امارہ اور شیطان کے وسوسوں سے آزادی حاصل کرنے کے لئے کسی نقش میں نوبار "یـاضـار" لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ اور گاہے گاہے اس اسم مبارک کا ورد بھی کریں، نفس امارہ اور شیطانی وساوس سے چھٹکارہ مل جاتا ہے۔

۱۵۔ جو شخص اس اسم مبارک کا ورد کرنا معمول بنالیتا ہے وہ اللہ کے دشمنوں کا دشمن بن جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ اسے ہر طرح کے نقصان اور ضرر سے بچائے رکھتا ہے۔

۱۶۔ یہ عمل مجاہدوں کے لئے بہت مفید ہے جب دشمن پر حملہ کریں یا گولہ وغیرہ پھینکیں یا بندوق سے گولی چلائیں تو اس وقت "یاضارُ" پڑھ پھینکیں تو انشاء اللہ نشانہ خطا نہ ہوگا۔ اور دشمن کو نقصان پہنچے گا۔

۱۷۔ شیطان کے حملوں اور وسوسوں سے بچنے کے لئے اس اسم کو صبح ایک ہزار مرتبہ اور شام ایک ہزار مرتبہ پڑھنا بہت مفید ہے۔ چند ماہ اس طرح پڑھنے سے شیطانی وساوس ختم ہو جاتے ہیں۔

۱۸۔ شب جمعہ میں ۱۰۰ مرتبہ یاضارُ پڑھنے سے ہر قسم کے ضرر و نقصان سے محفوظ رہے گا۔

۱۹۔ ایسا مرید یا سالک جسے نفس بہت تنگ کرتا ہو اور یاد الٰہی سے روکتا ہو جس سے اللہ کی راہ میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہو، اس کے لئے صوفیائے کرام نے کہا ہے کہ اسے چاہئے کہ روزانہ ۱۹۲۱ مرتبہ "یاضارُ" کا ورد ۲۰ دن تک جاری رکھے۔ انشاء اللہ اس عرصہ میں نفس پوری طرح قابو آجائے گا۔

۲۰۔ عاملین کے نزدیک یہ اسم دشمنوں سے چھٹکارا پانے اور انھیں نقصان پہنچانے کے لیے بہت اکسیر ہے اور اس کا نقش عاملین دشمنی کے مقصد کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ اس اسم کی زکوۃ ۳۱۲۵ مرتبہ روزانہ کی پڑھائی اس کا چلہ کرنے کے بعد اس کے بعد اس کے نقش کو تابعدار کرنے کے لیے دیں۔ انشاء اللہ بہت کام کرے گا۔

۲۱۔ شب جمعہ میں ۱۰۰ مرتبہ "یاضارُ" پڑھنے سے ہر قسم کے ضرر و نقصان سے محفوظ رہے گا۔

بسم اللہ القہار جلّ جلالہٗ

اللہ تعالیٰ کا یہ اسم صفاتی ظاہر کرتا ہے۔ کہ اُس کی ذات جس کو چاہے نفع پہنچا سکتی ہے یعنی اسکے علاوہ کسی بھی شخص کو یہ قدرت حاصل نہیں ہے کہ کسی کو کوئی فائدہ پہنچا سکے۔ بلکہ اگر کسی انسان سے کوئی نفع حاصل ہو تو وہ بھی من جانب اللہ ہی ہوتا ہے یعنی وہ شخص محض ایک وسیلہ ہے اور اصل معطی خدا کی ذات ہے۔ لہٰذا ہمیں چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی سے نفع کی امید نہ رکھیں۔

وظائف:

۱۔ اگر کسی شخص کی کمائی میں برکت نہ ہو تو اسے چاہئے کہ صبح کی نماز کے بعد ۴۱ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے۔ اس کے بعد اس اسم کو گیارہ سو مرتبہ پڑھے اور آخر میں پھر ۴۱ مرتبہ سورت فاتحہ پڑھے۔ اس طرح اکتالیس دن تک کرے۔ انشاء اللہ اس کی روزی میں برکت پڑ جائے گی۔ یا اس کا نقش لے کر پاس رکھے تو برکت رہے گی۔

۲۔ اللہ تعالیٰ کا یہ اسم مبارک ہر اعتبار سے باعث برکت ورحمت ونافع ہوتا ہے۔ لہٰذا اس کا ہمہ وقت ورد کرنا چاہئے۔ اس کے ساتھ ساتھ جہاں تک ہو سکے مخلوق خدا کو فائدہ پہنچانے کے بارے میں ہی سوچنا چاہئے۔

۳۔ یہ اسم تجارت میں نفع حاصل کرنے کے لئے بہت اکسیر ہے لہٰذا جو شخص تجارت کے مقام پر تجارت شروع کرتے وقت اس اسم کو ۲۰۱ مرتبہ روزانہ پڑھے گا تو اسے تجارت میں بے پناہ نفع حاصل ہوگا مگر حوصلے اور صبر سے کام لے کر اس اسم کو طویل عرصے تک پڑھتے رہنا چاہئے۔

۴۔ اگر کوئی شخص کسی سفر پر جا رہا ہو تو اسے چاہئے کہ وہ سفر کے شروع میں اور دورانِ سفر "یَـانَـافِعُ" کا ورد کرے اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ اسے ہر طرح کے نقصان سے بھی بچائے رکھتا

۵۔ اگر کوئی شخص چار روز تک "یَانَافِعُ" کا بکثرت ورد کر کے اللہ تعالیٰ سے دعا کرے تو اللہ تعالیٰ اسے ہر طرح کے نقصانات اور آفات سے بچائے رکھتا ہے۔

۶۔ جس کام کی ابتدا میں یہ اسم ایک سو مرتبہ پڑھا جائے اس کام میں ہمیشہ فائدہ ہوگا۔ایک عامل کا قول ہے کہ اگر سفر کرتے وقت ریل، بس، ٹیکسی یا کسی بھی سواری میں سوار ہوتے وقت چند بار اس اسم کو پڑھ لیا جائے تو حادثات سے محفوظ رہیں گے۔حج کے سفر کے آغاز میں اگر اس اسم کو سواری پر سوار ہونے سے پہلے ایک سو بار پڑھ لیں تو ہر طرح کی پریشانی سے محفوظ رہیں گے۔

۷۔ اس اسم مبارک کو ہر مشکل اور مصیبت سے نجات پانے کے لئے بکثرت پڑھنا چاہئے۔

۸۔ یہ اسم دکان میں ترقی کے لئے بھی بہت مجرب ہے جس شخص کی دکان میں منافع کم ہوتا ہو اسے چاہئے کہ ہفتہ کے روز دکان کھول کر سب سے پہلے اس اسم کو خود یا چند آدمی اکٹھے کر کے ۱۲۵۰۰ مرتبہ پڑھوائے اور دس ہفتہ تک یہی عمل کرے۔انشاء اللہ دکان میں حسبِ منشا منافع ہونے لگے گا۔

۹۔ اگر ہر کام شروع کرنے سے پہلے اکتالیس بار "یَانَافِعُ" پڑھ لیا جائے تو اللہ تعالیٰ اس کام کو بخیر و خوبی اور بطریق احسن مکمل کروا دیتا ہے۔

۱۰۔ مال خریدتے وقت "یَانَافِعُ" کا کثرت سے ورد کریں۔اگر زیادہ نہ پڑھ سکیں تو کم از کم ۴۱ بار ضرور پڑھ لیں اور پھر اللہ کا نام لے کر سودا خریدیں اور دل میں اللہ کے حضور التجا کریں کہ یا الٰہی اس سودے میں مجھے نفع دے، انشاء اللہ اس اسم کی برکت سے خریدا ہوا سودا نفع بخش ہوگا۔

۱۱۔ اگر کوئی ماہ رجب میں "یَانَافِعُ" کا ورد کرے تو اللہ تعالیٰ اسے اسرار الٰہی سے مطلع فرماتا ہے۔

۱۲۔ اس اسم کا عامل بننے کے لئے اس اسم کو ۱۰۱ دن تک روزانہ دس ہزار مرتبہ پڑھیں۔پڑھائی مکمل ہونے پر آپ اس کے عامل بن جائیں گے۔اس کے بعد اسے روزانہ چند بار پڑھ لیا کریں تا کہ عمل قائم رہے۔اس کے بعد اس عمل کا تعویذ ہر نفع بخش کام کے لئے دے سکتے ہیں۔بیحد فائدہ ہوگا۔

۱۳۔ ہر ایک چیز یا نیا مال خریدنے کے وقت "یَانَافِعُ" اکتالیس بار پڑھ لینا مفید اور باعث برکت ہے۔

بسم اللہ النافع جلّ جلالہٗ

۱۴۔ ماہ رجب، ماہ رمضان اور ماہ شعبان میں اس اسم مبارک کو ہر ماہ سات ہزار مرتبہ پڑھ کر دعا مانگنے سے اللہ تعالیٰ صاحب کشف بنا دیتے ہیں۔

۱۵۔ رزق حلال میں خیر و برکت اور وسعت کے لئے ہر نماز کے بعد ایک سو بار "یَانَافِعُ" پڑھنا فائدہ دیتا ہے۔ اس سے اللہ تعالیٰ رزق میں فراوانی عطا فرماتا ہے، اس سے معاشی تنگی سے نجات مل جاتی ہے۔

۱۶۔ "یَانَافِعُ" کا ذکر کرنے والا کسی کا محتاج نہیں رہتا اور اس کے کاروبار میں روانی اور تیزی آجاتی ہے۔

۱۷۔ اگر رات کو سوتے وقت اس اسم مبارک کو ایک سو مرتبہ پڑھیں اور اپنے جسم پر پھونک ماریں تو اس سے شیطانی اور نفسانی وساوس دور رہتے ہیں۔

۱۸۔ ہر کام کی حفاظت اور بخیر و خوبی سے تکمیل کے لئے "یَانَافِعُ" کا ورد کرنا بہت مؤثر ہے۔

۱۹۔ یہ اسم جمالی ہے اور اس کی تاثیر یہ بھی ہے کہ اس مبارک نام کا پڑھنے والا ہر ایک مسلمان کے نفع کے لئے سوچتا ہے اور کوشش کرتا ہے کہ کسی کا کوئی نقصان نہ ہو۔

۲۰۔ اگر کوئی مسافر جہاز یا کشتی میں سفر کرنے سے پہلے اس نام کا ورد رکھے گا تو انشاء اللہ سفر میں ہر آفت سے محفوظ ہو جائے گا۔ اور صحیح سلامت سواری سے اُترے گا۔

۲۱۔ الغرض یہ مبارک نام سفر پر جاتے وقت، دورانِ سفر، مال خریدتے وقت، بیچتے وقت ہر طرح سے اپنے پڑھنے والے کو بے حد نفع پہنچاتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆

یہ صفاتی نام ظاہر کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ روشنی کا سرچشمہ ہے جس سے دونوں جہان روشن ہو جاتے ہیں۔ گویا دنیا ساری کی ساری ظلمت تھی اور ذات باری تعالیٰ سے واقف نہ تھی، اس کو حق و صداقت کی روشنی سے منور کرنے والا النور ہے۔ علماء کا خیال ہے کہ آسمانوں کو اللہ تعالیٰ نے سورج، چاند اور ستاروں سے روشن کیا ہے اور زمین کو انبیائے کرام کے علاوہ علماء اور صلحاء کے ذریعے روشن کیا ہے۔ قرآن میں لکھا ہے کہ اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے۔ لہٰذا انسان کو چاہئے کہ اپنے دل سے گناہ کی تاریکی کو دور کرے اور نور ایمان سے دل کو منور کرے۔

وظائف:

۱۔ یہ اسم خاص ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ اس نام کا پڑھنے والا ظاہر اور باطن کی طہارت و صفائی نہایت پسند کرتا ہے۔ فسق و فجور فحش باتوں سے نہایت بےزار رہتا ہے۔

۲۔ جمعہ کی رات کو سات بار سورہ نور اور تین ہزار مرتبہ اس نام کا پڑھنا دل کو نورانی مثل آئینہ کے صاف کرتا ہے۔

۳۔ صبح کی نماز کے بعد اس اسم مبارک کا ایک ہزار ایک سو اکیس مرتبہ روزانہ پڑھنا مکان کو روشن کرتا ہے جس مکان میں پڑھا جائے کوئی سانپ موذی جن آسیب وہاں ٹھہر نہیں سکتا عمل مجرب ہے۔

۴۔ اَللّٰـهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۔ یَانُوْرُ، اس طرح ملا کر ایک ہزار مرتبہ پڑھنا کالی آندھی مینہ کے طوفان کے اندھیرے کو حکم الٰہی سے دور کرتا ہے۔ سورج گہن کے وقت، چاند گہن کے وقت اس آیت کریمہ اور اس نام کا اسی طرح ملا کر کثرت سے پڑھنا نہایت مفید ہے۔

۵۔ اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْض یَا نُوْرُ، اس آیت کو پڑھنے سے زمین و آسمان کے حقائق سے بھی آگاہی ہوتی ہے۔

۶۔ جس مقام یا مکان پر روزانہ ۱۱۱ مرتبہ اس اسم کا ورد کیا جائے گا وہ جگہ جن، پری، بھوت، درندوں اور آسیب سے ہمیشہ محفوظ رہے گی۔

۷۔ جوش اس وظیفہ کو ایک ہزار مرتبہ روزانہ یا اس سے زائد مقدار میں پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے دل میں نورِ معرفت پیدا فرما دے گا۔ اور اس پر اپنی عنایات کی بارش فرمائے گا۔

۸۔ اگر کسی عورت کی شادی نہ ہوتی ہو تو اس وظیفہ کو ۴۰ دن تک روزانہ ۳۱۴ مرتبہ پڑھنے سے اس کا نصیب کھل جائے گا اور اسے اچھا خاوند مل جائے گا۔

۹۔ بعض عاملین کہتے ہیں کہ اسے پڑھنے سے علم لدنی حاصل ہوگا۔ یَـا نُـوْرُ کُلُّ شَیْءٍ وَھٰذَہٗ اَنْتَ الَّذِیْ فَلَقَ الظُّلُمٰتُ بِنُوْرِہٖ یَانُوْرُ. (اے ہر چیز کے نور۔ اور اسکی ہدایت یہ ہے کہ اس سے تاریکیاں دور ہوگئیں۔ اے نور)

۱۰۔ صفتِ نور سے پہلے اللہ تعالیٰ کے ذاتی نام کو شامل کرنے سے اس کے اثرات میں بہت زیادہ اثر پیدا ہو جاتا ہے۔ صاحبِ کشف بننے کے لئے "اَللّٰہُ النُّوْرُ" کا عمل بہت مفید ہے۔ صاحب کشف بننے کے لئے اس وظیفہ کو ایک سال تک روزانہ خلوت میں بیٹھ کر عشاء یا تہجد کے وقت گیارہ ہزار مرتبہ پڑھے۔

۱۱۔ ایمان کا نور اصل میں نور ہے جس سے ایمان میں حد درجہ کی استقامت پیدا ہوتی لہٰذا جو شخص اس اسم کا کثرت سے ذکر کرے تو اسے نورِ ایمان حاصل رہے گا۔ اور اس کی موت ایمان پر ہوگی۔ اس لئے صبح کے وقت یا سوتے وقت یا تمام نمازوں کے بعد اسے چند بار پڑھنا نورِ ایمان میں اضافے کا سبب بنتا ہے۔

۱۲۔ دل کو روشن کرنے کے لئے نفی اثبات کے ذکر کے بعد "یا نور یا نور" کا ورد بہت مفید ہے اس سے دل منور ہو جاتا ہے اور پڑھنے والے کو خود محسوس ہوتا ہے کہ اس کا دل پاکیزہ ہو کر روشن ہو گیا ہے، اس لیے ۲۵۶ مرتبہ روزانہ خلوت میں بیٹھ کر ورد کریں۔ انشاء اللہ دل روشن ہو جائے گا۔

۱۳۔ جو شخص اس اسم کا عامل بننا چاہے تو اسے چاہئے کہ اس اسم کو ۴۰ دن تک روزانہ بعد نماز عشاء ۶۴۰۰ مرتبہ پڑھے۔ چالیس دن کے بعد وہ عامل بن جائے گا۔ اور اس کے بعد اس کا تعویذ مطلوبہ فوائد کے لئے دے سکتا ہے۔

۱۴۔ اللہ تعالیٰ کا یہ اسم مبارک ہر حوالے سے انسان کے لئے باعث خیر و برکت عافیت بخش ہوتا ہے۔

۱۵۔ اگر کوئی شخص سات بار سورہ نور پڑھنے کے بعد ایک ہزار مرتبہ "یا نور" کا ورد کر کے دعا کرے تو اللہ تعالیٰ اس کے دل کو نور سے منور کر دیتا ہے۔

۱۶۔ اگر کوئی شخص فجر کے وقت "یا نور" کا ورد کرنا اپنا معمول بنا لے تو اللہ تعالیٰ اس کے دل کو سکون اور اطمینان بخش دیتا ہے۔

۱۷۔ ہر روز اور کثرت کے ساتھ اس اسم مبارک کو پڑھنے سے بندے کا باطن کھل جاتا ہے اور وہ شخص طہارت پسند اور صفائی پسند ہو جاتا ہے۔

۱۸۔ اگر کوئی شخص نماز فجر کے بعد ۱۱۳۱ مرتبہ پڑھے تو ایسے شخص کا دل اللہ تعالیٰ منور کر دیتا ہے۔ اور اس کا گھر ہر طرح کے موذی جانوروں سے محفوظ ہو جاتا ہے۔

۱۹۔ "یا نور" کا وظیفہ کرنے والے کو حق تعالیٰ شانہٗ خوش اخلاق بنا دیتے ہیں اور ساتھ ساتھ فسق و فجور سے بھی اس کو بچنے کی توفیق ہو جاتی ہے۔

۲۰۔ اگر کوئی اس اسم مبارک کا نقش بنا کر اپنے گھر، کاروبار کی جگہ یا دفتر وغیرہ میں رکھے تو اللہ تعالیٰ اسے عزت اور وقار سے نواز دیتے ہیں۔

۲۱۔ ہر روز اس اسم مبارک کا ورد کرنا دین و دنیا میں خیر و برکت کا موجب بنتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆

بسم اللہ النور جل جلالہٗ

۵۱	۹۵۔ الھادی جل جلالہ	قمری اعداد
۲۵۰۰		شمسی اعداد

جمالی ☆ آبی

اللہ تعالیٰ کے اس صفاتی نام کا مطلب ہے کہ وہ اپنے بندوں کو ہدایت کرتا ہے اور اصلاح کا راستہ دکھاتا ہے۔ لفظ ہدیٰ سے بنا ہے جس کے معنی ہیں، راہنمائی کرنا۔ گویا وہ ہادی برحق تمام مخلوقات کی راہنمائی کرتا ہے۔ ہدایت کے کئی پہلو ہیں، یعنی انسانوں کو اپنی روزی کمانے اور زندگی بسر کرنے کا طریقہ سکھایا۔ حیوانوں کو اپنی نسل آگے بڑھانے، پرندوں کو چوزوں کے لئے دانہ چگنے، اور شہد کی مکھیوں کو چھتہ بنانے اور شہد اکٹھا کرنے کا شعور دیا اور سب سے بڑی بات تو یہ ہے انسانوں کو اپنی معرفت کی ہدایت فرمائی۔ اس لئے انسانوں کے لئے لازم ہے کہ اپنے گمراہ ساتھیوں کو سیدھے راستے پر چلانے کی کوشش کریں۔

وظائف:

۱۔ یہ اسم جمالی ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ اس نام کا پڑھنے والا خواہ عالم ہو یا عام آدمی ہمیشہ ہر ایک شخص کو نیک باتوں کی نصیحت کرے گا بُری باتوں سے روکتا رہے گا اور خود بھی نیک رستہ چلے گا۔

۲۔ جو کوئی صبح کی نماز کے بعد اور عشاء کی نماز کے بعد سات مرتبہ ہاتھ دعا کے طور پر اُٹھا کر یَا ھَادِیُ کہے پھر وہ ہاتھ منہ پر پھیرے انشاء اللہ ہر ایک کام میں اس کی عقل راہ راست پر اور اس کی رائے درست اور سیدھی رہے گی۔

۳۔ حاکم قاضی، مفتی قوم کے سردار چودھری پنچ کا فیصلہ کرتے وقت اس نام کو سات بار پڑھنا پھر فیصلہ کرنا حق پر قائم رکھتا ہے۔

۴۔ مسافر کو سفر میں جانے کے وقت گیارہ مرتبہ اس نام کا پڑھنا نہایت مفید ہوتا ہے۔ سارے کام درست رہیں گے۔

۵۔ اگر کوئی شخص بدکرداری یعنی شراب زنا، جوایا اور بُری سوسائٹی میں ملوث ہر کر کوشش کے باوجود وہ راہ راست پر نہ آتا ہو تو اس شخص کو گیارہ روز تک روزانہ ۱۱۳۶۴ مرتبہ یہ اسم پڑھ کر پانی دم کر کے پلائیں۔ انشاء اللہ برائیاں چھوڑ کر راہِ راست پر آ جائے گا۔

۶۔ جو شخص اس اسم مبارک کا ورد کرنا اپنا معمول بنا لے تو وہ بفضل باری تعالیٰ راہ راست پر قائم رہتا ہے۔

۷۔ اگر کوئی آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر ''یاہادی'' کہہ کر اپنے چہرے پر پھیر لے اور اپنی آنکھوں پر بھی مل لے تو اللہ تعالیٰ اسے اپنی معرفت سے نواز دیتے ہیں۔

۸۔ اگر کوئی قاضی، مفتی یا منصف کسی کا کوئی فیصلہ کرتے وقت ''یاھادی'' گیارہ بار پڑھ لے تو انشآء اللہ صحیح فیصلہ صادر ہوگا۔

۹۔ اگر کوئی مسافر یا تاجر اپنا سفر شروع کرنے سے پہلے ''یاھادی'' کا ورد کر کے اللہ سے دعا کرے تو سفر بخیر وعافیت گزرتا ہے۔ اور مال ومتاع کی بھی حفاظت ہوتی ہے۔

۱۰۔ بے راہ روی کا شکار اور نشے وغیرہ کے عادی بچوں کو راہ راست پر لانے کے لئے اس اسم مبارک سے بہتر کوئی عمل نہیں۔

۱۱۔ اگر کوئی شخص فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد ۷۰ مرتبہ اس اسم کا ورد کرلے اور پھر دعائے مغفرت طلب کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت کر دیتے ہیں۔

۱۲۔ ''یاھادی'' کا اکثر ورد کرتے رہنے سے اللہ تعالیٰ بندے کے علم وفضل، عقل ودانش میں اضافہ کر دیتے ہیں۔

۱۳۔ ''یاھادی'' کا بکثرت ورد آدمی کو راست گو، سچا، مستقیم مزاج بناتا ہے۔

۱۴۔ اگر ہر روز ایک ہزار مرتبہ اس اسم مبارک کا ورد کیا جائے تو ہر کام میں آسانی پیدا ہو جاتی ہے اور آدمی ناکامیوں سے بچا رہتا ہے۔

۱۵۔ جو شخص روزانہ کسی بھی تعداد میں ''یاھادی'' کا ورد کر لیتا ہے، اللہ تعالیٰ اسے کبھی گمراہ

نہیں ہونے دیتا بلکہ ہدایت کی رہنمائی کی جاتی ہے۔

۱۶۔ اگر کسی شخص کو نیک اعمال کی توفیق میسر نہ آتی ہے، اگر نیک کام کرنا بھی چاہے تو شیطان وسوسے ڈال کر نیکی سے روک دیتا ہے، اس کے لئے اس اسم کو روزانہ صبح اٹھتے وقت ۲۷ مرتبہ اور رات کو سوتے وقت ۲۷ مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ ہر نیکی کی توفیق ملنا شروع ہو جائے گی۔

۱۷۔ اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد دعا سے پہلے اسے ۱۲ مرتبہ پڑھ لے تو اس کے ہر ظاہری و باطنی کام میں بھلائی ہو جائیگی۔ اور اس کا ہر کام درست رہے گا۔ اس کی عقل میں تدبر آجائے گا۔

۱۸۔ اگر کوئی حاکم، یا قوم کا سردار یہ چاہتا ہو کہ ہر فیصلہ صحیح کرے تو اس کو چاہئے کہ اس اسم کو ۱۱۰۰ مرتبہ پڑھے، انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ اس کے دل میں سچی بات ڈال دے گا اور وہ حق فیصلہ کرے گا۔

۱۹۔ اگر کوئی یہ چاہے کہ اس کو سفر میں کوئی پریشانی نہ ہو اور ہر کام درستگی کے ساتھ ہو تو اسے چاہئے کہ سفر شروع کرتے وقت وہ اس اسم کو ۱۰ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ سفر خیریت سے گزرے گا۔

۲۰۔ ایسے بچے شیر خوارگی کے زمانے میں بہت روتے ہوں۔ اگر والدین یا کوئی عامل گیارہ مرتبہ یہ اسم پڑھ کر ان پر دم کر دے تو انشاء اللہ ان کا رونا بند ہو جائے گا۔

۲۱۔ اس اسم کا عامل بننے کے لئے اس اسم کو بعد نماز عصر چالیس دن تک ۳۱۲۵ مرتبہ روزانہ پڑھیں اس کے بعد اس کا نقش مطلوبہ فوائد کے لئے استعمال کروائیں۔ انشاء اللہ حسب منشا فائدہ ہو گا۔

☆☆☆☆☆☆

۹۶۔ البدیع جل جلالہ

یہ اسم صفاتی ظاہر کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ بغیر کسی نظیر کے اس کائنات کا پیدا کرنے والا، اور بے مثال موجد ہے۔ جیسا کہ قرآن مجید میں لکھا ہے کہ وہ آسمانوں اور زمین کا بے مثال موجد ہے۔ یعنی وہ تمام اشیاء کو بغیر مثال کے بنانے والا ہے کیونکہ تخلیق سے پیشتر کسی شے کا وجود نہ تھا اور نہ اس کی کوئی نظیر تھی۔ یہ لفظ بدع سے بنا ہے جس کے معنی ہیں۔ نمونہ کے بغیر کوئی چیز بنانا۔ گویا یہ ساری دنیا اور اس میں جو کچھ موجود ہے اس کو اللہ تعالیٰ نے ایجاد کیا ہے اس لئے انسانوں کو چاہئے کہ گناہوں سے بچنے اور فضیلتوں کو حاصل کرنے کی کوشش کریں تاکہ شرع کے خلاف کوئی امر صادر نہ ہو۔

وظائف:

۱۔ یہ اسم خاص ہے۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ اس نام کا پڑھنے والا قدرت الٰہی کے عجائبات کو نہایت غور اور فکر سے ہر ایک چیز کو عبرت کی نگاہ سے دیکھے گا۔

۲۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کی صفت "البدیع" اس کے حوالے ہی سے وہ چیزوں کو نئی صورت اور انداز میں پہلی بار پیدا کرنے اور پھر اس کا اعادہ کرنے والا اس اسم مبارک کا ورد کرنا باعث خیر و برکت ہوتا ہے۔

۳۔ اگر کوئی شخص ستر ہزار بار "البدیع" کا ورد کر کے اللہ تعالیٰ سے دعا کرے تو اللہ تعالیٰ اسے تمام مہمات سے بحسن وخوبی سرخرو کر دیتا ہے۔

۴۔ اگر کوئی شخص ایک ہزار بار "یا بدیع السموات والارض" پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے دعا کرے تو اس کی کوئی مہم بغیر سر ہوئے نہیں رہ سکتی۔

۵۔ اگر کوئی شخص ہر روز "یابدیع السموات والارض" کا ستر بار معمول بنالے تو اس کی تمام مشکلات اور پریشانیاں اللہ تعالیٰ دور کر دیتے ہیں۔

۶۔ جس شخص کو کوئی مہم درپیش ہو تو وہ "یا بدیع السمٰوات والارض یا بدیع" ستر ہزار مرتبہ باوضو روبقبلہ بیٹھ کر پڑھے انشاء اللہ مع الخیر وہ مہم انجام پائے مصیبت رفع ہو۔

۷۔ اگر کسی معاملہ میں نیک و بد انجام معلوم کرنا ہو تو عشاء کی نماز کے بعد باوضو قبلہ کی طرف بیٹھ کر نہایت کثرت سے اس آیت اور اس نام کو اس طرح کہ جس طرح ابھی لکھا گیا ہے پڑھے جب نیند آنے لگے پڑھتے پڑھتے سوجائے انشاء اللہ جو کچھ چاہے گا وہ خواب میں نظر آجائیگا۔ (۱۲ نمبر والا)

۸۔ صرف "یا بدیع" ایک ہزار مرتبہ روز پڑھنا ہر ایک قسم کے مرض کو ہر طرح کے غم کو دور کرتا ہے۔

۹۔ "یا بدیع" کا ورد کرنے والا شخص قدرت الٰہی کے عجائبات کو نہایت غور اور فکر سے ہر ایک چیز اور امر کو عبرت کی نگاہ سے دیکھنے کے لائق ہو جاتا ہے۔

۱۰۔ اس اسم مبارک کا ورد کرنے والا بفضل تعالیٰ اسرار الٰہی سے فیضیاب ہوتا ہے۔

۱۱۔ اگر کسی شخص کو اس کے عہدہ سے بے جا یا ناحق معزول کر دیا گیا ہے تو اسے چاہئے کہ ہر فرض نماز کے بعد "یا بدیع" کا ورد کرکے اللہ تعالیٰ سے دعا کرے انشاء اللہ اپنے منصب پر دوبارہ بحال ہو جائے گا۔

۱۲۔ کسی معاملے کا انجام معلوم کرنے کے لئے چند دنوں تک یہ عمل جاری رکھیں۔ "یَابَدِیْعُ الْعَجَآئِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ"

۱۳۔ اگر کوئی سخت قسم کی مشکل درپیش ہو تو قبلہ کی طرف منہ کرکے اس وظیفہ کو پڑھنا شروع کردے اور کوشش کرے کہ دو چار روز میں ستر ہزار کی تعداد پوری کرلے۔ انشاء اللہ مشکل حل ہو جائے گی۔

۱۴۔ اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد سات سو مرتبہ اس اسم کو پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول کرتا ہے۔

۱۵۔ اس وظیفہ کی ایک صفت یہ بھی ہے کہ اگر کوئی شخص اپنی ملازمت یا عہدہ سے معزول ہو گیا ہو تو اسے چاہئے کہ ۲۱ دن تک روزانہ سات سو مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ اس کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔

۱۶۔ دعا مانگنے سے پہلے اگر ستر مرتبہ اس وظیفہ کو پڑھے تو دعا بارگاہِ رب العزت میں شرف قبولیت پائے گی وظیفہ وہی ہے۔ "یَابَدِیْعُ الْعَجَآئِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ"

۱۷۔ ہر طرح کی پریشانی "یابدیع" کا ورد کرنے سے دور ہو جاتی ہے۔

۱۸۔ مال و دولت اور ساز و سامان کی حفاظت کے لئے عشاء کی نماز کے بعد ۱۲۱ بار یا بدیع پڑھ کر دم کریں اور دعا کریں تو اللہ تعالیٰ خوب حفاظت فرماتا ہے۔

۱۹۔ کوئی ایسی مہم درپیش ہو جس کا پتہ نہ چل رہا ہو کہ شروع کہاں سے کی جائے تو اس کے لئے بھی "یابدیع" کا ورد کر کے سونے سے بذریعہ خواب میں اشارات مل جاتے ہیں۔

۲۰۔ "یــابــدیــع" ۱۱۱ مرتبہ پڑھنے سے سخت سے سخت مہم حل ہو جائے اور مشکلات آسان ہو جائیں۔

۲۱۔ "یــابــدیــع" کا عامل بننے کے لئے اس اسم کو ۴۰ دن تک ۶ ۷ ۳ ۵ مرتبہ روزانہ بعد نماز عشاء پڑھیں وظیفہ مکمل ہونے پر آپ اس کے عامل بن جائیں گے۔ اس کے بعد اس کے نقش کو مطلوبہ مقاصد کے لئے دوسرے لوگوں کو دیں۔

☆☆☆☆☆☆

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ

یَابَدِیْعُ یَابَدِیْعُ یَابَدِیْعُ

اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ

بعد نماز فرض ۱۱۱ یا ۴۱ مرتبہ حصول تمام مقاصد کے لئے پڑھنا نہایت اکسیر اور مجرب ہے۔

۹۷۔ الباقی جل جلالہ

قمری اعداد	۱۴۴
شمسی اعداد	۱۸۰۴

جمالی ☆ آبی

اللہ تعالیٰ کے اس صفاتی نام کا تعلق بقا سے ہے جس کی معنی ہیں، ہمیشہ رہنا، ثابت رہنا۔ گویا الباقی کا مطلب ہے، وہ ذات بابرکات جو ہمیشہ رہنے والی ہو۔ جس کا وجود ہمیشہ رہے، اور اس کو کبھی فنا نہ ہو، بلکہ فنا اس کے لئے ممکن نہ ہو۔ بعض علماء کا خیال ہے کہ جو چیز ہمیشہ سے ہو، اسے قدیم کہتے ہیں اور جو شے آئندہ زمانے میں ہمیشہ رہنے والی ہو، اس کو باقی کہتے ہیں۔ لہٰذا انسان کو چاہئے کہ وہ نیک عمل کرے کیونکہ دنیا کی تمام چیزیں فنا ہو جائیں گی لیکن اس کا عمل اس کے ساتھ رہتا ہے۔ یعنی اعمال صالحہ کو بقا ہے۔

وظائف:

۱۔ یہ اسم خاص ہے تاثیر اس کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا آخرت اور ہمیشہ باقی رہنے والی چیزوں کو دوست رکھے گا اور دنیا فانی پر کبھی مائل نہ ہوگا۔

۲۔ حضرت سلطان باہوؒ نے عقلِ بیدار میں لکھا ہے کہ جو شخص اس اسم کو جمعہ کی رات ۱۰۰ مرتبہ پڑھے اس کے تمام عمل قبول ہوں گے اور اگر ہفتہ کے دن دشمن کو مطیع کرنے کی نیت سے پڑھے تو اس کا دشمن مطیع اور فرمانبردار ہو جائے گا۔

۳۔ ایک اور عامل کا قول ہے کہ دشمن کو مطیع کرنے کے لئے اس اسم کو ہفتہ کے دن سات ہزار مرتبہ بعد نماز ظہر پڑھنا بہت مفید ہے۔

۴۔ اگر کوئی شخص جمعہ کی رات کو ایک ہزار مرتبہ "یَا بَاقِیُ" پڑھے سارے رنج و غم دور ہوں حق تعالیٰ اس کے عمل کو قبول فرمائے۔

۵۔ دشمن کو مطیع کرنے کے لئے اس اسم کو ہفتہ کے دن زوال سے لیکر ظہر کی نماز تک سات ہزار مرتبہ پڑھنا نہایت مفید ہے۔

۶۔ حضرت امام بونیؒ کا قول ہے کہ یہ اسم قوتِ حافظہ کو تیز کرنے اور آخری عمر تک قائم رکھنے کے لئے بہت مجرب ہے۔ اس لئے اگر کوئی شخص اس اسم کو روزانہ بعد نماز مغرب ۳۳ مرتبہ ہمیشہ کے لئے پڑھنے کا اہتمام کرلے تو اس کی قوتِ حافظہ تیز ہو جاتی ہے اور آخری عمر تک قائم رہتی ہے۔

۷۔ اگر کسی بچہ کا حافظہ کمزور ہو اور تیز کرنا مقصود ہو تو اس اسم کا تعویذ پانی میں ڈال کر گیارہ یوم تک پلائیں، انشاء اللہ اس کا حافظہ تیز ہو جائے گا۔

۸۔ جس شخص کی صحت اکثر خراب رہتی ہو تو اسے چاہئے کہ وہ "اَللّٰهُ شَافِيْ اَللّٰهُ بَاقِيْ" کا ورد اپنی زبان پر اٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے رکھے۔ انشاء اللہ اس کی صحت بحال رہے گی۔

۹۔ اگر کوئی اس وظیفہ کو ہر نماز کے بعد چند بار پڑھنے کا اہتمام کرلے تو اس پر بیماری بہت کم حملہ کرے گی اور مرتے دم تک پڑھنے والا تندرست و توانا رہے گا۔

۱۰۔ یہ اسم عزت، اقتدار اور حکومت کو دیر تک باقی رکھنے کے لئے بہت اکسیر ہے۔ لہٰذا جو صاحبِ عزت انسان اس اسم کو روزانہ ایک سو تیرہ مرتبہ پڑھنے کا اہتمام کرلے تو اس کی جو حیثیت اور مقام ہوگا۔ وہ تاحیات قائم رہے گا۔ اگر کوئی شخص اس کے نقش کو اپنے پاس رکھے تو اس کا اقتدار ہمیشہ باقی رہے گا۔

۱۱۔ اگر کسی شخص کا کاروبار تباہ ہونے کے آثار پیدا ہو رہے ہوں یا جائداد کو دیر تک باقی رکھنے کا ارادہ ہو تو اس اسم کو روزانہ ۱۲۵۰۰ مرتبہ دس دن تک پڑھ کر پانی دم کر کے اس جگہ پر چھڑکائیں۔ جس کو باقی رکھنا مقصود ہو۔ یا اس اسم کا نقش اس جگہ پر رکھ دیں۔

۱۲۔ اسی طرح اگر کسی کھیت کے بگڑنے یا خراب ہونے کے آثار نظر آجائیں تو ۱۲۵۰۰ مرتبہ پانی دم کر کے کھیت کو اس سے سیراب کریں یا چھڑکاؤ کریں انشاء اللہ کھیت محفوظ رہے گا۔

۱۳۔ اس اسم مبارک کا ورد کرنا دکھ، درد، رنج، تکلیف اور بیماریوں کو دور کرنے کے لئے مفید ہے اور شافی ہوتا ہے۔

۱۴۔ جو شخص ہر روز سورج طلوع ہونے سے پہلے ایک سو بار اس اسم الٰہی کو پڑھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے پریشانیوں، مصائب اور سختیوں سے بچالیتا ہے۔

۱۵۔ اگر کوئی شخص ہفتہ کے دن زوال سے لے کر ظہر کی نماز تک اس اسم مبارک "یا باقی" کو پڑھ کر دعا کرے تو اس کا مطلوب مطیع ہو جاتے ہیں۔

۱۶۔ اگر کوئی جمعہ کی رات ایک ہزار مرتبہ اس اسم کو پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو غموں سے نجات دیدیتے ہیں۔

۱۷۔ جو اس اسم مبارک کو پابندی وقت کے ساتھ پڑھنے کا اہتمام کرلیتا ہے تو اس کے دنیاوی و دینی درجات میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

۱۸۔ جو اس اسم مبارک کو کثرت سے پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے نقصانات سے بچالیتے ہیں اور اپنی معرفت بھی عطا فرمادیتے ہیں۔

۱۹۔ روزی میں خیر و برکت کے لئے اس اسم کا معمول بنالینا بہت فائدہ دیتا ہے۔

۲۰۔ کسی عہدہ یا مرتبہ پر دیر تک قائم رہنے کے لئے اس اسم مبارک کا ورد بے حد فائدہ دیتا ہے۔

۲۱۔ اس اسم کا عامل بننے کے لئے اسے ۴۰ دن تک ۵۰۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ اس کے بعد اس اسم کا نقش مطلوبہ فوائد کے لئے استعمال میں لائیں۔ انشاء اللہ بہتر طریقے سے مقاصد حل ہونگے۔

☆☆☆☆☆☆

اَللّٰهُ بَاقِیْ مِنْ کُلِّ فَانِیْ بعد نماز فرض ۱۴۱ یا ۱۱۱ مرتبہ تمام مقاصد کے حصول کے لئے پڑھنا مفید ہے

یہ صفاتی نام ظاہر کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز کا حقیقی مالک ہے جس کی ملکیت کبھی ختم نہ ہوگی۔ یہ لفظ وراثت سے تعلق رکھتا ہے جس کے معنی ہیں، چھوڑا ہوا ترکہ یا میراث پانا۔ گویا الوارث سے مراد یہ ہے کہ قیامت کے بعد جب تمام عالم فنا ہو جائے گا تو یہ تمام مجازی ملکیتیں اللہ تعالیٰ کی جانب لوٹ جائیں گی۔ یعنی ملکیت کے سارے دعوے ختم ہو جائیں گے اور موجودات کے فنا ہونے کے بعد محض اللہ تعالیٰ کی ذات باقی رہ جائے گی اور وہی صحیح معنوں میں ہر چیز کا وارث ہے۔ لٰہذا انسان کے لئے لازم ہے کہ صالح عالموں کے طریق کو اپنائے کیونکہ یہی وہ لوگ ہیں جو انبیائے کرام کے وارث ہیں۔

وظائف:

۱۔ یہ اسم خاص ہے تاثیر اس کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا دنیا سے نفرت اور دیدار الٰہی کی رغبت رکھتا ہے۔

۲۔ امام بونیؒ نے لکھا ہے کہ یہ وظیفہ حصول وراثت کے لئے بہت مفید ہے۔ اس کے ذاکر کو قوم کی سرداری ملتی ہے۔ اولاد اور مال میں برکت ہوتی ہے۔

۳۔ جو شخص روزانہ ہر نماز کے بعد اس کا کثرت سے ورد کرنے کا معمول بنالے تو اس کے رزق میں بے پناہ اضافہ ہو جائے گا۔

۴۔ اگر کوئی صاحب کشف سالک اس وظیفہ کو کثرت سے پڑھے تو اس کے روحانی درجات میں بہت بلندی اور ترقی ہوگی۔

۵۔ اگر کوئی شخص آفتاب نکلنے کے وقت اس نام کو ایک سو ایک مرتبہ پڑھے اور اس عمل کو روز کرتا رہے دنیا میں کوئی بڑا غم اسے نہ پہنچے گا۔

۶۔ اس وظیفہ حصولِ مناصب اور بلندئ درجات کی تاثیر بہت ہے۔اس لئے اگر کسی ملازم کی ترقی رک جائے اور محکمہ ترقی عہدہ کرنے پر راضی نہ ہو تو ایسے شخص کو چاہئے کہ اس وظیفہ کو بعد نماز فجر ۷۰۷ مرتبہ روزانہ اکتالیس دن تک پڑھے۔انشآءاللہ ترقی ہو کے رہے گی۔

۷۔ جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کی عمر دراز ہو جائے تو اسے چاہئے کہ ماہ چاند کی پہلی جمعرات کو عشاء کی نماز کے بعد بیٹھ جائے اگر کسی خانقاہ میں بیٹھے تو زیادہ بہتر ہے۔وہاں اس وظیفہ کو اکتالیس ہزار مرتبہ پڑھے۔انشآءاللہ،اللہ تعالیٰ اس کی عمر میں درازی کر دے گا۔اور اکتالیس جمعرات تک یہ عمل کرے۔

۸۔ اگر کسی کو کسی قسم کی مالی پریشانی ہو تو اسے چاہئے کہ عشاء کی نماز سے پہلے اس اسم کو ۱۱۱۱ مرتبہ پڑھے اور ۴۱ دن تک اس اسم کا جاری رکھے۔انشآءاللہ مالی پریشانی دور ہو گی۔

۹۔ اگر کسی شخص کا مقدمہ وراثت ہو اور دوسرے ورثاء وراثت سے حصہ نہ دیتے ہوں تو اس صورت میں اس وظیفہ کو ۴۱ یوم تک بعد نماز عشاء خلوت میں بیٹھ کر ۲۸۲۸ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔اور وظیفہ کے اختتام پر اللہ کے حضور حصہ ملنے کی گڑگڑا کر دعا کریں۔انشآءاللہ حصولِ وراثت میں کامیابی ہوگی۔

۱۰۔ جو شخص رات کو سوتے وقت اس اسم کو روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھے اور اس کے بعد اپنے مال اور جان کو اللہ کی پناہ میں دے کر اس کے محفوظ رہنے کی دعا کرے۔انشآءاللہ اس کا مال و دولت بحفاظت رہیگی۔

۱۱۔ جو شخص مغرب کے بعد عشاء سے پہلے اس نام کو ایک ہزار ایک سو اکیس مرتبہ پڑھے گا تو اس کے دل کی حیرانی اور پریشانی یک لخت جاتی رہیگی۔اور دل میں فرحت اور سرور پیدا ہو گا۔

۱۲۔ ہر مہینہ کے شروع چاند میں ایک مجلس میں بیٹھ کر اکتالیس ہزار مرتبہ اس نام کا پڑھنا خدا کے فضل سے عمر کو دراز کرتا ہے۔خلاصہ یہ ہے کہ اس کا عامل سارے خاندان میں اپنے سارے ہم عمروں میں بڑی عمر والا ہو گا۔

۱۳۔ اس اسم مبارک کو ورد کرنے والا بفضلِ ایزدی ہر معاملے میں درست اور راہ راست پر قائم رہتا ہے اور اس کے لئے سدا امن وسکون رہتا ہے۔

۱۴۔ جو شخص "یَاوَارِثُ" کا ورد کرنے کا اہتمام ہر لیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی عمر کو دراز کردیتا ہے۔

۱۵۔ جو کوئی کثرت سے "یَاوَارِثُ" کو پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو اپنے زمانے میں لوگوں پر فائق کردیتا ہے۔

۱۶۔ اگر کوئی ہر روز طلوع آفتاب سے پہلے ۱۰۰ مرتبہ "یَاوَارِثُ" کو پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے دنیا سے بے نیاز کردیتا ہے۔

۱۷۔ جو شخص مغرب اور عشاء کی نماز کے درمیان ایک ہزار مرتبہ اس اسم کا ورد کرے اور پھر اللہ تعالیٰ سے دعا کرے اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول فرماتا ہے اور دل میں ایمان ثبت ہوجاتا ہے۔

۱۸۔ اگر کوئی بانجھ عورت یہ چاہتی ہو کہ اللہ تعالیٰ اسے اولاد کی نعمت سے نواز دے۔ تو ہر نماز کے بعد کثرت سے اس اسم مبارک کو پڑھے۔ انشاءاللہ اولاد والی ہوجائے گی۔

۱۹۔ اگر کوئی بے اولاد شخص اس بات کا متمنی ہو کہ اس کا بھی کوئی وارث ہو تو اس اسم کو کثرت سے ہر نماز کے بعد پڑھ کر دعا کیا کرے انشاءاللہ، اللہ تعالیٰ اس کو وارث عطا فرمادیں گے۔

۲۰۔ اگر کوئی شخص ہر روز نماز چاشت کے بعد ۱۱ مرتبہ اس اسم کا اہتمام کرکے دعا مانگے تو اس کی دعا قبول کی جاتی ہے۔

۲۱۔ اس اسم کا عامل بننے کے لئے چالیس دن تک ۳۱۲۵ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ اس کے بعد اس اسم کے تعویذ کو مطلوبہ کاموں کے لئے استعمال میں لائیں، انشاءاللہ فائدہ ہوگا۔

☆☆☆☆☆☆

بسم اللہ الوارث جلّ جلالہ

اللہ تعالیٰ کے اس اسم صفاتی کا مطلب ہے کہ وہ ذات بابرکات اپنے تمام بندوں کی راہنمائی کرنے والی ہے۔ یہ لفظ رشد سے بنا ہے جس کے معنی ہیں، ہدایت اور راہنمائی کرنا۔ چونکہ ہر بندے کی کامیابی اور تدبیر کا ادرومدار اسی کی راہنمائی پر موقوف ہے اور اس کی تمام تدبیریں کسی کے مشورے اور بتانے کے بغیر جاری ہیں۔ اس لیے صحیح معنوں میں ہادی اور رشید وہی قادر مطلق ہے۔ لہذا اس نام کی مناسبت سے انسان کے لیے لازم ہے کہ وہ نہ صرف خود نیکی کے راستے پر چلے بلکہ اپنے دوستوں اور عزیزوں کو بھی گمراہی سے نکال کر ہدایت کا راستہ دکھائے یعنی جن کاموں سے اللہ اور اس کے رسول نے منع کیا ہے، ان سے مکمل اجتناب کیا جائے۔

وظائف:

۱۔ تاثیر اس نام کی یہ ہے کہ اس کا پڑھنے والا نیک خصلت، نیک اعمال، پوک باطن ہوگا کسی طرح کا کھوٹ اُس کے اندر نہ ہوگا۔

۲۔ حضرت سلطان باہو نے عقل بیدار میں فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اسے نماز مغرب کے بعد ۱۰۰۰ مرتبہ پڑھے تو اس کا ہر کام آسانی سے سرانجام پائے گا۔

۳۔ ایک اور عامل کا قول ہے کہ اگر کوئی شخص اسے نماز فجر اور مغرب کے بعد ایک ہزار مرتبہ کھڑے ہو کر پڑھے تو اسے مہات میں کامیابی نصیب ہوگی۔

۴۔ جو شخص ''یارشید'' کا ورد کرنا اپنا معمول بنالیتا ہے، اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو سدا راہ راست پر رکھتا ہے اور اس کا کاروبار میں خیر و برکت فرماتا ہے۔

۵۔ یہ اسم نشہ چھڑنے کے لیے بہت اکسیر ہے لہذا کسی کا نشہ چھڑنے کے لیے اس اسم کو گیارہ دن تک روزانہ ۱۵۰۰ مرتبہ پڑھ کر آخری دن پانی دم کر کے اس کے بستر اور کپڑوں پر چھڑکیں اس طرح تین مرتبہ عمل کریں۔ انشاء اللہ اس اسم کی برکت سے اس کا نشہ چھوٹ جائے گا۔

